باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری ® لاہور

156

جون 2019ء شوال المکرم 1440 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

اسم اعظم کا دم اور شفائیہ دعا 30 جون بروز اتوار نماز فجر کے دو گھنٹے بعد تسبیح خانہ لاہور ہوگا پڑھے یا سنے کے بعد دم ہوگا فون اور ای میل پر بھیجی گئی دعا کروائیے کے بعد دم ہوگا

آخر آم پھلوں کا بادشاہ کیوں؟ جانتے ہیں!



دو قرآنی الفاظ نے دھتکاری ہوئی لڑکی کا نصیب جگا دیا

بہن کی دعا نے بھائی کی بگڑی سنوار دی

برکات درود تاج! علماء کی نظر میں



قلندروں کی پراسرار دنیا اور ان کے ساتھ رب کی مہربانیوں شفقتوں کے حیرت انگیز واقعات

- موسم گرما کیلئے پھلوں، پھولوں اور دیسی مشروب حاضر ہیں!
- اس چیز کی دھونی گھر میں دیں! نہ بیماری، نہ جادو، نہ نظر بد
- بوڑھی ہوتی خواتین کیلئے جلد کو جوان رکھنے کا فارمولہ
- الائچی! بیماریوں کی خوشبو اور راحت بھری معالج
- 3 اجزا کا پاؤڈر! غیر ضروری بال دوبارہ نہ آئینگے
- چھوٹا سا عمل! دانت تاعمر خراب نہ ہونگے
- 20 روپے کی یہ چیز کھائیے! بڑھاپیٹ ختم

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی کاخان آمد

31 اگست 2019ء بروز ہفتہ دوپہر 12 بجے

بمقام: جناب سید مزمل شاہ ہاؤس چیف آف کاخان

ویلج پوسٹ آفس کاخان۔ 0322-4688313

تسبیح خانہ میں اسم اعظم کا دم، شفائیہ دعا اور مقبولیت کے خاص لمحات

30 جون (بمطابق 26 شوال) کے اسم اعظم کے روحانی دم میں مقبولیت کی ایک خاص گھڑی آرہی ہے، جس میں ایک خاص اسم کی تسبیح کروائی جائیگی جو کہ صرف 3 منٹ پر مشتمل ہوگی۔ خاص گھڑی میں شامل ہوں، جادو جنات، بندشوں، گھریلو الجھنوں، کاروباری زوال، بیماریوں، اولاد کی نافرمانی و ناکامی سے نجات کیلئے 30 جون کو نماز فجر کے وقت تسبیح خانہ میں تشریف لائیں۔ خاص لمحات میں اپنی اور اپنی نسلوں کیلئے حاجات منوالیں، شاید زندگی میں دوبارہ یہ لمحات نہ آئیں۔

گلاب کی پتیوں اور ایک کلو پانی سے بے اولادی ختم

ضرور پڑھیں! پھر نہ کہیے گا شوہر نے دوسری شادی کرلی!

Follow Ubqari موبائل پر لکھ کر 40404 پر میسج کریں

YouTube Youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari

facebook.com/ubqari www.ubqari.org

ماہنامہ عبقری ★ گھریلو الجھنیں میگزین ★ روزنامہ اینٹی کرپشن

عبقری ریڈیو ★ اخبار عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ عبقری سوشل میڈیا

عبقری گروپ آف میڈیا

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

ZAHOOR AMAD

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم کی کتب (تالیفات)

1	اہل بیتؑ کے پاکیزہ اور انوکھے واقعات	200/-
2	اہل بیتؑ سے محبت کیوں؟	200/-
3	اہل بیتؑ سے محبت کے بعد	150/-
4	الجبرا کے سلجھے اصول	200/-
5	ازدواجی مسائل علاج نبوی اور جدید سائنس	200/-
6	الرحمی سے محبت کے قدرتی طریقے	100/-
7	الرحمی بیماریاں اور کے علاج	180/-
8	ایمی زندگی کے 700 سلجھے وظائف	300/-
9	انٹرنیٹ کی علامات سے بچنے کے انوکھے مجرب	150/-
10	آزمودہ مجرب علاج	200/-
11	آداب معرفت (جدید)	400/-
12	آسان تکنیکوں کے حیرت انگیز نتائج (اردو/انگلش)	200/-
13	1947ء کے مظالم کی کہانی خود مظلوموں کی زبانی	350/-
14	اوّل اوّل اولیاء	350/-
15	امراض معدہ علاج نبوی اور جدید سائنس	200/-
16	ایک روحانی حاصل کی مخفیہ ڈائری	200/-
17	الصبح اور اذان کے کرشمات	180/-
18	ارمغان تصوف	1400/-
19	اوج سے کاغان	500/-
20	امن اور محبت	350/-
21	انسانیت اور رواداری	350/-
22	ادب کے محاسن	350/-
23	باادب	350/-
24	آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل	20/-
25	بہترین طبیبوں کی بہترین علاج	200/-
26	بہترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف	160/-
27	بھارتی مسلمانوں پر کیا گزری؟	180/-
28	بڑوں کی زندگی کے انگنت تجربات	250/-
29	باب الحکمت اسلام اور جدید سائنس	200/-
30	بے قرار زندگی سے خوشگوار زندگی تک	250/-
31	باکمال حاسمین کے بے مثال تجربات	250/-
32	برکت اور اہل حدیث!!!	220/-
33	بیان الحق و بے حق کشف المحجوب المعروف حلقہ کشف المحجوب	600/-
34	پرکشش زندگی گزارنے کے گرنبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
35	پھلوں میں چھپے صحت کے راز	220/-
36	پھلوں سے صحت و تندرستی	200/-
37	پرسکون زندگی کی تلاش نبوی طریقے اور جدید سائنس	250/-
38	پیغمبر اسلام کی فقیر مسکوں سے حسن سلوک (اردو/انگلش)	350/-
39	پرسکون نیند نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
40	پاک فوج کے جگمگاتے ستارے کے واقعات	350/-
41	پاک فوج کی روحانی عقیدتیں	350/-
42	پاکوں میں چھپے جسمانی رازوں کا انکشاف	400/-
43	تربیت اولاد اسلام اور جدید سائنس	230/-
44	تصوف کے دس راز دان تا تک	200/-
45	تعلیمات نبوی اور جدید سائنس	500/-
46	توجہ کے کمالات	200/-
47	تیس روزے تیس عبادتیں	120/-
48	تسبیح خاندیہ کے گرے مجرب ورد	300/-
49	ٹینشن طبی سائنس اور روحانی علاج	200/-
50	جنتی بوڑھوں کے کمالات اور جدید سائنسی تحقیقات	250/-
51	جنتی میں چلتے پھرتے محلات کی کہانی مشاہیر کی زبانی	400/-
52	جنتی زندگی اسلام اور جدید سائنس	250/-
53	جانوروں سے انوکھے چشم دید واقعات	300/-
54	جنسی کمزوری نبوی علاج و استطاعت اور جدید سائنس	300/-
55	جوانی کی حفاظت کیسے کی جائے؟	250/-
56	جادو جنات کے چند اسرار و حقائق اور آزمودہ روحانی علاج	320/-
57	جادو جنات اسلام اور جدید سائنس	400/-
58	جنات کے نقصانات سے بچنے کے فیصلہ کن عمل	20/-
59	جنات کا پہلا عاشق دوست (جلد اول)	350/-
60	جنات کا پہلا عاشق دوست (جلد دوم)	350/-
61	جنات کا پہلا عاشق دوست (جلد سوم)	350/-
62	جنات کا پہلا عاشق دوست (جلد چہارم)	350/-
63	جنات سے بچنے کے مقامات	300/-
64	جامعہ روحانی شاہدرہ دھلی	150/-
65	جنات اور خیالات کے دل نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
66	جنات ساتھی کے دل پر بھاگ بننے کے منتر	300/-
67	جادو کیسے چلتا ہے؟ کیسے لگتا ہے؟	350/-
68	جادو کا توڑ خود دیکھیں!	350/-
69	جنتری روحانی جنتری 19-2018	300/-
70	گرو رہنما	120/-
71	جنس جوانی اسلام اور جدید سائنس	300/-
72	حال دل	200/-
73	حسن و صحت کھٹے انمول تا تک	300/-
74	حسن لازوال کی قاتل بیماریاں	400/-
75	حکمرانی زندگیوں کے طبی نچوڑ	320/-
76	حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں	200/-
77	حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ	300/-
78	حرم الحرمین کے کرشمات	80/-
79	یا حفیظ یا سلام کے کرشمات	60/-
80	خاندانی حالات میرا خاندانی پس منظر (جلد اول و دوم)	350/-
81	خاندانی مسائل کا طبی و نفسیاتی نچوڑ	450/-
82	خواتین کے حسن و جمال کے قیمتی راز	300/-
83	خطبات عبقری (جلد اول)	300/-
84	خطبات عبقری (جلد دوم)	300/-
85	خطبات عبقری (جلد سوم)	300/-
86	خطبات عبقری (جلد چہارم)	300/-
87	خطبات عبقری (جلد پنجم)	300/-
88	خطبات عبقری (ششم)	300/-
89	خطبات عبقری (جلد ہفتم)	300/-
90	خواتین کے مسائل اور بڑی بوڑھیوں کے ٹوٹکے	300/-
91	خواتین کی اسلامی زندگی کے سائنسی حقائق	250/-
92	خوابوں کی پراسرار دنیا	180/-
93	خوشبو کا سفر اہل بیتؑ کے ہمراہ	350/-
94	دو انمول خزانے (اردو)	20/-
95	دو انمول خزانے (انگلش)	20/-
96	دو انمول خزانے کے کرشمات (بڑا سائز)	200/-
97	درود و سلام کے حسین کرشمات	250
98	ڈیپریشن سے نجات پانے والے	120/-
99	دائمی قبض سے چھٹکارا	200/-
100	رمضان المبارک کے بکھرے موتی	60/-
101	روحانی دنیا کے انوکھے بھید	200/-
102	روحانی بیلٹ کی کرشمات	40/-
103	رنگ برنگی سبز یاں دوا بھی غذا بھی شفا بھی	200/-
104	روحانی غسل کے کرشمات	20/-
105	رمضان المبارک کے روحانی و جسمانی ٹوٹکے	200/-
106	رمضان میں روحانی و جسمانی تندرستی	30/-
107	رمضان المبارک کے خاص تحفے	5/-
108	روزگاری پریشانی کا آزمودہ وظیفہ	20/-
109	روحانیت جادو اور ہم	350/-
110	روحانی پاکیزگی	250
111	ریاستائی الدنیا کے کرشمات	200/-
112	سورۂ یٰسین کے کرشمات	20/-
113	سورۂ بقرہ سے شرطیہ (انشاء اللہ) بیٹا پائیں	20/-
114	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)	400/-
115	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)	400/-
116	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)	400/-
117	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)	400/-
118	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (انگلش ولیم 1)	300/-
119	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (انگلش ولیم 2)	300/-
120	سدا بہار حسن کی ضامن غذائیں	280/-
121	سترہ وظائف سے زندگی آسان	20/-
122	سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص کے کرشمات	50/-
123	سورۂ قریش کے کرشمات	60/-
124	سورۂ کوثر کے کرشمات	60/-
125	سوا ولیاء اللہ کے مشکل کشا وظائف	400/-
126	شجرہ طیبہ قادری ہجویری	20/-
127	شگفتہ باتیں بکھرے سے موتی انمول یادیں	250/-
128	شہد کے کمالات	150/-
129	شادی دوائیں شافی علاج	250/-
130	شوگر کا سائنسی اور روحانی علاج	200/-
131	شادی شدہ زندگی فہمی خوشی گزارنے کے راز	300/-
132	شوگر کا کامیاب علاج	200/-
133	شاندار زندگی گزارنے کے جاندار اصول	250/-
134	شفا بخش خیالات کی کرشمہ سازی نبوی طریقے اور جدید سائنس	120/-
135	شہید پاکستان	250/-
136	شاداب زندگی کے راز نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
137	صبح الوظائف کے آنسو اور فریادیں	250/-
138	صبح الوظائف کے ترجمے اور واقعات	350/-
139	صوتی ازم اور فیشن فری لائف	160/-
140	صحت مند عادات نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
141	صحت بخش غوث ذاکھ خزائن کے اور سائنسی اصول	150/-
142	صوتی ازم سے روشنی کا سفر	250/-
143	صوتی ازم اور قبولیت دعا	180/-
144	صوتی ازم کے روشن ستارے	350/-
145	صوتی ازم اور دلی سکون	160/-
146	صلوٰۃ التسبیح کے کرشمات	200/-
147	صادق دوست اور قلعہ ڈیرا دور	350/-
148	ضدی بیماریوں کے 700 آسان ٹوٹکے	300/-
149	طبی تجربات و مشاہدات	150/-
150	عورت اسلام اور جدید سائنس	350/-
151	عامل کامل بننے کے راز	200/-
152	عبقری ادویات کی شفایابی	20/-
153	مضع اسلام اور جدید سائنس	450/-
154	ذوق تصوف	2100/-
155	کچی کرامات (جلد اول)	400/-
156	کچی کرامات (جلد دوم)	300/-
157	خوفیاں، دولت اور سکون کے وظائف	200/-
158	تصوف کی خوشبو (جلد اول)	400/-
159	تصوف کی خوشبو (جلد دوم)	400/-
160	تصوف پند اہل حدیث	400/-
161	تصوف کی قدر دانی	400/-
162	مضع تصوف	400/-
163	عبقری بتائے جوی بویوں کے کرشمات	200/-
164	عبقری لایا انو کھے اور لاجواب ٹوٹکے (جلد اول)	300/-
165	عبقری لایا انو کھے اور لاجواب ٹوٹکے (جلد دوم)	300/-
166	عشق وظائف اور آزمودہ ذریعی تاریخ	280/-
167	علماء کے آزمودہ مجربات	300/-
168	عبادات	400/-
169	غلاف روضہ مبارک کے کرشمات	5/-
170	غلطیوں کی اصلاح نبوی طریقے اور جدید سائنس	300/-
171	غیر مسلموں کی عبادات کا ہوں کا گفتگو کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں	40/-
172	فیضان سنت اور جدید سائنس	200/-
173	قرآن سے شفاء	350/-
174	قدرتی تا تک اور علاج نبویؐ	200/-
175	قدرت کا انعام اور انتظام	300/-
176	قبولیت دعا کے انو کھے واقعات	180/-
177	قلندر	
178	کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج	120/-
179	کامیاب شادی کے سترہ اصول نبوی طریقے اور جدید سائنس	250/-
180	کمالات اولیاء	200/-
181	کینسر کو شکست	200/-
182	کلونجی کے کرشمات	80/-
183	کالی دنیا کالا جادو وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات	700/-
184	کشف اور پراسرار روحانی قوتوں کا حصول	250/-
185	کامیاب حاسل بنیے	250/-
186	کامیاب حاسل بنیے کرشمات دیکھئے	250/-
187	کھنڈرات سے ملی خاندانی بیاض	2500/-
188	کچن سے مشاہ پانے کے راز	230/-
189	گلوکاری سے پرہیز گاری تک	100/-
190	گردے ڈائیلسز پتھری کا سائنسی اور روحانی علاج	150/-
191	خوبصورت اور گھنے بال	230/-
192	گھریلو طبی الجھنیں اور ماہرین کے تجربات	400/-
193	گھریلو الجھنوں کا روحانی علاج	150/-
194	گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے	400/-
195	گھروں میں ابدی سکون اور خوشیوں کا راز	200/-
196	گھریلو الجھنوں کا روحانی اور قرآنی علاج	150/-
197	موتی مسجد کے کرشمات	20/-
198	مہلک دوائیں نبوی دوائیں اور جدید سائنس	170/-
199	میرے طبی رازوں کا خزانہ	250/-
200	میرے طبی زندگی کے ثمرات	250/-
201	مالدار بنانے کا آزمودہ راز	20/-
202	موت کے سائنسی و روحانی انکشافات	150/-
203	مشکلات سے نجات پانے والوں کے روحانی تجربات (مجالس مجذوبی	250/-
204	مجھے شفا کیسے ملی؟	500/-
205	معرفت کے متلاشی	280/-
206	معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)	400/-
207	معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)	400/-
208	معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)	400/-
209	معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)	400/-
210	معاشرت نبویؐ اور جدید سائنس	500/-
211	مخلص یا ایماندار	300/-
212	مولانا کے ہمراہ	250/-
213	ماں کا تقدس اسلام اور جدید تہذیب	200/-
214	مہلک غذائیں نبویؐ غذائیں اور جدید سائنس	200/-
215	مایوس خاندانی مشکلات کا پرتاثیر روحانی علاج (جدید ایڈیشن)	200/-
216	مولانا شخصیت و کمال	250/-
217	معالج اور مریضوں کے تجربات	200/-
218	مہلک عادات نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	150/-
219	مشاہیر کی آپ بیتیاں	300/-
220	مراقبہ کے کرشمات	250/-
221	ویران جوانی مایوس نوجوان	350/-
222	من گھڑت وظائف	200/-
223	وظائف محمد ﷺ و آل محمد ﷺ	350/-
224	موٹاپے سے نجات علاج نبویؐ اور جدید سائنس	200/-
225	مشکلات کے پہاڑ اور میرے روحانی تجربات	200/-
226	مجھے وظائف سے نیبی مدد کیسے ملی	80/-
227	مثالی حافظہ اور آزمودہ نبوی عمل	300/-
228	مساج سے حسن صحت اور سکون	40/-
229	مختصر سی زندگی میں بھرپور جینے کے گر	120/-
230	ندامت کے آنسو	325/-
231	نوجوانوں کی جنسی الجھنیں علاج نبویؐ اور جدید سائنس	200/-
232	نبویؐ دسترخوان صحت و تندرستی کے راز اور جدید سائنس	250/-
233	نوجوانوں کے جنسی مسائل علاج نبویؐ اور جدید سائنس	300/-
234	نباتات قرآنی اور جدید سائنس	250/-
235	وضو کے تین گھونٹ کے کرشمات	350/-
236	وٹامن جسمانی صحت کیلئے کیوں ضروری	20/-
237	ہارٹ اٹیک سے بچاؤ کی روحانی اور سائنسی ترکیب	200/-
238	ہیپاٹائٹس کا سائنسی اور روحانی علاج	180/-
239	ہائی بلڈ پریشر کا روحانی اور سائنسی علاج	200/-
240	ہزار سال پرانے طبی و روحانی بھید	200/-
241	یا قہار کے کرشمات	350/-
	روداری کتب	120/
242	بریلوی علماء کی روداریاں	250/-
243	دیوبندی علماء کی روداریاں	500/-
244	اسلاف اہل حدیث کی روداریاں	300/-
	عبقری کتب سندھی زبان میں	
245	وضو کے تین گھونٹ کے کرشمات	10
246	غلاف روضہ مبارک	10
247	سورۂ یٰسین کے کرشمات	10
248	روزگار و فیصلہ اور کینسر سے نجات	10
249	شجرہ طیبہ قادری ہجویری	10
250	سورۂ بقرہ سے شرطیہ بیٹا پائیں	10
251	روحانی عمل کے کرشمات	10
252	بنات کی چوریاں روکنے کا انمول عمل	10
253	دو انمول خزانے کے کرشمات	زیر طبع
254	سترہ وظائف سے زندگی آسان	10
255	مالدار بننے کا آزمودہ راز	10

جون 2019

256	سورۂ فاتحہ و اخلاص کے کرشمات	25
257	سورۂ قریش کے کرشمات	25
258	سورۂ کوثر کے کرشمات	25
259	دکھ اور غم سے چھٹکارا مل گیا	25
260	وظیفوں سے میں عظیم بن گیا	25
261	کامیابی کا راز آپ کے ہاتھ میں	25
262	میں مالدار کیسے بنا؟	25
263	میری مشکلات آسان کیسے ہوئیں	25
264	آخر کار میری بند شیں نوٹ کیں	25
265	میں خوشحال کیسے ہوا؟	25
266	ایک دن میں ستر حاجتیں پوری	25
267	ہم نے آزمایا آپ بھی آزمائیں	25
268	کچھ لفظ پڑھے پریشانی ختم	25
269	روحانی جسمانی قفس کا راز	25
270	بے بہا رزق، دولت کا انبار	25
271	غربت اور بیماری کیسے بھگی؟	25
272	صرف چار اسم پڑھیں مشکلات حل	25
273	ناممکن مسائل کا چند دنوں میں خاتمہ	25
274	صرف تین راتوں میں مرادیں پوری	25
275	بکھرے خاندان اور آزمودہ راز	25
276	لاعلاج بیماریوں اور دکھوں کا خاتمہ	25

آج کل کاغذ اور دیگر سامان طباعت کی گرانی کی وجہ سے کتابوں کی قیمتیں تبدیل ہوتی رہتی ہیں اس لیے ترسیل کے وقت جو قیمت ہوگی اسی کا اعتبار ہوگا اس سلسلے میں ادارہ پر اعتماد فرمائیں۔

گالیاں، دھمکیاں اور الزامات

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ملاقات کیلئے مخلوق خدا کا رجوع دن بدن بڑھ رہا ہے۔ روزانہ سینکڑوں، ہزاروں کی تعداد میں لوگ ملنا چاہتے ہیں۔ حضرت حکیم صاحب کی بے شمار مصروفیات کی وجہ سے سب سے ملنا ممکن نہیں۔ پہلے پہل 6 ماہ کا وقت ایک ہی ماہ دے دیا جاتا تھا لیکن لوگوں کے اصرار پر اسے تین ماہ پر لایا گیا لیکن اس کے بعد ہر ماہ کا ٹائم دیا جاتا ہے اور اگلے ماہ پھر یہی ترتیب ہوتی ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ سارا دن کالز کرنے کے باوجود رابطہ نہیں ہوتا جبکہ ٹوکن دینے والا نمبر مستقل مصروف رہتا ہے خود اندازہ کریں کہ پوری دنیا سے کالز آرہی ہوتی ہیں ایسے میں سب کی کالز ایک ساتھ سننا ممکن نہیں سسٹم پر جب لوڈ زیادہ ہوتا ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ نمبر بند ہے جب کہ نمبر مسلسل کھلا ہوتا ہے۔ جن کی کال مل جائے وہ مطمئن ہو جاتے ہیں اور جن کا رابطہ نہ ہو سکے وہ بدگمان ہو جاتے ہیں اور گالی گلوچ اور الزامات پر اتر آتے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ نمبر صرف ٹیلی فون پر اور منصفانہ دیئے جاتے ہیں۔ ہمیں مخلوق خدا کی پریشانی اور تکلیف کا احساس ہے اور ہم ہر ممکن حد تک اس کے ازالے کیلئے فکر مند رہتے ہیں لیکن سب کو مطمئن اور خوش کرنا شاید ہمارے بس میں نہیں ہے۔ امید ہے آپ ہماری مجبوریوں کا احساس کرتے ہوئے حوصلے اور درگزر سے کام لیں گے۔ ایک گزارش یہ بھی ہے کہ جن کو وقت مل جائے وہ دوبارہ کال نہ کیا کریں تاکہ دوسروں کو بھی موقع مل سکے۔ (ادارہ عبقری)۔ ملاقات کی تفصیلات حاصل کرنے کیلئے 0322-4688313

عبقری کتب ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

فہرست مضامین

صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر	عنوان
3	مزاجوں کا اثر نسلوں میں	33	خواتین پوچھتی ہیں؟
4	کیا آپ نے اپنی اولاد کو حقیقی علم دلوایا ہے؟	34	موٹاپا بھگتا ہے یا حسین ہونا تو یہ سبزی نہ چھوڑیے!
5	برکات درود تاج! علماء کی نظر میں	35	قارئین کی آزمودہ تحریریں
6	بچے نہانے کے دوران بھی بہت کچھ سیکھتے ہیں	37	اس چیز کی دھونی گھر میں دیں! نہ بیماری نہ جادو، نظر بد
7	دو قرآنی الفاظ نے دھتکاری ہوئی لڑکی کا نصیب جگا دیا	38	کاش! بہنوئی بہن کے طبیب خود نہ بنتے!
8	جسمانی، جذباتی اور ذہنی توانائی بڑھائیے!	39	جنات کا پیدائشی دوست
9	پھلوں، پھولوں اور دیسی مشروب حاضر ہیں!	41	کیسے بتاؤں! یہ پڑھا! فاقے ختم اور خوشحال ہوں!
10	بروز عید مترتبہ درود پڑھیں! حاجات انگلیوں پر گن لیں!	42	چلتے پھرتے وزن کم کرنے کا راز
11	شاہ عبدالرحیم مکیؒ کے مستند روحانی وظائف	43	کتاب میں رکھا محبت نامہ اور اکلوتے یتیم کی خودکشی
13	جسمانی بیماریاں اور ان کا علاج	45	قارئین کے آزمودہ طبی و روحانی ٹوٹکے
14	روحانی امراض اور ان کا علاج	47	موتی مسجد کے احاطے میں تڑپتی چیختی چڑیل
15	گلاب کی پتیوں اور ایک کلو پانی سے بے اولادی ختم	48	پریشانیاں جان نہیں چھوڑتیں تو روحانی منزل کیوں نہیں جاتے؟
16	بہن کی دعا نے بھائی کی بگڑی سنوار دی	49	اُن پہ گرمی دانے! انجات چاہتے ہیں تو ضرور پڑھیے گا!
17	پھر نہ کہیے گا شوہر نے دوسری شادی کر لی!	50	آسمان کی طرف دیکھتا ہوں من پسند کھانا حاضر
18	بوڑھی ہوتی خواتین کیلئے جلد کو جوان رکھنے کا فارمولہ	51	کچن میں موجود اجزاء سے جلد اور بالوں کا علاج ممکن
20	بدنظری ایک نشہ! جسے لگا برباد ہوا! بچنے کے اعمال	52	مضامین کا بقیہ جات
22	کیڑے، نٹڈی، کھٹمل اور خارش کا یقینی خاتمہ!	53	کوپن (جنات کا پیدائشی دوست)
23	80 سالہ بزرگ کا دمہ ٹھیک اور صحت لاجواب ہوگئی!	54	فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ
24	الائچی! بیماریوں کی خوشبو اور راحت بھری معالج	55	عبقری روحانی اجتماع کے اعمال
26	آٹے کے پیڑے نہر میں بہائے، ڈیوٹی ٹائمنگ آدھی، تنخواہ ڈبل	57	کتب کے شوقین حضرات کیلئے شاندار آفر
28	جنات کو پیسے دے دے کر تھک گئی! خدارا کچھ کیجئے!		
32	میں درود پڑھ رہی تم تلاوت کرو! میرا آخری وقت آگیا!		

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

عبقری یاد — عَبْقَرِیِّ حِسَانٍ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ القرآن

حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ — جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیر سرپرستی: حضر مولانا محمد کلیم صاحب مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری ہرکاتہم العالیہ دامت

شمارہ نمبر 12 | جلد نمبر 13 | جون 2019 | شوال المکرم 1440 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور جون 2019ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان، محمد راشد شمسی، میاں عرفان علی

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ 1080 روپے بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے کہا کہ: "میں امید کرتا ہوں کہ پاکستان میں اقلیتوں کے ساتھ ویسا ہی سلوک ہوگا اور ویسے ہی اصول پیش نظر رکھے جائیں گے جن کی مثالیں اکبر اعظم کے دور میں ملتی ہیں" تو اس پر قائداعظم نے برجستہ فرمایا: "وہ رواداری اور خیر سگالی جو شہنشاہ اکبر نے غیر مسلموں کے حق میں برتی کوئی نئی بات نہیں۔ یہ تو مسلمانوں کی تیرہ صدی قبل کی روایت ہے۔ جب پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ یہودیوں اور عیسائیوں پر فتح حاصل کرنے کے بعد ان کے ساتھ نہ صرف انصاف بلکہ فیاضی کا برتاؤ کرتے تھے۔ مسلمانوں کی ساری تاریخ اس قسم کے واقعات سے بھری پڑی ہے۔ ہم حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں ہی پاکستان کا نظام چلائیں گے"۔

یہ نکتہ میں نے سیکھا بوالحسن سے	کہ جاں مرتی نہیں مرگ بدن سے
چمک سورج میں کیا باقی رہے گی	اگر بیزار ہو اپنی کرن سے!

علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے، وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے، یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرا دیں شکریہ! (رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534)

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں، کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803

E mail:contact@ubqari.org

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

محمد طارق محمود شرقی نے اظہار سندر بس گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

عبقری اسٹریٹ مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

کوئی ایسا شخص ہے جو مجھ سے یہ پانچ چیزیں سیکھ لے؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کوئی ایسا شخص ہے جو مجھ سے پانچ چیزیں سیکھے اور پھر ان پر عمل کرے یا کسی ایسے شخص کو سکھائے جو ان پر عمل کرے؟ میں نے عرض کیا۔ ''میں سیکھتا ہوں یارسول اللہ (ﷺ)۔ چنانچہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''حرام چیزوں سے اجتناب کرو، اس سے تم عابد ترین شخص بن جاؤ گے، اللہ کی تقسیم پر راضی رہو، اس سے تم لوگوں سے بے پرواہو جاؤ گے، اپنے پڑوسی کے ساتھ حسن سلوک کرو، اس سے تم مومن بنا جاؤ گے، لوگوں کے لیے بھی وہی چیز پسند کرو جو اپنے لیے (پسند) کرتے ہو، اس سے تم مسلمان ہو جاؤ گے، زیادہ مت ہنسو کیونکہ ہنسی کی زیادتی دل کو مُردہ کر دیتی ہے۔2123 (جامع ترمذی)

قرض ادا کرنے کا بہترین طریقہ

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ پر ایک شخص کا ایک خاص عمر کا اونٹ قرض تھا وہ شخص آپ ﷺ سے تقاضا کرنے آیا تو آپ ﷺ نے فرمایا ''اسے اونٹ دے دو''۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے تلاش کیا لیکن ایسا اونٹ مل سکا جو قرض خواہ کے اونٹ سے اچھی عمر کا تھا (یعنی قیمتی تھا) تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''وہی دے دو''۔ اس پر اس شخص نے کہا کہ آپ نے مجھے میرا حق پوری طرح (ادا) کیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بھی اس کا بدلہ پورا پورا دے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''تم میں سے بہترین آدمی وہ ہے جو قرض ادا کرنے کے اعتبار سے بھی بہتر ہو''۔ (صحیح بخاری)

رابعہ بصری کے قلم سے

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

مزاجوں کا اثر نسلوں میں

پرلے درجہ کی زبان دراز ملازمہ کا قصہ

ماں باپ کا اثر اولاد پر پڑتا ہے اور نسلوں تک پہنچتا ہے وہ آداب ہوں' بیماریاں ہوں' انداز ہوں' طبیعت ہو حتیٰ کہ عبادت' نیکی' تقویٰ' برائی' غلاظت' خباثت' نجاست یہ ساری چیزیں نسل در نسل منتقل ہوتی ہیں اور نسلیں یا تو بنتی بھی ہیں یا بگڑتی بھی ہیں آپ ایک چھوٹے سے واقعہ سے اندازہ لگالیں۔ ایک ڈاکٹر صاحب نے اپنی خادمہ کے بارے میں بیان کیا: وہ پرلے درجے کی زبان دراز' وہ بکواس کرتی کہ کسی کی مجال نہیں کہ دم بھر کر بات کر سکے اگر کوئی انسان نہ ملتا تو جانور' مکان' دیواریں' درخت اور کچھ بھی نہ ہوتا تو اپنے گلاس اور برتن کو سامنے رکھ کر انہیں وہ کوستی' ان کو طعنے دیتی' بعض اوقات بہت گھٹیا زبان استعمال کرتی۔ اس کا یہ مسلسل طریقہ تھا ایک دفعہ مالک تھک گیا اور کہنے لگا: آخر تیری یہ عادت کیسے ختم ہو سکتی ہے؟ تو وہ پہلی دفعہ معصومیت سے بولی: آقا میرا قصور نہیں! یہ معاملہ میرے باپ' دادا' والدہ اور ان کے بڑوں کا ہے۔ وہ بھی اسی مزاج کے تھے اور اسی طبیعت کے تھے اور یہی طبیعت اور مزاج ہماری طرف منتقل ہوا ہے اور ہم اسی مزاج میں ہمیشہ رہیں گے۔ آخر وہ حسرت سے خاموش ہو گئے۔

ٹانگ پر ٹانگ رکھتے' الٹا سوتے اور قہقہہ بھی ویسا ہی لگاتے

محض کبھی کبھی کوئی بھی آداب نسلوں میں منتقل نہیں ہوتے بلکہ اس کے پیچھے کچھ نہ کچھ ہوتا ہے۔ ایک دفعہ میں نے ایک صاحب کو دیکھا انہوں نے جس انداز سے قہقہہ لگایا اور بالکل یہی انداز میں نے ان کے والد کا دیکھا۔ ایک صاحب کو الٹا سونے کی عادت تھی اور جب تک وہ الٹا نہیں سوتے تھے اور ایک ٹانگ دوسری ٹانگ پر نہیں رکھتے تھے وہ اس وقت تک سو نہیں پاتے تھے اور ان کو نیند نہیں آتی تھی۔ انہوں نے خود بتایا۔ میں نے اپنے والد کو ایسے دیکھا۔ دادا کو ایسے دیکھا اور پردادا کے بارے میں سنا کہ وہ بھی اسی طرح زندگی گزارتے تھے یعنی الٹا سوتے تھے۔

یقین جانیے! ہماری طبیعت' آداب اور مزاج کا اثر نسلوں پر بھی ہوتا ہے

یقین جانیے! ہماری طبیعت' آداب اور مزاج کا جہاں ہماری زندگی پر اثر ہوتا ہے وہاں ہماری نسلوں پر بھی اس کا اثر ہوتا ہے اور نسل نہیں نسل در نسل یہ ہماری عادت یا عبادت' انداز یا طبیعت نسلوں میں منتقل ہوتے ہیں۔ کبھی بھی کوئی عادت آپ کی اپنی ذاتی نہیں وہ صرف اور صرف آپ تک محدود نہیں۔ یہ ساری عادات آپ کی نسلوں میں منتقل ہو رہی ہیں۔ ہمارا کام کوشش کرنا اور اپنے آپ کو احتیاط سے چلانا ہے حتیٰ کہ بدن کا رنگ پھیکا ہونا' اس پر داغوں کا نمودار ہونا' لنگڑا' بھینگا ہونا' اندھا ہونا' گونگا ہونا' بہرا ہونا' ہونٹ کٹا ہوا ہونا' ہاتھ یا پاؤں کی چھ انگلیوں کا ہونا' بائیں ہاتھ کا استعمال' یہ تمام چیزیں اگر آپ کی اولاد اور آپ میں ہیں تو یقین جانیے! آپ اسے اپنے تک نہیں سمجھیں بلکہ یہ پچھلی نسلوں سے آپ تک منتقل ہو رہی ہیں اور یہ صرف آپ تک نہیں آپ کی اگلی نسلوں میں بھی منتقل ہو سکتی ہیں اور اکثر ہوتی ہیں۔

اس خاندان کے افراد چالیس سال کے بعد پاگل ہو جاتے ہیں!

ایک خاندان میں ایک مسئلہ ہے وہ چالیس سال کے بعد مجنون ہو جاتے ہیں یعنی پاگل ہو جاتے ہیں۔ جنون کا اثر ان کی نسلوں میں منتقل ہوتا ہے اور وہ اکیلے نہیں ہیں بلکہ وہ اس بات کی پہلے سے توقع رکھ لیتے ہیں کہ وہ اکیلے مجنون نہیں ہوں گے بلکہ ان کی نسلوں میں آگے مجنون ضرور ہوں گے کیونکہ اب تک ان کی پچھلی نسلوں میں جنون منتقل ہو رہا ہے اور انہیں بھی یقین ہے کہ اگلی نسلوں تک منتقل ہوگا۔

یہ حقائق ہیں جنہیں ہم جھٹلا نہیں سکتے

یہ حقائق ہیں اور ان حقیقتوں کو ہم جھٹلا نہیں سکتے۔ نسلوں کا مزاج' آداب' طبیعتیں صرف ان نسلوں تک نہیں ہوتیں بلکہ اگلی نسلوں تک منتقل ہوتی ہیں۔ اپنی نسلوں کو بری عادات' تکلیف دہ بیماریاں' مشکلات اور مسائل سے کیسے بچا سکتے ہیں اس کا واحد حل یہ ہے کہ ہم اپنی طبیعتوں عادات اور مزاج کو اصلاح کی طرف لے آئیں اور اپنی طبیعتوں اور مزاج اور عادات کو سچائی کی طرف لے آئیں۔ ہمارا سچا من' سچا تن' سچے جذبے' سچی سوچیں اور سچا کردار سو فیصد نسلوں میں منتقل ہو کر رہے گا۔ ہم کبھی یہ نہ سمجھیں جو کچھ ہے ہمارے پاس ہے۔

یہ بھول جائیں! آپ بُرے ہیں تو آپ کی نسل اچھی ہوگی

اگر ہم برے ہیں تو ہماری نسلیں اچھی رہیں گی' یہ ہماری بہت بڑی غلط فہمی ہے کیونکہ ہمارے ایک ایک پل کی سوچیں' آنکھ کا جھپکنا' جسم کی حرکت' طبیعت کا ملان خیر کی طرف ہے یا شر کی طرف۔ یہ سب ہماری نسلوں پر اور ہمارے آنے والے نظام پر منتقل ہو رہا ہے۔ آیئے! سوچ سمجھ کر قدم رکھیں اور سوچ سمجھ کر زندگی کے دن رات گزاریں اور یہ بھی سچ ہے کہ آپ کی بری عادت کا علم آپ کی نسلوں کو نہیں' آپ کی بیوی کو نہیں لیکن حقائق حقائق (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

تندرستی ٹانک جسم وجان کیلئے شاہی ٹانک
تمام اعضاء کیلئے آب حیات
گھر بھر کی ضرورت
چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں
چند روز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں
ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
(قیمت 440 روپے)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوا دیجئے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

بصیرت افروز دروس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

دل روحانیت و امن

کیا آپ نے اپنی اولاد کو حقیقی علم دلوایا ہے؟

آپ نے کیسے بتادیا؟: میں بعض اوقات نبض پر ہاتھ رکھ کر بیماریاں بتا دیتا ہوں تو لوگ حیران ہو جاتے ہیں' ایک صاحب میرے پاس اپنے میڈیکل کے ریکارڈ کی فائل لے کر آئے، میں نے کہا آپ فائل رکھ دیں میں آپ کو بیماری بتادیتا ہوں۔ اگر آپ کی بیماری، میری سمجھ میں نہ آئے تو مجھے فائل دکھا دیں۔ چنانچہ جب میں نے اللہ کی توفیق سے کچھ عرض کر دیا تو کہنے لگے: میں نے تو ہزاروں روپے کے ٹیسٹ کرائے ہوئے ہیں، ٹیسٹ کروا کر ہی ڈاکٹروں نے میرا مرض بتایا تھا۔ مگر آپ نے کیسے بتادیا؟

ہم نے خود کو کبھی روحانی مریض سمجھا ہی نہیں!

اگر مریض کو جسمانی بیماری بتا دی جائے تو مریض طبیب کا شکریہ ادا کرتا ہے۔ اور اگر طبیب کسی مریض کو روحانی بیماری بتادے تو مریض غصے میں آجاتا ہے۔ اسکی وجہ کیا ہے؟ اسکی وجہ یہ ہے کہ آج تک کسی مریض نے اپنے طبیب سے روحانی علاج کروانے کا سوچا ہی نہیں، مریض نے کبھی اپنے آپکو روحانی مریض سمجھا ہی نہیں۔ اگر مریض اپنے مرض کو نہیں سمجھے گا تو علاج کیسے کروائے گا؟ اگر اپنے آپ کو مریض سمجھے گا ہی نہیں تو علاج کیسے کروائے گا؟ جب ہم اپنے آپ کو مریض سمجھیں گے تو ہی ہم کسی طبیب سے علاج کروائیں گے۔ اگر مریض کو کوئی طبیب کہے کہ آپ کو روحانی مرض ہے تو مریض کو غصہ نہیں آئے گا؟ وہ اظہار کرے یا نہ کرے، دل کے اندر غصے کی کیفیات پیدا ہو جاتی ہیں۔

علم وہ جو ہمیں رب کی پہچان کرادے

ہم نے اپنے دماغ میں جو علوم بھرے ہوئے ہیں وہ یہ ہیں کہ مرنے سے پہلے کی محنت ہی ہمارے لیے سب کچھ ہے اور ساری محنت دماغ کو استعمال کرنے کی ہے اور ہم نے اسی کا نام علم رکھا ہوا ہے۔ مگر یہ علم نہیں ہے۔ علم وہ ہے جو ہمیں اپنے رب کی پہچان دے۔ جن چیزوں پر ہم محنت کرتے ہیں وہ فن ضرور ہے، ہمارا سبجیکٹ ضرور ہے، چاہے وہ اکنامکس کا سبجیکٹ ہے، چاہے وہ ٹیکنالوجی کا سبجیکٹ ہے، چاہے وہ سائنس کا سبجیکٹ ہے، چاہے وہ میڈیکل کا سبجیکٹ ہے یہ سارے سبجیکٹ ہیں، فن ہیں اور فن سیکھنا کوئی گناہ نہیں۔ لیکن علم صرف وہ ہے جس سے اللہ اور اسکے رسول ﷺ کی پہچان پیدا ہو، علم وہ ہے جو اُسکی آنکھوں سے اندھیرا ہٹا دے، علم وہ ہے جو اسکی آنکھوں کے سامنے اجالا لے آئے، علم وہ ہے جو اس کو آخرت کی پہچان دے دے، علم وہ ہے جو موت کے بعد آنے والی ہمیشہ کی زندگی کا اسکو سلیقہ دے دے، علم تو اُسے کہتے ہیں۔

انسان اور جانور میں فرق

ایک بندہ کے پاس ساری دنیا کا علم اور فن ہے لیکن اس کے پاس اپنے رب کی پہچان نہیں ہے، اپنے رب کی معرفت نہیں ہے، اس کے پاس حلال و حرام کی پہچان نہیں، تو وہ جانور ہے۔ جو جانور کسی دوسرے مالک کے کھیت میں گھس جائے اسے کوئی پتہ نہیں کہ یہ مالک کا کھیت ہے یا کسی اور کا کھیت ہے۔ اس کے پیش نظر صرف بھوک ہے، خواہش ہے، چاہت ہے۔ اسے جہاں سبز گھاس نظر آئے گی وہ اُسی کھیت میں جائے گا ایسا کرنے والا جانور ہوتا ہے انسان نہیں ہوتا۔

زندگی کا نظام کہیں اور سے چلتا ہے

انسان وہ ہے جس کی نظر اپنے کھیت کی گھاس پر ہوتی ہے، چاہے وہ گھاس سوکھی ہو یا سڑی ہوئی ہو۔ گھاس دراصل تعبیر ہے ہر اس چیز کا جس کا تعلق رزق سے ہے، خواہش سے ہے، زندگی کے کسی شعبے سے ہے۔ جس کے دل میں احکام الٰہی ہوگا وہ انسان کہے گا کہ یہ میرا کھیت ہے اگرچہ کسی اور کے کھیت کی گھاس ہری بھری ہے مگر وہ اپنے کھیت کی گھاس ہی استعمال کرے گا۔

یہ سوچ تب آئے گی جب علم آئے گا

یہ سوچ تب آئے گی جب اس کے دل میں علم الٰہی آئے گا، یہ سوچ اس وقت آئے گی جب اسکے دماغ کے اندر سے تمام تفریقیں ختم ہو جائیں گی کہ میں نے جو اب تک علم سیکھا ہے، وہ مکمل نہیں ہے! ہم نے جو کچھ سیکھا ہے وہ فن ہے، جو صرف روٹی کمانے کے لیے ہے، روزی کمانے کے لیے ہے، روزی چاہے حلال ہو یا حرام۔ حلال و حرام میں فرق کرنے کیلئے کوئی اور فن ہے، اس کے لیے کوئی اور علم ہے۔ یہ علم ہمیں اللہ والوں سے ملے گا کہ یہ رزق حلال ہے یا حرام ہے۔ یہ پھر زندگی کا نظام کہیں اور سے چلتا ہے۔ اللہ والو! میری بات غور طلب ہے! جس طرح ہم نے دنیا کے فن کو سیکھنے کے لیے وقت دیا تھا بچپن سے لے کر بڑھاپے تک قلم اور پنسل اُٹھائی، پڑھا، لکھا، سوچا اور علم کے نام پر فن حاصل کیا لیکن اس علم نے یہ نہ سکھایا کہ اللہ کون ہے؟ رسول ﷺ کون ہیں؟ حلال کیا ہے؟ حرام کیا ہے؟ اس علم نے یہ سب نہ سکھایا۔ معلوم ہوا، علم تو مل گیا مگر انسانیت نہیں ملی۔

علم تو ملا انسانیت نہ ملی

اکثر والدین کہتے ہیں کہ ہم نے اپنی اولاد کو علم و فن کی بہت بڑی ڈگری دلوائی مگر اب ہماری اولاد ہی ہماری بے عزتی کرتی ہے۔ بعض اوقات والدین اپنی اولاد کو اپنے ساتھ لے کر آتے ہیں تو میں اُن سے کہتا ہوں کہ آپ نے اپنی اولاد کو جو دنیاوی علم دیا اس علم کی ڈگری تو اسے مل گئی مگر کیا آپ نے اپنی اولاد کو حقیقی علم دیا ہے؟ کہ ماں باپ کی خدمت سے کیا ملتا ہے، اُنکے دیدار سے کیا ملتا ہے، اُنکے اکرام سے کیا ملتا ہے۔ اپنی اولاد کو یہ علم تو آپ نے دیا ہی نہیں۔ (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

گیارہ جمعراتوں میں ہر مسئلہ یقینی حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بندشوں' گھریلو الجھنوں' کاروباری زوال اور بیماریوں میں جکڑا ہوا تھا' کسی دوست کے کہنے پر تسبیح خانہ چلا آیا۔ یہاں آکر معلوم ہوا کہ تسبیح خانہ میں درس کے بعد خصوصی اسم اعظم کی دعا ہوتی ہے اور میری خوش نصیبی کے ان دنوں سورۂ اخلاص کے خاص عمل کا چلہ ہو رہا تھا۔ یعنی ہر جمعرات تمام مجمع مل کر تقریباً 40 ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھتے ہیں اور یہ عمل مسلسل گیارہ جمعرات کیا جاتا ہے اور سال میں ایک مرتبہ ہی ہوتا ہے۔ (یہ عمل کرنے میں تقریباً پانچ سے سات منٹ ہی لگتے ہیں) میں نے مسلسل تسبیح خانہ میں آنا شروع کیا اور اس عمل میں یقین توجہ اور دھیان سے شرکت کی۔ میں حیران رہ گیا کہ گیارہ جمعراتوں کے اندر اندر میرے تمام مسائل ایک ایک کر کے حل ہو گئے۔ وہ جمعرات رات اور آج جس وقت میں لکھ رہا ہوں ہر جمعرات تسبیح خانہ درس سننے ضرور جاتا ہوں۔ (شاکر مجید' لاہور)

سورۂ اخلاص کا آئندہ عمل: 14 نومبر 2019 سے 23 جنوری 2020ء تک سورۂ اخلاص کا یہ عمل تسبیح خانہ میں ہر جمعرات کو ہوگا۔

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولایتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل، مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت:-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

برکات درود تاج! علماء کی نظر میں

(قسط:1)

انتخاب: ابولبیب شاذلی

درود تاج سے مشکلات کا خاتمہ

درود تاج کی بہت سی برکات ہیں۔ بہت سے اولیائے کرامؒ نے یہ درود پاک خود پڑھا اور اپنے سلسلہ طریقت میں اپنے ارادت مندوں کو پڑھنے کی اجازت مرحمت فرمائی، جیسا کہ امام اولیاء حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ کا واقعہ منقول ہے۔ ذیل میں درود تاج کے حوالے سے مختلف اہل علم عاملین حضرات کے اعمال و وظائف پیش خدمت ہیں تاکہ مشکلات کے حل کرنے میں مدد ملے۔

درود تاج پر اہل علم حضرات کے مشاہدات

شیخ التفسیر حضرت مولانا عبداللہ بہلویؒ کا آزمودہ عمل

زیارت رسول ﷺ کیلئے: جو شخص زیارت رسول ﷺ کا طالب ہو اسے چاہیے کہ 313 مرتبہ درود تاج 21 دن تک بلاناغہ پڑھے تو زیارت فیض بشارت سے مشرف ہوگا، ہزاروں لوگوں کو فائدے ہوئے ہیں اور زیارت سے مشرف ہوئے ہیں۔ (کتاب: محاسبة الاعمال فی الغدوو الآصال ص5 مصنف: شیخ التفسیر حضرت مولانا عبداللہ بہلویؒ)

علامہ ارشد حسن ثاقب صاحب کے آزمودہ عملیات

بے روزگاری کے خاتمہ کیلئے: اگر بے روزگاری نے جینا دوبھر کر دیا ہو، کوئی ملازمت نہ مل رہی ہو تو تین دن متواتر درود تاج فجر سے مغرب تک کی ہر نماز کے بعد 7 بار اور عشاء کی نماز کے بعد 100 بار پڑھیں۔ تینوں دن روزگار کی تلاش میں بھی نکلیں اور جہاں ملازمت کا امکان نظر آتا ہو وہاں اپنی کوشش جاری رکھیں۔ اگر تین دن میں کام نہ ملے تو چوتھے دن فجر کی نماز کے بعد سے درود تاج پڑھنا شروع کریں اور اس وقت تک پڑھنا جاری رکھیں جب تک کوئی آدمی آکر آپ کو ملازمت ملنے کی خوشخبری نہ سنا دے۔

تمام حاجات و مشکلات کے حل کیلئے

حاجات و مشکلات کے حل کیلئے ہر نماز کے بعد تین، تین مرتبہ یا فجر اور مغرب کے بعد سات سات مرتبہ کا معمول رکھیں ہر حاجت پوری ہوگی اور ہر مشکل خود بخود آسان ہوتی جائے گی۔

بڑی سے بڑی حاجت کیلئے خاص عمل

اگر کوئی فوری یا بڑی ضرورت اور حاجت پیش آجائے یا اچانک کوئی مشکل یا مصیبت سر پر آپڑے تو عشاء کے بعد دو نفل قضائے حاجات کے پڑھ کر 100 مرتبہ درود تاج مکمل حضور قلبی کے ساتھ 7، 11 یا 21 دن تک (حسب حاجت) پڑھیں۔ (۲) چند لوگ مل کر ایک ہی نشست میں 2100 مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کیلئے دعا کریں دونوں طریقے سریع الاثر اور مفید ہیں۔

(بحوالہ کتاب جامع الوظائف ص 264، مصنف علامہ ارشد حسن ثاقب صاحب دامت برکاتہم، ناشر: ادارۃ القریش لاہور)

مولانا عطاء اللہ صاحب کے نقل کردہ اعمال

صاحب کشف بننے کیلئے: اگر کوئی شخص صاحب کشف بننا چاہے تو اسے چاہیے کہ اس درود پاک کو روزانہ 100 مرتبہ پڑھے اور تین سال تک یہی معمول جاری رکھے ان شاء اللہ اس عرصے میں صاحب کشف بن جائے گا اور اگر وہ اس سلسلے کو تاحیات جاری رکھے تو وہ صاحب روحانیت بن جائے گا۔ کیونکہ یہ درود صفائی قلب کے لیے نہایت اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

زیارت رسول ﷺ کیلئے: اگر کوئی شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خواہشمند ہو تو اسے شب جمعہ میں 170 مرتبہ پڑھے اور 40 جمعہ تک یہی عمل جاری رکھے انشاء اللہ شرف زیارت سے مشرف ہوگا۔

بانجھ پن دور کرنے کیلئے: بانجھ عورت اگر 21 چھوہاروں پر 7 مرتبہ پڑھ کر دم کرے (یا کوئی دوسرا شخص دم کردے) اور ہر روز ایک چھوہارا عورت کو کھلائے اور حیض سے فارغ ہونے کے بعد غسل طہارت کرے اور میاں سے خلوت کرے اللہ کے فضل سے فرزند صالح پیدا ہوگا۔

حاملہ کی صحت کیلئے: اگر حاملہ عورت کو کسی بھی قسم کا خلل ہو تو 7 دن تک سات مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے۔ اللہ کے فضل و کرم سے حمل ہر پریشانی سے محفوظ رہے گا۔

تسخیر خلائق کیلئے: اگر کوئی شخص حب یا تسخیر خلق کیلئے خلوت میں 111 مرتبہ روزانہ چالیس رات پڑھے تو اللہ کے فضل و کرم سے جس کی طرف توجہ کرے گا وہی شخص اس کا دیوانہ ہو جائے گا میاں بیوی میں محبت کیلئے یہ عمل مثالی ہے۔

سخت ترین جنات سے خلاصی کیلئے: سخت ترین جنات، آسیب اور جادو بندش نظر بد اور اس قسم کے مصائب سے چھٹکارے کیلئے 11 مرتبہ 11 دن تک پڑھیں تو اللہ کے فضل و کرم سے آپ ان آفتوں سے نجات پالیں گے۔

(مولانا قاری عطاء اللہ صاحب فاضل جامعہ اشرفیہ، لاہور)

عامل عبدالرحمٰن صاحب کے نقل کردہ وظائف

بے اولادی کے خاتمہ کیلئے: عامل عبدالرحمٰن صاحب کبیر والہ بتانے لگے کہ ہمارے یہاں ایک بزرگ نور محمد صاحب نے درود تاج کے اس عمل کی اجازت دی ہے اور یہ عمل بڑا ہی باکمال ہے۔ عمل یہ ہے: 7 عدد پھول مکھانہ لے لیں۔ ہر دانے پر سات سات مرتبہ درود تاج پڑھ کر اس عورت کو دیں جو بے اولاد ہو۔ وہ ایام کے غسل کے بعد نہار منہ باوضو ہو کر تنہائی میں روزانہ ایک عدد پھول مکھانہ کھائے اور میاں سے خلوت کرے۔ ان شاء اللہ اولاد ہو جائے گی۔ ان بابا جی کی طرف سے اس عمل کی اجازت ہے۔

درود تاج کا ایک خاص عمل

جب ربیع الاول شروع ہو تو پہلی شب کو دو رکعت نماز نفل پڑھے اور اس کا ثواب حضرت محمد ﷺ کو ہدیہ کر دے اور پھر 11 بار درود تاج 11 راتوں تک روزانہ پڑھے اور بارہویں شب کو 41 مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل کرنے سے بندہ اس درود کا عامل ہو جاتا ہے اس کے بعد روزانہ 3 مرتبہ پڑھ لیا کرے اس عمل کی برکت سے اسے بکثرت آپ ﷺ کی زیارت ہوا کرے گی اور اس کے علاوہ بھی بہت سے کمالات اس شخص کو ملتے ہیں جو عمل کرنے کے بعد ہی معلوم ہو سکتے ہیں۔ (عامل عبدالرحمٰن صاحب، کبیر والہ)

مولانا عبدالغفار صاحب کے نقل کردہ وظائف

ایک ہفتہ میں جنات کا خاتمہ: جو شخص جادو، جنات کے اثرات میں مبتلا ہو اسے چاہیے کہ کسی بھی اسلامی مہینے کی پہلی شب جمعہ میں رات کو باوضو ہو کر خوشبو لگائے اور نہایت ہی یکسوئی کے ساتھ 11 مرتبہ درود تاج پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک مارے اور ہاتھوں کو اپنے تمام بدن پر پھیر لے اسی طرح اگلی شب جمعہ تک یہ عمل کرے ان شاء اللہ سخت سے سخت جادو ٹونہ اور جنات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ (جاری ہے)

ستر شفائیں
ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء
دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب کہ سرجن حیران
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق
معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب
جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج
(قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

بچے نہانے کے دوران بھی بہت کچھ سیکھتے ہیں

سدرہ جاوید، لاہور

جب بچہ کو پہلی مرتبہ نہلایا جاتا ہے تو وہ پانی سے خوفزدہ ہوجاتا ہے اور رونے لگتا ہے لیکن جونہی اسے عادت ہوتی ہے وہ پانی میں پاؤں اور ٹانگیں چلانے لگتا ہے اگر ماں پرسکون ہو کر بچہ کو نہلاتی ہے تو وہ بھی سکون محسوس کرتا ہے۔

آیئے بچے کو ذمہ دار، سمجھدار باشعور انسان بنائیں

بچوں کو اگر ایک ذمہ دار، سمجھدار اور باشعور انسان بنانا ہے تو یہ اہم ہے کہ ان کی ذہنی، جسمانی، سماجی اور جذباتی نشوونما ایک ساتھ ہو۔ اور اس کے لئے ضروری ہے کہ ماں اور بچہ کے درمیان محبت کا تعلق مضبوط تر ہوتا کہ بچے کے اندر دیگر لوگوں سے محبت کرنے کا جذبہ پیدا ہوسکے۔

ماں اور بچے کے درمیان مضبوط تعلق

ماں اور بچہ کے درمیان تعلق کبھی بھی کمزور نہیں ہوتا تاہم دودھ پلانے اور نہلانے کے دوران اس تعلق میں اور بھی مضبوطی آجاتی ہے اور یہی وہ وقت ہے کہ جب آپ بچے کو بہت کچھ سکھا سکتی ہیں۔ اپنی روٹین کو دیکھتے ہوئے ایسے اوقات کو مقرر کریں جب آپ کے پاس فرصت ہو اور آپ بچے کو نسبتاً زیادہ وقت دے سکتی ہوں۔

آپ کا پرسکون اور نرم رویہ اعتماد کا باعث ہے

اس سے بچہ میں تحفظ کا احساس بڑھے گا۔ بچوں کو نہلانے کے دوران ان کا کام کرتے ہوئے اپنے آپ کو پرسکون رکھیں۔ ان کو سختی سے نہ اٹھائیں اور نہ ہی جلد بازی کا مظاہرہ کریں۔ آپ کا پرسکون اور نرم رویہ بچہ میں اعتماد کا باعث ہوگا۔ نئی ماؤں کے پاس اکثر و بیشتر وقت کی کمی ہوتی ہے۔ اس لئے بچے کو دودھ پلا کر آرام سے نہلائیں اور پھر ان کو دودھ دیں۔ اس عمل سے بچہ بہت پرسکون نیند لے گا۔ اور اگلے دودھ پلانے کے وقت تک آپ بہت سارا گھر کا کام آرام سے کرسکیں گی۔

بچے کی پرورش میں باپ کا کردار

بچوں کی پرورش میں باپ کے کردار کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اس لئے جب بچہ تقریباً چھ ماہ کا ہوجائے تو نہانے کے وقت کو شام میں منتقل کردیں تاکہ بچہ کو ماں اور باپ کی شفقت ایک ساتھ میسر آسکے۔ بچہ کو نہلانے کا آپ چاہے کوئی بھی وقت مقرر کریں لیکن یاد رکھیں کہ یہ ایسا وقت ہے جب آپ ان میں آئندہ کی عادات کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔

بچے کو پرسکون رہ کر نہلائیں تو وہ پرسکون رہے گا

بچہ کی پیدائش کے بعد اگر ماں تھکن محسوس کررہی ہے تو بچے کو ہر دوسرے دن نہلائیں تاہم جونہی آپ اپنی طبیعت بہتر محسوس کریں تو اسے روزمرہ کی روٹین میں شامل کرلیں۔

جب بچہ کو پہلی مرتبہ نہلایا جاتا ہے تو وہ پانی سے خوفزدہ ہوجاتا ہے اور رونے لگتا ہے لیکن جونہی اسے عادت ہوتی ہے وہ پانی میں پاؤں اور ٹانگیں چلانے لگتا ہے اگر ماں پرسکون ہو کر بچہ کو نہلاتی ہے تو وہ بھی سکون محسوس کرتا ہے۔

بچے پانی سے محظوظ اور آواز سن کر خوش ہوتے ہیں

تین چار ہفتوں کی عمر میں بچہ اپنی ماں کے چہرہ کو غور سے دیکھتا ہے اور مختلف آوازیں نکالتا ہے اور جیسے جیسے وہ بڑھنے لگتا ہے اس کا تاثر پراثر ہوتا جاتا ہے اور وہ بازوؤں اور ٹانگوں کو آہنگ میں چلاتا ہے۔ بچے پانی سے محظوظ ہوتے ہیں اور عمر بڑھنے کے ساتھ گرتے پانی کی آواز سن کر خوش ہوتے ہیں اور پانی کے کھیل کے دوران وہ اپنے جسم کو قابو میں رکھنا سیکھتے ہیں۔

نہانے سے بچے کے پٹھے مضبوط ہوتے ہیں

پانی بچوں پر اچھا تاثر چھوڑتا ہے اور پانی میں کھیلنے کے دوران بچے گہری سانس لیتے ہیں۔ جس سے کاربن ڈائی آکسائیڈ خارج ہوتی ہے اور آکسیجن جسم میں داخل ہوتی ہے۔ پھیپھڑوں کے سکڑنے اور پھیلنے کے دوران بچوں کے نظام انہضام میں بہتری آتی ہے۔ اسی جسمانی مشق کے دوران پٹھے مضبوط ہوتے ہیں۔

بچے اپنی آواز سے کھیلنا اور تجربہ کرنا سیکھتے ہیں

نہانے کے دوران جب بچے اپنی ماں کی بات سن کر آواز نکالتے ہیں تو یہ ان کے باہمی ابلاغ کی ابتداء ہوتی ہے۔ یہ مشق بچہ کے لئے بہت ضروری ہے کیونکہ اس سے بچے اپنی آواز سے کھیلنا اور تجربہ کرنا سیکھتے ہیں اور جو بچے اپنی آواز میں تاثر پیدا نہیں کر پاتے تو ہوسکتا ہے کہ وہ دیر سے بولنا شروع کریں۔ نہلانے کے دوران اگر ماں کوئی لوری وغیرہ دے تو بچے کے اندر تحفظ، قربت اور خوشگوار تعلق کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ بچے کے نہانے میں کمرے کا درجہ حرارت کی بھی بہت اہمیت ہوتی ہے۔ ان کے کمرے کا درجہ حرارت 65 سے 70 ڈگری فارن ہائیٹ 18 سے 20 سینٹی ڈگری سینٹی گریڈ ہونا چاہیے۔

بچے کو نہلانے سے پہلے یہ پڑھ لیں!

بچہ کو نہلانے سے پہلے اس کی ضرورت کی تمام اشیاء کو ایسی جگہ تیار کرکے رکھیں جہاں سے آپ آرام سے ان کو اٹھا سکتی ہوں۔ اگر بچہ بوتل سے دودھ پیتا ہے تو اس کے فیڈر میں دودھ ڈال کر رکھیں، تولیہ، لوشن اور دیگر اشیاء اپنے قریب رکھیں تاکہ آپ کو بچے کو نہلانے کے دوران کسی رکاوٹ کا سامنا نہ کرنا پڑے اور اگر ہوسکے تو موبائل فون کو بند کردیں یا سائیلنٹ پر لگادیں تاکہ آپ اپنے بچے کو پرسکون ماحول میں نہلاسکیں تاکہ اس کے اور آپکے اندر ابلاغ، محبت اور تحفظ کا رشتہ جلد از جلد قائم ہو۔

موسم گرما کی سوغات لذیذ چٹنی

کھٹی میٹھی چٹنی اس چٹنی کا گجراتی نام ''چھوندہ'' ہے۔ اشیاء: کیری سخت قسم کی جس میں گٹھلی بن گئی ہو، چھیل کر ٹرپ لیں جس طرح کھوپرہ ٹرپتے ہیں۔ گٹھلی پھینک دیں بیس کیریوں کیلئے ایک پاؤ شکر، دو ٹی اسپون مرچ پاؤڈر، ایک ٹی اسپون کلونجی ثابت، زیرہ آدھا چمچ، دھنیا پاؤڈر آدھا چمچ، نمک حسب ضرورت۔ ترکیب: کھلے منہ کے مرتبان میں ان سب اشیاء کو اچھی طرح ملا کر ڈال دیں اور سخت دھوپ میں اونچی جگہ پر رکھیں، اونچی جگہ پر اس لیے کہ اس میں دھول گرد نہ جائے، کم از کم ایک ہفتہ سخت دھوپ میں رکھیں۔ ٹھنڈی ہوا یا ٹھنڈی جگہ پر نہ رکھیں۔ ہر روز خشک چمچ سے اوپر نیچے کرتے رہیں یہاں تک کہ شکر پگھل کر کیریوں میں جذب ہوجائے۔ اور خیال رہے کہ آمیزہ نہ بالکل سوکھا رہے نہ پتلا رہے، استعمال کے لائق ہوجائے تو دھوپ میں رکھنا بند کردیں اور لیجئے چٹنی حاضر ہے۔ گیلا ہاتھ یا گیلا کپڑا نہ لگائیں۔ ورنہ چٹنی جلد خراب ہوجائے گی۔ (فردوس فاطمہ، گجرات)

خون افزا ٹانک
خون بنانے والی گولیاں
☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے، جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ و جگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ، اسٹریس، ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔ قیمت:-/120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

دو قرآنی الفاظ نے دھتکاری ہوئی لڑکی کا نصیب جگا دیا

ح۔ن۔ کراچی

میری خالہ میرے لیے رشتے لاتیں تو کوئی آٹھ نو بچوں کا باپ ہوتا' کوئی ذہنی مریض ہوتا یا کوئی اپاہج ہوتا' جب انکار کرتی تو خالہ کہتی کہ اس بدصورت کو کون لے کر جائے گا' یہی رشتے اس کے مقدر ہیں' میں منہ سے نہ بولتی

معمولی ضرورت کیلئے در در کی بھیک مانگنا پڑتی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں زندگی سے مایوس' حالات سے تنگ اور در در کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور تھی' مگر قرآن پاک کے صرف دو الفاظ لَعَلَّکُمْ لَا یُنْصَرُوْنَ نے میری زندگی سنوار دی' مجھے خوشیاں خوشحالیاں عطا فرمادیں' میں آج زندگی میں انتہائی خوش و مطمئن ہوں۔ میں آج اپنی زندگی کی سچی کہانی قارئین کے سامنے رکھ رہی ہوں تاکہ مخلوق خدا فائدہ اٹھائے اور میرے لیے صدقہ جاریہ بنے:۔ میں حالات کے ہاتھوں تنگ انتہائی پریشانی کی میں تھی' میری ابھی شادی نہیں ہوئی' میں حافظ قرآن ہوں' میرے والدین وفات پا چکے' بھائی اور بھابی کے رحم و کرم پر ہوں' اپنی ضرورت کیلئے در در کی بھیک مانگنا پڑتی' بھائی بھابی اور دوسرے رشتہ داروں کیلئے ناقابل برداشت ہوں' حالانکہ سب کی ملازمہ ہوں پھر بھی تین وقت کی روٹی دیتے وقت موڈ خراب ہوجاتا ہے' بھابی بات نہیں کرتی' بھابی کے والدین آکر باتیں سناتے اور کہتے ہیں یہ گھر ہماری بیٹی کا ہے' بھائی بہت دل دکھانے والی باتیں کرتے ہیں' ذلت آمیز رویہ رکھتے ہیں' ایک دن تو یہاں تک کہہ دیا ہمارے کچن میں نہ جایا کرو' میرے لیے کھانا نہ بنایا کرو۔

یا اللہ میرا بھی نصیب کھول دے!

کوئی بات کروں تو نقل اتارنا' مذاق اڑانا' سخت باتیں کرنا ان کی عادت ہے' میں بہت روتی یا اللہ کیا کروں؟ کہاں جاؤں میں بے بس' اللہ تعالیٰ سے دکھ سکھ شیئر کرتی ہوں' میں اللہ سے رو رو کر دعائیں کرتی کہ یا اللہ میرا بھی نصیب کھول دے! میرے نصیب بھی اچھے کردے۔

اس کے نصیب میں تو اپاہج' پاگل یا بوڑھے ہیں

میری خالہ میرے لیے رشتے لاتیں تو کوئی آٹھ نو بچوں کا باپ ہوتا' کوئی ذہنی مریض ہوتا یا کوئی اپاہج ہوتا' جب انکار کرتی تو خالہ کہتی کہ اس بدصورت کو کون لے کر جائے گا' یہی رشتے اس کے مقدر ہیں' میں منہ سے نہ بولتی مگر اللہ کریم کو اپنا دکھ سناتی' ایک مرتبہ میری بہن نے کہا تمہیں تو کوئی بھاری جہیز کے پیچھے بھی نہ لے کر جائے' مجھے اپنے مرحوم والد صاحب کے وہ الفاظ اب بھی یاد ہیں کہ انہوں نے کہا تھا کہ کوئی تیرے منہ پر کبھی تھوکے گا بھی نہیں' اللہ ان کی مغفرت فرمائے۔ انہی حالات میں تھی کہ عبقری رسالہ ملا۔

گھر بیٹھے رب نے وسیع رزق کا انتظام فرمادیا

رسالہ سے ایک وظیفہ جو کہ قرآنی الفاظ ہیں لَعَلَّکُمْ لَا یُنْصَرُوْنَ ملا۔ میں نے وہ سارا دن کھلا پڑھنا شروع کردیا' حتیٰ کہ چند دنوں میں لاکھوں پڑھ لیا اور اب بھی پڑھ رہی ہوں۔ اب اس وظیفے کے فوائد پڑھے اور حیران ہوں۔ اللہ کریم نے اس وظیفہ کی برکت سے مجھے در در کا بھکاری ہونے سے بچایا' اللہ نے مجھے گھر بیٹھے رزق دے دیا' ابھی وظیفہ سوا لاکھ نہیں ہوا تھا کہ گھر بیٹھے بچے ٹیوشن کیلئے آگئے' اور اتنے آگئے کہ میرے پاس اتنے پیسے ہوگئے کہ میں خرچ کرتی جاتی ہوں اپنی ہر ضرورت پوری کرتی ہوں' دوائی لیتی ہوں' دوسروں کو دیتی ہوں' بچوں کو دیتی ہوں مگر پیسے ختم نہیں ہوتے' بہنیں جب اپنے گھروں سے ملنے آتی ہیں ان کی ہر فرمائش پوری کرتی ہوں' جاتے ہوئے ان کے بچوں کو بھی پکڑا دیتی ہوں مگر پیسے ہیں کہ ختم ہی نہیں ہوتے' بلکہ اتنے اور جمع ہوجاتے ہیں۔ وہی بھائی جو کہ ایک پیسہ دینے کو تیار نہیں تھا اب جب اس کو ضرورت پڑتی ہے تو سب سے پہلی نظر مجھ پر اٹھتی ہے' میرے پیسوں میں اللہ نے برکت ڈال دی۔

کڑھن' مایوسی' بے بسی' محتاجی دور

وظیفہ پڑھنے سے دل کا سکون مل گیا' کڑھن' مایوسی' بے بسی' محتاجی سب دور ہوگئی' وظیفہ پڑھنے سے تہجد نصیب ہوئی' تہجد کے وقت ذرا بھر بھی سستی کاہلی نہیں ہوتی بالکل فریش اٹھتی ہوں۔ سخت سردی میں بھی پانی ٹھنڈا محسوس نہیں ہوتا' ہر وقت دل اور زبان سے ذکر کرنے کو دل چاہتا ہے۔ ٹی وی دیکھنے کو ذرا بھر دل نہیں چاہتا' اللہ کریم سے باتیں کرنے میں بہت لطف آتا ہے' اتنی شیرینی جیسے مٹھائی کھائی ہو۔

کیا تو میرے ساتھ عمرہ کرنے چلے گی

میری چھوٹی خالہ ایک دن ہمارے گھر آئیں' باتوں باتوں میں عمرے کا ذکر چلا' کہنے لگیں: کیا کروں؟ کون سنبھالے گا مجھے وہاں؟ میں نے فوراً کہا میں چلوں؟ میں آپ کے سارے کام کروں گی' بس مجھے لے چلو۔ کہنے لگیں: تم جانا چاہتی ہو میں نے ہاں کردی' خالہ نے کہا آدھے پیسوں کا انتظام میں کردوں گی آدھے بھائی سے کہو وہ کردے' میں نے فوراً حامی بھرلی۔ میرے اللہ نے میری سن لی' میں کیسی بھی ہوں' زمانہ لاکھ بدصورت کہے لیکن اللہ کریم کا شکر ہے اس نے مجھے ہر چیز سے نوازا۔

میرا رشتہ ایسی جگہ ہوا کہ سب حیران اور پریشان

اب سب سے حیرت انگیز کمال بھی پڑھیے:۔ میرے لیے ایک رشتہ آیا جو کہ میرے کلاس فیلو تھے' وہ حافظ قرآن بھی ہیں' اس لڑکے نے میرے استاد محترم کو رشتہ کیلئے کہا' (استاد محترم میرے حالات کو جانتے ہیں) اتفاقاً میری بات چلی' استاد صاحب نے اس لڑکے کو بتایا کہ ایک بچی ہے اس کے اس طرح کے حالات ہیں' اس نے سننے کے بعد فوراً ہمارے گھر رشتہ بھیج دیا' اس نے استاد صاحب کو یہ بھی کہا میں تو اس سے بچپن سے محبت کرتا ہوں' یہ حفظ کرکے اپنے گھر چلی گئی' میں نے بہت کوشش کی لیکن نہیں ملی۔

حافظ قرآن' اپنا گھر' گاڑی اور سرکاری نوکری ہے!

(ب) حافظ قرآن ہے' اپنا گھر ہے' سرکاری نوکری ہے' اپنی گاڑی' موٹر سائیکل ہے۔ میرے گھر جب رشتہ کی بات چلی تو ہر کوئی حیران یہ رشتہ اس بدصورت کیلئے کیسے آگیا؟ میری عمر 28 سال اور (ب) کی عمر 29 سال ہے' مکمل چھان بین کے بعد بھی اس لڑکے میں میرے گھر والوں کو کوئی عیب نہ ملا' کچھ دنوں کے بعد انہوں نے پھر پیغام بھجوا دیا اور یوں رشتہ پکا ہوگیا' وہ مٹھائی اور کچھ پیسے میرے ہاتھ پر رکھ گئے' میری خالہ جو کہتی کہ اس کے مقدر میں اپاہج' بوڑھے اور صرف پاگل ہیں وہ اب کہنے لگی: ہائے کیا اچھا رشتہ اللہ نے بھیجا ہے' ڈھونڈنے سے بھی نہ ملتا' اس رشتے پر اب تک سب حیران ہیں۔ یہ سب شیخ الوظائف کی دعاؤں' ان کے بتائے اعمال اور قرآنی دو الفاظ کی برکات ہیں۔ جب میرے گھر والے رشتہ کی ہاں میں تذبذب کا شکار تھے تو میں نے یہی وظیفہ مزید یقین اور توجہ سے پڑھنا شروع کردیا' اور دل میں اللہ سے کہا یا اللہ یہ رشتہ میرے لیے برکت عافیت' عزت' سکون' سلامتی والا ہے' میرا دل بڑا مضطرب ہے' تو فیصلہ فرما اور رکاوٹ کو ختم کرکے میرے سوئے نصیب کو جگادے۔ اسی وقت اللہ نے میرے بڑوں کے منہ سے (ہاں) کروایا۔

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 150 روپے
دانے' کیل مہاسے' جھائیاں' داغ' گڑھے' پیپ دار الرجی' رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہوجانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

جسمانی جذباتی اور ذہنی توانائی بڑھائیے!

محمد علیم نظامی لاہور

کچھ لوگ اپنی سکت سے زیادہ کام کرتے ہیں وہ اپنے جسم کے واضح اشاروں پر توجہ نہیں دیتے جو ان کو حد سے زیادہ کام کرنے پر متنبہ کرتے رہتے ہیں اگر آپ کو یہ معلوم نہیں کہ کس وقت آپ کو کام ختم کردینا چاہیے تو آپ یا تو بیمار پڑ جائیں گے

جانیے! آپ کے اندر کتنی توانائی ہے؟

توانائی ایک اہم عنصر ہے۔ آپ کی شخصیت، نقطہ نظر اور طرز زندگی حتیٰ کہ آپ کے دوسروں سے تعلقات میں بھی توانائی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ توانائی کا پیمانہ ہر فرد میں مختلف ہوتا ہے۔ کچھ لوگ اپنے آپ کو بمشکل گھسیٹ پاتے ہیں جبکہ دوسرے بے پناہ قوت اور توانائی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ اپنے دوستوں یا خاندان کے افراد کے مقابلے میں آپ اپنی توانائی کی سطح کو کس درجہ پر رکھیں گے۔ آپ کے اندر توانائی کی مقدار یا سطح ان لوگوں کے مقابلے میں کم ہے، برابر ہے یا زیادہ ہے؟

انسان کو تین قسم کی توانائی کی ضرورت

انسانی جسم بعض لحاظ سے ایک عام مشین کی طرز پر بنایا گیا ہے۔ دوران خون نظام تنفس، عضلات، باقیتیں، دماغ اور دوسرے اعضاء مل کر ایک پیچیدہ جسم بناتے ہیں جس کو قوت کے ایک مستقل منبع کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہمارا جسم جو مختلف قسم کے کام انجام دیتا ہے اس کے لیے بنیادی طور پر تین قسم کی توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ جسمانی، جذباتی اور ذہنی۔ گو کہ ان تینوں کا آپس میں تعلق ہے۔ یہ ایک دوسرے سے مختلف کردار ادا کرتی ہیں۔

جینے کا حوصلہ کیسے بڑھایا جائے؟

جسمانی توانائی کا تعلق آپ کے جسم سے ہے یعنی یہ کس طرح اس دنیا میں مختلف کام کرتا ہے جس فرد کے پاس اچھی مقدار میں توانائی ہو وہ اپنے آپ کو چوکس اور ہر کام کے لیے تیار محسوس کرتا ہے۔ عام طور پر وہ صحت مند رہتا ہے۔ چونکہ اس کے پاس محفوظ قوت کا ذخیرہ ہوتا ہے۔ اس لیے اس میں مختلف کام کرنے کی استعداد بھی ہوتی ہے۔ اس سے قطع نظر کہ اس کے پاس پہلے سے کتنا کام موجود ہے وہ مزید کام کرنے کیلئے تیار رہتا ہے اس فرد کی یہ خصوصیت دوسروں کیلئے حیرت کا موجب ہوتی ہے۔

جینے کا حوصلہ کیسے بڑھایا جائے؟ اس سوال کا جواب یہ ہے کہ صحت مند عادتیں اختیار کی جائیں۔ مناسب غذا، آرام اور باقاعدگی کے ساتھ ورزش سے اپنے دن کا آغاز کیجئے۔ اگر آپ کی نیند پوری نہیں ہوگی تو ظاہر ہے کہ آپ دن بھر کی تھکا دینے والی دوڑ میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔ بہت زیادہ ضیافتی کھانے زہر پیدا کرنے کے علاوہ توانائی کے روزانہ کے معاملات میں بھی خلل ڈالتے ہیں۔ شکر بھی نقصان دہ ہے اس سے پہلے تو مختصر سے عرصہ کیلئے بحالی پیدا ہوتی ہے اور پھر طبیعت گر جاتی ہے۔ زیادہ توانائی کیلئے متوازن غذا ضروری ہے۔ سکت یا قوت برداشت انفرادی معاملہ ہے اس لیے اس کا کسی دوسرے فرد سے مقابلہ نہیں کرنا چاہیے۔

جسم کے پیغام پر توجہ کریں

کچھ لوگ اپنی سکت سے زیادہ کام کرتے ہیں وہ اپنے جسم کے واضح اشاروں پر توجہ نہیں دیتے جو ان کو حد سے زیادہ کام کرنے پر متنبہ کرتے رہتے ہیں اگر آپ کو یہ معلوم نہیں کہ کس وقت آپ کو کام ختم کردینا چاہیے تو آپ یا تو بیمار پڑ جائیں گے، زخمی ہوجائیں گے یا پھر بالکل ہمت ہار جائیں گے۔

تین چیزیں آپ کا موڈ بدل سکتی ہیں

زندگی فن اور دلچسپی کا موقع ہے۔ جب زندگی ان چیزوں کی عادی ہو تو وہ پوری کوشش کرکے ان کو حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ ظاہر ہے کہ ہر شخص کا یہ زاویہ نظر نہیں ہوسکتا۔ تین چیزیں آپ کا موڈ بدل سکتی ہیں۔ کمزور صحت، زیادہ کام اور تحریک کی کمی جب آپ بیمار ہوں تو قدرتی بات ہے کہ آپ پر پژمردگی ظاہر ہوگی۔

آپ کے دماغ کو ورزش کی ضرورت ہے!

جسمانی اور جذبانی (ہیجانی) توانائی کے علاوہ توانائی کی ایک تیسری قسم بھی ہوتی ہے اس کا تعلق ذہنی صلاحیتوں کے استعمال سے ہے۔ آپ بہت ذہین ہوسکتے ہیں مگر اس کے باوجود آپ زیادہ دیر تک ارتکاز رکھنے کی صلاحیت سے عاری بھی ہوسکتے ہیں۔ ان لمحات کو یاد کیجئے جب آپ صبح جلدی اٹھے ہوں اور پوری طرح جاگنے کے بعد اچھی طرح غور و فکر بھی کرسکتے ہوں جب آپ اپنے آپ کو ذہنی طور پر تروتازہ محسوس کررہے ہوں اور کسی بہت ہی پیچیدہ مسئلے کو حل کرنے کی پوزیشن میں ہوں ایسی صورت میں آپ اپنی توانائی کا استعمال کس طرح کریں گے؟

ناکافی غذا دماغ کیلئے نقصان دہ ہے

ذہنی توانائی کو جن کاموں میں استعمال کیا جاتا ہے ان میں ارتکاز، منصوبہ بندی، تحقیقی سرگرمی، تنظیم، تجزیہ، ترکیب اور مسائل سلجھانا شامل ہیں۔ آپ کا دماغ جسم کے دوسرے اعضاء کی طرح بہت لمبے عرصہ تک کام نہیں کرسکتا۔ اس کو خوراک، آرام اور اچھی مقدار میں تحریک کی ضرورت ہوتی ہے۔ ناکافی غذا فراہم کرکے زیادہ کام لینے سے توازن خراب ہوجاتا ہے۔ اس کا نتیجہ جمود کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔

آیئے! اپنی صلاحیتوں کو جانئے

اب جبکہ آپ توانائی کی مختلف اقسام سے واقف ہوگئے ہیں توانائی کی سطح میں اضافے کیلئے کچھ نکات بیان کیے جاتے ہیں۔ اعلیٰ جسمانی توانائی کا جزوی طور پر اس بات سے تعلق ہوتا ہے کہ آپ کو اپنی صلاحیت کا علم ہو اور آپ اسے استعمال کریں۔ اپنا مقابلہ کسی نام اور ایتھلیٹ سے کرنے کی بجائے اپنی حد میں رہ کر کام کریں۔

پھر آہستہ آہستہ اپنے کام کی مقدار کو آگے بڑھائیں۔ ایندھن چونکہ بہت ضروری ہے اس لیے مناسب غذا کا استعمال کریں۔ اپنی مصروفیات میں توازن پیدا کریں تاکہ نہ تو زیادہ دیر تک ایک جگہ جم کر بیٹھے رہیں اور نہ زیادہ دیر تک مستقل کام میں لگے رہیں اس بات کو یقینی بنائیں کہ ورزش کرنا آپ کی روزانہ زندگی کا حصہ ہے۔

گرم پانی سے نہائیں اور مالش کریں

ذہن اور جسم کو دباؤ سے دور رکھیں اور آرام کریں۔ گہرے سانس لینے کی کوشش کریں۔ گرم پانی سے نہائیں اور مالش کریں تاکہ دباؤ دور ہو۔ اگر آپ تھکن کو دور یا کم نہ کرسکیں تو اس کے وجوہات کو تلاش کریں۔ کہیں آپ کو کوئی پریشانی تو لاحق نہیں؟ اس کے بعد حالات کے متعلق کوئی رائے قائم کریں۔ کوشش کریں کہ جس رفتار سے کام کریں اسے برقرار رکھیں۔ ہر کام کو تیز رفتاری سے کرنے کی بجائے جب ضرورت محسوس ہو تو کام میں وقفہ دیں۔ ہر کام میں کمال حاصل کرنے کا رجحان نہ رکھیں۔ آپ کو نئے ریکارڈ قائم کرنے کی ضرورت نہیں۔

اصلاح معدہ وجگر پیکیج
آیورویدک اساس میں مفید
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کرکے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا
قیمت صرف 440/- روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

موسم گرما کیلئے پھلوں پھولوں اور دیسی مشروب حاضر ہیں!

حکیم غلام یزدانی قریشی ملتان

گرمی کے اثرات سے بچنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اس موسم میں بہت سی ایسی غذائیں بھی مہیا فرمادی ہیں جو صحت کو برقرار رکھنے کے کام آتی ہیں۔ پینے کی اغذیہ میں سے دہی کی لسی عمدہ غذا ہے۔ لسی پیاس کو کم کرنے کے علاوہ جگر کی گرمی، گھبراہٹ کو بھی دور کرتی ہے۔

طریقے سے گزاریں تو یہ موسم بہترین ہے!

ہمارے ملک میں عام طور پر اپریل سے جولائی تک موسم گرما رہتا ہے اور اس کے بعد کچھ کم گرمی اور موسم خزاں کے دن ہوتے ہیں۔ موسم گرما کے دن اس لئے تو بہتر ہیں کہ ان دنوں ہر طبقہ کے لوگ بآسانی گزر اوقات کر لیتے ہیں۔ کھانے پینے کی چیزیں بھی وافر مقدار میں مہیا ہوتی ہیں۔ مگر یہ دن صحت کو نمایاں کرنے اور بدن کو چست رکھنے کے مواقع کم مہیا کرتے ہیں۔ سورج کی تمازت اور لُو وغیرہ بعض اوقات زندگی کو دوبھر کر دیتے ہیں لیکن اگر ان کو سلیقے اور احتیاط سے گزارا جائے تو کم بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔ کچھ بیماریاں بھی ایسی ہیں جو ان دنوں زیادہ وقوع پذیر ہوتی ہیں۔ مثلاً محرقہ، غشی، اسہال، قے، لُو، گھبراہٹ، خفقان، بیداری وغیرہ تاہم ان کا تدارک ممکن ہے۔

گرمی کے دنوں میں دھوپ میں چلنے پھرنے سے گریز کرنا لازمی ہے اور اگر ایسا کرنا ناگزیر ہو تو بچ بچاؤ سے کام لینا چاہیے۔ ننگے پیر یا ننگے بدن باہر نہ نکلیں۔ کوئی کپڑا ضرور اوڑھ لیں۔ ان دنوں راتیں چونکہ چھوٹی ہوتی ہیں۔ گرم وقت میں کچھ ساعتوں کیلئے ضرور آرام کریں۔ اس طرح تسکین کے ساتھ گرمی کی شدت سے بھی کچھ نجات مل جاتی ہے۔ آقائے نامدار ﷺ نے تو اس امر کی طرف توجہ دلاتے ہوئے ظہر کی نماز بھی تاخیر سے پڑھنے کی رعایت فرمادی ہے اور آپ دوپہر کو بھی آرام فرماتے تھے جسے قیلولہ کہتے ہیں اور یہ آپ کی مبارک سنت ہے۔

جگر کی گرمی گھبراہٹ کو دور کرنے کیلئے دیسی مشروب

گرمی کے اثرات سے بچنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اس موسم میں بہت سی ایسی غذائیں بھی مہیا فرمادی ہیں جو صحت کو برقرار رکھنے کے کام آتی ہیں۔ پینے کی اغذیہ میں سے دہی کی لسی عمدہ غذا ہے۔ لسی پیاس کو کم کرنے کے علاوہ جگر کی گرمی، گھبراہٹ کو بھی دور کرتی ہے۔ اس کے علاوہ صندل، نیلوفر، گڑھل کے شربت بھی اس مقصد کیلئے کارآمد ہیں۔

گرمی بھگانے کے پھل اور سبزیاں

پھلوں میں سے جامن، فالسے، انار، مٹھے لیموں مفید رہتے ہیں۔ سبزیاں میں کھیرا، ککڑی، توری، تربوز، کدو فائدہ پہنچاتے ہیں۔ کدو لُو کے اثر کو بھی زائل کرتا ہے۔ بھوبھل میں نرم کر کے نچوڑ کر اس کا پانی تاؤ۔ بخار اور خون تھوکنے کے عارضہ کو دور کرتا ہے۔ اگر اس کے پانی کو روغن سرسوں میں جلا کر سر پر لگایا جائے تو دردِ سر کے لیے مفید ہے۔ اس کے علاوہ اس کے حلوہ یا بطور سبزی سالن بنانا بھی لذت بخش مفرح غذا ہے۔ سرکار دو عالم ﷺ کو یہ سبزی بہت پسند تھی۔ ماہرین طب کا کہنا ہے کہ کدو کا بکثرت استعمال سل جیسی موذی بیماری سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔

گرمی کے دنوں میں پیٹھے وغیرہ چیزوں کا مربہ بھی مفید رہتا ہے۔ مربہ بنانے کی ترکیب یہ ہے۔ ایک حصہ کاشیں لے کر ان کو خوب دھو کر برابر وزن پانی میں جوش دیں۔ جب کچھ گل جائیں ان کو نکال لیں اس پانی میں ڈیڑھ گنا چینی اور ایک ماشہ پوٹاشیم میٹابائی سلفیٹ سیر چینی کے حساب سے ڈال کر آگ پر قوام پکائیں جب پختہ ہو جائے تو وہ قاشیں اس میں ڈال دیں قوام پتلا سا ہو جائے گا۔ اب دوبارہ دھیمی آگ پر پکائیں۔ جب مناسب گاڑھا ہو جائے تو اتار لیں۔ خوشبو کے لئے چھوٹی الائچی نیم کوفتہ یا کیوڑہ وغیرہ ڈال دیں بالکل ٹھنڈا ہو جانے پر خشک شدہ روغنی یا تمام چینی یا شیشے کے برتن میں ڈال کر محفوظ کر لیں۔ حرارت اور نمی سے بچائیں۔ ڈھکنا کھلا نہ چھوڑا کریں۔

شدید لُو میں تربوز سے "یاری" لگائیے

موسم گرما کی ایک مفید، سستی اور عام پائی جانے والی سبزی جسے پھل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے تربوز ہے۔ اس نہایت رس دار، شیریں خوش ذائقہ سبزی میں ہیموگلوبین، سوڈیم، کیلشیم دیگر نمکیات اور گلوکوز بھی پایا جاتا ہے۔ ایک سیر تربوز کھا لینے سے ایک وقت کے کھانے سے آدمی بے نیاز ہو جاتا ہے۔ یہ قبض کشا بھی ہے اور گردے میں موجود زہریلے مادے کو بھی خارج کرتا ہے۔ دل کی دھڑکن کیلئے مفید ہے۔

پھولوں کے مشروبات سے ٹھنڈک کا دلربا احساس

موسم گرما میں شربت اور اسکوائش بھی بہت مرغوب ہوتے ہیں اور یہ ہر قسم کے مفرح پھولوں اور پھلوں کے رس سے تیار کئے جاسکتے ہیں۔ مثلاً موتیا، رائیل، کرنا، گڑھل اور پھلوں میں سے انار، فالسہ، کینو، بادام اور ادویات میں سے صندل، نیلوفر، خش وغیرہ ہیں۔ پھولوں کا شربت دو طرح بنایا جاسکتا ہے۔ نصف چھٹانک تازہ پھول صاف کر کے نصف سیر پانی میں جوش دیں۔ اس میں ایک ماشہ پوٹاشیم میٹابائی سلفیٹ یا ۳ ماشے ٹاٹری یا لیموں کا ۲ تولے رس ڈال دیں جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے۔ اتار کر آرام سے چھان لیں۔ اس میں 3.5 پاؤں چینی ڈال دیں۔ ایک تار کا قوام ہو جانے پر اتار لیں ٹھنڈا ہو جانے پر خش بوتلوں میں بھر لیں۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ چینی و سادہ پانی کا پہلے گاڑھا قوام کر لیں اتار کر گرم گرم میں پھول ڈال کر اچھی طرح ڈبو دیں۔ برتن پر کپڑا ڈال کر ڈھکنے سے اچھی طرح بند کر کے ٹھنڈا ہونے تک پڑا رہنے دیں۔ بعد ازاں چھان کر بوتلوں میں بھر لیں۔ ادویات کا شربت پہلے طریقے سے یعنی دوا کو پانی میں ابال کر ہی تیار کرنا زیادہ سودمند ہوتا ہے۔

پھولوں کا شربت تیار کرنے کا طریقہ

پھلوں کا شربت تیار کرنے کے لیے اپنی پسند کے پھل کا رس ڈیڑھ پاؤ لیں اس میں نصف سیر چینی ڈال کر حل کریں اور پوٹاشیم سیٹابائی سلفیٹ ایک ماشہ ڈال کر ایک دو جوش دیں ٹھنڈا ہو جانے پر بوتلوں میں محفوظ رکھیں۔ بادام کا شربت بنانے کیلئے ایک چھٹانک باداموں کی سفید گریوں کو ڈیڑھ پاؤ پانی سے خوب گھوٹ کر چھان لیں۔ اس پانی میں ۳ پاؤں چینی اور ۵ تولے روح گلاب ڈال کر آگ پر پکائیں ایک ماشہ پوٹاشیم ہائی سلفیٹ بھی ڈال دیں۔ جب قوام پختہ ہو جائے اتار لیں۔ کچھ ٹھنڈا ہو جانے پر تین ماشے الائچی چھوٹی کو کوب کر کے یا اپنی پسند کی کوئی اور خوشبو ملا کر ڈھکنے سے بند کر دیں جب بالکل ٹھنڈا ہو جائے تو بوتلوں میں بھر لیں۔ اگر پھلوں کے رس کا اسکوائش تیار کرنا ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک حصہ رس کو گاڑھے کپڑے میں چھان کر حصے چینی خوب حل کریں۔ فی بوتل ایک ماشہ پوٹاشیم میٹابائی سلفیٹ ڈال کر حل کریں۔ رنگ اور حسب پسند خوشبو بھی ڈال سکتے ہیں۔ پھو بوتلوں میں بھر کر مضبوط کارک سے بند کر کے چند دن رکھ دیں۔ سکوئش بنانے کیلئے مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھیں: رس وغیرہ کیلئے (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء
☆ جلد کی خرابی پرانی خارش اس کی وجہ خون کی خرابی ہو، کسی قسم کا انفیکشن ہو، الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔
جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے آزمایا اور مفید پایا۔
خون صفاء (بڑوں، بچوں کیلئے یکساں مفید) قیمت -/120 روپے
مکھی کی بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN DESHAWAR

یوم عید ستر مرتبہ درود پڑھیں! حاجات انگلیوں پر گن لیں!

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے

شوال کا چاند دیکھنے کے بعد یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ ھٰذَا الشَّھْرُ اَوَّلُ شَھْرٍ مِّنْ اَشْھُرِ الْحَجِّ فَارْزُقْنَا بِحُرْمَةِ الْحَجِّ وَ الْفَتْحِ اَللّٰھُمَّ صَحِّحْ اَبْدَانَنَا مِنَ الْاَسْقَامِ وَالْاٰثَامِ وَوَفِّقْنَا لِزِیَارَةِ بَیْتِكَ الْحَرَامِ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

تم گواہ رہنا میں نے انہیں بخش دیا

ایک روایت میں آتا ہے کہ جب عید کی صبح ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں کو بھیجتا ہے جو زمین پر اترتے ہیں اور گلی کوچوں اور راستوں میں کھڑے ہوجاتے ہیں اور بلند آواز سے کہتے ہیں جسے جن اور انسان کے سوا تمام مخلوق سنتی ہے، وہ کہتے ہیں، اے محمد (ﷺ) کی امت! اپنے پروردگار کی طرف آؤ، وہ تمہیں عطائے عظیم دے گا اور تمہارے بہت بڑے گناہ معاف فرمائے گا اور جب لوگ عیدگاہوں میں آجاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتے ہیں، جب مزدور اپنا کام مکمل کرلے تو اس کی مزدوری کا بدلہ کیا ہے؟ فرشتے کہتے ہیں اس کا بدلہ یہ ہے کہ اسے پورا اجر دیا جائے۔ تب اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میں تمہیں گواہ بناتا ہوں، میں نے ان لوگوں کے لیے اپنی بخشش اور رضا کو ان کا اجر بنایا ہے۔

70 بار استغفار سبحان اللہ اور درود کا کمال

یکم شوال: جو کوئی شوال کی یکم تاریخ کو نماز ظہر کے بعد آٹھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 25,25 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد ستر مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ، ستر مرتبہ استغفار اور ستر مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۝

تو بفضل باری تعالیٰ اس عمل کی برکت سے اسکی ستر دنیاوی حاجات اور ستر اُخروی حاجات پوری ہوں گی اور اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم اور رحمت نازل فرمائیں گے۔

چار نوافل سے معافی مل جاتی ہے

جو کوئی یکم شوال کی شب نماز عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز دو، دو رکعت کرکے پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص، تین تین مرتبہ سورۂ فلق اور تین تین مرتبہ سورۂ ناس پڑھے پھر جب نماز مکمل کرکے فارغ ہوجائے تو ستر مرتبہ کلمہ تمجید (تیسرا کلمہ) پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کو گناہوں کی معافی عطاء ہوگی اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کی توبہ قبول فرمائینگے اور اس کو نیکی کے کاموں کی توفیق بخشیں گے۔

جو بندہ یہ پڑھ لے گا اسے کمال مل گیا

صالحین کا کہنا ہے کہ عیدالفطر کی رات کو چار رکعت نفل دو دو کرکے یوں پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ نوافل کے بعد کھڑے ہوکر 1100 مرتبہ یہ وظیفہ پڑھے جو کھڑا ہوکر وظیفہ نہ پڑھ سکے وہ بیٹھ کر پڑھ لے۔ ان نوافل کی برکت سے بندے کے دل میں اللہ کی محبت کا جذبہ بیدار ہوجاتا ہے اور بندہ تلاش حق کیلئے کمربستہ ہوجاتا ہے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الصَّمَدِ الْاَحَدِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْوَكِیْلِ الْكَفِیْلِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْفَتَّاحِ الْعَلِیْمِ۔

آٹھ رکعت نفل: شوال مکرم کی پہلی ساعت یعنی شب عید کو تہجد کے وقت آٹھ رکعت نفل یوں پڑھے کہ سورۂ فاتحہ کے بعد ہر پہلی اور ہر دوسری رکعت میں سورۂ کافرون 25 مرتبہ، ہر تیسری اور چوتھی رکعت میں سورۂ اخلاص 25 مرتبہ ہر پانچویں اور چھٹی رکعت میں سورۂ فلق 25 مرتبہ، ہر ساتویں اور ہر آٹھویں رکعت میں سورۂ ناس 25 مرتبہ پڑھے پھر 1313 مرتبہ مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھے۔ اللہ پڑھنے والے پر خاص نظر التفات فرمائے گا۔ نوافل پڑھنے والے کو بے پناہ اجر ملے گا۔ اس عمل سے مرنے کے بعد عذاب قبر میں راحت بھی پیدا ہوگی۔ یہ دنیوی حاجات کیلئے بہت اکسیر ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ۔ یَا اَللّٰہُ۔ (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 8 جون بروز ہفتہ رات 10 بجے سے لیکر 11 بجکر 27 منٹ تک۔ 19 جون بروز بدھ صبح 9 بجکر 23 منٹ سے لیکر 10 بجکر 13 منٹ تک۔ 30 جون بروز اتوار عصر تا مغرب یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

ایک دن میں بہنوئی کی نوکری کا مسئلہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بہنوئی کی نوکری کا مسئلہ حل نہیں ہورہا تھا۔ میری بہن نے عبقری رسالہ میں سے دیکھ کر وظیفہ پڑھا، ایک ہی دن میں بہنوئی کی نوکری کا مسئلہ حل ہوگیا۔ وظیفہ یہ ہے:۔ اول و آخر درود پاک گیارہ مرتبہ اور یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ 12 سو مرتبہ روزانہ پڑھیں، بارہ دن تک۔ مگر میری بہن نے صرف ایک دن ہی پڑھا اور ان کا مسئلہ حل ہوگیا۔ واقعی یہ بہت ہی تیر بہدف اور مقبول عمل ہے۔ (حنین، لاہور)

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN DESHAWAR

شاہ عبدالرحیم مکی کے مستند روحانی وظائف

دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں' پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی اور دوسری میں سورۂ اخلاص پڑھیں۔ سلام پھیر کر ایک سانس میں جتنی بار ممکن ہو یَاھَادِیُ کا ورد کریں۔ سانس ٹوٹنے کے بعد سجدے میں جا کر اپنی حاجت پیش کریں۔ ان شاء اللہ ضرور پوری ہوگی۔

پریشانیاں ختم' فتوحات پانے کیلئے یہ پڑھیں

اگر کوئی شخص مسلسل پریشانیوں میں گھرا ہوا ہو' پے در پے حالات بگڑے ہوئے ہوں تو فجر کے بعد مندرجہ ذیل دعا تین سو ایک مرتبہ پابندی سے پڑھے۔ ان شاء اللہ چند دن پڑھنے سے ہی جملہ پریشانیاں ختم ہو جائیں گی اور فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔

یَامُعِیْدُ مَا اَفْنَاہُ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ
لِدَعْوَتِہٖ مِنْ مَّخَافَتِہٖ یَامُعِیْدُ

اس عمل کو کرنے والے کی ہر خواہش پوری ہوگی

جمعہ کے دن بوقت چاشت چار رکعت ادا کرے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی اور چاروں قل دس دس مرتبہ پڑھے' نماز کے بعد ستر مرتبہ استغفار اور ستر مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھے۔ یہ عمل کرنے والا ہر طرح کی دین اور دنیا کی عزت اور سرخروئی پائے گا۔ رزق میں فراوانی ہوگی۔

صرف اکتالیس بار یہ پڑھیں! جو چاہو پالو!

جملہ حاجات اور مقاصد کی تکمیل کے لیے کم از کم اکتالیس مرتبہ یَآاَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اول و آخر درود شریف تین مرتبہ صبح و شام پڑھیں۔ تمام حاجات غیب سے مکمل ہوں گی۔

اجنبی خواتین سے تعلقات ختم کرنے کیلئے

شوہر' بیٹا' بھائی' منگیتر یا کوئی عزیز رشتہ دار اگر بے راہ روی کا شکار ہے اور اس کی وجہ سے آپ بے حد پریشان ہیں تو درج ذیل دعا کسی کاغذ پر لکھ کر پانی میں ڈال کر رکھیں اور وہ پانی اس شخص کو پلائیں یا اگر کوئی شخص خود اس عیب سے چھٹکارا چاہتا ہے تو اس دعا کو مسلسل خود پڑھے۔ اگر کوئی خاتون اس عیب میں مبتلا ہو چکی ہے تو اس کیلئے بھی یہی عمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَامُقَلِّبَ الشَّمْسِ وَمِنَ الْمَغْرِبِ اِلَی الْمَشْرِقِ۔ یہ دعا لکھ کر پلائیں یا وہ شخص/ خاتون خود پڑھے۔

یہ پڑھ کر جس مریض پر دم کریں صحت یاب ہوگا

صرف چالیس دن تک 313 مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾ پڑھنے کے بعد جس مریض پر دم کریں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ اگر توجہ زیادہ ہو تو اس میں سلب مرض کی بھی خاصیت ہے۔

یہ اسم پڑھیں! دعا مانگیں اور حاجت پوری

دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں' پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی اور دوسری میں سورۂ اخلاص پڑھیں۔ سلام پھیر کر ایک سانس میں جتنی بار ممکن ہو یَاھَادِیُ کا ورد کریں۔ سانس ٹوٹنے کے بعد سجدے میں جا کر اپنی حاجت پیش کریں۔ ان شاء اللہ ضرور پوری ہوگی۔ اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف۔

جب پریشانیوں کے آگے بے بس ہو جائیں

جب کوئی ظاہری تدبیر کارگر نہ ہو تو نماز تہجد کے بعد ایک سو ایک بار یہ آیت شریف خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھیں۔ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ۔

اِنَّ اللّٰہَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ ﴿حج ۷۴﴾

بیری کے 7 بغیر سوراخ والے پتے لیں جادو ختم

بیری کے سات پتے جن میں سوراخ نہ ہو لے کر ان میں سے ہر پتے پر تین بار سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 102 پڑھیں اور ہر بار پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح سات پتوں پر کل اکیس مرتبہ یہ آیت پڑھی جائے گی۔ ان پتوں کو پاک ہاتھوں سے توڑ کر پانی میں ڈال دیں۔ مریض 7 دن تک یہ پانی پیتا رہے۔ پانی کم ہونے پر اور پانی ملاتے رہیں۔ یہ پانی گھر اور دکان پر بھی چھڑکیں۔

سر پر ہاتھ رکھ کر 7 بار پڑھیں! خوب نیند آئے گی

اگر رات بھر نیند نہ آتی ہو اور اس وجہ سے آپ پریشان رہتے ہوں تو اس کیلئے روزانہ باوضو بستر پر لیٹ کر دایاں ہاتھ سر پر رکھ کر سورۂ کہف کی آیت نمبر 11 کا صرف یہ حصہ 7 بار پڑھیں۔

فَضَرَبْنَا عَلٰٓی اٰذَانِھِمْ فِی الْکَھْفِ سِنِیْنَ عَدَدًا ﴿کہف ۱۱﴾ پھر ہاتھ پر دم کر کے سر پر پھیریں' ان شاء اللہ خوب گہری نیند آئے گی۔ اس کے علاوہ نیند لانے اور ڈیپریشن سے نجات پانے کا ایک اور روحانی نسخہ بھی ہے۔ اگر نیند نہ آ رہی ہو تو قرآن پاک کی یہ آیت مبارکہ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ﴿الاحزاب ۵۶﴾ پڑھیں اس کے بعد درود شریف پڑھتے رہیں' جس قدر دھیان اور توجہ سے پڑھیں گے اتنی جلد نیند آئے گی اور ذہنی پریشانی اور بے چینی ختم ہوگی۔

شہوت اور بدنظری کا ایک مفید علاج

جس انسان کو شہوت زیادہ ستاتی ہو اسے چاہیے کہ روزانہ خلوت میں توجہ کے ساتھ صرف ایک تسبیح یَاحَمِیْدُ یَابَاعِثُ کی اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھے۔ یہ عمل چند ہفتے چند مہینے مستقل مزاجی سے کرے۔

بڑا گھر اور پلاٹ ملنا تو کوئی بات ہی نہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ایک دوست ہے جو میرے ساتھ ہی کالج میں پڑھاتی ہے۔ کرائے کے ایک چھوٹے سے گھر میں رہتی تھی۔ فکرمند ہوتی تھی کہ بڑا گھر ہو ساتھ میں سسر اور دیور بھی رہتے تھے۔ اس کو میں نے وضو کے ساتھ پڑھنے والی دعا بتائی۔ کچھ عرصہ ہی پڑھی اس کو ایک وسیع گھر عطا کیا۔ اگرچہ وہ کرائے کا ہے مگر فوری طور پر بنا بنایا ان کیلئے ممکن نہ تھا۔ اب انہوں نے اسی دعا کی برکت سے اپنا پلاٹ خرید لیا ہے۔ ان کا بھائی کہتا ہے کہ یہ دعا پڑھتی رہو ان شاء اللہ پلاٹ پر گھر بھی بن جائے گا۔ یعنی عمل سے ملا بہن کو مگر یقین بھائی کو بھی مل گیا۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ، وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ۔ (عبیرہ علی' گجرات)

مٹی کے پیالے سے ہفتہ میں یرقان ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس یرقان سے نجات کا لاجواب نسخہ ہے۔ قارئین کی نذر کرتا ہوں۔

ھوالشافی: آلو بخارا چار تولہ' املی چار تولہ' گل سرخ چار تولہ' گل نیلوفر چار تولہ۔ ان تمام اشیاء کو پیس کر مٹی کے پیالے میں چار کپ پانی ڈال کر شام کو بھگو دیں' صبح نہار منہ ایک کپ پی لیں۔ اسی طرح شام کو اس میں سے ایک کپ پی لیں۔ جب تک یرقان ختم نہیں ہوتا روزانہ ایسا ہی کریں۔ ہفتہ دس دن میں یرقان مکمل ختم ہو جائے گا۔ (ثوبیہ' جہانیاں)

معجون شفایابی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
لولے لنگڑے' اپاہج' معذور' سر میں پانی بھر جانا' مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا' اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید
پولیو کے شکار' مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفاء یابی بڑھاپے کا سہارا ہے
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

آخر آم پھلوں کا بادشاہ کیوں؟ جانتے ہیں!

فرحانہ خاتون
ملتان

آپ نے سنا ہوگا کہ ''آم کے آم گٹھلیوں کے دام'' سو یہ حقیقت ہے کہ پتا' پھول' شاخ پھل' سب کارآمد ہے اسی لیے اس لذیذ' خوش ذائقہ' دل پسند اور فائدہ مند پھل کو پھلوں کا بادشاہ کہتے ہیں۔

تعمیر جسم کیلئے نہایت کارآمد اور مفید

آم! تعارف کا محتاج نہیں' یہ تمام پھلوں سے زیادہ مزیدار' شیریں' توانائی سے بھرپور ہوتا ہے' اسی لیے اسے پھلوں کا بادشاہ کہتے ہیں۔ آم میں سیب سے چھ گنا اور سنگترے سے چالیس گناہ زیادہ وٹامنز پائے جاتے ہیں۔ اسی لیے آم تعمیر جسمانی کیلئے نہایت کارآمد اور مفید پھل ہے' کمزور بچوں کی نشوونما میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ آم چونکہ بہت زیادہ خون پیدا کرنے والا پھل ہے اس لیے اس کے استعمال سے چہرے پر روشنی اور چمک آجاتی ہے۔ دودھ پلانے والی عورتوں میں دودھ کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔

آم وزن بڑھائے' دل کو طاقت دے

آم وزن بڑھاتا ہے اور دل کو طاقت دیتا ہے۔ آم کھانے کے بعد طبیعت خوش اور ہشاش بشاش رہتی ہے۔ یہ گرمی اور برسات کا خوش ذائقہ اور صحت بخش پھل ہے۔ دنیا میں سب سے زیادہ کاشت کیا جانے والا جنگلی پھل آم ہے اور دنیا میں سب سے زیادہ استعمال بھی ہوتا ہے۔ یہ خوبصورت پھل وٹامنز کے علاوہ نشاستہ دار اجزاء' روغنیات اجزاء سے بھی مالا مال ہوتا ہے۔ اس میں وٹامنز نشاستہ روغنیات کے علاوہ فاسفورس' کیروٹین' فولاد' کیلشیم پوٹاشیم بھی ہوتا ہے۔

مکمل غذا' جب دل چاہے کھائیں

ان اجزاء کی وجہ سے بدن میں تازگی اور فربہی لاتا ہے۔ جسمانی اور محنت والا کام کرنے والے اسے زیادہ آسانی سے ہضم کر لیتے ہیں۔ چہرے پر چمک دمک اور روشنی کے ساتھ ساتھ عمدہ اور زیادہ خون پیدا کرنے کی وجہ سے چہرے کا رنگ نکھارتا ہے۔ آم تقریباً مکمل غذا ہے جو دن میں کسی وقت بھی استعمال ہو سکتی ہے۔ آم بلغم کو پتلا کرتا ہے اسی لیے کھانسی اور دمے کے مریضوں کیلئے بے حد مفید ہے لیکن بہتر ہے کہ پتلے رس کی شکل میں استعمال کیا جائے۔

میٹھا آم کھانے والی خواتین کی اولاد خوبرو ہوتی ہے

آم دل، دماغ، جگر، معدہ، گردے، پٹھوں، ہڈیوں اور پھیپھڑوں کو بھی طاقت دیتا ہے اور خون صاف کرنے کی اس سے اچھی دوا اور کوئی نہیں۔ ڈال کا پکا آم سب سے اچھا، شیریں اور غذائیت سے بھرپور ہوتا ہے۔ بدن کو موٹا کرنے اور لاغر جسم پر گوشت بنانے میں عمدہ قسم کا قدرتی غذائی ٹانک ہے۔ میٹھا اور شیریں آم کھانے والی عورتوں کی اولاد خوبرو ہوتی ہے۔ ہم مقوی باہ' قبض کشا ہوتا ہے۔ سنگرہنی پیٹ کے امراض میں بے حد مفید ہے' قلب و جگر یا پھیپھڑے کا شدید مرض ہو' سانس لینا دشوار ہو تو آم کا پتلا میٹھا رس تھوڑی سی دہی میں ملا کر پینا مفید ہے۔

یہ پیشاب آور ہے' یرقان میں مفید ہے۔ بدن کو سرخ و سفید بناتا ہے۔ عورتوں کے امراض میں آم بے حد سودمند ہے۔ حافظہ کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

خوبصورتی' چمکدار جلد اور مضبوط جسم کا راز خربوزہ میں ہے!

(مسز محمد قاسم کمبوہ لاہور)

خربوزہ پھیکا نکلا ہے تو پریشان مت ہوں!

جب جیسے دھوپ میں تمازت بڑھنے لگتی ہے اور گرم ہوائیں چلنے لگتی ہیں خربوزہ اپنی خوبصورت خوشبو' رنگ اور ذائقے کے ساتھ بازار میں نظر آنے لگتا ہے۔ خربوزہ خریدتے وقت عام طور پر لوگ اس بات پر پریشان رہتے ہیں کہ ہو سکتا ہے وہ پھیکا نکل آئے اور پیسے بے کار جائیں لیکن اس معاملے میں حکماء حضرات کی رائے بڑی اہمیت کی حامل ہے' ان کا کہنا ہے کہ خربوزہ بہت میٹھا ہو یا ہلکی مٹھاس والا یا بالکل پھیکا لیکن فائدہ سب میں ہوتا ہے' سرد اور گرما بھی خربوزے ہی کی قسمیں ہیں لیکن یہ خربوزے سے جہاں وزن میں زیادہ ہوتے ہیں وہیں میٹھے بھی زیادہ ہوتے ہیں۔

کمزور اور دودھ پلانے والی خواتین کیلئے لاجواب

اس میں دیگر پھلوں کی طرح غذائی اجزاء بھی وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں اسے کھانے سے کمزور افراد کے وزن میں اضافہ ہوتا ہے۔ دو غذاؤں کے درمیان کھانا زیادہ فائدہ دیتا ہے' رضاعی خواتین (دودھ پلانے والی) کے لیے بہترین چیز ہے' طبی لحاظ سے اس میں پیشاب زیادہ لانے کی صلاحیت ہے' یہی وجہ ہے کہ گردوں کے امراض میں بے حد مفید ثابت ہوتا ہے' زیادہ پیشاب لانے کی وجہ سے جسم سے خون کے خراب مادوں کے علاوہ گردوں اور مثانے سے پتھری بھی نکال دیتا ہے' اس کے چھلکوں سے نمک بھی حاصل کیا جاتا ہے جس کے استعمال سے کئی فوائد حاصل ہوتے ہیں یہ نمک خربوزہ کہلاتا ہے۔ اسی طرح خربوزے کے چھلکے بھی بہت کارآمد ہوتے ہیں ان چھلکوں کو پانی یا عرق گلاب میں پیس کر چہرے پر لیپ کرنے سے رنگ نکھرتا ہے۔

خربوزہ اس وقت ہرگز نہ کھائیں

پیشاب میں جلن کی شکایت ہو جائے تو خربوزہ کھانے سے یہ تکلیف دور ہو جاتی ہے ویسے تو خربوزے کو جب اور جس وقت چاہیں آپ کھا سکتے ہیں تاہم حکماء اس کے بہترین وقت سہ پہر کو قرار دیتے ہیں۔

خربوزے کے شیک سے بڑی بیماریوں کا علاج

درج ذیل نسخہ شیخ الوظائف نے تسبیح خانہ لاہور میں دوران درس بتایا۔ بے شمار افراد نے آزمایا اور درج ذیل بیماریوں میں لاجواب پایا۔ خربوزے کو پانی سے اچھی طرح دھو لیں پھر اس کو چھلکے اور اس کے اندر کے گودے سمیت چھوٹا چھوٹا کاٹ لیں اور اس کو کسی گرینڈر میں ڈال کر اچھی طرح شیک کریں، ساتھ دودھ، شہد یا شکر بھی ڈال لیں۔ بس لاجواب ٹانک تیار ہے۔ اسے پی لیں۔ یہ شیک تین بڑی بیماریوں کا اکسیر علاج ہے۔ 1) گردے فیل ہو گئے ہوں۔ 2) دل کے مریض۔ 3) جگر و معدہ کے مریض۔ اس کے علاوہ کولیسٹرول اور یورک ایسڈ کو کم کرتا ہے، ہارمونز کے مسائل کو ٹھیک کرتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے اور جن کا یورپ بڑھا ہو، ان سب کیلئے بہترین قدرتی ٹانک ہے۔

خربوزہ کا موسم ہے' نعمت خداوندی سے بھرپور فائدہ اٹھائیے' ضرور کھائیے! مگر اعتدال کا دامن آپ کے ہاتھ سے نہیں چھوٹنا چاہیے۔ ان شاء اللہ آپ صحت مند رہیں گے۔

فٹنس فولاد ٹانک
مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری' ملازم پیشہ مردوں' عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

آپ کی روحانی بیماریوں ومسائل کا آزمودہ روحانی علاج

دو سال کے بیٹے کو ہرنیا ہے تو یہ وظیفہ پڑھیں!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرا دو ماہ کا بیٹا ہے اور اس کے مثانے میں ڈاکٹر ہرنیا کہتے ہیں اور وہ پیشاب کرتے ہوئے بہت روتا ہے' ڈاکٹر کہتے ہیں اس کا چھ ماہ بعد آپریشن ہوگا' براہ مہربانی کوئی وظیفہ بتادیں' میرے بچے کی مشکل حل ہوجائے۔ (پوشیدہ)

جواب: حٰمٓ لَا یُنۡصَرُوۡنَ کو گیارہ دن، اکیس دن، اکتالیس یا اکانوے دن میں سوا لاکھ مکمل کریں۔ جب تک مسئلہ حل نہیں ہوتا اسی طرح ایک، تین، پانچ، سات، سوا لاکھ جتنے زیادہ کرسکتے مکمل کریں۔ دن زیادہ ہوجائیں تو گھبرائیں نہیں عمل جاری رکھیں۔ وضو بے وضو' پاک ناپاک ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔ جتنی عمل میں توجہ زیادہ ہوگی اتنا زیادہ نفع ہوگا۔ اتنی بیماریاں' بندشیں' سفلی عمل' بیماریاں اور مشکلات زیادہ جلدی ختم ہوں گی۔ درج بالا مسائل میں مبتلا تمام قارئین کو اس کے پڑھنے کی اجازت ہے۔

زندگی میں سکون نام کی چیز نہیں

میرے شوہر کبھی ملازمت یا کبھی چھوٹی موٹی ٹھیکیداری کرتے ہیں' کچھ دن کام رہتا ہے اور باقی دن تنگی کے گزرتے ہیں' بے برکتی ہے' خوشحالی نہیں' ساجھے کا گھر ہے' اس کو بیچنا ہے صحیح ریٹ نہیں لگتا' گھر پر کسی کی توجہ نہیں' بڑا لڑکا شرابی بن گیا ہے' جیل بھی جاچکا ہے' چھوٹا ملازمت کرتا ہے' ہر وقت بیمار رہتا ہے' اکثر اسے کوئی چیز دبوچتی ہے' ہماری زندگی میں سکون نام کی کوئی چیز نہیں' جب سے شادی ہوئی حالات ایسے ہی ہیں' ہمیں ان مشکلات کا حل بتائیے۔ (ز، جھنگ)

جواب: سورۂ والضحیٰ بمع بسم اللہ ایک بار' اول وآخر تین بار درود شریف اور سورۂ کے ہر "ک" پر 9 بار یَا کَرِیۡمُ پڑھنا ہے۔ یہ عمل ہر نماز کے بعد ایک بار یا صبح وشام ایک ایک بار کریں۔ اگر فجر سے پہلے کرلیں تو زیادہ فائدہ ورنہ جس وقت کریں' جتنا زیادہ کریں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ سارا گھر کرے ورنہ جتنے زیادہ افراد کرسکیں کرسکتے ہیں۔ عمل کرتے ہوئے مقصد کا تصور کریں' نو مقاصد اکٹھے بھی تصور میں رکھ سکتے ہیں۔ عمل 9 دن کرنا ہے اگر کام نہ ہو تو پھر دوبارہ سے 9 دن کا عمل شروع کرنا ہے۔ اسی طرح 9، 9 دن کا عمل کرتے رہیں۔

بیٹے کو بہو نے قابو کرلیا! لیجئے آپ کا مسئلہ حل ہوا

بہت ہی پریشان حال ہوں' میرے خاوند سعودیہ میں مقیم تھے وہیں وفات پاگئے' گھر کے حالات بہت خراب ہوگئے' بیٹوں کی محتاج ہوگئی ہوں' بڑا بیٹا' بڑی بیٹی شادی شدہ ہیں' بیٹے کو بہو نے اپنی پٹیوں پر چڑھا رکھا ہے' ہمیں اہمیت نہیں دیتا' میں دوائی سے بھی تنگ ہوگئی ہوں' قرض پر قرض چڑھتا جارہا ہے' چھوٹا بیٹا گھر کو سپورٹ کررہا ہے' بیٹی کا کہیں رشتے کا وسیلہ نہیں بن رہا' میں ہر وقت بیمار رہتی ہوں' براہ مہربانی کوئی وظیفہ بتائیے کہ میرے بیٹے مجھ سے تعلق ٹھیک رکھیں اور بیٹی کا بھی کوئی وسیلہ بن جائے۔ خدا آپ کو خوش رکھے۔ (ا، سرگودھا)

جواب: آپ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح اول وآخر تین مرتبہ درود شریف کیساتھ یَا مُمِیۡتُ یَا قَابِضُ یَا مَانِعُ یَا صَبُوۡرُ کی پڑھیں اور پڑھ کر بچے کے اوپر دم کردیں۔ اولاد کی نافرمانی سے پریشان والدین اسی وظیفے کو روزانہ اسی ترتیب سے پڑھیں۔ اگر اولاد پاس نہیں تو تصور میں بھی دم کرسکتے ہیں یا دم شدہ پانی بھی پلا سکتے ہیں۔ بیٹی کے رشتہ کیلئے بہت زیادہ آزمودہ عمل ہے۔ روزانہ ایک مرتبہ سورۂ آل عمران کی پہلی تین آیات 313 مرتبہ اول وآخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ یہ عمل اکیس دن، اکتالیس دن یا نوے دن کریں۔ ان شاء اللہ، اللہ کرم فرمائے گا۔

قرضہ بہت ہے تو کیا ہوا! یہ عمل آزمائیے

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے اور سدا آپ کا سایہ ہم پر قائم رکھے' عبقری کے سارے نظام کیلئے اللہ غیب کے خزانوں سے مدد فرمائے اور ہماری بھی اللہ تعالیٰ غیب سے مدد فرمائے۔ آمین!۔ میں بہت پریشان ہوں' مجھ پر قرض بہت زیادہ ہے' اتر نہیں رہا' اپنے اور غیروں نے ذلیل کرنا شروع کردیا ہے' بیٹیاں جوان ہیں' شادی کیلئے پیسے نہیں' کوئی ساتھ دینے کو تیار نہیں۔ جو کام کرتا ہوں ہوتے ہوتے رہ جاتا ہے' صرف پچھتاوا رہ جاتا ہے۔ خدارا مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ (ج، قصور)

جواب: فجر کی نماز کے بعد اول وآخر 21 مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں' ظہر کی نماز کے بعد اول وآخر بائیس مرتبہ درود شریف اور درمیان چاروں قل پڑھیں' عصر کی نماز کے بعد اول وآخر تیئس مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں' مغرب کی نماز کے بعد اول وآخر چوبیس مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل' عشاء کی نماز کے بعد اول وآخر درود شریف اور درمیان میں چاروں قل ایک مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل اکتالیس دن کرنا ہے۔ انشاء اللہ بہت جلد قرض کا سبب بن جاتا ہے۔ اپنے مقصد کا سخت تصور رکھ کر دعا کریں۔

پانی کا گلاس گرایا تو وہ خون تھا

میں نے 2002ء میں اپنا مکان بنایا' پہلے چھ ماہ ٹھیک گزرے' بعد میں ایک دن پانی کے کولر کے پاس گلاس پڑا تھا' اس کا پانی فرش پر پھینکا تو وہ خون تھا' اس دن کے بعد سے سب گھر والے بیمار رہنے لگے اور پریشانیاں اور ناکامیاں آنے لگیں' 2005ء میں میری چھوٹی بیٹی کا رشتہ کچھ رشتہ داروں نے مانگا' ہم نے انکار کردیا' کچھ دن کے بعد اس کے سر کے بالوں کی ایک لٹ کٹی ہوئی تھی' بال غائب تھے' اس دن کے بعد سے اسے سر درد اور معدے کی بیماری ہے۔ پڑوسی عورت کو بتایا تو وہ ایک عامل عورت کے پاس لے گئی' اس نے علاج شروع کردیا' وقتی فرق پڑتا' پیسے بھی بہت زیادہ لیتی۔ پھر اس عورت نے میری بڑی لڑکی کا رشتہ مانگ لیا' انکار کیا تو اس دن سے وہ بھی ہمارے پیچھے پڑگئی' اڑھائی سال سے اس سے تعلقات ختم ہیں' بندشیں' جادو بھیجتی ہے' رات کو خواب میں آجاتی ہے' کوئی کام نہیں ہونے دیتی۔ میری بیٹی کی نوکری نہیں لگنے دیتی' بیٹیوں کے کانوں میں جنات کی آوازیں آتی ہیں' بیٹا کی نوکری کا مسئلہ اٹکا ہوا ہے۔ (آ، راولپنڈی)

جواب: آپ تمام گھر والے صبح وشام اول وآخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ گیارہ تسبیح اسم الٰہی یَا قَهَّارُ پڑھیں۔ اس کے علاوہ سارا دن کھلا زیادہ سے زیادہ وضو بے وضو پڑھیں۔ اس کے ساتھ ہر جمعرات حسب توفیق ایک بکرا اچھا صحت مند یا ایک مرغی ذبح کرکے گوشت غرباء مساکین میں اس انداز سے تقسیم کریں' غرباء کیلئے آپ کے دل میں حقارت بالکل نہ آئے۔ صدقہ کا عمل 19,11 یا 27 دن رات کسی وقت بھی کریں اگر مرغی یا بکرا نہ کرسکیں تو حسب توفیق بڑا گوشت غریبوں کو یا چیل کوؤں کو ڈال دیں۔ عمل میں کوتاہی نہ کریں۔ گوشت چاہے اپنی چھت پر یا کہیں بھی ڈال دیں۔

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
خزلہ وزکام تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین تریاق ہے
"شفائے حیرت" چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

بالوں کی وجہ سے پریشان! یہ گر آزمالیں!

ماہواری کی بے قاعدگی کو باقاعدہ بنانے کا نسخہ

خدارا شرمناک اذیت سے نکالیں

عجب خارش! میرے مسئلے کا حل بھی بتائیے

بالوں کی وجہ سے پریشان! یہ گر آزمالیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں امید کرتی ہوں کہ آپ اللہ کریم کے فضل سے خیریت سے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز کرے اور اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ اسی طرح ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ میرے سر کے بالوں کا مسئلہ ہے' میرے سر کے بال گھنگھریالے ہیں اور گرتے بہت زیادہ ہیں اور میرے بالوں کی لمبائی صرف کندھوں تک ہے جس کی وجہ سے میں بہت بہت پریشان ہوں اور بالوں میں روکھاپن بہت زیادہ ہے' میں نے دنیا بھر کی ادویات' تیل' ٹوٹکے سب کچھ آزما کر دیکھ لیے لیکن فرق ہی نہیں پڑتا۔ مجھے کوئی ایسا نسخہ بتائیے جس سے میرے بالوں کی لمبائی میں اضافہ' بال گھنے اور چمک دار ہوجائیں' بالوں کا گرنا ختم ہوجائے۔ (جویریہ' ساہیوال)

مشورہ: بالوں کی حفاظت کیلئے ان مشوروں کو نظر انداز نہ کریں ☆ بادام کا تیل اور گھیکوار برابر مقدار میں لے کر اس میں وٹامن سی کا کیپسول کھول کر ملالیں اور اس آمیزے سے بالوں میں ہلکے ہلکے مساج کریں اور پھر چار گھنٹے تک لگا رہنے دیں اب بالوں کو دھو کر اچھی طرح خشک کرلیں۔ ☆ آدھا کلو چھلکوں والی ماش کی دال کو پانی میں بھگونے کے بعد سکھالیں۔ اب اس میں بیری کے پتے ہم وزن ملا کر پیس لیں۔ ہفتے میں دو مرتبہ اس آمیزے کو تیل میں ملا کر بالوں میں لگائیں اور دس منٹ تک مساج کریں دو گھنٹے کے بعد بال دھولیں۔ اگر آپ نے مختلف طریقے استعمال کر کے اپنے بالوں کو بہت سارے مسائل سے دوچار کردیا ہے۔ آدھا کپ نیم گرم بادام کا تیل اور آدھا کپ شہد یکجا کر کے کھوپڑی پر اس کا مساج کریں اور گرم پانی میں بھگویا ہوا تولیہ نچوڑ کر اسے سر کے گرد لپیٹ لیں۔ یہ عمل تسلسل کے ساتھ دو مرتبہ کیا جائے اس طرح گرم پانی کی بھاپ سے تیل آپ کے سر میں جذب ہوجائے گا۔ آدھے گھنٹے کے بعد شیمپو کر کے بالوں کو دھوئیں۔ کسی ایک طریقہ علاج پر کاربند رہ کر اسے کم از کم ایک ماہ تک جاری رکھیں۔

خدارا شرمناک اذیت سے نکالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو تندرستی والی لمبی زندگی عطا فرمائے اور تاقیامت آپ کی آنے والی نسلوں کو دونوں جہانوں کی بھلائیاں عطا فرمائے۔ آمین۔ میں ذہنی' اعصابی کمزوری کا شکار ہوں' پیشاب کے بعد قطرہ قطرہ پیشاب نکلتا ہے' حقوق زوجیت کا ارادہ بھی کروں تو ناکام ہوجاتا ہوں' یہ مسائل میرے لیے انتہائی ذہنی پریشانی اور ذلت آمیز اذیت کا سبب بنے ہوئے ہیں' علاج کے سلسلے میں بہت دھکے کھا چکا ہوں' اندرون و بیرون شہر بھی گیا' مگر وقت اور پیسہ ضائع کرنے کے علاوہ کچھ حاصل نہیں ہوا۔ زندگی میں سکھ' عزت اور خوشی نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ (ش، لاہور)

مشورہ: آپ کا مکمل خط میرے سامنے ہے' آپ نے اپنے گزشتہ احوال بھی لکھے کہ کس طرح آپ نے بے راہ روی کا شکار ہو کر خود کو برباد کیا۔ لہٰذا اب آپ توبہ کر چکے ہیں ان شاء اللہ رب کریم آپ کو شفاء نصیب کرے گا۔ آپ عبقری دواخانہ کا ''عروسی سہاگ کورس'' استعمال کریں۔ ان شاء اللہ چند ہفتوں میں ہی آپ خود کو بہت بہتر محسوس کریں گے۔

ماہواری کی بے قاعدگی کو باقاعدہ بنانے کا نسخہ

میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری شادی کو اڑھائی سال ہوگئے ہیں' ماہواری باقاعدہ نہیں' ٹیسٹ کروائے لیکن ڈاکٹری مسئلہ کوئی نہیں' آج کل ماہواری آئی ہے لیکن اب رک نہیں رہی' سمجھ نہیں آتی آخر وجہ کیا ہے؟ جب بھی شوہر چھٹی پر گھر آتے ہیں مجھے کوئی مسئلہ ہوجاتا ہے' بہت پریشان ہوں۔ مجھے کوئی دوائی بتائیں۔ اولاد کیلئے کوئی وظیفہ بھی بتادیں۔ (ا، کہوٹہ)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی دوا ''ہارمونز شفاء اور خاتون شفاء'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق صحت یابی تک مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ اس کے علاوہ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ وظیفہ چلتے پھرتے' اٹھتے بیٹھتے سارا دن سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔

عجب خارش! میرے مسئلے کا حل بھی بتائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کرے آپ کا سایہ دکھی لوگوں پر ہمیشہ قائم رہے' ہر طرف سے مایوس ہوکر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ سارے جسم پر خارش رہتی ہے' کھجانے سے جسم پر پانی والے دانے نکل آتی ہے' جلد سیاہ ہوگئی ہے۔ آج کل سب سے بڑی تکلیف مقعد میں خارش ہے' مقعد میں شدید خارش ہوتی ہے' اندر چبھن کا احساس ہوتا ہے' اندر سوئیاں مارنے کو دل چاہتا ہے' بیت الخلاء میں جاتا ہوں تو مقعد والی جگہ پھول جاتی ہے' بعد میں اسے انگلی سے ٹھیک کرنا پڑتا ہے' مقعد کے منہ پر ہر وقت اندر باہر جلن ہوتی رہتی ہے۔ کئی سال پہلے خونی بواسیر بھی رہ چکی ہے' بھوک پیاس بالکل نہیں لگتی' یادداشت بہت کمزور ہے۔ مجھے میرے مسئلہ کا حل بتائیے۔ (اعظم' لاہور)

مشورہ: ھوالشافی کلونجی 70 گرام، سرسوں کے بیج جن سے کڑوا تیل نکلتا ہے۔ 100 گرام، نیم کی نمولی کا اندرونی مغز 100 گرام۔ تمام اجزاء کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں اور بڑے کیپسول بھر کر ایک سے دو کیپسول دن میں تین یا چار بار پانی کے ہمراہ کھانے سے قبل استعمال کریں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی ''آگ شفاء خارش زدہ جگہ پر احتیاط سے لگائیں اور ساتھ ''خون صفاء'' لکھی گئی ترکیب سے استعمال کریں۔

میرے ہاتھ پاؤں سے آگ نکلتی ہے

میں پشاور سے ہوں' میری عمر 13 سال ہے' میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے ہاتھ پاؤں' ہتھیلیاں ہر وقت گرم رہتی ہیں' میرے جسم پر بہت زیادہ بال ہیں جو میری عمر کے لحاظ سے کافی زیادہ ہیں۔ میں نے بہت ٹھنڈی اشیاء استعمال کیں جیسے اسپغول کا چھلکا' کھیرے' تخم بالنگو مگر کوئی فرق نہ پڑا۔ (ط، پشاور)

مشورہ: آپ فوراً گرم' مصالحہ دار اور تلی ہوئی اشیاء سے پرہیز شروع کردیں۔ صبح کی نماز کے بعد گھاس پر بغیر جوتے کے چلیں اور ایسے چلیں کہ آپ کی نظریں بھی گھاس پر ہی ٹکی رہیں۔ عبقری دواخانہ کی ''ٹھنڈک پاؤڈر'' چند مہینے مستقل مزاجی سے لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کے جملہ مسائل حل ہوجائیں گے۔ بالوں کے مسائل کیلئے آپ کسی قسم کی کوئی میڈیسن استعمال نہ کریں۔ بال مردانگی کی نشانی ہوتے ہیں۔ آپ ماشاء اللہ سے جوان ہو رہے ہیں اگر بال زیادہ آرہے ہیں تو اس میں کسی قسم کی پریشانی میں مبتلا نہ ہوں۔ ان شاء اللہ وقت کے ساتھ ساتھ یہ بال آپ کو برے نہیں بلکہ اچھے لگنا شروع ہوجائیں گے۔

کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟ مشکلات جتنی بھی ہوں' الجھنیں حد سے زیادہ ہوگئی ہوں' فری بالکل فری' بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے' حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے' کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کرسکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

گلاب کی پتیوں اور ایک کلو پانی سے بے اولادی ختم

میری زندگی کیسے بدلی؟

قارئین! حضرت جی کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھایا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روز سنیں آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

میری زندگی کو بدل دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تبارک وتعالیٰ کا بہت بہت بہت فضل وکرم رحم ومحبت شفقت وعطا ہے کہ جس نے مجھ جیسے گنہگاروں کیلئے آپ جیسی شخصیات کو اپنے علم وعطا فضل وکرم سے مزین فرمایا آپ کا سایہ شفقت اس دکھی انسانیت پہ میرا اللہ تادیر سلامت رکھے آمین!۔ محترم میرے پاس نہ تو الفاظ ہیں نہ زبان ہے نہ لہجہ ہے میں کس منہ سے آپ اور اپنے رب کا شکریہ ادا فرماؤں۔ آپ کے بتائے وظائف نے ''میری زندگی کو بدل دیا''۔

میں وہی تھی جو بہت دکھی اور خودکشی پر مجبور تھی

محترم حکیم صاحب! میں وہی تھی جو خودکشی پر مجبور تھی! بہت زیادہ دکھی تھی آپ کے درس کے الفاظ عبقری تحریریں اور وظائف نے میرا تعلق رب سے جوڑ دیا حکیم صاحب آپ سچ فرماتے ہیں اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے اپنی زبان میں رب سے مانگیے اللہ تعالیٰ عطا فرمائے گا۔ بالکل سچ! حکیم صاحب بالکل سچ میری باتوں کو عبقری میں ضرور جگہ دی جائے تاکہ میری طرح کی دکھی بہنوں کی حوصلہ افزائی ہو اور وہ بھی رب سے مانگ کر میری طرح خوش ہوں۔

داستان سناؤں تو ہر قاری پھوٹ پھوٹ کر رو پڑے

میں اپنے دکھوں کی داستان سناؤں تو شاید ہر قاری پھوٹ پھوٹ کر رو پڑے مگر میں اپنا اور قارئین کا موڈ خراب نہیں کرنا چاہتی میں آپ کو اتنا بتاتی ہوں کہ میں بے اولاد تھی درد در کی خاک چھانی طعنے سنے مار سہی مگر کچھ حاصل نہ ہوا۔

محترم حکیم صاحب سے کلینک میں ملاقات کی تو آپ نے مجھے ایک وظیفہ ہر نماز کے بعد پیٹ پر ہاتھ رکھ کر یَابَارِیُٔ یَامُصَوِّرُ یَاخَالِقُ یَاحَافِظُ 70 مرتبہ سورۂ کوثر مع بسم اللہ مکمل کے ساتھ لاتعداد مرتبہ کم از کم 313 مرتبہ صبح وشام لازمی اور عشاء کی نماز کے بعد اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور سورۂ فاتحہ 121 مرتبہ آیت صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ تین مرتبہ دہرائیں۔

حمل کیلئے یہ نسخے بھی میرے بہت کام آئے

الحمدللہ! میرے اللہ کریم کو تھوڑی سی ٹوٹی پھوٹی کوشش پسند آگئی اس کے علاوہ عبقری کی سستی سی ''سچی دوا'' جو کہ صرف سو روپے کی ہے۔ حمل کیلئے دو تاریخوں میں استعمال کی کسی سہیلی نے بتایا: تاریخ کے تیسرے دن رات سوتے ہوئے پاؤ بھر دیسی گلاب کی تازہ پتیاں ایک کلو پانی میں پکائیں جب ایک کپ پانی بچے تو سوتے وقت پی لیں یہ بھی آخری تاریخ میں کیا (تین دن کرنا ہے) اور تاریخ کے بعد اپنے شوہر کو چار روز تک چھٹانک بادام چھٹانک دال ماش رات کے وقت ان دونوں کو الگ الگ بھگو کر رکھ دیں صبح کو بادام کو چھلکا اتار کر اسے باریک پیس لیں اور دال ماش بھی پیس لیں پھر ان کے اندر چھٹانک مکھن مکس کریں اس کے چار حصے کرلیں صبح نہار منہ کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے شوہر کو ایک حصہ دیا چار دن تک۔

> میں اپنے دکھوں کی داستان سناؤں تو شاید ہر قاری پھوٹ پھوٹ کر رو پڑے مگر میں اپنا اور قارئین کا موڈ خراب نہیں کرنا چاہتی میں آپ کو اتنا بتاتی ہوں کہ میں بے اولاد تھی درد در کی خاک چھانی طعنے سنے مار سہی مگر کچھ حاصل نہ ہوا۔

اولاد کیلئے! عبقری میں ایک بہن کا وظیفہ کمال کا ہے!

ایک بہن نے رسالہ عبقری میں وظیفہ بھیجا حمل نہ ٹھہرتا ہو منگنی ہوکر ٹوٹ جاتی ہو چالیس دن کا وظیفہ سورۂ بقرہ کا یعنی کوئی ایک ٹائم مقرر کرلیں پہلے گیارہ بار درود شریف پڑھنا ہے پھر ایک بار سورۂ یٰسین پڑھنی ہے پھر سورۂ بقرہ کا ایک رکوع پڑھنا ہے پھر گیارہ بار درود شریف پڑھنا ہے۔

تصوراتی دعا کے فضائل

پھر خلوص نیت سے دعا میں ایسے کرتی کہ میں تصور میں بیت اللہ کے دروازے پر کھڑی ہوں اور میں نے غلاف کعبہ پکڑ رکھا ہے اور میں روتی ہوں اور آوازیں دیتی ہوں اے لوگو! جو یہاں طواف کررہے ہو اور جو فرشتے اس زمین پر اور اوپر بیت معمور پر ہو سب گواہ بنو سب میرے ساتھ رو لو میرے اللہ سے مجھے اولاد کی نعمت لے دو یہ جگہ پوری دنیا سے عظیم ہے۔ اس لیے میں تصور میں یہاں آئی ہوں۔ مجھے اور جگہ نہیں ملی مانگنے کیلئے کیونکہ میرے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی تو غلاف کعبہ پکڑ کر ہی عمر (رضی اللہ عنہ) کو مانگتے رہے میں اپنی اولاد مانگتی ہوں نجانے کس کی آمین قبول ہوئی میں نہیں جانتی اس کریم کا معجزہ ہوگیا آج میں حمل سے ہوں۔ میں اور میرا بچہ بالکل صحت مند ہیں۔ ان شاء اللہ جب تک قارئین میری اس خوشیوں بھری تحریر پڑھیں گے اس وقت تک میرا لال میری گود میں ہوگا۔

عبقری میں نسخہ جات ووظائف لکھنے والوں کا شکریہ

ہاں یاد آیا میں نے ایک ٹوٹکہ اور بھی عبقری سے آزمایا تھا۔ یہ ٹوٹکہ میں نے تاریخ کے بعد بھی کیا کہ ایک بھائی نے لکھا تھا کہ سوڈا بائی کارب ایک پاؤ پھٹکڑی ایک پاؤ ان دونوں کو رات کو بھگو کر رکھ دیں صبح تک جوش آجائے گا پھر اس کو آگ پر خشک کریں پھر دوائی کا چوتھا حصہ کشتہ مرجان ملا کر 500 ملی گرام کا کیپسول بھریں تاریخ سے فارغ ہوکر صبح وشام ایک کیپسول پانی کے ساتھ لیں تین روز رات کو ہم بستر ہوں یہ ٹوٹکہ اور مزید ٹوٹکے اور وظائف لکھنے والوں کا بہت بہت شکریہ اللہ تعالیٰ ان سب کو اپنی رحمت میں رکھے۔ آمین!

شوگر کے مریض ہیں! مٹھائی کھانے کی تیاری کیجئے

شوگر کے مریض کے لیے: ایک دیسی انڈہ لیں ایک پیالے میں لیموں کا اتنا پانی (عرق) لیں کہ انڈہ اس میں پوری طرح ڈوب جائے۔ یہ شام کو کرنا ہے صبح کو انڈے سے چھلکا اتار کر انڈے کی زردی کو علیحدہ کرنا ہے انڈے کی سفیدی کو لیموں کے پانی کے ساتھ مکس کرلینا ہے اگر انڈے کی زردی مل جائے تو وہ پانی نہیں پینا یہ زہر ہے۔ لیموں کا پانی اور انڈے کی سفیدی کے مکس شدہ پانی کو پینا ہے الٹی آئے پیچش آئے پریشان نہ ہو۔ تین دن لگاتار کرنا ہے پھر مندرجہ بالا عمل ایک دن چھوڑ کر دوسرے دن پھر دو دن چھوڑ کر تیسرے دن اسی طرح دنوں کو ڈبل کرتے ہوئے مہینہ میں ایک انڈہ کھانا ہے ایک مہینہ چھوڑ کر دوسرے مہینے میں انڈہ استعمال کرنا ہے۔ مٹھائی کھائیں کوئی پرہیز نہیں ہے ان شاء اللہ شوگر کا مکمل علاج ہے۔ (فضل سبحان، میانوالی)

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟

معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ

اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنادیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوچکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

بہن کی دعا نے بھائی کی بگڑی سنوار دی

ایک بہن، سیالکوٹ

کاش! ویزے کی مدت پانچ سال ہوجائے

محترم قارئین! عبقری بہت ہی زبردست میگزین ہے، میں ایک سال سے اس کی قاری ہوں، اس میں شائع ہونے والے وظائف میں خود بھی کرتی ہوں اور دوسروں کو بھی بتاتی ہوں۔ میں نے جس سلسلے میں قلم اٹھایا ہے وہ دعاؤں کی قبولیت کے واقعات ہیں۔ لیجئے آپ بھی پڑھیے!

آج سے کچھ سال پہلے کی بات ہے کہ میرا بھائی جنوبی کوریا میں تھا، اس کے ویزے کی مدت 3 سال تھی، وہ اللہ کے حکم سے وہاں کافی سیٹ تھا، ہمارے گھر کے حالات بہت خراب تھے مگر اس کے وہاں جانے سے سب کچھ ٹھیک ہوگیا، وقت گزرتا رہا اس کے ویزے کی مدت بھی، وہ جب بھی فون کرتا تو مجھ سے کہتا کہ دعا کرو کہ کوریا کی حکومت ویزے میں توسیع کا اعلان کردے اور ویزے کی مدت پانچ سال ہوجائے اس کی یہی بات کہ ویزے کی مدت پانچ سال ہوجائے میرے ذہن میں بیٹھ گئی اور میں نے اس کے ویزے کی توسیع کیلئے وظائف اور دعائیں کرنا شروع کردیں۔

بہن کی دعا تھی قبول کیوں نہ ہوتی؟

اللہ تعالیٰ سے یہ ہی دعا کرتی رہی کہ یااللہ میرے بھائی کا ویزہ پانچ سال کا لگ جائے، اس دوران اس کے ویزے کی مدت ختم ہوگئی اور وہ ان لیگل طریقے سے وہاں پر رہنے لگا لیکن میرے اللہ نے تو میری دعا قبول کرلی، کیونکہ یہ ایک بہن کی دعا تھی، میں جب بھی دعا کرتی تھی تو کہتی تھی کہ یارب تجھے بہن بھائیوں کی سچی محبت کا واسطہ ان کی پاک محبت کا واسطہ، یارب تجھے حضرت بی بی زینب رضی اللہ عنہا اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی سچی اور پاکیزہ محبت کا واسطہ میرے بھائی کیلئے میری دعا قبول فرما۔ حیرت انگیز طور پر ان لیگل طریقہ سے وہ وہاں بڑی اچھی طرح کام کرتا رہا اور اسے کسی قسم کی کوئی پریشانی نہیں ہوئی، یہ بھی ہوسکتا تھا کہ میری دعا قبول نہ ہوتی تو وہ اسی طرح کئی سال وہاں پر کام کرتا رہتا لیکن یہ میری دعا کا اثر تھا کہ وہ ٹھیک پانچ سال وہاں گزار کر باعزت طریقے سے واپس آگیا جس دن وہ گھر پہنچا ٹھیک پانچ سال ہوچکے تھے۔

بھائی سعودیہ سے فون کرکے رُلا دیتا

اسی طرح ایک دوسرا واقعہ جو میرے چھوٹے بھائی کا ہے۔ جو ان دنوں سعودی عرب میں ہے، دو تین سال پہلے وہ پاکستان آیا ہوا تھا کہ حکومت سعودی عرب نے اعلان کردیا تھا کہ ہر غیر ملکی تنازل کروائے وہ جلدی جلدی واپس چلا گیا واپس جاکر اس نے ایک سعودی کمپنی میں تنازل کروالیا کمپنی کی گاڑی پر ڈرائیونگ کا کام تھا کہ روزانہ کمپنی کو 170 ریال ادا کرنا ہوتے تھے ان دنوں وہاں کے حالات بہت خراب تھے، 170 ریال پورے ہی نہیں ہوتے تھے، جب بھی فون کرتا تو رلا دیتا تھا کہ کھانے کیلئے بھی پیسے نہیں ہیں، فلاں دن سے بھوکا ہوں، ایک دن تنگ آکر اس نے کمپنی کی گاڑی وہاں چھوڑی اور خود دوڑ لگادی اور اپنے کسی دوست کے پاس رہنے لگا۔

اب تو میری لاش بھی پاکستان نہ آسکے گی

اس کے تمام کاغذات اور پاسپورٹ کمپنی کے پاس جمع تھے، کمپنی والوں نے اسے وانٹڈ کردیا، اس نے ہمیں فون کرکے بتایا کہ اگر اب مجھے کچھ ہوگیا تو میری لاش بھی پاکستان نہیں آئے گی میں بہت روئی، رو رو کر اس کیلئے دعا کرتی رہی اور یہ کہتی رہی کہ یااللہ! بڑی بہنیں بھی ماں کی طرح ہوتی ہیں میں اس کی بڑی بہن ہوں، میں تیرے آگے ہاتھ پھیلاتی ہوں مجھے خالی نہ لٹا، تجھے تیری شان کریمی کا واسطہ میرے بھائی کے کاغذات بن جائیں۔

یااللہ! میرے بھائی کی بگڑی بن جائے

پھر اس کی رحمت جوش میں آئی تو اس پروردگار عالم نے میری دعا کیلئے ''کن'' کہہ دیا کیونکہ میں کہتی تھی کہ تو قادر مطلق ہے، تو کن کہہ دے تو میرے بھائی کی بگڑی بن جائے، اس رب نے میری سن لی، کوئی امید نہیں تھی، کیونکہ اس کا کفیل اسے کہتا تھا کہ ادھر کیوں ذلیل ہورہے ہو واپس چلے جاؤ، ایک دن اس کی بات کسی دوست سے ہوئی، تو اس نے کہا کہ تم مجھے اتنے پیسے دو تو میں اپنے کفیل سے بات کرتا ہوں تو تیرا اقامہ لگ جائے گا اس نے اسے پیسے دے دیئے، اس کفیل نے اس کے بعد کفیل سے بات کی جس ہمیں امید نہیں تھی کہ اس کا پہلا کفیل اس کے کاغذات دے دے گا لیکن اس پہلے کفیل نے سارے اس کے کاغذات دے دیئے اور اب الحمدللہ اس کا اقامہ لگ گیا ہے۔ اب جب بھی فون کرتا ہے تو کہتا ہے کہ یہ آپ کی دعاؤں کا اثر ہے ورنہ یہ ہو ہی نہیں سکتا تھا۔

مولانا وحیدالدین خاں

نفرت کا تیزاب

نفرت کی مثال: مغرب کے ایک ماہر نفسیات کا قول ہے کہ نفرت کی مثال ایک قسم کے تیزاب کی سی ہے ایک عام برتن میں اس کو رکھا جائے تو وہ اپنے برتن کو اس سے زیادہ نقصان پہنچائے گا جتنا اس کو جس پر وہ تیزاب ڈالا جانے والا ہے۔ اگر آپ کو کسی کے خلاف بغض اور نفرت ہوجائے تو اور آپ اس کو نقصان پہنچانے کے درپے ہوجائیں تو جہاں تک آپ کا تعلق ہے آپ کے سینے میں تو رات دن ہر وقت نفرت کی آگ بھڑکتی رہے گی مگر دوسرے شخص پر اس کا اثر صرف اس وقت پہنچتا ہے جب کہ آپ عملاً اس کو نقصان پہنچانے میں کامیاب ہوگئے ہوں مگر ایسا بہت ہی کم ہوتا ہے کہ آدمی کسی کو وہ نقصان پہنچا سکے جو اس کو وہ پہنچانا چاہتا ہے۔ **انتقام کی آگ:** نفرت کے تحت عمل کرنے والے کا منصوبہ بیشتر حالات میں ناکام رہتا ہے۔ مگر جہاں تک نفرت کرنے والے کا تعلق ہے اس کیلئے دو میں سے ایک عذاب ہر حال میں مقدر ہے جب تک وہ اپنے انتقامی منصوبہ میں کامیاب نہیں ہوا ہے انتقام کی آگ میں جلتے رہنا اور اگر بالفرض کامیاب ہوجائے تو اس کے بعد ضمیر اس کا پیچھا کرتا ہے۔ وہ اپنے حریف کو قتل کرکے خود بھی اپنے چین کو ہمیشہ کیلئے قتل کرلیتا ہے انتقام کے جنون میں اس کا انسانی احساس دب رہتا ہے مگر جب حریف پر کامیابی کے نتیجہ میں اس کا انتقامی جوش ٹھنڈا پڑتا ہے تو اس کے بعد اس کا ضمیر جاگ اٹھتا ہے اور ساری عمر اس کو ملامت کرتا رہتا ہے کہ تم نے بہت برا کیا۔ **قتل پر پشیمان:** فوجداری کے ایک وکیل نے ایک بار راقم الحروف سے کہا کہ میرا سابقہ زیادہ تر ایسے لوگوں سے پیش آتا ہے جن پر قتل کا الزام ہوتا ہے مگر میں نے اپنی زندگی میں جتنے بھی قاتل دیکھے سب کو میں نے پایا کہ قتل کے بعد وہ اپنے قتل پر پشیمان تھے۔ وقتی جوش میں آکر انہوں نے قتل کردیا مگر جب جوش ٹھنڈا ہوا تو ان کا دل انہیں ملامت کرنے لگا یہی ہر مجرم کا حال ہے۔ کوئی مجرم اپنے کو احساس جرم سے آزاد نہیں کرپاتا۔ جرم کے بعد ہر مجرم کا سینہ ایک نفسیاتی قید خانہ بن جاتا ہے جس میں وہ مسلسل سزا بھگتا رہتا ہے حقیقت یہ ہے کہ منفی کارروائی سب سے پہلے اپنے خلاف کارروائی ہے۔ منفی کارروائی کا نقصان آدمی کی اپنی ذات کو پہنچ کر رہتا ہے خواہ وہ دوسروں کو پہنچے یا نہ پہنچے۔

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1۔ بک سٹال جہاں رسالہ نہ ہو تو سٹال کا فون یا موبائل نمبر ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

042-37552384-042-37425801-3 یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری، عالمی مرکز روحانیت وامن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

ضرور پڑھیں! پھر نہ کہیے گا شوہر نے دوسری شادی کرلی!

رجاء رحمٰن، راولپنڈی

وہ خوبیاں جن کے ذریعے گھر جنت کدہ بنتے ہیں

صفائی سلیقہ، آرائش وزیبائش خانگی زندگی کا حسن ہے، صاف ستھرا گھر، قرینے سے سجے کمرے، سلیقے سے لگا فرنیچر، صاف ستھرے بستر، چمکتا فرش، نکھرا ہوا باورچی خانہ اور صاف ستھرے مہذب اور تمیز دار بچے اور اس کے ساتھ اجلی نکھری سجی سنوری پاکیزہ سی مسکراہٹ سے مزین خاتون خانہ۔ یہ وہ خوبیاں ہیں جن کے ذریعے گھر جنت کدہ بن جاتا ہے جس میں محبت واپنائیت کے پھول کھلتے ہیں۔ خیر وبرکت کی پھوار برستی ہے۔ پیار واعتبار کی کلیاں مہکتی ہیں۔ سکون وشانتی کا اُجالا پھیلتا ہے اور ایک خاص قسم کی سکونیت دلوں کو مسخر کرلیتی ہے۔

بدن لباس کی پاکی وصفائی اور روپ سنوارنا

بدن اور لباس کی پاکی وصفائی کے ساتھ ساتھ اپنا رنگ وروپ سنوارنا، نظم وضبط کے ساتھ گھر گھرستی کا انتظام، شوہر کے دل میں اترنے کے لئے معدہ کا صحیح راستہ، ذہانت اور کفایت سے پیسے کا استعمال اگر خواتین اپنی صفات بنالیں تو محض وہ اپنے شوہروں ہی کو خوش نہیں کریں گی بلکہ خاندان اور معاشرہ بھی ان کے گھڑپن کی داد دے گا اور وہ خوشیوں بھری کامیاب زندگی کے حصول کے ساتھ اپنی عاقبت بھی سنوارلیں گی۔

اللہ ان سے محبت کرتا ہے جو پاک صاف رہتے ہیں

قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:۔ (ترجمہ) ”اللہ ان لوگوں سے محبت کرتا ہے بہت زیادہ توبہ کرتے ہیں اور ان لوگوں سے محبت کرتا ہے جو بہت پاک وصاف رہتے ہیں۔“ پیارے نبی ﷺ کا ارشاد ہے ”صفائی نصف ایمان ہے“

گندی پھوہڑ اور بدسلیقہ بیوی کا شوہر

یعنی آدھا ایمان تو یہ ہے کہ آدمی کی روح شرک کفر اور بداخلاقی سے پاک ہو اور آدھا ایمان یہ ہے کہ آدمی کو ظاہری صفائی، پاکیزگی اور سلیقہ کا اہتمام مسلمان خاتون کی امتیازی خوبی ہے ان خوبیوں سے محروم گندی پھوہڑ اور بدسلیقہ بیوی نہ اسلام کی نظر میں ایک اچھی بیوی ہے اور نہ ہمارے معاشرے کے ایک بہترین گھر کی مطلوب۔

رنگ وروپ نکھارنے کے نادر نسخے

اگر کوئی عورت ظاہری حسن وجمال سے محروم ہو تو وہ اپنی آرائش وزیبائش عادت واطوار اور سلیقہ مندی وہنرمندی سے شوہر کے لئے پیار ومحبت کا مرکز اور معاشرہ کی مفید رکن بن سکتی ہے اور پھر اپنی آرائش وزیبائش اور سلیقہ وہنری مندی کے لئے یہ بھی ضروری نہیں کہ عورت دولت مند ہو، اس کے پاس بہترین لباس، قیمتی زیورات اور سامان آرائش ہو بلکہ خدا نے جس کو جو کچھ بھی دے رکھا ہے اس کو مہارت اور حسن ذوق سے کام کیلئے اپنی ذات اور اپنے گھر کو بنانے سنوارنے میں صرف کردے کسی چیز میں بھی بے احتیاطی اور پھوہڑپن نظر نہ آئے اور فی زمانہ تو عبقری نے گھر کی سجاوٹ اور لذت کام ودہن کے ساتھ ساتھ اپنی ذات کو سنوارنے اور رنگ وروپ نکھارنے کے ایسے ایسے نادر نسخے اور خوبصورت طریقے سمجھادیئے ہیں کہ کوئی کام مشکل نہیں رہا۔

سجنا سنورنا عورت کی فطرت

اپنے آپ کو سجانا سنوارنا عورت کی فطرت ہے۔ اسلام بھی اس جذبے کو مٹاتا نہیں بلکہ اس کو اور ابھارتا ہے البتہ وہ اس جذبے کے لئے ایک مرکز بھی مہیا کرتا ہے اور عورت کو تاکید کرتا ہے کہ اس کی ساری زیب وزینت رعنائی ودلکشی صرف اپنے شوہر کے لئے ہونی چاہیے۔ مگر آج جب ہم اپنے ارگرد نظر ڈالتے ہیں تو معاملہ اس کے بالکل الٹ نظر آتا ہے۔

جن کی خوبصورتی کے چرچے تھے شادی کے بعد۔۔۔

گھر اور بچوں میں مصروف خواتین اپنی سدھ بدھ کھو بیٹھتی ہیں وہی لڑکیاں شادی سے پہلے جن کی خوبصورتی، دلکشی اور اسمارٹنیس کے چرچے عام ہوتے ہیں شادی کے بعد گھروں میں سادگی کا اشتہار بن جاتی ہیں اور سادگی بھی ایسی جس میں پرکاری نام کو نہیں ہوتی اور اپنے تئیں یہ سمجھ لیتی ہیں کہ گھر میں کیا بننا سنورنا کون دیکھ رہا ہے کہیں باہر جانا ہو تو کیل کانٹے سے لیس ہونا چاہئے اور جس کے لئے ہمارا مذہب سجنے کا حکم دیتا ہے اس کے آگے اپنی عمومی زیبائش کی طرف سے حد درجہ لاپرواہ اور بے نیاز نظر آتی ہیں۔

جان لیجئے شوہر کو آپ کی خوبصورتی لبھاتی ہے!

جس طرح خدا ہر چیز میں خوبصورتی کو پسند کرتا ہے اس طرح اس کے بندے کو بھی خوبصورتی لبھاتی ہے اس کی کشش اپنی طرف کھینچتی ہے اور ضروری نہیں کہ یہ حسن، حسن صورت ہی ہو شادی کے بعد تو عورت کا حسن اس کی ہر ادا ہر کام ہر فعل میں ہر زاویئے سے جھلکتا ہے۔

آج بیوی شوہر کے سو اسب کیلئے سجتی ہے

جسمانی خوبصورتی بگڑے چلی جاتی ہے وزن حد درجہ بڑھ جاتا ہے کپڑے تنگ ہوجاتے ہیں پرفیومز کی بوتلیں بند پڑی رہتی ہیں سامان آرائش پر گرد جمی رہتی ہے اور زیور پہن کر تو کام کرنے میں الجھن ہوتی ہے لیکن باہر نکلتے ہوئے خواتین جو بناؤ سنگھار اور سج دھج نظر آتی ہے وہ دیکھنے کے قابل ہوتی ہے حالانکہ شوہر کے سوا دوسروں کے لئے کسی بھی درجے کی لذت نظر کا سامان بننا اسلام کی نظر میں کس طرح بھی پسندیدہ فعل نہیں اس لئے ارشاد باری تعالیٰ ہے: (ترجمہ:) ”اور بناؤ سنگھار نہ دکھاتی پھرو، جس طرح پہلے جاہلیت کی جاتی تھی“۔

عورت کو موقع دو کہ وہ بناؤ سنگھار کریں

ہمارا دین عورت کے سجنے سنورنے کے فطری جذبہ کو کچھ حدود وقیود کا پابند کرتا ہے اور اس جذبے کو ایک مرکز بھی شریک حیات کی صورت میں مہیا کرتا ہے جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے صحابہؓ کو تاکید فرمائی کہ ”جب دور دراز سفر سے واپس آؤ تو اچانک گھر میں نہ چلے جایا کرو بلکہ اپنی عورتوں کو موقع دیا کرو کہ وہ بناؤ سنگھار کرکے تمہارا استقبال کیا کریں“۔ حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم جہاد کے میدان سے گھروں کو جانے لگے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ”ذرا ٹھہر کر گھروں کو جاؤ تاکہ عورتیں جن کے شوہران سے دور گئے ہوئے تھے ان کے آنے کی خبر سن کر نہادھو کر تیار ہو جائیں اور کنگھی چوٹی کرلیں“۔ ایک دن آپ ﷺ نے حضرت عائشہؓ کو چاندی کے چھلے پہنے دیکھا تو پوچھا عائشہؓ یہ کیا ہے؟ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا یا رسول اللہ ﷺ یہ میں نے اس لئے پہنے ہیں کہ آپ ﷺ کا دل خوش کروں“۔

یہ آپ کی غلط فہمی ہے کہ اب شوہر کہیں نہیں جائیگا

غرض یہ کہ شادی کے بعد خواتین یہ سمجھ لیتی ہیں کہ بس میاں ان کے کھونٹے سے بندھ گئے ہیں اب رسی تڑا کر کدھر جائیں گے میں جس طرح بھی رہوں ان کو ہر حال میں اچھی لگتی ہوں وہ تو مجھ سے سجنے سنورنے کو کبھی نہیں کہتے وہ اپنی غلط فہمی فوراً دور کرلیں کہ وقت آنے پر یہ کھونٹا بڑا کمزور ثابت ہوتا ہے اور یہ طے ہے کہ ہر شوہر اپنی بیوی کو ہمیشہ سجا سنورا ہی دیکھنا پسند کرتا ہے خواہ وہ کتنا ہی سیدھا کیوں نہ ہو اور خواہ وہ منہ سے کچھ کہتا بھی نہ ہو۔ (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

خاص الخاص عمل کے بعد
جادو شکن تیل
کالا جادو، جنات، نظر بد، سفلی عمل، بدروحوں کے برے اثرات، لاعلاج بیماریاں، گھریلو جھگڑے، اولاد کی نافرمانی، مسلسل ناکامیاں، دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں جادو شکن تیل کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت 60 روپے)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

بوڑھی ہوتی خواتین کیلئے جلد کو جوان رکھنے کا فارمولہ

جلد کی اوپر والی حفاظتی تہہ کے اندر موجود نمی پر اس کی شگفتگی کا دارومدار ہوتا ہے لیکن یہ عمر کے ساتھ ساتھ باریک ہوتی جاتی ہے اور نتیجتاً خشک اور بے رونق نظر آنے لگتی ہے۔ اس لئے زیادہ سے زیادہ پانی پئیں، پکی پکائی اور ڈبوں میں بند خوراک، چینی اور اس سے بنی ہوئی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

ڈھلکتی لٹکتی جلد اور ہماری عمر

ہر عورت یہی چاہتی ہے کہ اس کی جلد ہمیشہ جواں اور شاداب دکھائی دے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ آپ کی 30 ویں سالگرہ تک جلد پر بڑھاپے کے آثار نمودار ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔ تاہم یہ عمل ایک دم نہیں بلکہ آہستگی کے ساتھ وقوع پذیر ہوتا ہے اور اس کا انحصار بڑی حد تک آپ کی عادات اور طرزِ زندگی پر ہے۔ یعنی کسی کی جلد پر یہ آثار جلدی اور کسی کی جلد پر دیر سے نمودار ہوتے ہیں۔ یہ درست ہے کہ کچھ عوامل ایسے ہیں جن پر ہمارا اختیار نہیں، مثلاً ایسٹروجن لیول کا کم ہونا جس کے باعث جلد ڈھیلی پڑ جاتی ہے لیکن بہت سے بیرونی اثرات ایسے ہیں جو اس عمل کو تیز تر بنا دیتے ہیں۔ لہٰذا درست طریقے سے جلد کی دیکھ بھال اور حفاظت خاصی کارگر ثابت ہوتی ہے۔ سو جب بھی اپنی جلد پر کوئی شکن یا عمر کی لکیر نمودار ہوتی دیکھیں تو فوراً ہوشیار ہو جائیں۔ کیونکہ آپ کو جب بھی اپنی اسکن کا خیال آجائے تب دیر آئد درست آئد کے مصداق اسکی حفاظت اور دیکھ بھال کا آغاز کر دیں۔

آنکھوں کی بیرونی جلد لٹک رہی ہو تو یہ چیز کھانا کم کر دیں

آنکھوں کے اردگرد کی جلد جسے "آئی ایریا" کہا جاتا ہے، بہت زیادہ نازک اور حساس ہوتی ہے۔ اس لئے عمر کے ساتھ ساتھ یہاں زیادہ جھریاں اور لکیریں بنتی ہیں۔ خصوصاً آنکھوں کے بیرونی گوشوں پر لکیروں کا ایک جال سا بن جاتا ہے جسے "crow feet" کہتے ہیں۔ یہ ہنستے وقت زیادہ نمایاں ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ آنکھوں کے نیچے کی جلد ڈھیلی ہو کر لٹک جاتی ہے، جس سے آنکھیں سوجی ہوئی سی نظر آتی ہیں۔ ان علامات کو حتی الامکان کم کرنے کے لیے کھانے میں نمک کی مقدار کم کر دیں اور زیادہ نمک والی چیزوں سے اجتناب کریں۔

پرسکون رہیں جوان رہیں

اس کے بجائے ہر طرح کی بیریز کو اسنیک کے طور پر کھائیں کیونکہ یہ جلد کو شاداب رکھنے والے مادے کولاجن کی پیداوار بڑھاتی ہیں۔ آپ کی جذباتی کیفیت بھی آپ کی جلد پر اثر انداز ہوتی ہے، لہٰذا ذہن پر غیر ضروری بوجھ نہ رکھیں اور پرسکون رہیں۔ اس کے علاوہ نیند کی کمی بھی جلد پر اپنے اثرات چھوڑتی ہے، سو کم از کم آٹھ گھنٹے سوئیں۔ آئی ایریا کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ڈرماٹولوجسٹ کے مشورے سے کوئی آئی ماسک اور آئی موئسچرائزر بھی ضرور استعمال کریں۔

جلد کو ہمیشہ جوان رکھنے کیلئے یہ چیزیں لازماً کھائیں

جلد کی حفاظت کے لیے جس طرح اس کے اوپر لگائی جانے والی چیزوں کے بارے میں محتاط رہتی ہیں۔ اسی طرح ان چیزوں کے سلسلے میں بھی احتیاط برتیں جنہیں آپ حلق سے نیچے اُتارتی ہیں کیونکہ کھانے پینے کے اثرات براہ راست آپ کی جلد پر نظر آتے ہیں۔ لہٰذا اسکن کیئر پروڈکٹس ضرور استعمال کریں لیکن متوازن غذا بھی کھائیں۔ وٹامن ڈی، اومیگا 3 اور اومیگا 6 فیٹی ایسڈز جلد کی نمی برقرار رکھنے اور اسے جواں رکھنے کے بہترین قدرتی ذرائع ہیں جو اولیو آئل، مچھلی، السی کے بیج اور مچھلی کے تیل میں پائے جاتے ہیں۔ لہٰذا انہیں اپنی خوراک میں شامل رکھیں۔ اس کے علاوہ اسٹرابیری، ٹماٹر، کافی اور پنیر بھی جلد پر نمودار ہونے والے بڑھاپے کے اثرات کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔

ڈبوں میں بند اشیاء سے بچیں! یہ بوڑھا کرتی ہیں

جلد کی اوپر والی حفاظتی تہہ کے اندر موجود نمی پر اس کی شگفتگی کا دارومدار ہوتا ہے لیکن یہ عمر کے ساتھ ساتھ باریک ہوتی جاتی ہے اور نتیجتاً خشک اور بے رونق نظر آنے لگتی ہے۔ اس لئے زیادہ سے زیادہ پانی پئیں، پکی پکائی اور ڈبوں میں بند خوراک، چینی اور اس سے بنی ہوئی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔ کیونکہ ان چیزوں میں شامل کیمیکلز جلد کے لئے مضر ثابت ہوتے ہیں۔

دھوپ میں نکلیں تو یہ چیز لازمی لگائیں ورنہ!!!

اس بات سے تو آپ واقف ہوں گی کہ دھوپ کی الٹراوائلٹ شعاعیں جلد کو سخت نقصان پہنچاتی ہیں۔ یہی شعاعیں جلد کی تازگی ختم کر کے بڑھاپے کے عمل کو تیز تر کر دیتی ہیں لیکن یہ بہرحال ممکن نہیں کہ آپ دن بھر باہر ہی نہ نکلیں۔ لہٰذا سن بلاک کو اپنی ڈھال بنائیں اور دھوپ کے وقت باہر جانے سے پہلے ایک کھانے کے چمچ کے برابر مقدار میں سن بلاک اچھی طرح اپنے چہرے، گردن، کانوں اور ہاتھوں پر لگائیں۔ پوری آستینوں والی قمیض پہنیں، سر اور پیشانی کو دوپٹے یا اسکارف سے ڈھانپ لیں۔ تیز دھوپ کے وقت دھوپ کا چشمہ بھی لگائیں اور سائے میں چلیں۔ اگر ممکن ہو تو صبح دس بجے سے شام چار بجے تک باہر جانے سے گریز کریں۔ جوگنگ یا چہل قدمی کے لئے پارک جاتی ہیں تو اس کے لیے علی الصبح کا وقت مقرر کریں۔ لیکن دن کے وقت گھر پر رہنے کی صورت میں بھی سن بلاک استعمال کریں تاکہ جلد کی بھرپور حفاظت ممکن ہو سکے۔ میک اپ پروڈکٹس بھی ایسی استعمال کریں جس میں SPF یعنی سورج کی مضر شعاعوں سے تحفظ دینے کی خصوصیات موجود ہوں۔

اسکن کو فریش اور سدا جوان رکھنے کیلئے ضرور پڑھیں!

جلد کی تازگی و شادابی برقرار رکھنے اور بڑھاپے کے عمل کو سست تر بنانے کے لیے بہت سی دوائیں بھی موجود ہیں۔ لہٰذا اگر ضروری ہو تو اپنے ڈاکٹر کے مشورے سے ایسی دوائیں استعمال کر سکتی ہیں۔ لیکن انہیں استعمال کرتے ہوئے اپنے ڈاکٹر کی دی ہوئی ہدایات پر پوری طرح عمل کریں۔ رات کو اپنا میک اپ ضرور اتاریں اور چہرے کو اچھی طرح دھو کر موئسچرائزر لگائیں تاکہ جلد کی تازگی اور نمی قائم رہے۔ اسکن زیادہ خراب ہونے کی صورت میں کسی ایکسپرٹ کے مشورے سے Skin regenerate کا سمیٹکس بھی استعمال کی جا سکتی ہیں اور اب تو Peeling اور لیزر کے ذریعے بھی جلد کی ری سرفیسنگ کر کے اسے ہمراہ اور جواں بنایا جاتا ہے۔ تاہم اس سلسلے میں کسی مستند ماہر سے ہی رجوع کریں ورنہ آفٹر ایفکٹس کی صورت میں آپ کی جلد کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس لئے بہتر یہی ہے کہ اپنی خوراک کا خیال رکھیں اور باقاعدگی کے ساتھ فیشل ضرور کروائیں۔

یقین جانیے! 25 منٹ میں بالکل فٹ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پیٹ میں مروڑ، گیس کیلئے میں نے خود آزمایا' یقین جانیے میں صرف 25 منٹ میں بالکل فٹ تھا۔ نسخہ یہ ہے ہوا شافی: چٹکی بھر ہلدی اور چٹکی بھر نمک آپس میں مکس کر لیں اور پانی کے ساتھ نگل لیں۔ بہت ہی مجرب اور کارآمد ٹوٹکہ ہے۔ پیٹ میں مروڑ اٹھ رہے ہوں' فوری اثر کرتا ہے۔ (محمد عارف تبسم' مظفر آباد)

قوتی گولیاں خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
بے طاقتی' بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا نوکھا سمندر
قوتی قوت و شباب کا بے بہا خزانہ
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
خواتین ہوں یا مردان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ALHOORKHAN-PESHAWAR

پاکیزہ جذبات

صحت مند جوانی اور تندرست بڑھاپا خیالات کی مرہون منت ہے

محمد اقبال حسین، کراچی

جو چیز ہمیں بوڑھا کرتی ہے وہ عمر نہیں!

جیسے جیسے وقت گزرتا جاتا ہے، ہماری عمر میں بھی اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ بچپن سے لڑکپن، لڑکپن سے جوانی اور جوانی سے آگے بڑھاپے کا دور شروع ہوجاتا ہے اور اس امر کا متقاضی ہوتا ہے کہ نظام جسمانی میں تحلیل اور گھساؤ کا عمل کم سے کم واقع ہو تاکہ ہماری قوتیں زیادہ سے زیادہ مدت تک محفوظ اور قائم رہ سکیں۔ ہم عمر کی مدت کو ''سالگرہوں'' کی اصطلاح میں شمار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ ہماری چالیسویں سالگرہ آگئی اور یہ ہماری ساٹھویں سالگرہ آگئی، حالانکہ اگر بہ نظر غائر دیکھا جائے تو جو چیز ہمیں بوڑھا کرنے والی ہے وہ برسوں کا اضافہ نہیں ہے بلکہ ہماری بری عادات اور رذیل و ادنا خصلتیں ہیں جو ہمارے جسم و دماغ کو بوڑھا کردیتی ہیں۔ ہم میں سے بہت سے ایسے ہیں جو بڑھاپے کے سامنے ہتھیار ڈال دیتے ہیں اور اس سے بچنے اور محفوظ رہنے کی کوشش نہیں کرتے۔ بالکل اسی طرح جیسے کوئی دریا میں گر کر پانی کے بہاؤ کے ساتھ بہتا چلا جائے اور یہ محسوس تک نہ کرے کہ خدا نے اسے تیرنے کی قوت بھی عطا کی ہے۔ وہ کوشش کرتا تو معمولی سی جدوجہد سے وہ پانی کے دھارے کے ساتھ بہنے کے بجائے اس میں سے تیر کر نکل سکتا تھا۔

یہ سوچنا تو بے وقوفی کی بات ہوگی

اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم اپنی کوششوں سے جوانی کو ایک غیر معین مدت تک قائم رکھ سکتے ہیں۔ یہ سوچنا تو بے وقوفی کی بات ہوگی۔ جو کچھ ہم کرسکتے ہیں وہ تو بس اتنا ہی ہے کہ کچھ برسوں کے لیے بڑھاپے کو مؤخر کردیں اور اپنے آپ کو بہت سے تکلیف دہ عوارض سے بچالیں اور یہ بھی کچھ کم نہیں ہے۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ بہت سے لوگ ابھی پنشن کی عمر کو پہنچے بھی نہیں کہ وجع القلب، قروح معدہ وامعا (معدہ اور آنتوں کا زخم) اور اسی طرح کے دوسرے عوارض میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔ وہ اپنے ذہن و دماغ اور نظام جسمانی پر اتنا بار ڈال لیتے ہیں کہ بیمار پڑجاتے ہیں حالانکہ معمولی سی کوشش سے وہ اس بار سے خود کو بچا سکتے تھے۔ بعض لوگ حسد، کینہ اور تخریب پسندی کا شکار ہوجاتے ہیں اور جل جل کر اپنے آپ کو گھن لگا لیتے ہیں۔ ہماری روز مرہ زندگی سے اس کی بے شمار مثالیں مل جائیں گی۔

دولت جمع کرنے کی دھن، کچھ نہیں چھوڑتی

بعض صاحبان حرص و لالچ میں مبتلا ہوکر بے تحاشا پیسہ جمع کرنے کی دھن میں لگ جاتے ہیں تاکہ وہ جب قبر میں پہنچیں تو امیر ترین آدمی کہلائیں۔ دولت جمع کرنے کی دھن ان کی زندگی کی مدت کو اس حد تک کم کردیتی ہے کہ اپنی جمع شدہ دولت کو استعمال کرنے کی بھی نوبت نہیں آتی۔ اسی طرح خوف آدمی کے قلب و اعصاب کو نہایت کمزور کردیتا ہے۔ جدید تحقیقات اور تجربات کی رو سے آج یہ امر ایک ثابت شدہ حقیقت ہے کہ جسم اور دماغ ایک ناقابل تقسیم وحدت ہے۔ ہمارا دماغ ہمارے جذبات کا مرکز ہے اور ان جذبات کا اثر ہمارے نظام جسمانی پر برابر پڑتا رہتا ہے۔

ذرا غیض و غضب کا دورہ خود پر پڑنے دیجئے

ذرا کبر و غرور کو اپنے اوپر مسلط ہونے کا موقع دے دیجئے پھر دیکھیے کہ اعصاب میں کس درجہ تناؤ پیدا ہوجاتا ہے۔ ذرا غیض و غضب کا دورہ اپنے اوپر پڑنے دیجئے پھر دیکھئے کہ یہ کس طرح آپ کے دوران خون میں حدت پیدا کرتا اور قلب کو متاثر کرتا ہے۔

ذرا لالچ و حرص کو اپنے اوپر قبضہ کرنے دیجئے

ذرا لالچ اور حرص کو اپنے اوپر قبضہ کرنے دیجئے پھر دیکھئے کہ یہ کس طرح آپ کو گھن کی طرح کھا جائے گا اور خرابی جگر کے باعث آپ کے چہرے پر زردی کھنڈ جائے گی۔

نفرت و حسد آپ کے جسم کو کسی کام کا نہیں چھوڑتا

ذرا نفرت و حسد کو اپنے دل میں موجزن ہونے دیجئے پھر دیکھیے کہ یہ کس طرح آپ کے خون کے دباؤ کو بڑھا دیتا ہے اور جسمانی اعتبار سے کسی کام کا نہیں چھوڑتا۔

اچھے جذبات و خیالات ہمارے جسم کیلئے ایندھن

جب حقیقت حال یہ ہے تو میں نہ سمجھتا کہ جسمانی صحت کا کوئی تصور اپنے ذہن کو غلط قسم کے جذبات و تصورات سے پاک کیے بغیر آپ کرسکتے ہیں۔ اچھے جذبات و تصورات درحقیقت ہمارے جسم کے انجن کے لیے ایک صحیح قسم کے ایندھن کا کام کرتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہماری بیماریوں کے اسباب میں ہماری ذیل خصلتیں اور ہمارے کردار کی مذموم صفات کو بہت بڑا دخل ہے اور اگر طبیب یا ڈاکٹر ہماری ان پوشیدہ خرابیوں کا جائزہ نہیں لے سکتے تو کم سے کم ہم خود اس اہم نکتے کو سمجھ کر پیدائش امراض کے اس نفسیاتی پہلو سے کسی طرح بھی صرف نظر نہ کریں اور اپنی ان پوشیدہ اور چھپی ہوئی خرابیوں اور مصائب کو دور کرنے کی فکر کریں۔

سمندر میں برف کا بڑے سے بڑا تودہ بھی بہت چھوٹا سا نظر آتا ہے۔ اب اگر کوئی جہاز اس برف کے تودے کا جو تھوڑا سا حصہ باہر نظر آرہا ہے اس کو دیکھ کر سمجھ لے کہ یہ میرے جہاز کو نقصان نہیں پہنچا سکتا اور اس کے اس تین چوتھائی حصے کا کوئی نوٹس نہ لے جو پانی کے اندر چھپا ہوا ہے تو وہ اپنے جہاز کو شدید خطرے میں مبتلا کردے گا۔ اسی مثال پر آپ اپنی ذہنی کیفیات اور اونا خصائل و جذبات کو قیاس کرلیجئے جو دماغ کے اندر چھپے ہوئے ہیں اور نظر نہیں آتے۔

آئیے! ناخوشگوار واقعات اور تلخ تجربات کو بھلا دیں

ہمارے دماغ کے اندر ذاتی تجربات و مشاہدات کا ایک بہت بڑا ذخیرہ ہوتا ہے۔ ہم کوشش کرتے ہیں کہ ناخوشگوار واقعات اور تلخ تجربات کو بھلا دیں، لیکن وہ ہمارے تحت الشعور میں رہتے ہیں اور ان کا اثر ہمارے نظام جسمانی پر پڑتا ہے۔

اپنے سے زیادہ مصیبت زدہ لوگوں کو دیکھیں

بعض لوگوں کی یہ عادت کہ وہ پرانی تلخیوں کو کرید کرید کر سامنے لاتے ہیں اور خوب کڑھتے ہیں۔ یہ بات نہایت تکلیف دہ اور ضرر رساں دیکھے گئے۔ چنانچہ انہیں چاہیے کہ وہ ہمیشہ اپنے سے زیادہ تکلیف اور مصیبت میں مبتلا لوگوں کو دیکھیں اور اپنے برے اور خراب دنوں کو یاد کرنے کے بجائے ایسے ہزاروں لوگوں پر نگاہ رکھیں جو اپاہج، مفلوج، نابینا اور پاگل ہوگئے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں کہ اس نے انہیں بہت سی تکالیف و شکایات سے بالکل محفوظ رکھا ہے۔ ایسے ذہن کے پیدا کرنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ بڑی حد تک بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔

لوگوں کی امداد و اعانت کی طرف متوجہ ہوں!

ایسے لوگوں کو دوسرا مشورہ یہ ہے کہ وہ اپنے معاملات کی طرف متوجہ ہونے کے بجائے ان (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

آنکھ شفاء موسمی وبائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے
آشوب چشم، موتیا بند، دھندلا پن، سوزش چشم، ضعف چشم، آنکھیں درد کرتی ہوں، صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں، آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں، آنکھوں میں دھندلا، غبار یا جالا ہو، آنکھوں میں خارش ہو، نظر دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہو، آنکھوں کی پلکیں ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 70 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

بدنظری ایک نشہ! جسے لگا برباد ہوا بچنے کے اعمال

یہ ایسا نشہ ہے جو انسان کی ساری روحانیت کو جڑ سے ختم کر کے دل کو سیاہ کر دیتا ہے' انسان کو نیکی سے نفرت اور گناہ سے محبت شروع ہو جاتی ہے۔ انسان مسجد سے بھاگتا اور بازار میں خوش رہتا ہے۔ میں آج قارئین کیلئے اس نشہ سے چھٹکارا کیلئے چند وظائف لکھ رہا ہوں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج کل ایک گناہ جس کو شاید اب گناہ ہی نہیں سمجھا جاتا وہ بدنظری ہے۔ بدنظری میری نظر میں گناہ نہیں بلکہ ایک نشہ ہے۔ یہ نشہ جس کو ہو جائے وہ نہ چاہتے ہوئے بھی اس سے لطف اندوز ضرور ہوتا ہے' لاکھ خود کو منع کرے' لاکھ سر جھکائے مگر جب تک یہ گناہ بے لذت نہ کر لے اس کو سکون میسر نہیں ہوتا۔ یہ ایسا نشہ ہے جو انسان کی ساری روحانیت کو جڑ سے ختم کر کے دل کو سیاہ کر دیتا ہے' انسان کو نیکی سے نفرت اور گناہ سے محبت شروع ہو جاتی ہے۔ انسان مسجد سے بھاگتا اور بازار میں خوش رہتا ہے۔ میں آج قارئین کیلئے اس نشہ سے چھٹکارا کیلئے چند وظائف لکھ رہا ہوں یقیناً قارئین اس سے مستفید ہوں گے۔

دل کو نورانی بنانے اور نظر بد سے بچانے کا عمل

☆ رات کو سوتے وقت دل پر ہاتھ رکھ کر گیارہ بار یَا بَاعِثُ یَا نُوْرُ پڑھیں۔ اللہ کریم دل کو نورانی فرمائیں گے۔ اس کی رحمت سے مرتے وقت کلمہ نصیب ہوگا اللہ کریم کشف کی اعلیٰ کیفیات عطا فرمائیں گے۔ اعمال کی لذت اور برکت سے نوازیں گے۔

دوران نماز نظروں کی حفاظت کا عمل

☆ نماز کے دوران نظروں کی حفاظت نماز کے باہر نظروں کو حیا کا سرمہ عطا فرمائے گی ان شاء اللہ۔

طاق اعداد میں پڑھیں! نظروں میں حیاء آئیگی

☆ سورۂ اعراف کی آیت نمبر 187 عصر کے بعد ایک ہی سانس میں طاق اعداد میں پڑھنے سے اللہ کریم نظر کا حیاء عطا فرمائیں گے۔ خیالات کو پاکیزگی عطا فرمائیں گے۔

لَا یُجَلِّیْهَا لِوَقْتِهَاۤ اِلَّا هُوَ (الاعراف 187)

شیطانی چالوں سے بچنے کیلئے

☆ ٹی وی، کمپیوٹر، موبائل جیسی تمام آلات کو استعمال کرتے وقت اگر گیارہ بار یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ پڑھا جائے اور دعا کی جائے کہ اللہ کریم یہ شیطان کی چالیں ہیں مگر تو یوسف علیہ السلام والا ہی رب ہے مجھے ان چالوں سے بچا۔

یہ دعا بکثرت پڑھیں

☆ اس دعا کو خود بھی بکثرت پڑھیں اور بچوں پر بھی دم کریں۔ اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ النِّسَآءِ وَحِبَالَ الشَّيْطٰنِ یَا اللّٰهُ یَا خَالِقُ یَا نُوْرُ۔ اَللّٰهُ خَالِقُ النُّوْرِ

دل اور آنکھوں کی نورانیت کیلئے

☆ جو شخص کھانے کے دوران سات بار یَا رَحْمٰنُ پڑھ لے اللہ پاک اس کے دل اور آنکھوں کو انشاء اللہ نورانیت عطا فرمائیں گے۔ اللہ کریم پوری امت کو علت، ذلت اور قلت سے پناہ عطا فرمائیں (آمین) (ق ش' گجرات)

غلطی تیری ہے!

ملک عدنان' لاہور

کسی طالب علم کو ان کے استاد نے یہ یقین دلا رکھا تھا کہ دنیا میں سب سے زیادہ بیش قیمت چیز علم دین ہے اور اس کا ایک ایک مسئلہ ہزاروں لاکھوں روپوں سے زیادہ قیمتی ہے۔ ایک دن اس طالب علم کو اپنا ٹوٹا ہوا جوتا بنوانے کی ضرورت پڑی' وہ چمار (موچی) کے پاس گیا' جب مزدوری کی بات چیت ہوئی تو اس طالب علم نے کہا کہ میں تجھ کو دین کا ایک مسئلہ بتلا دوں گا' اس نے پہلے تو مذاق سمجھا لیکن جب اسے اندازہ ہوا کہ یہ مذاق نہیں کر رہا ہے تو اس نے اپنی دکان سے اٹھا دیا کہ جاؤ اپنی راہ لو۔ وہ اپنے استاد کے پاس آیا اور کہا کہ آپ تو کہتے تھے کہ دین کا ایک مسئلہ ہزاروں لاکھوں سے زیادہ قیمت کا ہوتا ہے' موچی تو اس کے بدلے جوتا گھانٹنے پر بھی تیار نہ ہوا۔ اُن بزرگ نے (جو اس شہر کے مشہور شیخ مرجع خلائق تھے) طالب علم کو ایک ہیرا دیا اور اس سے کہا کہ ترکاری بازار میں جا کر اس کی قیمت لگواؤ۔ وہ پہلے ایک بیروالی (عورت) کے پاس گیا اور اس سے پوچھا کہ یہ پتھر تُو کتنے میں لے گی؟ اس نے کہا کہ یہ میرے کس کام کا ہے' چھٹانک بھر کا بھی نہیں کہ چھٹنکی بنا لوں۔ خیر اگر تُو دیوے ہی ہے تو پانچ بیر اس کے بدلے میں تجھے دے دوں گی' میرا بچہ اس سے کھیل لیا کرے گا۔ اس کے بعد ایک دوسری بیروالی سے انہوں نے بات کی' اس نے بھی یہی کہا کہ یہ میرے کسی کام کا نہیں ہے۔ یہ اپنے استاد کے پاس آئے اور بتلایا کہ وہاں تو اس کو بیکار بتلایا گیا' اور ایک بیروالی مشکل سے پانچ بیروں کے بدلے لینے پر تیار ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اب اس کو لے کر جوہری بازار جاؤ اور وہاں جوہریوں سے قیمت لگواؤ' مگر دینا کسی کو نہیں' یہ گئے اور ایک جوہری کی دکان پر جا کر انہوں نے وہ ہیرا دکھایا دکاندار نے اس طالب علم کی صورت دیکھ کر پہلے اس کو چور دیکھا لیکن جب یہ معلوم ہوا کہ فلاں بزرگ کا بھیجا ہوا ہے تو کہا کہ یہ ہیرا ہم نہیں خرید سکتے اس کو تو کوئی بادشاہ ہی خرید سکتا ہے۔ انہوں نے آ کر اپنے استاد کو یہ خبر دی۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح بیری والی اس ہیرے کی قیمت کو نہیں جانتی تھی اور اس لیے وہ ایک پیسہ میں بھی اس کو لینے کے لیے تیار نہیں ہوئی' اسی طرح وہ چمار بھی نہیں جانتا تھا کہ دین کے مسئلہ کی کیا قیمت ہوتی ہے' غلطی تمہاری ہے کہ تم نے ناقدردان کو قدردان سمجھ لیا۔

بواسیر' گیس' جوڑوں کا درد ختم کرنا چاہتے ہیں صرف آدھا چمچ کھالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں دو سال پہلے عبقری سے منسلک ہوئی۔ میرے پاس دو عدد نسخہ جات ہیں جو میں عبقری قارئین کیلئے پیش کرتی ہوں۔ خونی و بادی بواسیر' گیس' جوڑوں کا درد ختم: ھوالشافی: کلونجی کے بیج دو سو گرام' السی کے بیج دو سو گرام' میتھی دانہ چار سو گرام۔ ان کو سب کو موٹا موٹا سا گرائنڈ کر لیں اور آدھا ٹی اسپون کھانے کے بعد کھالیں۔ خواتین کی ماہانہ تکالیف میں بھی بے حد مفید ہے۔ چند دن، چند ہفتے مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ مذکورہ امراض میں یقینی شفاء ہے۔

پانچ چیزیں کوٹ کر ڈبے میں بند رکھیں' گیس' بدہضمی' معدہ کی تکلیف اور قبض دور

ھوالشافی: ترپھلا پاؤڈر دو سو گرام' زیرہ پاؤڈر دو سو گرام' کالا نمک سو گرام (بلڈ پریشر کے مریض نہ ڈالیں)' لیموں پاؤڈر دو سو گرام' سونف پاؤڈر چار سو گرام۔ سب چھان کر ملا کر کسی ہوا بند ڈبے میں محفوظ رکھ لیں' آدھا ٹی اسپون ہر کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھالیں۔ درج بالا چار بیماریوں میں مؤثر اور آزمودہ ہے۔ ضرور بنائیں اور استعمال کریں۔ (عالیہ اسد' اسلام آباد)

خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو' جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے بُرے اثرات' لاعلاج بیماریاں' گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا ایسے حالات میں "جادو شکن پانی" کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید کو دلاتا ہے۔

جادو شکن پانی

قیمت صرف 60 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

محمد شاکر عطاری' حیدر آباد۔ فضل حسین صدیقی' ہری پور۔ سیدہ افشین نظیر' ڈی جی خان۔ عظمیٰ لاہور۔ کلثوم اختر' وہاڑی۔ اللہ دتہ' روجھالی۔ ربیعہ منیر' شیخوپورہ۔ ممتاز حسین' صوابی۔ زاہدہ عمر فاروق' میاں چنوں۔ اورنگ شیر' مردان۔ محمد رفیق' شاہیانوالہ۔ غلام رضا' چکوال۔ تسلیم اسلام' واہ کینٹ۔ ثریا یاسمین۔ رشید احمد چیئرمین' سمندری حال مقیم لاہور۔ عروج ظہیر بابر' لاہور۔ عبدالمعیز' راولپنڈی۔ مہربان حسین' کراچی۔ سلمیٰ عنایت' ہری پور۔ مشل حنیف' راولپنڈی۔ عبداللہ' تحصیل برنالہ۔ محمد فاروق' سرگودھا۔ ثریا یاسمین' کراچی۔ ثمرینہ نواز' راولپنڈی۔ فضا بتول' خیر پور میرس۔ نبیلہ محمود' اسلام آباد۔ سجاد حسین' شاہ نکڑر۔ آمنہ مریم' کراچی۔ نسیم اختر' سمندری۔ رفعت آرا' لیاقت پور۔ حنا سعید' دینہ۔ فاطمہ ثریا' کراچی۔ روبینہ' پنجہ گرائیں۔ عنبرین اقبال' ملتان۔ جمیل خان' کراچی۔ محمد فاروق' احمد پور شرقیہ۔ ریحانہ شاہین' ساہیوال۔ محمد زاہد اشرف' لیہ۔ خنسہ سعید' ٹیکسلا۔ مریم خاور' ایبٹ آباد۔ مسرت رشید' پاکپتن۔ جمیلہ بیگم' چک بیلی خان۔ صوفیہ ثمینہ' گوجرانوالہ۔ شہناز بیگم' گاؤں ہڑی۔ محمد اجمل' ملتان۔ سلطان محمد حافظ' لاہور۔ عرفان حیدر' چکوال۔ رفعت رشید' لاہور۔ نائب یاسمین' چکوال۔ نوید احمد' دندہ شاہ بلاول۔ رضوانہ زبیر' دندا شاہ بلاول۔ مائرہ علی' سرگودھا۔ ام فرح اور شمائلہ چکوال۔ تنویر حسین' آزاد کشمیر ملک علی رضا سیالکوٹ۔ حکیم محمد امین مغل' گوجرانوالہ۔ شاہدہ رزاق' مظفر گڑھ۔ بلال خان' کولائی۔ ضمیر الدین حیدر آباد۔ صائمہ عمر' مظفر گڑھ۔ الماس فاطمہ' کراچی۔ غزالہ تنویر' منگلا۔ سید اسد حسین' کراچی۔ عبدالستار' تلہ گنگ۔ جمشید علی' نوشہرہ کینٹ۔ طاہر احمد شہزاد' ہری پور۔ عبدالخالق بنکانی' لاہور۔ شہناز' گجرات۔ عبدالشکور' پشاور۔ انیلا' کراچی۔ سعید الرحمٰن' ایبٹ آباد۔ یاسمین روشن' کراچی۔ نصرت بیگم' کوہاٹ۔ محمد رمضان' سرگودھا۔ محمد طارق فہیم' لودھراں۔ مہر النساء' کراچی۔ ناہید اختر' راولپنڈی۔ پروین اختر' گجرات۔ روبینہ کراچی۔ عمر مسعود' سرگودھا۔ محمد فراز حسن' میانوالی۔ نویدہ پروین رحیم یار خان۔ عبدالستار' واہ کینٹ۔ فوزیہ' کراچی۔ فرحان صفدر' چکوال۔ روبینہ ندیم اقبال' لاہور۔ عمار ندیم' لاہور۔ محمد عبدالرحمٰن' راولپنڈی۔ رسول بی بی' چیچہ وطنی۔ طارق محمود علوی' چک نمبر 3/4۔ اشتیال محمود' اسلام آباد۔ نجیب خان' کوئٹہ۔ عرفانہ بانو' کراچی۔ جمیلہ بی بی' لاہور۔ حافظ نعیم احمد' کوئٹہ۔ فرح ناز' کراچی۔ ناہید اختر' فیصل آباد۔ غلام خدیجہ' لاہور۔ حنا سعید' عثمان سعید' لاہور۔ شگفتہ لیاقت' پتوکی۔ عزیز احمد' ملتان۔ بلال احمد' مانسہرہ۔ جوہرہ احسان' فیصل آباد۔ مختار احمد' کراچی۔ محمد ہارون باؤ' لودھراں۔ سہیل خالق' لاہور۔ حفصہ جمیل' جام پور۔ بینش ارم' مردان۔ رخسانہ' کراچی۔ عائشہ صدیقہ' راولپنڈی۔ قدسیہ منیر' سرگودھا۔ سلمیٰ جمیل' لودھراں۔ بشیر احمد شاہ' واہ کینٹ۔ شہباز خان' راولپنڈی۔ گلشن نورین' تلہ گنگ۔ محمد اشفاق خان' راولاکوٹ۔ نوید رشید' مانسہرہ۔ سیدہ عنبر گیلانی' کاہنہ نو۔ ثمینہ یاسمین' چکوال۔ فریدہ بی بی' لاہور۔ اورنگ زیب' ایبٹ آباد۔ افتخار احمد خان' نوشہرہ۔ محمد مبشر عقیل' کراچی۔ خلیل حیدر' فیصل آباد۔ محمد داؤد خوشاب۔ محمد یاسین لاہور۔ شکیلہ فردوس' شکر گڑھ۔ نائلہ شہزادی' ٹیکسلا۔ ثاقب عرفان' خان گڑھ۔ عبیرہ ظفر' ملتان۔ جمیلہ' کراچی۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ پر پہنچے تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو نا وضو' پاک ناپاک۔ رمضان المبارک میں کم از کم سوا لاکھ پڑھیں۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

صائمہ ایوب' مریدکے۔ رقیہ بلال' کہروڑ پکا۔ جنید طارق' عارف والا۔ امیہ جمیل' کہروڑ لعل عیسن۔ محمد فاروق کھوکھر' گاؤں علی پور۔ سنبل لاہور' نویدہ کوثر گوجر خان۔ آسیہ قادر' ملتان۔ سہیل خالق' لاہور۔ مہر فاطمہ' کوٹ رادھا کشن۔ محمد عنان' خان پور۔ فرید الرحمٰن' لکی مروت۔ محمد نسیم حسن قریشی' لاہور۔ نصرت بیگم' آزاد کشمیر باغ۔ سلطان اکبر خان' میانوالی۔ شعیب' اٹک۔ یاسمین' مردان۔ فرزانہ شاہین' لاہور۔ نزہت جاوید' راولپنڈی۔ محمد محسن علی' محمد احسن علی' سمندری 448 گ۔ آصفہ' لاہور۔ مریم' لاہور۔ کبریا یاسمین' وہاڑی۔ سلیم اقبال' کراچی۔ عبدالرحمٰن' گاؤں دنیاک۔ سیماب یونس' فیصل آباد۔ محمد صادق ڈار' سرگودھا۔ نعیم احمد' اسلام آباد۔ مہرین اجمل' کوہاٹ۔ حسین حیدر' کراچی۔ عائشہ رزاق' کہروڑ پکا۔ شازیہ' ارم' لاہور۔ حافظ محمد بلال زبیر' لاہور۔ محمد آصف' فیصل آباد۔ محمد جمیل' اسلام آباد۔ محفوظ اختر' فیصل آباد۔ سلیم دلاور' لاہور۔ ح۔ ب' پنوں عاقل۔ محمد اسلم' بھکر۔ بشیر احمد میر' کراچی۔ ارشاد احمد خان' فیصل آباد۔ سید محسن احمد' کراچی۔ شمسہ ارم' سوئے آصل لاہور۔ نسیم اختر' تلہ گنگ۔ زرش حبیب' الہ آباد۔ فردوس کوثر' فیصل آباد۔ عروسہ زوہیب' لاہور۔ عائشہ ادریس' شیخوپورہ۔ مقصود اختر' شیخوپورہ۔ فرزانہ اقبال' ڈھوک لاہم۔ طلعت اقبال' کراچی۔ شوکت علی' شاہدرہ لاہور۔ نورین' علی پور۔ محمد صادق' ایبٹ آباد۔ شاہدہ' گکھڑ۔ کاشف حسین' کوٹ ادو۔ آصف اقبال' آزاد کشمیر۔ کوثر' لیہ۔ احسان احمد شاہ' شیخوپورہ۔ راجہ عبدالقدوس' سریا گاؤں۔ س، لاہور۔ آصف نور' جہلم۔ انیلا ارم' شکر گڑھ۔ انعم' ٹیکسلا۔ محمد ثوبان ارشد' خان گڑھ۔ محمد اقبال' کمالیہ۔ شازیہ صنم' جوکالیاں۔ شمشاد' وہاڑی۔ مسز غریب' ہری پور۔ تقدس خانم' کراچی۔ سائرہ ناز' کراچی۔ رجاسب علی' چکوال۔ عائشہ' ہڑپہ۔ ثمرین قمر' کراچی۔ عظمیٰ مشتاق' اٹک شہر۔ مجیداں بیگم' لاہور۔ راشدہ' مٹوٹلی۔ عائشہ' کوہاٹ۔ زبیدہ' ملکوال۔ امتیاز احمد' کوہاٹ۔ رابعہ' شجاع آباد۔ محمد یحییٰ سجاد' گاؤں جھنی سیداں۔ فرزانہ کوثر' سوہاوہ۔ رضوانہ ترین' ملتان۔ زاہدہ پروین' بھیرہ۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

صرف لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو نا وضو' پاک ناپاک۔ رمضان المبارک میں کم از کم سوا لاکھ پڑھیں۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم
برص پھلبہری کورس
برص' خارش' چنبل' ایگزیمیا' کوڑھ' جزام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج
قیمت 500 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

روبینہ، ٹورانٹو

قسط نمبر 32

کیڑے، سنڈی، کھٹمل اور خارش کا یقینی خاتمہ!

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

بیڈ نے زندگی سب سے بڑی مشکل کھڑی کردی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ٹورانٹو میں رہتی ہوں۔ میں عبقری کے بہترین وظیفے کے بارے میں بتایا چاہتی ہوں۔ عبقری سے میں متعارف مرزا فاروق صاحب کی وجہ سے ہوئی۔ مرزا صاحب یہاں ٹورانٹو میں بہت سے مجبور اور دکھی لوگوں کی مدد کیلئے ہر وقت تیار رہتے ہیں ان ہی کی کوششوں سے ہمیں ہمارا دنیا کا سب سے پیارا رسالہ ہر ماہ باقاعدگی سے مل جاتا ہے جس کا ہم شکریہ ادا نہیں کرسکتے۔ عبقری کے وظائف سے مجھے بہت مدد ملی، بہت سی مشکلات حل ہوئی۔ لیکن جس مشکل کا میں اب ذکر کرنا چاہتی ہوں زندگی میں کبھی اتنی پریشانی نہیں اٹھانی پڑی۔

ہمسائے کی دریادلی ہمیں لے ڈوبی

ہوا یوں کہ ایک دن میں گھر سے باہر نکلی تو ہمارے ہمسائے نے ایک اپنا بیڈ جو کہ خوبصورت تھا سائز میں بھی چھوٹا تھا کہ آسانی سے گھر میں مہمانوں کے لئے کام آسکتا تھا گھر سے باہر رکھا ہوا تھا۔ مجھے دیکھ کر مخاطب ہوئے: یہ پلنگ میں نے باہر رکھا ہے آپ چاہیں تو استعمال کرلیں اور پھر خود ہی زبردستی اٹھوا کر ہمارے گھر میں رکھ دیا۔

پھر ہماری کھٹملوں سے جنگ شروع ہوگئی!

مجھے پتہ نہیں تھا اس میں کھٹمل ہیں، وہ کمرے میں پھیل گئے اور کاٹنا شروع کردیا ہسپتال بھاگی کبھی ڈاکٹروں کے پیچھے کبھی دوائیاں اس طرح میرے کئی سو ڈالر خرچ ہوگئے مسئلہ حل نہ ہوا۔ فاروق مرزا سے بات کی بیڈ گھر سے باہر پھینکا انہوں نے مجھے سورۃ الماعون صبح شام 7 مرتبہ پڑھنے کو بتایا گیارہ دفعہ آیۃ الکرسی اور ایک تسبیح یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کی پڑھنے کو بتائی تمام گھر صاف کروا کر باقاعدگی سے پڑھائی کی تو اللہ تعالیٰ کے فضل کرم سے تمام کیڑے مرگئے اور گھر میں سکون آگیا۔ پڑھائی ابھی تک جاری ہے۔ یہی عمل لان (فصل) میں موجود سنڈی، کیڑے، مکوڑوں اور چوہوں کیلئے بھی بہت ہی تیر بہدف ہے۔

خارش! جو فائدہ اس ٹوٹکہ نے دیا کسی نے نہ دیا

ایک اور نسخہ جو کہ بہترین ہے خارش جب ہو تو ویزلین، نمک، لیموں تمام برابر برابر مکس کرکے بوتل میں رکھ لیں جس وقت خارش ہو فوراً استعمال کی اور آرام آگیا ایسا فائدہ مہنگی سے مہنگی دوائی نے نہیں دیا جو یہ سستے سے نسخہ نے دیا۔ میں تو آپ سب کو دعائیں دیتی ہوں کہ مشکل وقت میں آپ لوگوں کے دکھ دور میں کام آتے ہیں۔

چالیس سال میں اتنی پریشانی کبھی نہیں دیکھی

میرا تو دل گھر جانے کو نہیں چاہتا تھا ایسا محسوس ہوتا تھا کہ دنیا ختم ہوگئی ہے کیونکہ 40 سال میں اتنی پریشانی کبھی نہیں دیکھی جتنی کہ ان کھٹملوں نے دی، ساری رات لائٹ جلا کر رکھتی تھی کہ کہیں کوئی کیڑا کاٹ نہ لے۔ اللہ کے کلام نے مجھے اتنی بڑی پریشانی سے نجات دلائی۔ سورۃ ماعون کا تو کیا کہنا۔ ہمیں اللہ تعالیٰ ہر آزمائش سے بچائے۔

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور موٹا تازہ صحت مند، سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت -/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں، فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو، یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

عبقری حویلی یقین شرط!

قسط:5

مراد ضرور ملے گی

(صوفی احسن خادم حویلی)

پچھلے دنوں درس کے بعد ایک صاحب ملے کہنے لگے: میں نے سنا حویلی میں ایام بیض کے روزے رکھنے ہوتے ہیں میں نے سوچا کہ چلو تین دن پہلے سے ہی چھٹی کی ترتیب بنالیتا ہوں میں تین دن چھٹی کی ترتیب بنا کر چل پڑا وہاں جب پہنچا تو میرے دل میں خیال آیا کہ مجھے جو ایام بیض کے عمل کرنے ہیں اگر میں یکسوئی سے کروں گا تو واقعی میرے کام بن جائیں گے، مشکلات ٹل جائیں گی، ناکامیاں دور ہوجائیں گی۔ دراصل میرے اوپر کچھ ایسے حالات ہیں، مشکلات ہیں کہ قرضوں میں ڈوبا ہوا، دکھوں کا مارا ہوا، غموں سے ہارا ہوا، ساری دنیا چھوڑ گئی اگر کسی کو اپنے غم بتاؤں تو کوئی یقین نہ کرے کہ میرے غم کتنے غم ہیں، میرے دکھ کتنے دکھ ہیں، میرے مسائل بہت زیادہ ہیں، مشکلات دکھوں کی وجہ سے معاشرے سے کٹ چکا ہوں، اپنے بھی مجھ سے دور ہوگئے اور پرائے تو ویسے ہی دور تھے، بہت سے لوگ میرا مال اور پیسہ کھا گئے جن سے میں نے لینا تھا وہ دینا چھوڑ گئے جنہوں نے مجھ سے لینا انہوں نے میرے گھر کی چوکھٹ کو تکیہ اور سرہانہ بنالیا، بس یہی تنگیاں، تکالیف، مشکلات اور پریشانیاں تھیں جو مجھے عبقری حویلی کی طرف کھینچ کر لے آئیں، کچھ لوگوں نے مجھے ویسے ہی بتایا کہ وہ بھی گئے تھے ان کے بھی مسائل حل ہوئے ان کی بھی مشکلات دور ہوئیں، ان کے بھی دکھ ٹل گئے، کسی نے بیماری کا بتایا، کسی نے تکلیف کا بتایا، کسی نے قرض اور تنگدستی کا بتایا الغرض ساری باتیں سنتا سناتا، ڈھونڈتا ڈھونڈاتا وہاں پہنچا اپنے کامل یقین اور سچے اعتقاد کے ساتھ وہاں تین دن گزارے، ساری رات سورۃ فاتحہ پڑھی اور گڑگڑا کر پڑھی اور دن کو روزہ رکھا اور قرآن پاک کی تلاوت یقین کے ساتھ کی۔ واپس آیا مجھے اب تک جتنے ملے تھے کوئی ایسا نہیں ملا جس نے کہا میرا کام نہ بنا، کوئی ایک بار گیا، کوئی دو بار گیا کوئی چند بار گیا لیکن سب ہی بامراد لوٹے اور کوئی بھی بے مراد نہیں لوٹا، سب کو مراد ملی سب کے مسائل حل ہوئے اور سب کی پریشانیاں دور ہوئیں اور سب کی مشکلات حل ہوئیں۔ میں بھی اپنی ان پریشانیوں کے لیے گیا تھا یقین جانیے کہ مجھے وہ ملا جو نہ میں نے کبھی سوچا تھا اور نہ کبھی گمان کیا تھا اور نہ کبھی خیال کیا تھا۔ عزت، دولت، رزق، صحت اور بیماریوں اور تکالیف سے نجات الغرض میں تو رنگا رنگا یا دہاں سے واپس آیا ہوں اگر کسی کو شک ہے تو وہ بھی جا کر دیکھے اور اسے پتہ چلے گا کہ یہاں سے کیا ملتا ہے اور یہاں کتنی مرادیں ملتی ہیں کتنی مشکلات حل ہوتی ہیں اور کتنی پریشانیاں دور ہوتی ہیں اور کتنے نقصانات ختم ہوتے ہیں۔ میری زندگی کا اب تک یہی تجربہ ہے اور میں سب کو یہی کہوں گا کہ اگر کبھی بھی آپ کو مشکلات گھیر لیں، ناکامیاں، پریشانیاں، دکھ ختم ہوجائیں حالات اور تنگی ہر طرف سے آپ کے اوپر چھاؤں کرجائیں تو بس پھر گھر نہ بیٹھیں پھر عبقری حویلی کا رخ کریں یقین شرط ہے مراد ضرور ملے گی۔

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک — جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا انوابی نسخہ — زرغوانی نقرائی
ایسی نعمت جو وجود کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنا دیتی ہے
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج — شوگر کے مریض مایوس کیوں؟
قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر مؤثر — قیمت صرف 2200 روپے
بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید — شاہی ٹانک
بادشاہ، نواب، روسا، اور امراء کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOORKHANPESHAWAR

80 سالہ بزرگ کا دمہ ٹھیک اور صحت لاجواب ہو گئی!

دمہ کا مریض ہے آپ جس راستہ سے آئے ہو واپسی اسی راستے پر کلاں چوک عین سڑک پر میرے بڑے بھائی کا گھر ہے اسے دیکھتے جانا اگر آپ میں سے کوئی دم وغیرہ کرتا ہے تو ضرور کرتے جانا شاید میرا بھائی ٹھیک ہو جائے۔

کھاوی بوٹی (پروسیاوشاں) سے دمہ کا علاج

آج سے تقریباً دس سال پہلے بندہ ناچیز دریائے چناب (ملتان) موضع حماد پور دریا کے کنارے آموں کے باغ میں چند دوستوں کے ساتھ آم کھانے کی دعوت پر گیا۔ محفل میں ہم سبھی دوست قاری، حافظ، عالم تھے۔ باغ کے اندر موجود (راکھی) جو کہ آم کے باغ کا رکھوالی ہوتا ہے، چوکیدار ہوتا ہے نے کہا آپ ماشاء اللہ سب لوگ حافظ، قاری، عالم ہو میرا ایک بڑا بھائی ہے اس کی عمر 80 سال کے لگ بھگ ہے۔ دمہ کا مریض ہے آپ جس راستہ سے آئے ہو واپسی اسی راستے پر کلاں چوک عین سڑک پر میرے بڑے بھائی کا گھر ہے اسے دیکھتے جانا اگر آپ میں سے کوئی دم وغیرہ کرتا ہے تو ضرور کرتے جانا شاید میرا بھائی ٹھیک ہو جائے۔ ہم نے حامی بھر لی کہ ان شاء اللہ ضرور واپسی پر جاتے ہوئے دم کریں گے اور آپ کے بڑے بھائی 80 سالہ بزرگ کی زیارت کر کے ہی جائیں گے۔

80 سالہ بزرگ کی زیارت

حسب وعدہ واپسی پر ہم بزرگ کے گھر پہنچے ان کی عیادت کی زیارت کی ماشاء اللہ شکل وصورت سے دین دار لگ رہے تھے۔ 80 سال کی عمر میں ان کی آنکھیں ٹھیک کام کر رہی تھیں، دانت بھی ٹھیک تھے مگر 2 سال سے دمہ کی وجہ سے صحت خراب ہو گئی تھی ویسے عام طور پر آج کل بڑھاپے میں انسان کو کوئی نہ کوئی بیماری ضرور لگ جاتی ہے۔ ہم کچھ دیر بابا جی کے پاس بیٹھے اور اجازت لے کر گھر کی راہ لی۔

باباجی کا دمہ حیران کن طور پر ختم ہو چکا

گزشتہ دنوں بازار میں اچانک باباجی سے ملاقات ہو گئی۔ باباجی بالکل ٹھیک اکثر دمہ کے مریض جو کہ اتنی زیادہ عمر کے ہوں دمہ کی حالت ہی میں وفات پا جاتے ہیں مگر جسے اللہ شفاء دے قادر ہے کسی کی دعا یا دوا سے اللہ پاک بعض اوقات انسان کو شفا دے دیتے ہیں۔ میں نے باباجی سے پوچھا! بابا جی آپ کا دمہ کیسے ختم ہوا؟ کہاں سے دمہ کا علاج کروایا ہے۔

بابا جی نے کہا! ایک دن کوئی بندہ مجھے سفر کے دوران بس میں ملا اس نے کھاوی بوٹی (طب میں اس کا نام پروسیاوشاں ہے جو کہ ہر پنساری کی دکان سے عام مل جاتا ہے۔) کا بتایا تازی مل جائے بہتر ورنہ پنساری سے لے لیں، ویسے دیہات میں ٹیلوں پر عام مل جاتی ہے اس کی جڑ میں بہت خوشبو ہوتی ہے اسے لے کر اس کو کاٹ لیں جیسا کہ مشین کے ساتھ گھاس کاٹتے ہیں، روزانہ آدھا کلو کھاوی اسی طرح کاٹ کر ایک یا ڈیڑھ کلو تازہ پانی میں ڈال کر بیر کی خشک لکڑی سے آگ جلائیں۔ جس برتن میں کھاوی (پروسیاوشاں) اور پانی ہو اس برتن کو آگ پر رکھ لیں جب پانی ایک پاؤ یا آدھا پاؤ بچ جائے نمک حسب ضرورت ملا کر پی لیں۔ میں نے روزانہ یہ عمل کیا ایک ماہ کے بعد دمہ بالکل جاتا رہا۔ اللہ کے فضل سے آج میں بالکل ٹھیک ہوں۔ یہ کھاوی ٹیلوں اور جنگلوں میں ہوتی ہے گرمیوں کے موسم میں جب خوب بارشیں ہوتی ہیں تب یہ زمین پر سرسبز اُگتی ہے سردیوں میں خشک ہو جاتی ہے۔

بوٹی ہزار دانی سے پتھری کا علاج

باباجی نے کہا قاری صاحب اس اللہ والے آدمی نے پتھری کے لیے بھی ایک نسخہ بتایا ہے۔ ایک بوٹی ہے جس کا نام ہزار دانی ہے جو کہ گرمیوں میں ٹیلوں، کپاس کی فصل یا گندم کی فصل کے کٹائی کے موسم میں زمین پر اُگتی ہے 100 گرام ہزار دانی کا گھوٹا بنا کر باریک کپڑے سے چھان کر پئیں مسلسل بلا ناغہ پینے سے ہمہ قسمی پتھری پیشاب کے ذریعہ سے نکل جائے گی۔ (قاری محمد صادق، مظفر گڑھ)

مٹھی بھر پتے توڑیں، رگڑیں، پئیں اور گرمی ختم

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! شدید گرمی کا موسم چل رہا ہے تو میرے پاس گرمی سے نجات کا ایک انتہائی سادہ اور بالکل مفت ٹوٹکہ ہے۔ اس کے استعمال سے جسم سے گرمی بالکل ختم ہو جاتی ہے اور انسان شدید گرمی میں بھی بالکل نارمل اور مطمئن رہتا ہے۔ میں یہ ٹوٹکہ قارئین کی نذر کرتا ہوں۔ قارئین! اگر آپ کو گرمی زیادہ محسوس ہوتی ہے، پیشاب زرد یا جل کر آتا ہے، ہاتھوں یا پاؤں کے تلوؤں سے آگ نکلتی ہے یا آپ مرد ہیں اور آپ کو گرمی کی وجہ سے احتلام، جریان، سرعت انزال کی شکایت ہے تو گھبرائیے مت، ہمارا آزمودہ ٹوٹکہ آزمائیے۔ ھوالشافی: عام ملنے والے درخت شیشم جسے پنجاب میں ٹاہلی کہا جاتا ہے کے شام کے وقت نرم نرم مٹھی بھر پتے لیکر پانی سے دھولیں، دھونے کے بعد کسی مٹی یا شیشے کے برتن میں حسب ضرورت پانی ڈال کر پتے اس میں بھگو دیں، رات بھر شبنم (کھلے آسمان تلے) پڑا رہنے دیں، صبح ہاتھ دھو کر پتوں کو پانی میں خوب مسلیں یہاں تک کہ پتے ریزہ ریزہ ہو جائیں اور پانی کا رنگ سبز ہو جائے پھر پن چھان کر شکر یا مصری یا حسب مزاج شہد ملا کر نہار منہ پی لیں۔ کچھ دن آپ کے ہاتھوں اور پاؤں سے خوب گرمی نکلے گی پھر ٹھنڈ پڑ جائے گی۔

فارمولہ انتہائی ٹھنڈا ہے احتیاط سے استعمال کیجئے

سردیوں میں شہد ملانا ضروری ہے گرمی میں شکر یا مصری وغیرہ ملائی جا سکتی ہے، شوگر کے مریض صرف شہد ملا کر پئیں، علامات ختم ہونے پر استعمال ترک کر دیں۔ ہفتہ دس دن کا استعمال کافی ہے، زیادہ استعمال کریں گے تو سرد اور بلغمی مزاج والوں کو نقصان کا خدشہ ہے، کیوں کہ فارمولہ نہایت ہی ٹھنڈا ہے۔ (ملک افتخار ثقلین، موڑ ایمن آباد)

10 روپے دیتی ہوں کام ہو جاتا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رب کریم سے دعا ہے کہ وہ آپ کو صحت تندرستی والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ آمین! آپ کو اسی طرح لوگوں کے لیے کار خیر کا ذریعہ بنائے رکھے۔ آمین!۔ عرصہ 5 سے 6 سال سے رسالہ عبقری پڑھ رہی ہوں۔ اس میں بتائے گئے ٹوٹکے اور وظائف استعمال کیے۔ الحمدللہ! بہت زود اثر پائے، تسبیح خانہ میں جانے سے جو سرور عبادت میں ملتا ہے اس کے تو کیا ہی کہنے۔ میں ہیپاٹائٹس کی آٹھ سال سے مریضہ ہوں۔ پہلے ہر وقت پیٹ میں تکلیف رہتی تھی، ادویات کھا کھا کر تنگ آ چکی تھی، صرف 30 روپے کی اسم اعظم کی دم روحانی پھکی نے وہ کر دکھایا جو مہنگی مہنگی ادویات، ٹیکے اور کیپسول نہ کر سکے۔ بس اب یہ اسم اعظم کی دم شدہ روحانی پھکی کھاتی ہوں بالکل فٹ رہتی ہوں۔ عبقری میگزین میں درج تھا کہ روزانہ رات کو 10 روپے اپنے اوپر سے صدقہ کریں اور صبح فقیر کو دے دیں، اس عمل کے کرنے سے مجھے بہت سی تکالیف سے نجات ملی۔ یہ میرا روزانہ کا معمول ہے۔ (کلثوم بیگم، راولپنڈی)

ناک شفاء
دائمی نزلہ، الرجی، چھینکیں، ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے
نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری
بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا
مزاج تبدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا
قیمت -/100 روپے
الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

الائچی! بیماریوں کی خوشبو اور راحت بھری معالج

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی چنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

آپ ہر وقت الائچی پاس کیوں رکھتے ہیں؟

میرے ایک جاننے والے مخلص ہیں' میں جب بھی ان سے ملاقات کرتا ہوں ابھی دور سے ہی مسکراتے ہیں' جیب میں ہاتھ ڈالتے ہیں ایک سبز چھوٹی الائچی چمکتی' دمکتی میری ہتھیلی پر رکھ کر خوب جی بھر کر مصافحہ اور معانقہ کرتے ہیں اور بعض اوقات تو ایسا کرتے ہیں کہ الائچی نکالتے ہیں اور کہتے ہیں کہ منہ کھولو اور منہ میں الائچی ڈال دیتے ہیں' خوش ہوتے ہیں' اعلیٰ درجہ کے مہمان نواز' مخلص' ملن سار' مرنجاں مرنج ہیں۔ ان کی ساری صفات بہت اچھی لیکن یہ صفت کہ وہ الائچی ہر آنے والے کو ضرور کھلاتے ہیں اور ان کی جیب میں الائچی لازم موجود ہوتی ہے۔ ایک بار میں نے ان سے سوال کیا کہ آپ ہر وقت اپنے پاس الائچی کیوں رکھتے ہیں؟

سگریٹ نوشی سے منہ کا کینسر

کہنے لگے: ہوا یہ کہ میں مصر گیا اور قاہرہ ایئرپورٹ پر بیٹھا ہوا تھا' ایک ہوٹل مینجمنٹ سے ہمارا پیکیج طے تھا کہ انہوں نے مجھے لینے آنا تھا اور ٹیکسی آنے میں دیر ہوئی' میرے ساتھ ایک مصری آکر بیٹھا اور بیٹھتے ہی اس نے مجھے چھوٹی الائچی دی' مسکرایا' سلام کیا' ہاتھ ملایا اور بہت خوش ہوا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ آپ نے مجھے چھوٹی الائچی کیوں دی؟ تو اس نے مجھے اپنی مصری عربی میں بہت اعتماد سے بتایا چھوٹی الائچی منہ کو خوشبودار رکھتی ہے' مسوڑھوں کی بیماری قریب نہیں آنے دیتی جس کے منہ میں چھوٹی الائچی ہوتی ہے' اس کے دانتوں میں اگر خون آتا ہو' مسوڑھے گل گئے ہوں' منہ میں پرانے چھالے ہوں اور زخم ہوں' وہ ختم ہو جاتے ہیں حتیٰ کہ کہنے لگے: مجھے سگریٹ نوشی کی وجہ سے ایک دفعہ ڈاکٹر نے بُری خبر سنائی کہ تیرے منہ کے اندر کینسر کی علامات پیدا ہو رہی ہیں' فوراً سگریٹ چھوڑ دو اور زبان کا کچھ حصہ سرجری سے کٹوا دو میں خوفزدہ ہو گیا۔

میں خود کو صحت مند محسوس کرنے لگا

میں نے سگریٹ فوراً چھوڑ دیا نا معلوم مجھے دل میں کیا خیال آیا میں نے بہترین الائچیاں لیں اور وہ فوقاً فوقاً دن میں منہ میں ڈالتا' چوستا چباتا رہتا کچھ ہی ماہ میں نے یہ عمل کیا' مجھے منہ میں تکلیف کا احساس ختم ہو گیا اور میں یہ تک بھول گیا کہ مجھے کوئی تکلیف ہے بلکہ میں اپنے آپ کو سو فیصد صحت مند محسوس کرنے لگا۔

منہ کا کینسر ختم' کہاں سے علاج کروایا

ایک دفعہ راہ گزرتے ہوئے میں اس ڈاکٹر کے پاس پھر چلا گیا اس نے چیک کیا اور چیک کرتے ہی حیرت سے مجھے دیکھ کر خاموش بیٹھا' پھر بولا: میری گزشتہ تشخیص کے مطابق آپ کے منہ میں کینسر کی جڑیں پیدا ہو چکی تھیں اور کینسر کے اثرات بڑھ رہے تھے لیکن اس وقت نہ کوئی کینسر ہے اور نہ کینسر کی علامات ہیں' آپ نے کہاں سے علاج کروایا اور کیسے علاج کیا۔ مجھے فوراً اس کی بات سمجھ آ گئی اور میرا دل سو فیصد چھوٹی الائچی کی طرف متوجہ اور منتقل ہو گیا۔ میں نے اس سے کہا کہ میں چند ماہ سے مسلسل چھوٹی الائچی استعمال کر رہا ہوں' بس جیب میں رکھتا ہوں اور چھوٹی الائچی چوستا رہتا ہوں' چباتا رہتا ہوں' اس نے میری بات سنی ان سنی کر دی۔

آپ تو سائنس دان نکلے

فوراً اپنے کمپیوٹر کی طرف متوجہ ہوا اور کچھ دیر کمپیوٹر پر جھکا' کچھ دیکھتا رہا' اس کے بعد اس نے میری طرف دیکھا اور مسکراتی نظروں سے بولا: آپ تو سائنس دان نکلے' یہ ٹوٹکہ آپ نے کیسے ڈھونڈ نکالا۔ میں نے پوچھا مثلاً کیسے؟ کہنے لگا: میں نے فوراً انٹرنیٹ کا سہارا لیا اور الائچی پر جو اس وقت دنیا میں جتنی بھی ریسرچ ہوئی تھی ہر تحقیق پر سرسری نظر ڈالتے ڈالتے آگے چلتا گیا' ایک جگہ میں جا کر رک گیا لکھا ہوا ہے کہ الائچی منہ کے کینسر کا علاج' ناک اور زبان کے کینسر کا علاج ہے۔ الائچی دماغ کو روشن' نظر کو تیز یادداشت کو مضبوط کرتی ہے اور الائچی استعمال کرنے والا فرد کبھی ڈھلتا اور بوڑھا نہیں ہوتا۔

نسلوں میں بیٹے زیادہ چاہتے ہیں الائچی کھائیے

وہ ڈاکٹر بول رہا تھا اور میں حیرت سے اس کو تک رہا تھا اور کہنے لگا: مزید اس کے فوائد یہ ہیں کہ جو شخص الائچی استعمال کرے گا اس کی نسلوں میں بیٹے زیادہ ہونگے اور اس کو معدہ اور بواسیر کی بیماری سے ہمیشہ حفاظت رہے گی' وہ مصری بول رہا تھا اور میں سن رہا تھا۔ الائچی ساری عمر دیکھی اور الائچی کو ساری عمر قریب سے پرکھا لیکن اس انداز سے الائچی کو دیکھنا میرے لیے ایک حیرت کی بات تھی۔ بس میں انتظار میں تھا شاید وہ مصری بھی کسی کے انتظار میں تھا۔

بس اب ہر وقت منہ میں الائچی رکھتا ہوں

یہ تھوڑی سی بات ہوئی میری گاڑی مجھے لینے آ گئی میں نے ان کا شکریہ ادا کیا' چل دیا اس دن کے بعد میں ہر وقت منہ میں الائچی رکھتا ہوں پھر خیال آیا جس چیز کو اپنے لیے پسند کرتا ہوں کسی دوسرے کے لیے کیوں نہ پسند کروں' لہٰذا میں نے اسے دوسروں کیلئے پسند کرنا بھی شروع کر دیا اور جب سے میں نے لوگوں کو الائچی دینا شروع کی ہے میرے دوست بڑھ گئے اور لوگ اس کے فوائد بہت بتا رہے ہیں ایک صاحب کو دائمی نزلہ اور کیرا تھا کہنے لگے میرا دائمی نزلہ ختم ہو گیا۔ ایک صاحب اپنی یادداشت بالکل کھو چکے تھے وہ سارا دن منہ میں الائچی رکھ کر اپنے کام کاج کرتے رہتے تھے اب عالم یہ ہے کہ انہیں بچپن کی بھولی ہوئی باتیں بھی یاد آ رہی ہیں اور وہ خود کہتے ہیں الائچی نے مجھے نئی زندگی دی' نئی صحت دی' نئی تندرستی دی اور میں الائچی استعمال کر کے ایک نہایت کامل اور صحت مند زندگی گزار رہا ہوں۔

الائچی سے صحت مند زندگی کا انوکھا راز

قارئین! یہ واقعہ جو میں نے آپ کو ابھی سنایا یہ صرف ایک نہیں ہماری طب میں اور سائنس کی دنیا میں الائچی کے کمالات اور الائچی کی تاثیر بہت زیادہ ہے اور الائچی سے صحت و زندگی کا انوکھا راز ملتا ہے۔ ہم کبھی بھی تنہا الائچی استعمال نہیں کر رہے بنیادی طور پر الائچی ایک بہت بڑی طاقت' قوت' وٹامن اے سے زیڈ تک کا خزانہ ہے۔ لاعلاج بیماریوں کیلئے مستقل علاج ہے۔

ہر لاعلاج مریض کیلئے ایک پڑیا سفوف الائچی

یہ اس دور کی بات ہے جب ہم کالج پڑھتے تھے ہمارے ایک پروفیسر صرف چھوٹی الائچی کی اتنی باریک پسائی کرتے کہ ململ کے باریک کپڑے سے نکالتے اور آدھے چنے کے برابر اس کی پڑیا ہر لاعلاج مریض کو دیتے تھے۔ ان کے تجربہ کے مطابق ہمیشہ چھلکا سمیت الائچی پیستا ہوں اور ہر لاعلاج مریض کو یہی پڑیا دیتا ہوں۔ کسی کو دن میں ایک بار کسی کو دن میں تین سے چار بار کھانے کیلئے کہتا ہوں۔

بہترین تندرستی کا راز ہرگز نہ بھولیں!

آپ چاہے کوئی بھی بیماری کا علاج کر رہے آپ نہیں چھوڑنا چاہتے تو کوئی حرج نہیں لیکن اس صحت مند زندگی کو پانے کیلئے یہ بہترین علاج اور بہترین تندرستی کا راز آپ ہرگز نہ بھولیں اور اس تندرستی کے راز کو پانا (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معدہ کا السر (کورس)
معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت مند اور ہشاش بشاش بنائیے
معدہ میں درد ہو' معدہ کا کینسر ہو' تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف 400/- روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

نیت نیک ہو تو: نیت نیک ہو تو چھوٹے کام کا اجر بھی بڑے کام کے برابر ہو جاتا ہے۔

پریشان اور بدحال کہ لوگوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

- میری بیوی مجھے سمجھ ہی نہ سکی!
- بے چاری امی بیمار ہو گئیں
- تم مجھے پسند ہو! بس اور کچھ نہیں کہنا
- کسی نے توجہ نہ دی
- ملتا ہوں تو آنکھیں نہیں ملا سکتا
- اپنا مزاج خوشگوار رکھیے

کسی نے توجہ نہ دی!

تین سال پہلے میرے دونوں کانوں کے پردے خراب ہو گئے، کسی نے کوئی توجہ نہ دی مگر اب میں محسوس کر رہا ہوں کہ سنائی کم دیتا ہے۔ میری عمر 19 سال ہے، دوبار ڈپریشن بھی ہوا ہے، ایک بات کو دو یا تین بار سن کر جواب دیتا ہوں۔ لگتا ہے میرا کوئی علاج ہی نہیں، پریشان ہوں کہ پوری زندگی پڑی ہے۔ (جہانگیر، کوٹ ادو)

مشورہ: اب آپ اس قابل ہیں کہ خود پر توجہ دے سکتے ہیں، کان کے ماہر ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ دوبارہ ڈپریشن ہونے کا ذکر ہے، اس بیماری کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ مایوسی کا شکار لوگ یہی سمجھتے ہیں کہ ان کی تکلیفیں یونہی برقرار رہیں گی جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ آپ نے کوشش کی تو زندگی اچھی گزرے گی۔

جب کسی سے ملتا ہوں تو آنکھیں نہیں ملا سکتا

جب میں کسی سے ملتا ہوں تو آنکھیں نہیں ملا سکتا، دل چاہتا ہے جلدی سے سلام دعا کر کے فارغ کروں۔ دوسری طرف یہ تمنا ہے کہ ہر ایک سے اچھے اخلاق اور حسن سلوک سے پیش آؤں اور کچھ وقت ضرور گزاروں۔ یہ دو طرح کی باتیں میرے ساتھ ہوتی ہے۔ (حنیف، لاہور)

مشورہ: آپ خلوص دل سے ملنا چاہتے ہیں اور مل بھی نہیں پاتے۔ نظر ملا کر بات نہ کرنے کا مطلب ہے کہ اعتماد کی کمی ہے، اسی لیے لوگوں سے ملتے ہوئے گھبراہٹ ہوتی ہے جس کی وجہ سے جلد سے جلد بات ختم کرنا چاہتے ہیں۔ درمیان کا راستہ سب سے بہتر ہوتا ہے، نہ تو بہت زیادہ جھجکنا اور نہ اس قدر خلوص رکھنا کہ دوسرا پریشان ہو جائے کیونکہ نئے لوگوں سے بہت زیادہ التفات سے پیش آئیں تو بھی ٹھیک نہیں ہوتا، میانہ روی بہتر ہے، اتنی بے رخی نہیں کہ اپنی شخصیت کا تاثر خراب ہو جائے۔ لوگوں سے ملاقات سے پہلے ہی اپنے ذہن کو اس بات پر تیار کر لینے سے رویے میں بہتری آتی ہے۔ جتنی اچھی تیاری ہوگی، اتنی اچھی ملاقات ہوگی۔

بے چاری امی بیمار ہو گئیں

جب بڑی بہن کو ان کے سسرال والوں نے واپس میکے بھیج دیا تو بے چاری امی بیمار ہو گئیں۔ وہ ہر وقت بہن کو دیکھتی اور روتی رہتیں۔ ہم لوگ بہن کے معاملے سے زیادہ اپنی امی کی طرف سے پریشان ہو گئے۔ ان کو ڈاکٹر کو دکھایا تو حیرت ہوئی کہ وہ ٹھیک تھیں، صرف ٹینشن تھا۔ ساری رات جاگتی اور ٹہلتی تھیں، علاج کے لیے نیند کی دوائیں دی گئیں۔ اب دن رات سوتی رہتی ہیں (عمرانہ، سکھر)

مشورہ: ذہنی امراض کے علاج میں سکون بخش ادویات کے محدود استعمال کی گنجائش ہوتی ہے لیکن مستقل اور مکمل علاج کے سہارے سے نہیں ہوتا۔ ساری رات اور سارا دن سوتے رہنے سے والدہ معمولات زندگی انجام دینے سے بہت دور ہو جائیں گی، اس طرح دماغ سوتا رہے گا اور ذہنی دباؤ یا صدمہ اپنی جگہ برقرار رہے گا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان سے بات کی جائے، ان کی باتوں کو توجہ کے ساتھ دیر تک سنا جائے۔ بیٹی کے حوالے سے جو مایوسی پیدا ہوئی ہے اس سلسلے میں رہنمائی ہو تا کہ وہ یہ بات سمجھ سکیں کہ بیٹی کو درپیش آنے والی مشکلات سے نبٹا جا سکتا ہے۔

مجھے تم پسند ہو بس اور کچھ نہیں کہنا

میرے پورے جسم پر سفید داغ ہیں۔ ہاتھوں پر بہت زیادہ نمایاں ہیں اور گردن پر بھی ہیں، کانوں تک آ گئے ہیں چہرہ ابھی صاف ہے کم گو اور پڑھنے میں تیز لڑکی ہوں۔ یونیورسٹی میں اپنی کلاس کے ایک لڑکے کو پڑھایا۔ وہ ہوسٹل میں رہتا ہے۔ اس کا گھر گاؤں میں ہے، اب ہمارا آخری سال ہے اس نے مجھ سے شادی کا ارادہ ظاہر کیا۔ مگر میں حیران رہ گئی کیونکہ مجھے معلوم ہے کہ کوئی بھی مجھ سے شادی پر رضامند نہ ہوگا۔ دوسرے روز میں نے اس کو بتایا کہ میرے ہاتھوں کو تم نے دیکھا ہے اس نے مجھے خاموش کروایا اور کہا کہ اس پر بات نہ کرنا۔ مجھے تم پسند ہو بس اور کچھ نہیں کہنا۔ میں جھجک رہی ہوں۔ گھر میں کس طرح بتاؤں۔ رات بھر جاگتی ہوں۔ لڑکا اچھا ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ اپنے گھر والوں کو کس طرح راضی کرے گا۔ (فاطمہ، راولپنڈی)

مشورہ: اپنے گھر والوں کو بتانا لڑکے کا کام ہے۔ آپ اس سے کہہ سکتی ہیں کہ وہ اپنے بڑوں کی خاص طور پر والدین کی آپ کے والدین سے بات کروائے۔ طریقے کے مطابق معاملات بڑوں میں طے ہوں۔ ہر انسان قدرت کی طرف سے ایک معیار پر ہوتا ہے۔ لہٰذا کبھی اپنے بارے میں منفی رائے قائم نہیں کرنی چاہیے۔

میری بیوی مجھے سمجھ ہی نہ سکی

میری ایک شادی ناکام ہو گئی۔ ایک سال بعد دوسری شادی ہوئی۔ اس بار کسی حد تک خود کو بدلا مگر اب بھی بھوک کی برداشت نہیں۔ اگر کھانا وقت پر تیار نہ ہو تو باورچی خانے میں جا کر ایک دو برتن توڑ دیتا ہوں۔ غصہ نکل جاتا ہے تو اپنے کمرے میں جا کر سو جاتا ہوں پھر اٹھتا ہوں تو موڈ ٹھیک ہوتا ہے مگر میری بیوی نہیں سمجھتی، وہ مجھے سمجھ ہی نہیں سکی۔ کھانا بن جانے کے بعد میز پر لگا دیتی ہے اور خود مجھ سے بات نہیں کرتی۔ میں پوچھتا ہوں خفا ہو تو کہتی ہے کہ ہاں خفا ہوں۔ میں آپ سے بات نہیں کروں گی۔ اس پر مجھے اور غصہ آتا ہے اور میں بھی ناراض ہو جاتا ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ میں نہیں چاہتا کہ وہ مجھے چھوڑ کر جائے۔ (جمشید، پشاور)

مشورہ: ہونا تو یہ چاہیے کہ ان اسباب پر غور کیا جائے جن کی وجہ سے کھانا بنانے میں دیر ہوتی ہے۔ برتن توڑ دینا، غصہ پر قابو نہ رکھنا، موڈ خراب کر لینا اور پھر یہ توقع کرنا کہ دوسرے شخص پر اس کا اثر اچھا ہو، وہ اپنا مزاج خوشگوار رکھے جیسے کہ کوئی بات ہی نہیں ہوئی۔ یہ ناممکن ہے، آپ کی اپنی بیوی سے توقعات بہت زیادہ ہیں، اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ شادی کامیاب ہو تو اپنے منفی رویے پر قابو رکھیں۔

گیس، پیٹ درد ختم! دو اجزاء پنکھے کے نیچے رکھ دیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گیس اور پیٹ درد کیلئے ہماری آزمودہ پھکی قارئین کی نذر۔ ھوالشافی: ادرک خشک (سونٹھ) ایک پاؤ، اجوائن دیسی ایک پاؤ، سبز ادرک کا پانی نکال کر اس میں بھگو دیں اور پنکھے کے نیچے رکھ دیں، پانی خشک ہونے پر دھوپ میں صرف اتنی دیر رکھیں کہ آرام سے گرینڈ ہو سکے، گرینڈ کرنے کے بعد کالی مرچ پسی ہوئی حسب ذائقہ ڈال لیں۔ کھانے سے گھنٹہ پہلے یا بعد آدھا چمچ چائے والا کچھ عرصہ استعمال کریں۔ (م۔م، بھکر)

الرجی، چھینکیں، دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)
ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتی کہ الرجی
دائمی نزلہ الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس
سفید اور گرتے بال، دماغ کمزور، حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا
کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا
قیمت صرف 600/- روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

آٹے کے پیڑے نہر میں بہائے ڈیوٹی ٹائمنگ آدھی تنخواہ ڈبل

محمد ساجد' میاں چنوں

یہی درخواست (اللہ) صرف دو مرتبہ آٹے کے پیڑے میں ڈال کر نہر میں بہائی اور میری نوکری جو کہ بہت ٹف تھی' صبح چھ بجے سے لیکر رات بارہ بجے تک تھی' اس کی جگہ بہت آسانی والی جاب مل گئی' تنخواہ بھی اس سے ڈبل ہوگئی۔

پریشانی ایسی کہ چھپا نہ سکتا تھا اور شادی سر پر تھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا عبقری سے تعلق صرف دو سال پرانا ہے' ماہنامہ عبقری سے تعلق کچھ یوں ہوا کہ میں بطور بیچلر رہتا تھا ہم تین چار لڑکے تھے' ان میں سے ایک کا بھائی آپ کے درس میں آتا جاتا تھا' ایک دن وہ رسالہ وہاں چھوڑ گیا' کافی عرصہ وہ رسالہ میرے کمرے میں پڑا رہا' میں نے بھی نہ پڑھا' نہ پھینکا بس ایک دن ایسی پریشانی پڑی کہ دنیا ہی بدل گئی' وہ رسالہ پکڑا جیسے جیسے پڑھتا گیا سکون ملتا گیا۔

پھر کیا تھا' پریشانی ایسی تھی نہ کسی کو بتا سکتا تھا' نہ چھپا سکتا تھا اور شادی بھی سر پر تھی۔ بس رسالہ سے رہنمائی لی' آفس عبقری گیا' آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے ملا' مسئلہ بتایا' ادویات لیں' استعمال کرنے کے بعد پتہ چلا کہ یہ تو طاقت کا خزانہ ہے' سائیڈ ایفیکٹ سے پاک' انہی دنوں میں ایک دن بہت مایوس بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک کسی نے دل میں ڈالا کہ آج جمعرات ہے' درس ہے' جو کہ رسالہ میں پڑھا تھا اور سنا ہوا تھا' درس میں گیا' درس سنا' مکمل درس تھا' نعمت کا چھن جانا پھر احساس ہونا' ایسا درس تھا کہ جو مکمل طور پر میں سمجھتا ہوں' جیسے میرے اوپر درس ہو رہا ہے' خیر یہ سلسلہ شروع ہوگیا' آپ سے بیعت ہوا' شادی بھی خیریت سے ہوگئی اور معاملات بھی اچھے رہے۔ میں نے درس میں چند وظائف سنے' آزمائے' لاجواب پائے اپنے مشاہدات قارئین کی نذر کرتا ہوں:۔

درد والی جگہ پر تین مرتبہ لکھیں' درد اور مرض دونوں ختم

درس میں سنا تھا کہ لِیُعَذِّبَھُمْ سانس روک کر شہادت کی انگلی سے تین مرتبہ درد والی جگہ پر لکھیں' درد ختم ہوجاتا ہے۔ میری والدہ ضعیف ہیں' ان کو ہرنیا کا مسئلہ تھا' ناف باہر آجاتی تھی' یہ عمل کیا' فوراً ناف اندر چلی گئی اور درد ختم ہوگیا۔ اسی طرح میں نے حروف تہجی کا سنا تھا' میں نے اس کا تعویذ یعنی حروف تہجی لکھ کر والدہ کو کہا کہ ناف کے اوپر باندھ لو' انہوں نے ایسا کیا۔ ناف کا' ہرنیا کا مسئلہ مکمل طور پر درست ہوگیا۔ (تعویذ) اتارنے سے دوبارہ ہوجاتا ہے۔

آسان ڈیلیوری کیلئے یہ تعویذ بازو پر باندھ دیں

ایک اور عمل آزمایا: لفظ (اللہ) درخواست والا عمل' خانوں والی کاپی میں ہر خانہ میں لفظ اللہ لکھنا اور ایسے تصور کرنا کہ میں اللہ کو درخواست لکھ رہا ہوں۔ اس عمل سے میرا پہلا مسئلہ یہ حل ہوا کہ چھوٹی بھابھی کی ڈیلیوری کا مسئلہ تھا۔ اچانک میں لاہور سے گھر گیا تو وہ ڈیلیوری کیلئے ہسپتال جانے لگے تھے' بھابھی بہت پریشان اور رو رہی تھیں' کمزور بھی کافی تھیں' دو بچے پہلے تھے وہ بھی بہت چھوٹے ہیں' بھابھی کو لگ رہا تھا کہ وہ اب واپس اس گھر میں کبھی نہیں آئیں گی' بچہ بھی الٹا تھا' میرے ذہن میں فوراً سے آیا کہ لفظ اللہ کی درخواست جو میں نے ابھی ایک صفحہ ہی لکھا تھا اپنے پرس سے نکال کر بھابھی کے دائیں بازو پر باندھ دی وراس کو تسلی دے کر رخصت کیا۔

تقریباً آدھ پونے گھنٹے تک میں اور میری بیگم ہسپتال گئے تو دیکھا کہ بھابھی تو ڈیلیوری سے فارغ ہوکر کمرے میں شفٹ ہوگئیں تھیں' اللہ تعالیٰ نے بیٹا دیا اور سارا معاملہ بھی ٹھیک ٹھاک ہوگیا' وہ بہت خوش تھیں اور میرا شکریہ ادا کررہی تھیں۔

یہی درخواست (اللہ) صرف دو مرتبہ آٹے کے پیڑے میں ڈال کر نہر میں بہائی اور میری نوکری جو کہ بہت ٹف تھی' صبح چھ بجے سے لیکر رات بارہ بجے تک تھی' اس کی جگہ بہت آسانی والی جاب مل گئی' تنخواہ بھی اس سے ڈبل ہوگئی۔

گھر بیٹھے کتب اور ادویات منگوانے کیلئے صرف یہی نمبر
0332-7552382

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

عاملین سے بے نیاز کردینے والا عمل

زوجین کی محبت کیلئے: 21 کالی مرچ لے کر 21 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھیں۔ ہر مرچ پر ایک مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ کر دم کرنا ہے جب ان شاءنک پر پہنچیں تو مطلوب کا نام مع والدہ لیکر کہیں فلاں بن فلاں ھوالا بتر۔ جائز محبت کیلئے جس سے جی چاہے کرے لیکن یہ بات یاد رکھیں اللہ کی نافرمانی کرنے والے فلاح نہیں پایا کرتے۔ ناجائز کرنے والا سخت نقصان اٹھائے گا اور الٹ اثر ہوگا' اللہ تعالیٰ سب کو بچائے۔ 21 دن کا یہ عمل ہے۔ جمعرات سے عمل شروع کریں' آدھا کلو گوشت صدقہ دیں۔ ایک ہفتہ میں کام ہوجائے گا۔ اگر نہ ہوتو پھر صدقہ دیں' دوسرا ہفتہ پڑھائی' پھر صدقہ دیں' تیسرا ہفتہ پڑھائی کریں۔ انشاء اللہ العزیز کام ضرور ہوگا۔ یہ ہمارا مجرب آزمایا عمل ہے۔ یہ ساری پڑھائی آگ کے قریب بیٹھ کر کرنی ہے آیۃ الکرسی کا حصار کریں تو بہتر ہے ڈر کی کوئی بات نہیں۔ 21 دفعہ سورۃ کوثر پڑھ کر 21 کالی مرچ پر دم کریں۔ ایک دفعہ پڑھ کر ایک مرچ پر دم کریں۔ حب تمام عملوں سے بے نیاز کردینے والا عمل ہے۔ زوجین کی محبت کیلئے بہت ہی مفید ہے۔

سوزاک والسر کیلئے آزمودہ نسخہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری کا مستقل قاری ہوں۔ قارئین کیلئے اپنے کامیاب نسخہ جات بھیج رہا ہوں۔ ھوالشافی: رال سفید کا سفوف بنائیں۔ دودھ بقدر ضرورت اُبال کر اس میں سفوف رال تقریباً ایک ماشہ ملائیں اور ضامن لگا کر رکھ دیں۔ صبح لسی بنا کر پلائیں۔ سوزاک کیلئے ایک ہفتہ اور السر ہر قسم کیلئے دو ہفتہ یہ لسی پلائیں۔ فوائد: سوزاک و السر کیلئے عرصہ بائیس سال سے استعمال کرا رہا ہوں۔ سو فیصد فائدہ ہوتا ہے۔ (بحوالہ عبقری جلد 10)

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

قیمت فی جلد 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

شادی کے بعد جسم موٹا ہورہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں
داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج
صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج
جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

بچوں کا صفحہ

چاچا نے تھپڑ اٹھوائے اور ایک سبق سکھایا

جب تم لوگ کسی کی غیبت کرتے تو میں ایک پتھر تمہارے تھیلے میں ڈال دیتا اور جب تم کوئی مثبت بات کرتے تو میں ایک پتھر تمہارے تھیلے سے نکال کر باہر پھینک دیتا۔ اب اپنے تھیلوں کی طرف دیکھو کہ یہ کتنے بھاری ہیں۔

ہمیں تو سیر سپاٹا پسند ہے

بچپن میں ہم بہن بھائی گرمیوں کی چھٹیاں گزارنے دیہات میں چچا کے پاس جاتے تھے' ان کا گھر بہت بڑا تھا' ہمارے وہ چچا یونیورسٹی کے شعبہ ارضیات میں پروفیسر تھے وہ اکثر صبح سویرے دیہات کی کھلی فضا میں چہل قدمی کرتے تھے اور اپنی یونیورسٹی کیلئے پتھروں کی مختلف اقسام اکٹھی کیا کرتے تھے۔ ہمیں بھی سیر سپاٹا بہت پسند تھا۔ لہٰذا اکثر ہم چچا کے ساتھ ان کے مشغلے میں شامل ہوجایا کرتے تھے۔

ایک دن ہم سب صبح بہت جلد گھر سے روانہ ہوئے' چچا نے ہمیں بھی پتھر جمع کرنے کے کام میں لگانے کیلئے ہماری کمر سے تھیلے باندھ دیئے اور فرمایا کہ تم لوگ بھی پتھروں کی اقسام جمع کرنے میں میری مدد کرو' ہم بخوشی اس کام کیلئے تیار ہوگئے۔ سارا دن ہم گھوم پھر کر پتھروں کی مختلف اقسام جمع کرتے رہے۔ سارے راستے ہم بہت باتیں کرتے اور پھر پتھر ڈھونڈتے رہے۔ چچا ہمارے تھیلے سے کچھ پتھر نکال بھی لیتے اور کبھی ایک ہی قسم کے کئی پتھر ہمارے تھیلے میں بھر دیتے۔

سہ پہر کو جب ہم گھر واپس پہنچے تو بہت زیادہ تھک چکے تھے ہمارے تھیلے بہت بھاری ہورہے تھے۔ جب ہم نے ان تھیلوں کو کندھوں سے اتارا تو ہمیں بہت سکون ملا لیکن چچا کا تھیلا اب بھی نصف سے کم تھا۔

آج تم لوگوں کا چھوٹا سا امتحان تھا

ہم نے چچا جان سے پوچھا کہ آپ نے ہمارے بیگ میں اتنے زیادہ پتھر کیوں بھر دیئے۔ انہوں نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ جواب دیا کہ میں نے تو نہیں بھرے کچھ دیر رک کر انہوں نے کہا تمہیں پتہ نہیں چلا آج میں نے تم لوگوں کے رویوں کا چھوٹا سا امتحان لیا ہے۔ ہم نے حیران ہوکر پوچھا کہ رویوں کے امتحان سے آپ کی کیا مراد ہے؟ چچا فرمانے لگے: یہ ایک سبق ہے جو کبھی کسی نے مجھے سمجھایا تھا جو ہمیشہ مجھے یاد رہا اور آج وہی سبق میں نے تم لوگوں کو سکھانے کی کوشش کی ہے۔ ہم نے حیرت سے پوچھا کیسا سبق؟ چچا جان فرمانے لگے: جو کچھ آج تم لوگ کہہ رہے تھے میں نے ایک ایک لفظ بہت غور سے سنا۔ جب تم لوگ کسی کی غیبت کرتے تو میں ایک پتھر تمہارے تھیلے میں ڈال دیتا اور جب تم کوئی مثبت بات کرتے تو میں ایک پتھر تمہارے تھیلے سے نکال کر باہر پھینک دیتا۔ اب اپنے تھیلوں کی طرف دیکھو کہ یہ کتنے بھاری ہیں۔ مجھے امید ہے کہ تم لوگ اس امتحان کو یاد رکھو گے۔

دراصل ہمارے منفی خیالات پتھر ہیں

دراصل تمہارے منفی خیالات ان پتھروں کی مانند ہیں' تم اپنے ذہن میں اسے لیے پھرتے ہو جیسے پتھروں کا تھیلا' کمر پر لاد رکھا تھا۔ جتنے زیادہ منفی خیالات ہوں گے اتنا ہی تمہارا ذہن بھاری ہوگا لیکن ہاں تمہارے مثبت خیالات ان منفی خیالات کو رد کرسکتے ہیں لہٰذا اب اپنے اپنے تھیلے کی طرف دیکھو کہ تم نے کیا کہا اور کیسے کہا۔ اس چھوٹی سی بات میں ایک بڑا سبق پوشیدہ تھا جو چچا نے ہمیں بہت دلچسپ انداز میں سکھلایا تھا ایک ایسا سبق جو ہماری پوری زندگی پر محیط تھا اور وہ سبق تھا کہ رویوں کی طاقت کتنی مضبوط شدید اور پراثر ہوتی ہے جتنے زیادہ منفی خیالات کا بوجھ آپ اپنے ذہن میں رکھیں گے اتنا ہی زندگی کو بوجھ آپ پر بڑھتا جائے گا۔ آپ کا سفر حیات مشکل اور کٹھن ہوجائے گا۔ اگر آپ اپنی زندگی کو آسان بنانا چاہتے ہیں تو اپنے خیالات اور رویوں میں تبدیلی لانا ضروری ہے۔ (غلام قادر ہراج' جھنگ صدر)

کسی سے الجھے' حسد کیے بغیر آگے نکل جانے کا ہنر

کلاس روم میں سناٹا چھایا ہوا تھا۔ طلبہ کی نظریں کبھی استاد کی طرف اٹھتیں اور کبھی بلیک بورڈ کی طرف کیوں کہ استاد کے سوال کا جواب کسی کے پاس نہیں تھا۔

تمام طلبہ کے نزدیک یہ ناممکن تھا

سوال تھا ہی ایسا استاد نے کلاس روم میں داخل ہوتے ہی بغیر ایک لفظ کہے بلیک بورڈ پر ایک لمبی لکیر کھینچ دی۔ پھر اپنا رخ طلبہ کی طرف کرتے ہوئے پوچھا ''تم میں سے کون ہے جو اس لکیر کو چھوئے بغیر چھوٹا کردے؟'' ''یہ ناممکن ہے۔'' کلاس کے سب سے ذہین طالب علم نے آخر اس خاموشی کو توڑتے ہوئے جواب دیا ''لکیر کو چھوٹا کرنے کے لیے اسے مٹانا پڑے گا اور آپ اس لکیر کو چھونے سے بھی منع کررہے ہیں۔''

طلبہ نے اپنی زندگی کا سب سے بڑا سبق سیکھا

باقی طلبہ نے بھی گردن ہلا کر اس کی تائید کردی۔ استاد نے گہری نظروں سے طلبہ کو دیکھا اور کچھ کہے بغیر بلیک بورڈ پر پہلی لکیر کے پاس تھوڑا فاصلہ دے کر اس سے بڑی ایک اور لکیر کھینچ دی۔ اب سب نے دیکھ لیا کہ استاد نے لکیر کو چھوئے بغیر اسے چھوٹا ثابت کردیا تھا۔ طلبہ نے آج اپنی زندگی کا سب سے بڑا سبق سیکھا تھا یعنی دوسروں کو نقصان پہنچائے بغیر ان کو برا بھلا کہے بغیر ان سے حسد کیے بغیر ان سے الجھے بغیر آگے نکل جانے کا ہنر جو انہوں نے چند منٹ میں سیکھ لیا۔ (عالیہ مظفر' اوکاڑہ)

نکسیر کا مرض ہے تو مٹی سے شفاء پائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اپنے پیارے ماہنامہ عبقری کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ لے کر حاضر ہوا ہوں۔ گرمی کے موسم میں اکثر لوگوں کو نکسیر کا مرض لاحق ہوجاتا ہے اور ہر دوسرے یا تیسرے دن نکسیر پھوٹ جاتی ہے اور خون کی شدید کمی لاحق ہوجاتی ہے۔ اس مرض سے چھٹکارا پانے کیلئے میرے پاس ایک انتہائی سادہ مگر تیر بہدف ٹوٹکہ ہے۔ جب بھی نکسیر پھوٹے چکنی مٹی کا بڑا سا ڈھیلا لے آئیں اس کے قریب مریض کو بٹھا دیں۔ اب اس مٹی کے ڈھیر پر تھوڑا سا پانی ڈالیں اس میں سے جو خوشبو نکلے گی وہ مطلوبہ شخص کو سنگھائیں' ان شاء اللہ بہت جلد نکسیر بند ہوجائے گی۔ عبقری ٹوٹکہ سیکشن: قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

معذور شفاء ٹانک
ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR SHAHID

جنات کو پیسے دے دے کر تھک گئی! خدارا اچھی طرح دیکھ لیجئے!

وہ آکر کھانا کھا کر واپس چلے جاتے ہیں' پہلے کہتے تھے ہم آپ کو ہر خواہش پوری کریں گے مگر الٹا ہر بار ہمارا نقصان کر جاتے ہیں' تین سے چار ماہ میں 40 ہزار کا ہمارا نقصان ہو چکا ہے' پھر ایک دن فون آیا کہ میری بیٹی کو گرفتار کر لیا گیا ہے اور میں فرار ہوں

ذرا میں بھی دیکھوں! جنات بات کیسے کرتے ہیں؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری قارئین کیلئے ایک انوکھی داستان لیکر حاضر ہوئی ہوں۔ درج ذیل تمام واقعات ہمارے ساتھ بیتے ہیں اور بیت رہے ہیں۔ لیجئے آپ بھی پڑھیے:۔ ہمارے ہمسائے کے گھر میں جنات کا آنا جانا تھا' وہ پہلے ان کے لڑکے کو بہت زیادہ تنگ کرتے تھے بعد میں انہوں نے گھر والوں سے دوستی کر لی۔ میرے لیے حیرت کی بات تھی کہ وہ جنات سے بات کرتے تھے' ایک دن میں ان کے گھر گئی تو میں نے بھی ڈرتے ڈرتے بات کر لی کہ دیکھوں تو سہی جنات بات کیسے کرتے ہیں؟ ان کی آواز کیسی ہے وغیرہ وغیرہ بات میں نے کر لی' مگر کچھ دنوں کے بعد میں نے محسوس کیا کہ میرے گھر میں میرے علاوہ بھی کوئی اور بھی ہے۔ چند دنوں کے بعد انہوں نے ظاہر ہونا شروع کر دیا اور میرے بھائی میں آکر ہم سے بات چیت شروع کر دی۔ بابا جن جس کا نام نفیس ہے اور اس کی بیٹی (س) جو مجھ سے اکثر بھائی میں آکر بات کر لیتے۔

جن بولا: میں نے تمہیں اپنی بیٹی بنالیا ہے

بابا جن مجھ سے کہتا کہ تجھ کو میں نے اپنی بیٹی بنالیا ہے پھر کچھ دن کے بعد انہوں نے پیسے مانگنا شروع کر دیئے' پہلے کہتا کہ آپ کی والدہ یعنی بابا جن کی بیوی نے حج پر جانا ہے تو پیسوں کی اشد ضرورت ہے کم از کم 50 ہزار کر دیں تو ہم نے فوری بمشکل دس ہزار کر کے دے دیں' مقامی قبرستان پر رکھ دیتے' بابا جن نے کہا کہ مقامی قبرستان میں جنڈ کا پرانا درخت ہے وہاں رکھ دیں' ہم نے رکھ دیئے' انہوں نے اٹھا لیے۔ پھر کچھ دن کے بعد کہا کہ میری بیٹی کی شادی ہے' آپ دس ہزار کر دیئے' جو ان کے منہ سے نکل گیا وہ پورا کروالیا' اسی دن ارینج کر کے ہم نے تین ہزار کر دیئے' پھر کبھی کھانا کی فرمائشیں' کبھی کچھ کبھی کچھ' پہلے کہتے کہ حج والے پیسے آٹھ دن میں واپس کر دیں گے پھر بعد میں نام ہی نہ لیا۔

جن درخت سے ٹکرایا آنکھیں نکل آئیں!

پھر ایک دن ان کی بیٹی کا فون آیا کہ ابا کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے وہ آندھی آئی تھی اڑ رہے تھے کہ درخت کے ساتھ ٹکرا گئے جن سے آنکھیں نکل آئیں تو جنات کے ہسپتال لے کر جانا ہے' دو ہزار دے دیں' میرے چھوٹے بھائی نے ایک ہزار مقامی قبرستان پر رکھ دیا' الٹا منت سماجت کی کہ دو ہزار نہیں دے سکتے۔ پھر کھانا گھر میں آکر کئی بار کھا چکے ہیں' ہم بیٹھک میں رکھ دیتے ہیں۔ ان کی باتیں بالکل عجیب ہیں جو ہم نے پہلے نہ کبھی دیکھی' نہ سنی' نہ پڑھی۔ مگر یہ سب کچھ حقیقت ہے۔ شاید وہ احباب جو احباب ان شریروں کی دنیا سے واقف نہیں وہ مجھ پر ہنس رہے ہوں گے مگر یہ سچ ہے۔

مزید پڑھیں اور حیران ہوں!

ہم آپ کی ہر خواہش کو پورا کریں گے

وہ آکر کھانا کھا کر واپس چلے جاتے ہیں' پہلے کہتے تھے ہم آپ کی ہر خواہش پوری کریں گے مگر الٹا ہر بار ہمارا نقصان کر جاتے ہیں' تین سے چار ماہ میں 40 ہزار کا ہمارا نقصان ہو چکا ہے' پھر ایک دن میرے بھائی میں آئے اور نئی کہانی سنائی کہ میری بیٹی کو گرفتار کر لیا(باقی صفحہ نمبر 52 پر)

مغفرت والدین

محمد کامران طور' ملکوال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ' آپ کے والدین اور اہل خانہ اور عبقری کی پوری ٹیم پر رحمتیں اور شفقتیں نازل ہوں۔ **والدین کیلئے اولاد کی دعائے مغفرت:** حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میت قبر میں ڈوبتے ہوئے فریادی کی طرح ہے کہ ماں باپ یا دوست کی دعائے خیر کے پہنچنے کی منتظر رہتی ہے۔ پھر جب اسے دعا پہنچ جاتی ہے تو اسے یہ دعا دنیا و مافیہا کی تمام نعمتوں سے زیادہ پیاری ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ زمین والوں کی دعا سے قبر والوں کو ثواب کے پہاڑ دیتا ہے اور یقیناً زندہ کا مردوں کیلئے تحفہ ان کیلئے دعائے مغفرت ہے۔ (مشکوٰۃ بیہقی)

دعائے مغفرت میت کیلئے صدقہ جاریہ ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کی بڑی رحمت ہے کہ مرنے کے بعد بھی مسلمانوں کو ایصال ثواب سے قبر میں فائدہ پہنچتا ہے اور میت کے درجات بلند کر دیئے جاتے ہیں اسی لیے نیک اولاد ماں باپ کیلئے باعث رحمت ہے۔ اسی طرح دوستوں یا دیگر رشتہ داروں کی دعائے مغفرت سے بھی میت کو ثواب پہنچتا ہے اور یقیناً یہ مُردوں کیلئے ایک نہایت قیمتی تحفہ ہے' لہٰذا ہر مسلمان کو تمام مسلمانوں کیلئے دعائے مغفرت کرنی چاہیے۔ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن اپنے والدین یا ان میں سے ایک کی قبر کی زیارت کرے تو اس کی مغفرت کر دی جائے گی اور اس کو فرمانبردار لکھا جائے گا۔ (طبرانی)

یہ چیز چہرے پر لگائیں! پندرہ منٹ بعد منہ دھوئیں اور حیران ہو جائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس چند بیوٹی ٹپس ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کر رہی ہوں:۔ ایک انڈے کی زردی لے کر اس میں کھانے کا ایک چمچ شہد اور ڈیڑھ چمچ میدہ ڈالیں۔ اگر آپ کی جلد خشک ہے تو تین، چار قطرے زیتون کے تیل کے بھی ڈالیں، اگر جلد چکنی یا نارمل ہے تو تیل ڈالنے کی ضرورت نہیں۔ ان تمام اشیاء کو اچھی طرح ملا لیں اور آنکھوں کو چھوڑ کر پورے چہرے اور گردن پر یہ ماسک لگائیں۔ پندرہ سے بیس منٹ کے بعد نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ اس کے بعد کوئی اچھی سی کریم چہرے پر لگائیں۔ اگر آپ کے چہرے پر وقت سے پہلے جھریاں پڑ گئی ہیں تو اپنی انگلیوں کی مدد سے مساج تقریباً پانچ منٹ تک کریں۔ اس کے بعد روئی سے اس جگہ کو اچھی طرح صاف کریں۔ انشاء اللہ تین مہینے میں آپ کے چہرے سے جھریاں ماند پڑ جائیں گی۔ (ف، لاہور)

مکھیاں تنگ کر رہی ہیں لیجئے ابھی بھاگ جاتی ہیں

(1) چائے کی پتی کو استعمال کے بعد سکھا لیں اور پھر انگاروں پر ڈال کر دہکائیں، اس طرح مکھیاں بھاگ جاتی ہیں۔ (2) کیلا کاٹتے وقت اگر چھری کو لیموں کے عرق میں ڈبو لیا جائے تو کیلا کالا نہیں ہوتا۔ (3) بوٹ پالش اگر سخت ہو جائے تو اسے دھوپ میں یا پھر اگر گرم پانی میں رکھیں قابل استعمال ہو جائے گی۔ (ج، لاہور)

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ
سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
موذی ترین مرض کا موثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پا چکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے' خون بڑھائے' چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 320' چھوٹی 120 روپے میں)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

شوہر کو دغا دینے والی جلتی' تڑپتی سلگتی عورت کا خط

حالات سے اتنی تنگ ہوں کہ رب سے موت مانگتی ہوں' میری برداشت ختم ہوتی جارہی ہے' احساس گناہ ساری رات جگاتا ہے۔ میرے یہ شوہر رنگین مزاج ہیں' مجھ سے پہلے بھی ایک بیوی ہے' اور چند عورتوں سے ناجائز تعلقات بھی۔ میں ترس ترس کر زندگی گزار رہی ہوں'

ایک مجبور اور بے بس کی کہانی

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں تقریباً ایک سال سے عبقری کا رسالہ پڑھ رہی ہوں میں بہت مجبور ہوں میرا نام (ج،ر) ہے میں راولپنڈی کی رہنے والی ہوں' میں شادی شدہ تھی' اپنے گھر میں خوشحال' چار بچوں کی ماں' میرا شوہر میرا خیال رکھنے والا' بچوں کی ہر جائز ناجائز پوری کرنے والا' بچے جو پھل' کھلونا مانگتے خود تنگ ہوجاتا مگر لاکر دیتا' میں جس چیز کی تمنا کرتی چاہے دیر سے لاکر دیتا مگر ضرور لاتا۔

پھر میں سیدھی سے راہ سے بھٹکی اور خود کو جہنم کے گہرے گڑھے میں گرادیا' شیطان نے مجھ پر کامیاب حملہ کیا اور میں اس کے بہکاوے میں آئی اور ایک غیر مرد سے تعلقات استوار کرلیے' جان بوجھ کر اپنے شوہر کو تنگ کرنا شروع کردیا' بات بات پر اس سے لڑتی جھگڑتی' گھر چھوڑ کر اپنی ماں کے گھر چلی جاتی' وہ بیچارا بچوں کی خاطر مجھے منا کر گھر لے آتا مگر دوسرے یا تیسرے دن پھر کسی بات کا بتنگڑ بنا کر میں اس سے لڑائی مول لیتی۔ آہستہ آہستہ لڑائی بڑھتی رہی اور گھر کا سکون غارت ہوگیا' پھر میں نے طلاق کی رٹ لگائی اور بالآخر اس نفیس شخص سے طلاق لے کر اپنی اور اس کی راہیں جدا کرلیں۔ بچوں کیلئے عدالت میں کیس چلا جو میں بعد میں جیت گئی اور اس شخص سے اس کی اولاد بھی چھین لی۔ اس وقت میں بہت خوش تھی' خوشی خوشی اس شخص کو فون کیا' وہ بھی پھولے نہ سمارہا تھا' عدت کے پوری ہونے کے اگلے دن ہی ہم نے نکاح کیا اور چار بچوں کے ساتھ اس شخص کے گھر میں اب موجود ہوں۔ میں نے اپنے نفس کی ہر خواہش کو پورا کرلیا' بچے بھی پالیے۔ آٹھ سال بھی بیت گئے۔

میری برباد زندگی کی کہانی

مگر میرے بچے مجھ سے بدظن ہیں' بڑے بیٹے نے اب میٹرک کرلیا۔ ایک ڈپلومہ بھی لیا' ہزاروں جگہ سی وی بھیجیں مگر کہیں نوکری نہ ملی۔ دوسرے نمبر والا بیٹا چرس اور شراب پیتا ہے' تیسرا بیٹا ابھی میٹرک کے پیپرز دے رہا ہے مگر مجھے گالیاں دیتا ہے۔ وہ مرد جس کی خاطر میں نے اپنی اور اپنے بچوں کی زندگی خراب کی' دولاکھ اس کی تنخواہ ہے' مجھ سے نکاح کے بعد اس نے کروڑوں کے بزنس کیے۔ مگر پانچ سال سے نہ وہ رات کو میرے گھر آتا ہے نہ دن کو' جب کبھی مہینوں بعد آجائے تو صرف اپنی ضرورت پوری کرنے کیلئے' مجھے ترسا ترسا کے چند نوٹ دیتا ہے اور وہ بھی چند دنوں میں ختم ہوجاتے ہیں' میں منگتوں کی طرح اس کی منتیں چند پیسوں کیلئے کرتی ہوں مگر اس کو مجھ پر ترس نہیں آتا۔

صبح وشام رب سے موت مانگتی ہوں

حالات سے اتنی تنگ ہوں کہ رب سے موت مانگتی ہوں' میری برداشت ختم ہوتی جارہی ہے' احساس گناہ ساری رات جگاتا ہے۔ میرے یہ شوہر رنگین مزاج ہیں' مجھ سے پہلے بھی ایک بیوی ہے' اور چند عورتوں سے ناجائز تعلقات بھی۔ میں ترس ترس کر زندگی گزار رہی ہوں' میری اولاد بھٹک چکی ہے' میری نہ شوہر کی نظر میں عزت ہے نہ بچوں کی' اب نماز پڑھتی ہوں' تہجد میں رو رو کر رب کو مناتی ہوں مگر کیا کروں؟

گزرا وقت واپس نہیں آتا' مجھے معلوم ہوا کہ میرے پہلے شوہر نے دوسری شادی کرلی ہے' اپنے گھر میں خوش ہے۔ مگر میں تڑپ رہی ہوں' سلگ رہی ہوں' جل رہی ہوں۔ کاش! میں دولت دیکھ کر اپنا جنت نظیر گھر نہ جلاتی۔ مجھے میری غلطی کی سزا مل رہی ہے کاش! میری نسلیں میرے اس گناہ سے بچ جائیں۔ میری قارئین سے بھی گزارش ہے کہ آپ کے شوہر یا بیوی میں لاکھ برائیاں ہوں گی مگر ہمیشہ اس کی اچھائیوں پر نظر رکھیں۔ میں مانتی ہوں میں اس مکھی کی طرح تھی جو صحت مند جسم کو چھوڑ کر صرف زخم پر بیٹھی اور آج ماتم کدہ ہوں۔ شاید کے اتر جائے تیرے دل میں میری بات۔ (پوشیدہ' راولپنڈی)

امید ہے قارئین سبق سیکھیں گے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری پڑھ کر بہت خوش ہوتا ہوں' میں اس کو رسالہ نہیں ہر مرض کا علاج سمجھتا ہوں' یہ تمام دعاؤں کا مجموعہ ہے' میری دعا ہے اللہ تعالیٰ آپ کی توفیقات میں اور اضافہ فرمائے۔ آمین!

قارئین عبقری کے لیے ایک سچا واقعہ لکھنے کی جسارت کررہا ہوں' امید ہے قارئین اس سے سبق سیکھیں گے۔ واقعہ یوں ہے کہ میں اپنے فیکٹری میں تھا تو ایک دن ہم لوگ جمعہ کی نماز کیلئے جارہے تھے تو مجھے لڑکوں نے بتایا کہ یہاں پر ایک فورمین تھا' تو اس کو ہم نے کہا کہ استاد آؤ جمعہ پڑھنے کیلئے جائیں' آگے سے اس استاد نے کہا کہ (نعوذ باللہ) 'بہت جمعہ پڑھ لیے' کچھ نہیں ملا' بس یہ الفاظ اس کے منہ میں تھے کہ تو دفتر سے فون آگیا کہ آپ کے گھر سے فون آیا ہے آپ کی بیوی بیمار ہے اور ہسپتال میں داخل ہے' وہ استاد کہتا ہے کہ میں تو کل چھٹی مکمل کرکے واپس آیا ہوں' میرے گھر تو ہر طرح کی مکمل خیریت ہے' ہمارے سر نے اسے کہا کہ بیماری کا کوئی پتہ نہیں ہوتا کسی وقت بھی آسکتی ہے' لہٰذا آپ گھر جائیں اور پتہ کریں' وہ چلا گیا۔

آپ کی بیوی کو کینسر ہے!

گھر پہنچا ہی ہے تو دیکھتا ہے کہ واقعی بیوی بیمار ہے اور ہسپتال میں داخل ہے' وہ والدین سے پوچھتا ہے اسے کیا ہوا ہے؟ کل تو میں ٹھیک ٹھاک چھوڑ کر گیا تھا تو یہ اچانک کیا ہوا ہے' والدین نے کہا کہ آپ کے سامنے ہے' دیکھ لیں۔ ڈاکٹر صاحب سے پوچھتا ہے کہ اسے کیا ہے' ڈاکٹر صاحب نے کہا اسے کینسر ہے اور بہت سخت ہے اور اس کا بچنا مشکل ہے حتیٰ کہ وہ دوسرے یا تیسرے دن فوت ہوگئی۔

گواہ رہیں! میں آئندہ سے کفریہ کلمات نہ نکالوں گا

غسل' کفن' دفن کے بعد وہ استاد خود بتارہا ہے کہ جمعہ کے دن میرے منہ سے یہ کفر (نعوذ باللہ) ''بہت جمعہ پڑھے مجھے کچھ نہیں ملا'' جس کا نتیجہ مجھے مل گیا ہے۔ تو اب میں آپ سب لوگوں کے سامنے اللہ پاک سے معافی مانگتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں اب آپ لوگ میرے گواہ رہیں کہ میں آئندہ ایسی کوئی بکواس اور کفریہ کلمات ادا نہیں کروں گا نہ کبھی نماز چھوڑوں گا۔ تو بھائیوں میں آپ سب کو نصیحت کرتا ہوں کہ سب کام چھوڑ کر پہلے نماز پڑھیں پھر دوسرے کام کریں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو نماز پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین! اور حضرت حکیم صاحب کی عمر دراز فرمائے۔ آمین۔ (انور علی' شورکوٹ)

خون روک شفاء
جیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی
خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہوجانا' پیچش میں خون آرہا ہو' فکیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔
لیکوریا' رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔
(قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

کمزوری خاص کا علاج	یہ ٹوٹکہ آپ کو موٹا کردے گا	بیٹیوں کے رشتے پریشانی ختم
ناجائز قبضہ چھڑوائیے	نوکری کیلئے پریشان	چھوٹے چھوٹے دانے

قارئین! زیرنظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ، تجربہ، کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے، کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

اپریل کے جوابات

کمزور خاص کا علاج: محترم! آپ کا دکھ بھرا خط پڑھا۔ آپ تمام ادویات اور نسخہ جات چھوڑیں اور عبقری دواخانہ کی ''قوتی گولیاں'' اور ''معجون مراد'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کرنا شروع کردیں۔ پیٹ کی گیس کیلئے عبقری دواخانہ کی ہی ''جوہر شفاء مدینہ'' استعمال کریں۔ یہ میری آزمودہ ہیں، الحمدللہ! آج میں خوشگوار ازدواجی زندگی گزار رہا ہوں۔ جلدی نہ کیجئے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے ضرور استعمال کریں۔ (زمان خان، پشاور)

موٹی ہونا چاہتی ہوں: آج کل آم کا سیزن ہے، جی بھر کر آم کھائیں اور اوپر سے ایک گلاس دودھ پی لیں، یاد رکھیں ملک شیک نہیں پینا، پہلے میٹھے آم دھو کر ٹھنڈے کرکے کھائیں اور اوپر سے دودھ پی لیں۔ جس موسم میں آم نہ ہوں ان دنوں رات کو ایک سیب میں کسی گندوئی (جس سے رضائی سیتے ہیں) سے چاروں طرف بے شمار سوراخ کرلیں، اور دودھ میں بھگو دیں صبح اٹھ کر سیب کھالیں اور دودھ پی لیں۔ (عمارہ کاشف، لاہور)

بیٹیوں کے رشتوں سے پریشان: محترمہ! شیخ الوظائف اکثر اپنے درس میں اللہ الصمد اور چاول کا عمل بتاتے ہیں آپ بھی بیٹیوں کی شادی کی نیت کرکے یہ عمل کریں، بے شمار کا آزمودہ ہے، فوراً رشتے آنا شروع ہوجاتے ہیں۔ لڑکی کے وزن کے برابر چاول (سستا ٹوٹہ چاول) لیں اور ان چاولوں میں سے ایک مٹھی چاول لے کر اس کے ہر دانے پر اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھیں۔ یہ عمل ایک ہی نشست میں کرنا ہے گھر کے چند افراد مل کر بھی کرسکتے ہیں۔ اس کے بعد اس مٹھی بھر چاولوں کو باقی چاولوں میں مکس کردیں۔ اب ان چاولوں کو کسی دریا، نہر، مچھلی فارم وغیرہ جہاں مچھلیاں ہو وہاں ڈال دیں۔ اگر نہر دریا وغیرہ میسر نہ ہو تو قبرستان میں کسی صاف جگہ پر پھیلا کر ڈالیں جہاں پرندے کھا جائیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد رشتے آنا شروع ہوجائیں گے۔

ناجائز قبضہ چھڑوائیے: آپ تمام گھر والے سارا دن باوضو پاک حالت میں سورۂ انعام کی آیت نمبر 45 کثرت سے پڑھیں۔ ان شاء اللہ مسئلہ حل ہوجائے گا۔

جون کے سوالات

نوکری کیلئے پریشان: محترم قارئین السلام علیکم! میں نوکری کے سلسلے میں بہت پریشان ہوں، نوکری کیلئے درخواست دی ہوئی ہے، چند دنوں بعد ٹیسٹ ہوگا، دعا فرمائیں، اللہ تعالیٰ کوئی سبب بنادے۔ کوئی آزمودہ وظیفہ عنایت فرمادیں۔ (ج، جہلم)

ہڈیوں کا ڈھانچہ: محترم قارئین السلام علیکم! درج ذیل مسائل مجھے گزشتہ پندرہ سے بیس سال سے ہیں، ان کا فوری حل بتائیں اور دعائیں لیں، ریح کے مرض کا شکار ہوں، وضو قائم رکھنا، خصوصاً سردیوں میں شدید اذیت سے گزرتا ہوں۔ اعصابی اور جسمانی کمزوری ہے، وزن 55 کلو ہے، کھانا بھی اچھی طرح ہضم نہیں ہوتا نہ ہی غذا جزو بدن بنتی ہے، ہڈیوں کا ڈھانچہ ہوں، پپوٹے گال ہیں، عمر چالیس سال ہے۔ (ن۔خ، خیبر پختونخوا)

ہدیہ کرنے کا طریقہ: قارئین! عبقری سے وظائف اور ٹوٹکے لوگوں کو لکھ کر دیتی رہتی ہوں، بے حد فائدہ ہوتا ہے، قارئین ایک مسئلہ ہے کہ ہماری فیملی میں بہت سے افراد کو نماز باقاعدگی سے پڑھنے کی عادت نہیں ہے۔ ان کیلئے کیا کیا جائے کہ وہ باقاعدگی سے نماز پڑھنے لگیں، کسی گزشتہ عبقری شمارہ میں لکھا تھا کہ نفل پڑھ کر ان کی روح کو ہدیہ کریں۔ طریقہ بھول گیا، روزانہ کرنا ہے یا صرف ایک دفعہ، اگر کسی قاری کے علم میں ہو تو وضاحت فرمادیں، یا کوئی اور وظیفہ ہو تو رسالے میں لکھ دیں۔ (ایک بہن، اٹک)

چھوٹے چھوٹے دانے: قارئین! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے منہ پر چھوٹے چھوٹے دانے ہیں، اکنی کیل اور دانوں میں کبھی کبھی پیپ بھی ہوجاتی ہے، دانے جب ختم ہوتے ہیں تو ان کے نشان باقی رہ جاتے ہیں اور پھر اور دانے بھی ہوجاتے ہیں، میں ڈاکٹر سے بھی علاج کروا چکی ہوں اور کریم بھی بہت لگا چکی ہوں، آپ کوئی ایسا ٹوٹکہ بتائیں کہ بالکل ختم ہوجائیں۔ ڈاکٹری علاج سے میرا منہ سوجھ گیا ہے، عمر صرف 16 سال ہے۔ دوسرا مسئلہ، میرا پڑھائی میں دل بالکل نہیں لگتا، کوئی وظیفہ بتائیے پڑھائی میں میرا دل لگے۔ (ن، خ، میرپور خاص)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: کمی احمد پوری

حضرت ابن ابی ملیکہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اہل شام سے ایک شخص آیا اور اس نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے ہاں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بُرا بھلا کہا: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کو ایسا کہنے سے منع کیا اور فرمایا: اے اللہ کے دشمن تو نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف دی ہے (پھر یہ آیت پڑھی) ترجمہ: ''بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کو تکلیف دیتے ہیں اللہ تبارک وتعالیٰ دنیا و آخرت میں ان پر لعنت بھیجتا ہے اور اللہ نے ان کے لیے ایک ذلت آمیز عذاب تیار کر رکھا ہے۔'' پھر فرمایا: اگر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (ظاہراً بھی) حیات ہوتے تو یقیناً (تو اس بات کے ذریعے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اذیت کا باعث بنتا۔'' (اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کی ہے اور کہا اس حدیث کی سند صحیح ہے)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم انصار لوگ، منافقین کو ان کے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ بغض کی وجہ سے پہچانتے تھے۔ (ترمذی)

حج وعمرہ پر جانے کے خواہشمند متوجہ ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اللہ رب العزت کے بعد جتنا بھی آپ کا اور عبقری کا شکریہ ادا کروں کم ہے، مجھے عبقری سے بے حد سکون ملا، اللہ پاک عبقری کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائیں، آپ مخلوق خدا کی اسی طرح خدمت کرتے رہیں۔ میں نے عبقری رسالہ میں سے ایک وظیفہ کیا، میں نے سارا دن کھلا پڑھا اور ایک سال کے اندر اندر ایسے غیبی اسباب بنے کہ میں عمرہ کرآئی۔ وہ وظیفہ یہ تھا۔ لَبَّیْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ، لَبَّیْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ جب بھی اذان ہو تین مرتبہ پڑھیں، اس کے علاوہ سارا دن کھلی بھی پڑھ سکتے ہیں، حج یا عمرہ کی طلب رکھنے والے ضرور کریں۔ میرا آزمودہ ہے۔ (صائمہ نذیر، گوجرانوالہ کینٹ)

اکسیر البدن کامیاب بچپن، لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا

بے رونق جسم، پچکے گال، آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ ہو، امتحان کا خوف یا دماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی

چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ، اور جگر کی طاقت پائیں

قیمت صرف -/300 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOORKHAN-PESHAWAR

خواب اور روشن تعبیر

اپنے ماموں کو ڈھونڈ رہی ہوں

میں نے خواب میں دیکھا کہ میں امی کے کزن یعنی اپنے ماموں کو ڈھونڈ رہی ہوں، جیسے ان کو کچھ بتانا چاہتی ہوں، پھر وہ مجھے مل جاتے ہیں۔ ان کے ہاتھ میں جائے نماز ہے وہ مجھے دیتے ہیں، بہت خاموش ہیں۔ جائے نماز بہت بڑی اور کشادہ ہے۔ مجھے پسند آتی ہے۔ پھر دیکھا ماموں نماز پڑھ رہے ہیں، میں بھی جائے نماز بچھا کر پڑھنے کی تیاری کرتی ہوں۔ (س، و، نوشہرہ فیروز)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو روحانی ترقی نصیب ہوگی اور اللہ تعالیٰ سے تعلق بڑھے گا۔ آپ فرائض کی پابندی کرتے ہوئے نوافل کی کثرت کا بھی اہتمام کریں۔ واللہ اعلم۔

مالی نقصان یا کاروباری پریشانی ہوسکتی ہے

میں نے خواب دیکھا کہ میں ایک بس میں سفر کر رہا ہوں، جب بس سے اترتا ہوں تو میں دیکھتا ہوں کہ میری جیب سے کسی نے میرا پرس اور موبائل نکال لیا ہے اور میں پریشان ہوجاتا ہوں کہ میرے پاس پیسے نہیں ہیں، واپس کیسے جاؤں گا۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ (سلیم احمد، شیخوپورہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ کسی مالی نقصان یا کاروباری پریشانی کو برداشت کرنا پڑے گا۔ تاہم فوری طور پر حسب توفیق صدقہ دے دیں اور ہر مالی معاملہ کرنے سے پہلے 41 بار یَا نَافِعُ پڑھ لیا کریں۔

اللہ میرے ابو کو بہت رزق دے گا

میں نے خواب میں دیکھا کہ کہتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے ابو کو بہت رزق دے گا۔ ان شاء اللہ۔ پھر منظر بدلتا ہے کہ میں اور میرے گھر والے کسی نامعلوم گھر میں ہیں اور اس گھر میں اندھیرا ہے۔ میری بہن ایک کمرے میں جاتی ہے۔ میں بھی اس کے پیچھے جاتی ہوں تو میری بہن مجھے غصہ سے دیکھتی ہے تو میں دروازہ بند کر دیتی ہوں۔ پھر تھوڑی دیر بعد دروازہ کھولتی ہوں تو میری بہن بیڈ پر لیٹی ہے، میری طرف دیکھ کر بیٹھ جاتی ہے۔ اس کے ماتھے پر کالے رنگ کا موٹا سا سانپ تین یا چار بل کے ساتھ بیٹھا ہے اور آنکھ یا ماتھے پر موٹا سا دانا ہے۔ میں تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھتی ہوں اور اپنے اوپر، امی، ابو اور اپنے سب بہن بھائیوں پر پھونک دیتی ہوں اور اپنی بہن پر بھی دم کر دیتی ہوں اور جیسے ہی دم کرتی ہوں سانپ غائب ہوجاتا ہے۔ (غ، پشاور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کی بہن کو شدید بیماری کا اندیشہ ہے، تاہم وہ صدقہ دیں اور آیت الکرسی 125 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کریں۔ انشاء اللہ حفاظت رہے گی۔ واللہ اعلم۔

تکبر کا انجام بہت بُرا ہوتا ہے

میں نے خواب دیکھا کہ میں اپنے چچا سے کوئی ایسی بات کرتا ہوں جسے وہ برا محسوس کرتے ہیں۔ بعد میں لوگ انہیں بُرا بھلا کہتے ہیں۔ پھر دیکھا کہ میں اُونچائی پر پھنسا ہوں۔ اونچائی پر میں اس طرح لیٹا ہوں کہ میری چھاتی زمین کی طرف ہے اور میں نے بازوؤں سے سیمنٹ سے بنی پائپ نما کوئی چیز کو پکڑا ہوا ہے۔ (ق، فیصل آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کو اس بات پر متنبہ کیا جارہا ہے کہ تکبر کا انجام بہت ہی بُرا ہوتا ہے۔ اللہ پاک سے سچی توبہ کریں۔ بہتر ہوگا کہ پنج وقتہ نماز کی پابندی شروع کریں اور ہر نماز کے بعد استغفار جتنا آسانی سے ہوسکے پڑھ لیا کریں۔

آخرت کی فکر کریں اگلی باری آپ کی ہے

میں نے خواب میں اپنا پرانا مکان دیکھا۔ میرے والد اور والدہ مرحومین زندہ ہیں اور مجھ سے بڑا والا بھائی اور میں موجود ہیں۔ مغرب کے بعد کا وقت ہے۔ دو قبریں کھلی ہوئی ہیں اور دونوں میں میرے فرسٹ کزنز جو مجھ سے بڑے ہیں لیٹے ہوئے ہیں۔ میں ان کے سرہانے اداس کھڑا ہوں جیسے ان کی موت کا وقت نزدیک ہے اور میرے ذہن میں ہے کہ ان کے بعد میری باری ہے۔ جو بڑے والے ہیں جن کا حقیقت میں انتقال ہوچکا ہے، وہ مجھے کچھ وصیتیں کرتے ہیں کہ فلاں چیز فلاں کو دے دینا تو میں کہتا ہوں کہ آپ کے بعد میری باری ہے تو مجھ سے کیوں کہہ رہے ہیں، میرے پاس وقت نہیں ہے۔ تو وہ کہتے ہیں ہاں ٹھیک ہے۔ پھر کسی اور کا نام لے کر کہتے ہیں اس سے کہہ دینا۔ میں بے اختیار ان دونوں کی پیشانی چوم لیتا ہوں اور پیچھے ہٹ جاتا ہوں۔ پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (شعیب، اسلام آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کو اس بات پر متوجہ کیا گیا ہے کہ دنیا کے جھمیلوں سے وقت نکال کر آخرت کی فکر کریں اور مرنے سے پہلے موت کی تیاری کرلینا عقلمندی ہے۔ واللہ اعلم۔

مرغی کا گوشت

میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک تنگ گلی ہے، میں اس میں کھڑی ہوں میرے ہاتھ میں مرغی کا گوشت ہے جو تھیلی میں ہے۔ میں گلی سے نکلنے کی کوشش کرتی ہوں۔ کوئی آدمی مجھے روک رہا ہے، آخر میں گلی سے نکل جاتی ہوں۔ مجھے خوف ہوتا ہے کہ وہ میرے پیچھے آرہا ہے، میں اپنی خالہ کے گھر جاتی ہوں وہاں میری کزن بھی ہوتی ہے، میں اسے سب بتاتی ہوں پھر تھوڑی دیر بعد میں فون کرکے اپنی امی کے کزن کو بلاتی ہوں، وہ مجھے لینے آتے ہیں۔ منظر بدلتا ہے۔ میں ماموں کے گھر میں ہوتی ہوں۔ (س۔ بھکر)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ کوئی حاسد آپ کو نقصان پہنچانے کے درپے ہے۔ آپ کچھ گوشت بطور صدقہ بلی کو کھلا دیں اور یَا حَفِیْظُ 19 بار پڑھ کر حفاظت کی دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

آنکھوں کا موتیا تین بار یہ سورۃ پڑھنے سے ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے ایک ڈاکٹر نے مجھے کہا تھا کہ آپ کی آنکھوں میں موتیا اتر رہا ہے، جلد از جلد آپریشن کروالیں، آپریشن مصروفیت کی وجہ سے نہ کرواسکی، میں نے عبقری رسالہ میں سے دیکھ کر سورۂ یٰسین تین مرتبہ سرمہ پر دم کرکے سرمہ آنکھوں میں ڈالنا شروع کردیا تھا اور ساتھ عبقری دواخانہ کی آنکھ شفاء استعمال کی۔ اب آنکھوں کا معائنہ کروایا تو ڈاکٹر نے کہا کہ آپ کی آنکھ میں دور دور تک موتیا نہیں ہے، صرف نظر کی کمزوری ہے عینک استعمال کریں۔ یہ اس دم والے سرمہ کی برکت ہے کہ آنکھ کا موتیا ٹھیک ہوگیا۔ (ا۔ا، واہ کینٹ)

میری بچیوں کو سائے نظر آئے

مجھے خواب میں بڑے بڑے کالے رنگ کے کتے نظر آتے اور بعض دفعہ کئی قبیلے کے افراد دکھائی دیتے ہیں۔ بعض مرتبہ خواب میں اسلحہ لے کر لوٹنے کے لئے آتے ہیں۔ میری دو بچیاں جو یونیورسٹی میں اعلیٰ تعلیم حاصل کررہی ہیں ان کو سائے نظر آتے ہیں۔ (فائزہ، ساہیوال)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ پر بُرے اثرات کا غلبہ ہے۔ آپ حسب توفیق کچھ گوشت صدقہ دیں اور ہر نماز کے بعد 7،7 بار پہلے دائیں اور پھر بائیں طرف آذان اور سورۂ مومنون کی آخری 4 آیات پڑھ کر دم کرلیا کریں۔ یہ عمل 90 دن تک مسلسل کرنا ہوگا۔ ناغہ کے دن بعد میں پورے کرلیں۔ واللہ اعلم۔

نوجوان شفاء!
• قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ
• کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے
• شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند
• خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
• نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
• منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن
قیمت صرف 1201 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN DESI AWARD

بھدے اور کالے جسم کی مالک تھی! عبقری سے حسن کی تجوری مل گئی!

ایک دن میں پنجاب پبلک لائبریری گئی' وہاں ماہنامہ عبقری میگزین ملا' پرکشش ٹائٹل اور اس پر لکھی مضامین کی ہیڈنگز نے پڑھنے پر مجبور کردیا۔ لائبریری میں ہی بیٹھ کر پڑھنا شروع کردیا۔ جیسے جیسے پڑھتی گئی دل کو سکون ملتا گیا۔ میگزین سے دیکھ ماہنامہ عبقری کے دفتر رابطہ کیا' وہاں سے آپ سے اپوائنٹمنٹ کیلئے نمبر ملا' بتائے گئے دن فون کیا تو خوش قسمتی سے مجھے ٹوکن مل گیا۔ آپ سے آپ کے کلینک میں ملاقات ہوئی' آپ نے استخارہ کرکے بتایا کہ 19 سال اور 9 ماہ سے جنات اور نظر بد کی شکار ہوں۔ آپ نے چند اعمال دیئے جن میں سے ایک صبح وشام 200 مرتبہ سورۂ فلق اور ناس پڑھنا تھی۔ یقین کیجئے! اس دن سے زندگی سے مایوسی کے بادل چھٹ گئے' میں موٹی اور بھدے جسم کی مالک تھی' جیسے جیسے عمل پڑھتی گئی میرے جسم کا موٹاپا کم ہوتا گیا' میری آنکھیں جن کی رونق آسیب کی بدولت ختم تھی' بہت خوبصورت ہوگئیں' رنگ صاف ہوگیا' پھر ساتھ ہی میں نے عبقری رسالہ میں سے دیکھ کر ہر نماز کے بعد یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَا جَمِیْلُ کی تسبیح پڑھتی گئی میں پہلے جو موٹی' کالی اور انتہائی بے ڈھنگے جسم کی مالک تھی' آج الحمدللہ عبقری رسالہ کی بدولت میں ایک خوبصورت اور پرکشش لڑکی بن گئی ہوں' عمر 34 سال ہے مگر اب لگتی 20 کی ہوں' پہلے جو بھی دیکھنے آتا تو وہ کہتا لڑکی کی عمر تو 40 لگتی ہے۔ مگر اب جو بھی رشتہ دیکھنے کیلئے آتا ہے تو مجھے پسند کرلیتا ہے مگر میرے گھر والے مکمل چھان بین کرکے ناپسند کردیتے ہیں۔ الحمدللہ اب ایک نہایت اچھا رشتہ آیا ہے' گھر والے راضی ہیں۔

عبقری رسالہ میں سے دیکھ کر میں نے بیت الخلا جانے والی مسنون دعا پڑھنا شروع کی' جب پہلے دن ہی پڑھی تو خواب میں دیکھا کہ دو آدمی واش روم میں میرے سامنے بیٹھے ہیں مگر میں ان کو نظر ہی نہیں آرہی' وہ ویسے ہی بیٹھے ہیں جیسے انجان ہوں۔ اب تو شیشے کو دیکھ کر میں نے بسم اللہ ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ پڑھنا شروع کردیا ہے۔ چہرہ بالکل صاف شفاف اور پرنور ہوگیا ہے۔ آپ کے درس سنتی ہوں زندگی کی ہر ٹینشن ختم ہوگئی ہے۔ میں سورۂ رحمٰن اور اللہ رب العزت کے ننانوے نام ہر روز پڑھتی ہوں۔ (صائمہ نورین' لاہور)

میں درود پڑھ رہی ہوں تم تلاوت کرو! میرا آخری وقت آگیا!

میسز درشہوار مرزا

مرض کی شدت نے ہڈیوں کا ڈھانچہ بنادیا رنگ جل کر سیاہ ہوگیا۔ انتقال سے دو تین گھنٹے قبل بہنوں سے کہا کہ مجھے غسل کرا کر سفید جوڑا پہنا دیں بستر پر دراز ہوکر تسبیح ہاتھ میں لی والدہ اور بہنوں سے کہا کہ میں درود شریف پڑھنے لگی ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے کسی شمارے میں ''ایڈیٹر کے قلم سے'' میں آپ نے چند مرحومین کے آخری لمحات کی تصویر کشی نے مجھے بھی ماضی میں جھانکنے پر مجبور کیا۔ میری چند عزیز ہستیوں نے داعی اجل کا اس طرح مسکراتے ہوئے استقبال کیا۔

کینسر کی شکار معلمہ کا باعث رشک خاتمہ

2005ء میں میری ایک ساتھی معلمہ جو کینسر کا شکار تھیں ان کی وفات کا واقعہ ہر صاحب ایمان کے لیے باعث رشک ہوگا۔ تین سال تک وہ موت وحیات کی کشمکش میں گرفتار رہیں۔ اس موذی مرض کی وجہ سے ایک آنکھ کی بینائی جاتی رہی۔ آپریشن اور ایک سال تک کیموتھراپی کی اذیتیں کمال صبر و ضبط سے برداشت کیں پھر ہمیں پتہ چلا کہ عمرہ کے لیے سعودیہ چلی گئی ہیں۔ واپسی پر جب ہم ملاقات کے لیے گئیں تو بولیں اس مرض سے صحت یابی تو ناممکن ہے پھر مہنگے علاج پر رقم خرچ کرنے کی بجائے سوچا کہ مکہ مدینہ جاکر آنکھوں کی تشنگی بجھالوں۔ مرض کی شدت نے ہڈیوں کا ڈھانچہ بنادیا رنگ جل کر سیاہ ہوگیا۔ انتقال سے دو تین گھنٹے قبل بہنوں سے کہا کہ مجھے غسل کرا کر سفید جوڑا پہنا دیں بستر پر دراز ہوکر تسبیح ہاتھ میں لی والدہ اور بہنوں سے کہا کہ میں درود شریف پڑھنے لگی ہوں آپ سب قرآن پاک کی تلاوت کریں سب اشکبار تلاوت کرتے رہے اور وہ درود شریف کا ورد کرتے ہوئے اللہ کو پیاری ہوگئیں غسل میت کے بعد اللہ گواہ ہے اتنا پیلا' پرسکون اور نورانی چہرہ شاید ہی میں نے کسی کا دیکھا ہو۔

دوسرا واقعہ راولپنڈی کے مشہور علمی وتعلیمی شخصیت قاضی صغیر الحق صاحب کا ہے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد باقی زندگی فیض الاسلام ادارہ کے یتیم بچوں کے لیے وقف کردی اور اللہ تعالیٰ نے اس عالم میں اپنے پاس بلایا کہ مسجد میں فجر کی نماز ادا کی قرآن پاک کھولا اور تلاوت کرتے ہوئے سر جھک گیا قریب بیٹھے ان کے بھانجے (جو داماد بھی ہیں) نے سر سیدھا کیا تو آنکھیں بند اور ہونٹوں پر مسکان۔

سورۂ رحمٰن کی تلاوت اور خاتمہ بالخیر کے آثار

تیسرا واقعہ میری مرحومہ پھوپھی زاد بہن کا ہے جو ریڑھ کی ہڈی کے نقص سے بالکل کبڑی ہوگئی تھیں۔ مرنے کے بعد بالکل چت سیدھی لیٹی ہوئی کہ انہیں دیکھ کر میں نے ان کی بیٹی سے اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ موت کے بعد اس پوزیشن میں آگئیں پتہ چلا کہ ہر وقت سورۂ رحمن کی تلاوت نے انہیں یہ ثمر دیا۔

گدھا دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے اور آپ پر اپنی رحمت نازل فرمائے۔ کسی ادارے میں میرا یہ پہلا خط ہے میرا موضوع ہے جانوروں پر ہونے والے ظلم کو روکنا اور ان کی فلاح کی طرف توجہ دلانا ہے۔ آتی ہوں اپنی اصل پریشانی کی طرف۔ گدھا بہت درد بھرا لفظ ہے میں نے جو دیکھا ہے محسوس کیا ہے اس پر میرا دل خون کے آنسو روتا ہے اور بے قرار رہتا ہے۔ سردیوں کے موسم میں ہم نے گدھوں کو کھلے آسمان کے نیچے بارش اور دھند میں بندھے دیکھا ہے۔ یہ بہت اذیت ناک مرحلہ ہے۔ گرمیوں میں بھون دینے والی دھوپ میں گدھوں کو دھوپ میں سارا دن کھڑے دیکھا ہے' پھل فروش اپنے پھلوں پر چھاؤں کا انتظام کرتے ہیں' سردیوں میں اپنی دکان کو سمیٹ کر جاتے ہیں لوگ اپنی گاڑیوں پر کپڑا دیتے ہیں کہ اوس نہ پڑے مگر بے زبانوں پر ترس نہیں آتا کہ ان کو دھوپ سے بچانے اور سردی سے محفوظ رکھنے کا سوچیں مگر افسوس۔ میری دردمند قارئین سے اپیل ہے کہ وہ اس ظلم کو روکیں' جانوروں کے مالکان کو جانوروں کے حقوق پر مبنی احادیث مبارکہ سنائیں۔ جانوروں کی دعاؤں و بددعاؤں کے وہ واقعات جو حضرت حکیم صاحب اپنے دروس میں بیان فرماتے ہیں وہ سنائیں۔ ان شاء اللہ ذرا سی کاوش سے بہت سے بے زبان ظلم سے بچ جائیں گے اور آپ کو ان کی مخلص دعائیں ملیں گی۔ (طاہرہ، لاہور)

مشروب عبقری افزا
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لُو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

آنکھ کے اوپر دانہ

چند ماہ سے بار بار میری آنکھ کے اوپر دانہ نکل آتا ہے جس سے بڑی تکلیف ہوتی ہے۔ دوا بھی کھاتی ہوں مگر یہ مسئلہ ختم نہیں ہوتا' یہ کیسے ٹھیک ہوگا؟ (رومانہ' ایبٹ آباد)

مشورہ: اسے گوہانجنی کہتے ہیں' یہ دانہ بہت تنگ کرتا ہے۔ جیسے ہی درد محسوس ہو اسی وقت ہتھیلی پر شہادت کی انگلی اچھی طرح رگڑ کر دانے پر بار بار لگائی جائے تو دانہ بڑھتا نہیں بلکہ ختم ہوجاتا ہے۔ اسی طرح لونگ کا پھول نہیں بلکہ لونگ کی ڈنڈی کسی صاف جگہ گھسا کر بڑی احتیاط سے دانے کے اوپر لگائیں۔ آنکھ میں نہ جائے ورنہ جلن ہوگی۔ اس سے دانہ جل جاتا ہے۔ بار بار دانے نکلیں تو املی کا بیج گھسا کر لگانے سے دانے ختم ہوجاتے ہیں۔

عید آرہی' گوشت محفوظ کرنے کا طریقہ سیکھ لیں!

بقرعید پر سبھی گوشت محفوظ کرتے ہیں مگر کبھی کبھی اس میں بو آنے لگتی ہے۔ یہ کیسے دور ہوگی کیونکہ سالن پکاتے وقت ناگوار لگتی ہے؟ (بیگم خرم شاہ)

مشورہ: گوشت کے پیکٹ زیادہ بڑے نہ بنائیے نیز جب پیک کھولیں تو تھوڑے سے پانی میں تین چار چمچ پھلوں کا سرکہ ملا کر گوشت بھگو دیجئے۔ پندرہ بیس منٹ بعد دھو کر استعمال کریں، گوشت خستہ اور لذیذ بنے گا اور بو بھی ختم ہو جائے گی۔ روسٹ بنانا چاہیں تو رات ہی کو اس پر سرکہ اور تھوڑا سا تیل لگا کر رکھ دیں۔ ہلکا سا نمک بھی چھڑک دیجئے۔ بعد میں جو مسالے لگانا چاہیں، لگا کر رکھ دیں۔ گوشت خستہ بنے گا اور مسالہ اندر تک رچ بس جائے گا۔

گھر کے کام کر کر کے تھک جاتی ہوں!

میرے تین بچے ہیں' ساس سسر ساتھ رہتے ہیں' میں صبح گیارہ بجے سے رات گیارہ بجے تک کام میں لگی رہتی ہوں' کام پھر بھی ختم نہیں ہوتے' مشورہ دیں جس سے کام کرنا آسان ہوجائے اور میں بھی آرام کرسکوں۔ (زلیخاں امتیاز' کراچی)

مشورہ: بی بی! کام کو صحیح طریقہ سے کیا جائے تو سب کام ہوجاتے ہیں' میری ایک ملنے والی لڑکی کے دو بچے ہیں۔ میاں بینک میں ملازم اور ساس بیمار رہتی ہیں۔ وہ صبح نماز کے وقت اٹھتی ہیں' واشنگ مشین میں کپڑے دھونے کے لیے ڈالتی ہے' چائے کا پانی رکھتی ہے' نماز پڑھ کر قرآن پاک کی تلاوت کرنے کے بعد کپڑے مشین سے نکال کر پانی میں صاف کر کے سوکھنے کیلئے مشین میں ڈال دیتی ہے' چائے بناتی ہے' ساس کو بسکٹ اور چائے کی پیالی ٹرے میں رکھ کر دیتی ہے' خود اپنے شوہر کے ساتھ چائے پیتی اور بچوں کا لنچ بکس تیار کرتی ہے' جس میں کباب' سینڈوچ' بسکٹ ہوتے ہیں۔ دوبارہ چائے کا پانی رکھ کر انڈے تل کر سلائس کے ساتھ سب کا ناشتہ بناتی ہے۔ بچے تیار رہتے ہیں اتنے میں وہ خود بھی تیار ہوجاتی ہے۔ ناشتہ میز پر لگاتی' کپڑے تار پر پھیلاتی' برتن سمیٹ کر دھو کر رکھنے کے بعد اپنے میاں اور بچوں کے ساتھ چلی جاتی ہے۔ خود بھی اسکول میں پڑھاتی ہے' سکول سے آکر روٹی پکاتی اور کھانا شام کو ہی بنا کر فریج میں رکھ دیتی ہے۔ وہ کہتی ہے میرے پاس تو وقت ہی وقت ہے۔ شام کو گھومنے بھی جاتی ہے۔ استری بھی کرتی ہے۔ آپ بھی وقت کی تقسیم کریں۔ پہلے زمانے میں فریج' مائیکرو ویو' واشنگ مشین نہیں ہوتی تھی' خواتین سارے کام کرتی تھیں۔ سلائی' کشیدہ کاری بھی شامل کرتیں۔ آپ کا بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ آپ صبح دیر سے اٹھتی ہیں۔ صبح صبح اٹھیے' گیارہ بجے تک بہت سارے کام نمٹا لیں' ہمت کریں' گھڑی دیکھ کر کام کریں۔ وقت کی قدر کریں' دو چار دن مسئلہ ہوگا' پھر آپ عادی ہوجائیں گی اور آرام بھی کرسکیں گی۔

آپ موٹا نہیں ہونا چاہتیں تو یہ دو کام کرلیں!

میری دو بہنیں ہیں' شادی کے بعد ان کا جسم بھدا ہوگیا اور بچے ہونے کے بعد تو عجیب سی لگتی ہیں۔ میری بھی شادی ہوگئی ہے' آپ سے صرف یہ پوچھنا ہے کہ کوئی ایسا ٹوٹکہ ہے جس کے استعمال سے حمل کے دوران کوئی بھی مسئلہ لاحق نہ ہو اور بچے کی پیدائش کے بعد موٹاپا نہ آئے۔ (کرن عابد' لاہور)

مشورہ: پنجاب میں خواتین عام طور پر موٹی ہوجاتی ہیں' خصوصاً پیٹ بڑھ جاتا ہے' اس کی وجہ یہ ہے زچگی کے بعد وہ خوب کھاتی پیتی اور کام نہیں کرتیں۔ بنگال میں خواتین چھریرے بدن کی دکھائی دیتی ہیں اور ہندوستان میں بھی پیٹ کمر اور کولہوں پر چربی نہیں چڑھتی۔ کھانے پینے میں احتیاط کرتی ہیں۔ میں دو ٹوٹکے بتاتی ہوں' بے شمار خواتین نے عمل کیا اور وہ موٹاپے کا شکار نہیں ہوئیں۔ بادام کا تیل اپنے سامنے نکلوائیں کیونکہ خالص تیل ہی اچھا رہتا ہے' بازاری نہیں۔ تیسرے چوتھے ماہ سے حمل کے دوران 10 قطرے بادام کا تیل' آدھا کپ دودھ میں ملا کر صبح شام پینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے' بچہ ٹھیک رہتا ہے اور حمل کے دوران کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔ اسی طرح دو چمچ گندم دو کلو پانی میں خوب ابال لیں' پھر گندم نکال کر یہ پانی بوتل میں رکھ لیں۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد یہی پانی پئیں۔ ختم ہوجائے تو دوبارہ بنالیں پیٹ بالکل نہیں بڑھے گا۔ اس میں کوئی نقصان بھی نہیں۔ آپ محسوس کریں گی کہ آپ کا جسم پھولے گا نہیں۔ آپ دبلی پتلی رہیں گی۔ یہ ٹوٹکہ ہندوستان کے علاوہ بیرون ملک بے شمار خواتین نے استعمال کیا اور وہ بالکل چھریرے بدن کی رہیں۔ آپ بھی استعمال کریں۔

گھر میں ہی قینچی کی دھار تیز کرنے کا فارمولہ

میری قینچی کی دھار اکثر خراب ہو جاتی ہے۔ پلاسٹک کے دستے والی قینچی باہر سے لائی مگر ایک دو ماہ بعد وہ بھی کسی کام کی نہیں رہی۔ یہاں تک کہ کپڑا تک نہیں کاٹ سکتی۔ میرے مسئلہ حل کیجئے۔ (رومانہ بشیر)

مشورہ: آپ شیشے کی ایسی بوتل لیجئے جس کی گردن لمبی ہو، اب سیدھے ہاتھ میں قینچی پکڑیں اور الٹے ہاتھ میں بوتل لے کر کسی میز پر رکھ دیں۔ کھلی قینچی بوتل کے گردن سے لگا کر یوں چلائیے جیسے کچھ کاٹ رہی ہوں۔ چند بار یہ عمل کرنے سے دھار تیز ہوجائے گی۔ کاغذ کاٹنے سے خصوصاً قینچی کی دھار خراب ہوتی ہے۔ ایک قینچی ایسے کاموں کے لیے علیحدہ رکھنی چاہیے۔ کپڑے کاٹنے سے قبل قینچی تیز کرلیا کریں، مشروبات یا جوس کی شیشے والی خالی بوتل اسی مقصد کے لیے رکھ لیں۔

3 اجزا کا پاؤڈر! غیر ضروری بال دوبارہ نہ آئینگے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا اور آپ کے رسالہ عبقری کا ساتھ 2013ء سے ہے' عبقری میں بہت شوق سے پڑھتی ہوں' خاص طور پر ''جنات کا پیدائشی دوست''۔ میں نے عبقری سے بہت کچھ پایا ہے' آج پہلی بار خط لکھ رہی ہوں' میرے پاس چہرے کے غیر ضروری بالوں کیلئے ایک خاص ٹوٹکہ ہے جو میں بھی آزما چکی ہوں۔

ھوالشافی: 50 گرام قسط شیریں' 50 گرام سورنجان تلخ' ایک تولہ روغن خس (خس کا عطر بھی بازار سے ملتا ہے)۔ تینوں کو پیس کر پاؤڈر بنالیں' پھر پیسٹ بنالیں' رات کو چہرے پر یا جہاں بال ہیں وہاں لگائیں' صبح دھولیں' دو مہینے بلاناغہ لگائیں' دو مہینے بعد بال باریک ہوکر ختم ہوجائیں گے' ان شاء اللہ دوبارہ کبھی بال نہیں نکلیں گے۔ (نمرہ' میرپور خاص)

الرجی کھانسی' ناک بہنا یا بند ہونا' جسم میں درد' دماغی بوجھ' سستی کاہلی' بخار' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا' بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)
جوش جوشاندہ
ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

موٹاپا بھگانا ہے یا حسین ہونا تو یہ سبزی نہ چھوڑیئے!

عائشہ موسیٰ لاہور

اعصابی توانائی کیلئے یہ ایک عمدہ ٹانک ہے بعض حکماء اسے گردے کی پتھری کو توڑنے کیلئے ایک عمدہ بے ضرر اور قدرتی جراح خیال کرتے ہیں۔ اس میں مرض یرقان کو دور کرنے کیلئے بھی بہت صلاحیت ہوتی ہے۔ جریان کا عارضہ میں اس کا استعمال فائدہ دیتا ہے

نجانے کیوں اس سبزی سے دور بھاگتے ہو

یوں تو تمام سبزیوں کی پسندیدگی کا دارو مدار پکانے کے خصوصی طریقوں سے وابستہ ہے اور اچھی سے اچھی اور تازہ ترین بھی اگر سلیقے سے نہ پکائی گئی ہو تو اسے کھانے کا مزہ نہیں آتا لیکن کریلا خاص طور پر ایسی سبزی ہے جس کی پسندیدگی اور ناپسندیدگی کا دارو مدار خالص پکانے والے پر منحصر ہوتا ہے اگر یہ ڈھنگ سے پکایا گیا ہو اور اس کی کڑواہٹ کو کم سے کم کیا گیا ہو تو اس کی لذت دوبالا ہوجاتی ہے بصورت دیگر اسے کھانا بڑوں بچوں سب کیلئے نہایت ہی مشکل ہے یہی وجہ ہے کہ بعض لوگ اس سبزی کو انتہائی پسند کرتے ہیں اور بعض اس سے دور بھاگتے ہیں۔

دیگر سبزیوں کی طرح کریلے میں بھی بے شمار خوبیاں رکھی ہیں قیمہ کریلے' بھرے ہوئے کریلے اور بعض علاقوں میں دال کریلے جیسے پکوان پکائے جاتے ہیں جو غذائیت سے بھرپور اور لذیذ ہوتے ہیں۔ اکثر گھروں میں اسے پکانے سے پہلے نمک لگا کر اس کی کڑواہٹ کو دور کرلیا جاتا ہے تاہم تمام کوششوں کے باوجود کریلے میں تھوڑی بہت کڑواہٹ پکنے کے بعد بھی رہتی ہے اور بعض افراد کے نزدیک یہی کڑواہٹ کریلے کی خصوصیت ہے اور اگر اسے یکسر ختم کردیا جائے تو نہ صرف یہ طبی لحاظ سے اتنا فائدہ مند نہیں رہتا۔ جسم کے لیے تقویت بخش غذا ہے کڑوا ہونے کے باعث یہ ایک حد تک مصفی خون بھی ہے۔

اس کا سب سے اہم فائدہ یہ ہے کہ ذیابیطس کے مرض کیلئے بہت مفید ہے اسے کھانے سے شوگر کم ہوتی ہے اس صورت میں اسے زیادہ چھیلنا نہیں چاہیے' چاہے تو قیمے کے ساتھ کھائیں یا فقط توے پر دونوں طرف سے سینک کر بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ بہت سے لوگ کریلے سائے میں خشک کرلیتے ہیں اور پھر ان کا سفوف (پاؤڈر) بنا کر دو گرام روزانہ کھاتے ہیں۔

موٹاپا بھگانا ہے یا حسین ہونا تو جی بھر کر کھائیں

یہ موٹاپے کو کم کرتا ہے اس صورت میں اسے بطور سبزی پکا کر یا سفوف بنا کر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اپنی کڑواہٹ کے باعث اس میں بیشتر ایسے خواص پائے جاتے ہیں جو خون کو صاف کرتے ہیں چنانچہ وہ خواتین وحضرات جن کو پھوڑے پھنسی کی شکایت عام ہوں یا انہیں دیگر جلدی امراض ہوں ان کیلئے کریلے کا پکا کر استعمال بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

معدہ کمزور' بھوک نہیں لگتی تو آج پکائیے

جگر کی خرابی کی وجہ سے ہونے والے استسقا (ڈیما) میں کریلے کا استعمال بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کی شکایت میں کریلوں کا 85 گرام رس نکال کر اس میں 15 گرام شہد ملا کر پینے سے مرض میں کمی ہوجاتی ہے' اس کے استعمال سے دو تین دست آتے ہیں اور خرابی کی اصلاح ہوجاتی ہے۔

کریلا جس قدر سبز' ملائم اور تازہ ہو اچھا سمجھا جاتا ہے۔ اگر کسی شخص کا معدہ کمزور ہو اور اسے کھانا ہضم نہ ہوتا ہو یا اسے بھوک کم لگتی ہو کریلے کا سالن کھانے سے اس کا معدہ مضبوط ہوسکتا ہے اور اسے بھوک بھی لگے گی۔

کریلے کا استعمال فالج کے بڑھتے ہوئے اثرات وامکانات کو بڑی حد تک روکتا ہے پیٹ کے کیڑوں کو مارنے کے لیے کوئی اور سبزی یا ترکاری کریلے کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ گنٹھیا کے مرض میں بھی کریلے کا استعمال بہت مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اسی طرح لقوہ وغیرہ میں کریلے کا سالن زیادہ کھانا چاہیے۔

اعصابی توانائی کیلئے عمدہ ٹانک ہے

اس سے دماغ پراگندہ خیالات اور بعض کثافتوں سے محفوظ رہتا ہے۔ اعصابی توانائی کیلئے یہ ایک عمدہ ٹانک ہے بعض حکماء اسے گردے کی پتھری کو توڑنے کیلئے ایک عمدہ بے ضرر اور قدرتی جراح خیال کرتے ہیں۔ اس میں مرض یرقان کو دور کرنے کیلئے بھی بہت صلاحیت ہوتی ہے۔ جریان کا عارضہ میں اس کا استعمال فائدہ دیتا ہے تاہم گرم مزاج افراد کیلئے اس کا کثرت سے استعمال نقصان دہ بھی ثابت ہوسکتا ہے۔ لیکن ایسے افراد اگر اسے کھانا چاہیں تو دہی ڈال کر یا دھنیا کے ساتھ کھاسکتے ہیں ایسے افراد جو اس کی کڑواہٹ کے باعث اسے کھانے سے گریز کرتے ہیں انہیں چاہیے کہ صرف کڑواہٹ پر نہ جائیں اس کے فوائد پر بھی نظر رکھیں اس طرح وہ ایک فائدہ مند چیز سے خود کو محروم رکھنے سے بچ جائیں گے۔

اب کوئی مشکل' مشکل نہیں رہی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 24 سال اور وکالت سے منسلک ہوں' پنجاب یونیورسٹی سے ایل ایل ایم بھی کررہی ہوں' تسبیح خانہ سے نسبت تقریباً عرصہ چار سال سے ہے' ان چار سال میں جو تبدیلی اور جو رُخ آپ نے ہماری زندگیوں کو دیا ہے اس کو بیان نہیں کرسکتی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں سدا آپ کی رہنمائی میں رکھیں اور آپ کو آپ کی نسلوں اور تسبیح خانہ کو سدا شاد وآباد رکھے۔ آمین ثم آمین۔ میں نے اپنے مسائل کے حل کیلئے آپ کو خطوط لکھے' میرا یقین ہے کہ آپ کو آج تک جس دعا کیلئے خط میں کہا جواب سے پہلے وہ دعا قبول ہوتی دکھائی دی ہے' اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا کرے۔ آمین!

ہم بہن بھائی اور والدہ درس پر آتے ہیں' ابو نہیں آتے' پہلے وہ ہمارے آنے پر بھی بولتے تھے' پھر آہستہ آہستہ تبدیلی آئی کہ گھر میں انٹرنیٹ پر درس لگاتے تو بیٹھ کر سن لیتے' وظائف بھی شروع کردیتے' پھر کہنے لگے: میں نو چندی کے درس میں جایا کروں گا' نو چندی میں چھ سے آٹھ ماہ ہوگئے ہیں' روٹین سے آتے ہیں' سمجھ میں نہیں آرہا کہ آپ کا شکریہ کس طرح ادا کروں' آج وہ دن ہے کہ چار ہفتوں سے ہر جمعرات درس پر آرہے ہیں اور خود کہتے ہیں کہ میں نے جلدی جانا ہے آگے بیٹھنا ہے۔ یہ تبدیلی سب آپ کی دعاؤں کے باعث ہے۔

ہم سے زیادہ شوق اور لگن سے درس سنتے ہیں۔ رشک آتا ہے خود کو دیکھ کر' ایک وہ کٹھن دور تھا جو ہم نے بچپن میں گزارا اور آج یہ دن ہیں کہ ہر طرف خوشحالی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں تسبیح خانہ کی قدر واحترام کرنے والا بنائے۔ آمین!۔

بڑے بھائی کی نوکری کا مسئلہ ہوا' پرائیویٹ یونیورسٹی میں لیکچرار ہے' آپ کے درس سے یقین کریں یہ احساس مل گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ جو کرے وہ بہتر ہوگا اور ہمیں اللہ کے ذکر میں اور جائے نماز پر محنت کرنی ہے۔ یقین کریں یونیورسٹی سے سب کو فارغ کردیا صرف دو بندوں کو رکھا جن میں سے ایک بھائی تھا۔ اللہ تعالیٰ ہمارے لیے وہاں سے دروازے کھول رہے ہیں جہاں سے گمان بھی نہیں ہوتا اور آج ایک مہینہ ہوگیا' وہ یونیورسٹی بھی بند نہیں ہوئی اور مزید دو یونیورسٹیوں سے بھی اچھی آفر ہے۔ تسبیح خانہ کے دم سے ہماری زندگی میں روشنی آگئی ہے اب کوئی مشکل مشکل ہی نہیں لگتی۔ آپ نے اللہ تعالیٰ سے مانگنا سکھا دیا ہے' اللہ تعالیٰ ہمیں سدا آپ سے اور تسبیح خانہ سے جوڑے رکھیں اور آپ کو دنیا وآخرت کی برکات وعافیتیں عطا فرمائے۔ آمین۔ (نمرہ سلیم' لاہور)

نورتن شفاء
بواسیر' الرجی' بڑھا پیٹ' اٹھرا' خون کی خرابی' پھوڑے پھنسی' شوگر کے زخم' رسولی چاہے کینسر کی ہی ہو' دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی
لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج
قیمت 150 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

قارئین! آپ بھی بجل شکئی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کو کبھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں، نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔



خاوند کی مہربانی کے انہوں نے عبقری لادیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رسالہ عبقری کی سمجھ میں نہیں آتا کن الفاظ میں اس کی تعریف کروں' اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ خوش رکھے' میں عبقری رسالہ گزشتہ چار سال سے پڑھ رہی ہوں' یہ میرے خاوند صاحب کی مہربانی ہے کہ انہوں نے مجھے ماہنامہ عبقری لاکر دیا' اس سے پہلے میں چار ڈائجسٹ ہر ماہ پڑھتی تھی اور کبھی سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ میں یہ ڈائجسٹ پڑھنا چھوڑ دوں گی۔ میرے خاوند بیچارے مجھے بہت سمجھاتے کہ دین کی کتب پڑھا کرو' الحمدللہ وہ خود عالم دین ہیں' مجھے لکھنا نہیں آتا' بہت خواہش تھی کہ اپنے پسندیدہ ماہنامہ میں میں بھی کچھ لکھوں' پہلی بار شرکت کر رہی ہوں۔

میں عبقری کے ٹوٹکے بہت استعمال کرتی ہوں جب سے عبقری کے ساتھ تعلق جڑا ہے ہمارے گھر سے میڈیکل سٹورز کی ادویات کا داخلہ ختم ہو چکا ہے' ڈاکٹروں کے پاس جانے کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی' ادھر کوئی مسئلہ ہوا ادھر عبقری سے اس کا حل مل جاتا ہے۔

اس کو میٹھی لذیذ چیز کھلاؤ اور صحت دیکھو

آج کل گرمیاں ہیں' میرا بھائی سات بہنوں کے بعد پیدا ہوا' الحمدللہ اب وہ خود بچوں والا ہے' جب وہ چھوٹا تھا تو ایک رات اس کو خونی پیچش لگ گئے' امی بہت زیادہ پریشان ہوئیں' روتی ہوئی ہمسائی کے گھر گئی کہ خالہ نجانے میرے بچے کو کیا ہوگیا ہے' خون والے موشن لگے ہیں' وہ مسکرا کر کہنے لگیں' پریشان کیوں ہوتی ہو؟ اس کو فالودہ کھلاؤ' (جو کہ نشاستہ سے تیار ہوتا ہے) امی کہنے لگیں: اتنی رات گئے فالودہ کہاں سے لاؤں' تو خالہ نشاستہ اٹھا لائی اور کہا اس (نشاستہ) کو پانی میں اچھی طرح پکا کر ٹھنڈا کر کے چینی ڈال کر پانی ٹھنڈا ڈال کر دو چمچ کھلا دیا' اگر رک گئے تو ٹھیک ورنہ دو گھنٹے بعد پھر کھلا دو' ان شاء اللہ آرام آجائے گا۔ اس ٹوٹکے سے میرا بھائی بالکل ٹھیک ہوگیا تھا' امی خالہ کو بہت دعائیں دیتی تھی۔ اس کے بعد میں نے جس کسی کو بھی بتایا سب کو آرام آیا' صرف گرمیوں میں استعمال کریں۔ فالودہ گرمیوں میں آرام سے مل جاتا ہے۔ محترم حکیم صاحب زندہ باد! عبقری پائندہ باد۔

صرف دو لونگ اس مرض کیلئے کافی ہیں' آزمودہ!

میری چھوٹی بیٹی کو بہت زیادہ موشن لگے' کافی ادویات استعمال کی مگر ذرہ برابر آرام نہ آیا۔ ادھر کھاتی' اُدھر باتھ روم بھاگ جاتی' میں بھی تنگ آگئی تھی' پھر کیا؟ ماہنامہ عبقری اٹھایا' اس میں لونگ والا ٹوٹکہ دیکھا۔ ھوالشافی: ایک لونگ دو چمچ پانی میں ابال لیں' لونگ کا رنگ تبدیل ہوجائے تو بچی کو پلا دیں' (لونگ کی ٹوپی اتار لینی ہے) میں نے ایک دن میں چار سے پانچ مرتبہ پلایا الحمدللہ میری بیٹی بالکل ٹھیک ہوگئی۔ میری تو خوشی کی انتہا نہ رہی' ہر دو گھنٹے بعد پلائیں' بڑوں کیلئے دو لونگ لیں' میں تو اب ہر ملنے والی کو عبقری پڑھنے کی دعوت دیتی ہوں' الحمدللہ لوگ بھرپور مستفید ہو رہے ہیں۔

تیزابیت کے مریض یہ بنائیں اور صحت مند ہوجائیں

شروع سے میرا معدہ بہت بہت اچھا تھا لوگ کہتے کہ ہمیں کھٹی ڈکاریں آتی ہیں' تیزابیت سے وغیرہ میں کہتی کہ میں تو بالکل فٹ رہتی ہوں کچھ بھی کھالوں مجھے تو کچھ نہیں ہوتا ہر وقت یہی بات کرتی اور سوچتی اللہ کو میری بات یہ پسند نہیں آتی' معدہ خراب رہنے لگا' تیزابیت اتنی کہ ذرا کچھ کھالوں عذاب آجاتا' بڑی پریشان ہوئی کہ کیا ہوگیا مجھے ایسا کبھی زندگی میں نہیں ہوا اب ہو رہا ہے اللہ تعالیٰ سے سچے دل سے معافی مانگی پھر ماہنامہ عبقری میں دیا گیا نسخہ بنا کر استعمال کیا' اب اللہ تعالیٰ کا شکر ہے' مالک کا احسان ہے' بالکل فٹ رہتی ہوں' شرط ہے کہ باقاعدگی سے استعمال کریں۔

ھوالشافی: سنڈھ پچاس گرام' ریوند چینی پچاس گرام' میٹھا سوڈا پچاس گرام' سنڈھ ریوند چینی کو کوٹ پیس کر میٹھا سوڈا ملا کر پھکی بنالیں' آدھی چمچ کھانے کے بعد سادہ پانی سے کھائیں' ان شاء اللہ بہت فائدہ دے گی' یہ پھکی بھوک کی کمی' خون کی کمی' گیس پیٹ کا بڑھنا سب میں ہی بہت بہت مفید ہے۔

شدید خارش ہے! بالکل مفت مرہم بناؤ' شفاء پاؤ

گزشتہ دنوں مجھے ٹانگوں پر شدید خارش شروع ہوگئی' دھدر نما خارش کرتے ہوئے بہت مزہ آتا بعد میں جلن سے بُرا حال ہوتا ہے' میرے خاوند کا آزمودہ ہے جب بھی میں خارش کرنے بیٹھتی فوراً کہتا تیل پانی کیوں نہیں لگاتی' تھوڑے تیل میں اتنا ہی پانی مکس کر کے ہتھیلی پر رکھ کر اچھی طرح انگلی سے مکس کرتی جب مرہم سی بن جاتی تو خارش زدہ جگہ پر لگا لیتی۔ اسی وقت ٹھنڈک کا احساس ہوتا اور دو گھنٹے کیلئے آرام آجاتا' مگر پھر شروع ہوجاتی' پھر ہنستے ہوئے کہتے تیل پانی کیوں نہیں لگاتی' تیرے پیسے لگتے ہیں کیا؟ میں کہتی مجھے دوائی لے کر دیں' کہتے: ہمارے ہاں دوائی کا رواج نہیں' یہی لگاؤ اللہ آرام دے گا' ایسا ہی ہوا سرسوں کا تیل اور پانی ہموزن مکس کر کے مرہم بنا کر جتنی مرتبہ خارش ہوئی اتنی مرتبہ لگایا' میری خارش بالکل ختم ہوگئی۔ میرے شوہر کہتے ہیں گھر میں عبقری ہے تو پھر دوائی کے پیسے خرچ کرنے کی کیا ضرورت' جتنے پیسے ڈاکٹرز کو دیتے ہیں وہی پیسے صدقہ کر دو' یہی ٹوٹکہ میں نے اپنے خاوند کو شروع سے استعمال کرتے ہوئے دیکھا ہے حتیٰ کہ زخموں پر بھی آزمائیں اور دعائیں دیں۔

پھوڑا انکل آیا! فوراً چولہے پر ہنڈیا چڑھا دیں

پھوڑوں کیلئے: میری بیٹی جب چھوٹی سی تھی تو نچلی طرف پھوڑا نکل آیا' نہ سیدھی سو سکتی تھی' نہ بیٹھ سکتی تھی' الٹا لیٹتی تھی' کافی پریشان ہوئی' کیا کروں؟ شام کے وقت ہمسائی عورت آئی' اس کو بتایا' سیانی تھی' عورت کہنے لگی بیٹا: تم ایسا کرو آٹے کے سات سے آٹھ چمچ کھانے والے لے لو اور ایک کٹورے میں ڈال کر اس میں آدھ چمچ ہلدی' آدھ چمچ نمک' تین چمچ سرسوں

شدید خارش ہے! بالکل مفت مرہم بناؤ شفاء پاؤ
اس کو میٹھی لذیذ چیز کھلاؤ اور صحت دیکھو
صرف دو لونگ اس مرض کیلئے کافی ہیں، آزمودہ!
پھوڑا انکل آیا! فوراً چولہے پر ہنڈیا چڑھا دیں
وظائف بے اثر کیوں ہوئے؟
یہ پڑھا 3 منزلہ گھر مل گیا مزید کیا ملا وہ پڑھیں!

عبقری تلبینہ
عورتوں، بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ ناصرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بہت بہترین چیز
بچوں، بڑوں، بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا، ٹانک بھی، دوا بھی شفاء بھی اور عطا بھی
ٹینشن، ڈپریشن، تھکان، جسمانی، کمر، ٹانگوں کا درد، پٹھوں کا کھچاؤ ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOORKHANPESHAWAR

کا تیل اور تھوڑا سا پانی ڈال کر آگ پر ہلکی آنچ پر پکاؤ' ساتھ چمچ ہلاتی جاؤ' جب گاڑھا ہوجائے اور حلوہ کی طرح نظر آنا شروع ہوجائے تو اتار کر تھوڑا سا ٹھنڈا کرلو' اتنے میں چینی ایک چمچ لے کر اسے بالکل باریک پیس لو' نیم گرم مرہم جو تیار کی ہے اسے ہاتھ سے ایک کپڑے پر رکھ کر تکیہ بنالیں' پھوڑے پر پہلے پسی ہوئی چینی ڈالیں اور پھر اوپر حسب برداشت گرم تکیہ باندھ دیں' یاد رہے یہ مرہم نیم گرم ہونی چاہیے ٹھنڈی کوئی فائدہ نہ دے گی۔ رات کو باندھ دیں صبح پٹی کھول دیں۔ پہلی ہی پٹی سے مواد نکل جائے گا ورنہ دوسری رات پھر اسی طرح پٹی باندھنی ہے۔ الحمدللہ! میری بیٹی کو اسی مرہم سے آرام آیا' پھر بیٹے کو عین اسی جگہ پر نکل آیا' دونوں نے یہی نسخہ استعمال کیا دونوں کو اللہ رب العزت نے صحت سے نواز دیا۔ عبقری کیلئے بہت کچھ لکھنے کو دل کرتا ہے' ان شاء اللہ پھر کبھی سہی۔ (غزالہ' راجن پور)

استاد محترم نے بتایا میرے پرانے مرض کا علاج

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا ماہنامہ عبقری گزشتہ چھ ماہ سے پڑھ رہا ہوں مجھے بے حد خوشی ہوئی ہے کہ آپ اُمت مسلمہ کی خیر خواہی میں ہمہ تن مصروف ہیں۔ بندہ ناچیز کے پاس چند تجربات ہیں جو آپ کی معرفت ماہنامہ عبقری کو پیش کررہا ہوں۔ استاد محترم نے بتایا پانی سے قبض کا علاج، یہ 2008 کی بات ہے جب مجھے بدرجہ غایت انتہا کی قبض تھی۔ ڈاکٹروں سے مایوس ہوگیا تو آخر کار میں اپنی مسجد کے قاری حافظ محمد اکرم صاحب کے پاس گیا اور قبض کی شکایت کی انہوں نے مجھے کہا کہ بیٹا! قبض کا علاج ہم آپ کو بتائیں گے مگر بے کار سمجھ کر نظر انداز نہ کردینا میں نے اپنے استاد محترم سے اس نسخہ پر عمل کرنے کی حامی بھرلی۔

ہر لقمے کے ساتھ ایک گھونٹ پیو

انہوں نے بتایا کہ پیٹ بھر کر نہار منہ خوب پانی پیو پھر جب بھی کھانا کھاؤ تو سنت رسول ﷺ کے مطابق کھانے سے پہلے پانی پیو اور خوب پانی پیو، اب ہر لقمہ کے ساتھ ایک ایک گھونٹ پانی پیتے جاؤ اور آخری لقمہ کے ساتھ پانی نہیں پینا (یعنی آخری لقمہ بغیر پانی کے نگلنا ہے اور بعد میں پانی نہیں پینا)

میں نے یہ نسخہ صرف تین دن تک استعمال کیا تو میں حیران رہ گیا کہ جو کام ڈاکٹروں کی قیمتی ادویات نے نہیں کیا وہ کام پانی نے کردیا۔ اس کے بعد یہ نسخہ تو مکمل طور پر تو نہ اپنایا مگر تین عادتیں اپنی روزمرہ زندہ میں اپنالی۔ (۱) نہار منہ ایک گلاس پانی، (۲) کھانا کھانے سے پہلے ایک گلاس پانی (۳) کھانے کے آخری لقمے کے بعد پانی نہ پینا۔ اس نسخہ کے عمل سے 2008 سے لے کر اب 2015ء تک سات سال کے دوران مجھے قبض کی کبھی شکایت نہیں ہوئی۔ میں اپنے استاد محترم کا بے حد ممنون ہوں۔ ویسے بھی میں نے طب کی ایک کتاب میں کسی بزرگ کا بڑا مشہور قول پڑھا کہ کھانا کھانے سے پہلے پانی پینا سونا' درمیان میں پینا چاندی اور آخر میں پانی پینا وباء ہے۔ (محمد آصف)

امی کے گھر چھٹیاں گزارنے گئی اور نصیب جاگ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آج سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کے فوائد جو میں نے آزمائے قارئین عبقری کو بتانا چاہتی ہوں۔ میں یہ آیت اس وقت سے پڑھ رہی ہوں جب میں عبقری کو نہیں جانتی تھی۔ واقعہ کچھ یوں ہے کہ میری ایک بہن جو کہ ملتان میں رہتی ہیں' وہ ایک مرتبہ گرمیوں کی چھٹیوں میں امی کے گھر آئیں تو میں بھی وہاں چھٹیاں گزارنے گئی ہوئی تھی تو میری باجی نے باتوں باتوں میں بتایا کہ لاہور میں ایک مولانا صاحب ہیں جو کہ ہر جگہ درس دینے جاتے ہیں وہ ملتان میں آئے تھے تو ہم ان کا درس سننے گئے تھے انہوں نے یہ بتایا ہے تم بھی لے لو' پڑھنا تو ان کے پاس کچھ صفحات تھے وہ انہوں نے مجھے دیئے وہ صفحات جو کہ بعد میں تسبیح خانہ اور عبقری رسالہ سے نسبت کے بعد مجھے پتہ چلا کہ وہ ''دوانمول خزانہ'' کے کتابچے کے ہیں۔

یہ پڑھا 3 منزلہ گھر مل گیا' مزید کیا ملا وہ پڑھیں!

میں تب سے وہ پڑھ رہی ہوں اور دوسرا میری بہن نے بتایا کہ ایک وظیفہ درس میں انہوں نے بتایا کہ سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کو گیارہ بار پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کرکے جو مانگو ملتا ہے' میں نے گھر آکر یہ آیت پڑھنا شروع کردی اور ہمارا گھر جو کہ کسی ڈبے کی طرح لگتا تھا' جس میں مرغیوں کو بند کرکے دروازہ بند کردیا جاتا ہے' آج اس آیت کی برکت سے اللہ نے مجھے تین منزلہ گھر دے دیا' قارئین یقین جانیے آج کے دور میں ایک مزدور جو تین وقت کی روٹی بمشکل پوری کرتا ہے وہ تین منزلہ گھر کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا لیکن ہمیں اللہ کریم نے اس آیت کی برکت سے اتنا نوازا ہے کہ ہم خود ہی حیران ہوجاتے ہیں کہ ہم نے یہ سب کیسے کرلیا۔ یہ تو اس مہنگائی کے دور میں ممکن ہی نہیں بس یہ اعمال کی برکت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اتنا کچھ دے دیا ہے ورنہ ہماری اوقات ہی کیا ہے یہ اعمال کی برکت اور ہمارے مرشد کی دعائیں کہ آج ہمارے پاس اتنا کچھ ہے۔ الحمدللہ! اللہ تعالیٰ محترم حکیم صاحب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین! (ن، ملتان)

وظائف بے اثر کیوں کر ہوئے؟

آج کل ہم مختلف مقاصد کے لیے وظائف قرآنیہ کا اہتمام کرتے ہیں لیکن ان سے خاطر خواہ استفادہ نہیں کرپاتے اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ وظائف کی شرائط کا اہتمام نہیں کیا جاتا بلکہ اس میں کئی مفاسد کی بنا پر وظائف پر اثر نہیں رہتے۔

پہلی خرابی: یاد رہے کسی وظیفہ یا عمل کا اثر نہ کرنا اس میں پڑھنے والے ہی کا قصور ہوتا ہے۔ مشتبہ اور حرام کاموں سے احتراز نہ کرنے کی وجہ سے ''اکل حرام'' کی وجہ سے اثر بالکل باطل ہوکر رہتا ہے کلام (وظیفہ) بے شک پر اثر ہے۔ مانع امر خارج ہوتا ہے۔

دوسری خرابی: وظیفہ تعداد شمار میں تو بہت زیادہ پڑھتے ہیں لیکن دل لگا کر توجہ سے نہیں پڑھتے بلکہ اسی خیال میں ڈوبے رہتے ہیں۔ کہ کسی قدر ہوگیا اور کس قدر باقی رہ گیا یہ توجہی اس وظیفے کے اثر کو زائل کردیتی ہے جو مقصود ہوتا۔

تیسری خرابی: یہ ہے کہ بعض لوگ (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

تحریریں باری آنے پر ضرور شائع ہونگی' جلدی نہ کریں ہر تحریر محفوظ رکھی جائیگی۔

قاری محبوب الرشید' نارووال۔ شازیہ' لاہور۔ ابراہیم پاریکھ' کراچی۔ توصیف' پشاور۔ محمد عزیر' حیات آباد۔ عبدالحفیظ' حویلیاں۔ ماجدہ بی بی' گھوڑا گلی مری۔ فوزیہ' ملتان۔ عالیہ مختار' لاہور۔ قاری سعید الرحمٰن' راولپنڈی۔ نیلم خان' ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ زاہد علی' شہروفیروز۔ ریحانہ کوثر' لاہور۔ حق نواز' کوہاٹ۔ محمد سعید' ایبٹ آباد۔ اسلم حیدر' کامونکی۔ سید بادشاہ' ایبٹ آباد۔ پروین' کراچی۔ نویلہ اسلم' پشاور۔ رفیع اللہ' لکی مروت۔ بشریٰ' چارسدہ۔ حمیرا سعید' پشاور۔ سامیہ اسلم' پشاور۔ سلمیٰ عروج' آزاد کشمیر۔ شفاء الرحمٰن' راولپنڈی۔ عثمان شبیر' لاہور۔ ریاض احمد' کلورشریف۔ سومنہ حنیف' گجرات۔ عابدہ عبداللہ' منچن آباد۔ کوثر مجید۔ وردہ عرفان' کراچی۔ حافظ محمد سعید' گوجرانوالہ۔ افشاں قیصر۔ زیبا اشفاق' سانگھڑ۔ محمد اکمل فاروق ریحان' سرگودھا۔ منیزہ بتول' راولپنڈی۔ حمیرا زمان۔ لاریب نذیر' لاہور۔ میر محمد' گوجرانوالہ۔ منور زمان' لاہور۔ عاصمہ اسلم' لاہور۔ نسیم اختر' ملتان۔ مسز ساجدہ' بہاولپور۔ وقاص اسلم' فیصل آباد۔ محمد توصیف' ساہیوال۔ نائلہ شہزاد' لاہور۔ سرفراز اختر' راولپنڈی۔ شاہین کوثر' ملتان۔ امیقہ عارف' واہ کینٹ۔

شوگر کورس بے شمار کا آزمودہ! شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

اس چیز کی دھونی گھر میں دیں! بیماری، جادو نہ نظر بد

دھونی دینے سے گھر کی فضا انسان دوست بن جاتی ہے۔ وہ لوگ جنہیں نیند کا پرابلم ہے وہ ہفتہ میں دو بار دھونی لازمی گھر میں دیتے رہا کریں۔ خواتین کے ایام میں پیدا ہونے والی بے قاعدگی بھی ختم ہوجاتی ہے۔

جان لیجئے! جڑی بوٹی سے علاج فرسودہ نہیں

جڑی بوٹیاں انسان کی بہترین دوست ہوتی ہیں بشرطیکہ ان کا علم و گیان جان کر انہیں استعمال کیا جائے۔ ہمارے یہاں حوصلہ شکنی کا ماحول پایا جاتا ہے، جب بھی کوئی جڑی بوٹیوں کے علم پر بات کی جائے تو انہیں فرسودہ نظریہ علاج کہہ کر رد کردیا جاتا ہے حالانکہ جدید طبی تحقیقات نے ان جڑی بوٹیوں کی اہمیت کو مسلمہ ثابت کیا ہے اور آج پوری دنیا میں نباتاتی علاج تیزی سے پھیل رہا ہے۔ تاہم پاکستان میں ابھی تک جڑی بوٹیوں کی حکمت سے مکمل فائدہ نہیں اٹھایا جارہا۔ پاکستان میں وبائی امراض کے پھیلنے کی وجہ بھی یہی ہے کہ ہمارے ہاں ماحول دوست پودے کاشت نہیں کئے جاتے نہ گھروں میں ایسی جڑی بوٹیوں کا استعمال کیا جاتا ہے جو گھر کی فضا کو کیڑے مکوڑوں، وائرس اور بلیات سے محفوظ رکھ سکتی ہیں۔

حرمل (ہرمل) بھی ایک ایسی نادر اور انتہائی حیران کن اثرات رکھنے والی جڑی بوٹی ہے جو ہر گھر میں لازمی ہونی چاہئے تاکہ وبائی امراض سے لاحق ہونے والے امراض اور کیڑوں مکوڑوں کا ان سے علاج کیا جاسکے۔ گھروں سے کیڑے مکوڑوں کا خاتمہ کرنے کے لئے جو سپرے وغیرہ کئے جاتے ہیں ان کی وجہ سے زیادہ خطرناک امراض پیدا ہوتے ہیں اور ساتھ پیسے کا ضیاع بھی ہوتا ہے۔ جبکہ حرمل کی دھونی دیکر نہ صرف ڈینگی وائرس، مچھروں، کیڑوں سے بچا جاسکتا ہے بلکہ باقاعدگی سے جس گھر میں حرمل جلائی جاتی ہے وہاں سے ڈیپریشن اور جنات وغیرہ بھی بسیرا نہیں کرتے۔

صدیوں سے روحانی مقاصد کیلئے استعمال ہورہی

صدیوں سے حرمل ایک مقدس و روحانی مقصد کے لئے استعمال ہوتی آرہی ہے۔ جدید تحقیقات نے اس کو اینٹی بیکٹیریل اور اینٹی وائرل خصوصیات کا حامل شاہکار قرار دیا ہے۔ ماہرین کے مطابق حرمل انسان کے مرکزی نظام اعصاب کو تقویت دیتی ہے جس سے مزاج بہترین ہوجاتا اور انسان ڈیپریشن سے نکل جاتا ہے۔ پاکستان میں حرمل پنساروں پر عام دستیاب ہے لیکن چین اور سنٹرل ایشیا میں حرمل کی سبز ٹہنیاں فروخت ہوتی ہیں۔

ہفتہ میں دو بار گھر میں دھونی دیں نتائج خود دیکھیں

حرمل کی دھونی دینے سے گھر کی فضا انسان دوست بن جاتی ہے۔ وہ لوگ جنہیں نیند کا پرابلم ہے وہ ہفتہ میں دو بار حرمل اور لوبان کی دھونی لازمی گھر میں دیتے رہا کریں۔ حیران کن تحقیق ہے کہ اس سے خواتین کے ایام میں پیدا ہونے والی بے قاعدگی بھی ختم ہوجاتی ہے۔

یقین نہ آئے تو آزما کر دیکھ لیں!

حرمل کی دھونی دینے سے مچھر بھاگ جاتے ہیں۔ اگر اس کا سبز پودا کمرے میں رکھ دیا جائے تو مچھر کمرے میں داخل نہیں ہوتے۔ طبی ماہرین لوبان اور حرمل ملا کر اسکی دھونی دینے کا مشورہ دیتے ہیں۔ اسکا اثر کئی دن تک رہتا ہے اور اس گھر سے جراثیم کئی دن تک دور رہتے ہیں۔ آگ کے انگاروں پر لوبان حرمل ڈالنے سے جو دھواں اٹھتا ہے وہ کونے کونے سے کیڑوں مچھروں اور جنات کو گھر کی جان چھوڑنے پر مجبور کردیتا ہے، نہ یقین آئے تو آزما کر دیکھ لیں۔

دن میں دو مرتبہ کھائیں! بواسیر یقینی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس میں موجود ٹوٹکے بہت ہی مجرب ہوتے ہیں۔ میرے پاس بھی بواسیر کے لیے ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ یہ ٹوٹکہ قارئین عبقری کی نذر ہے۔ ھوالشافی: پوست ہلیلہ کابلی، بادیان، رسونت اصلی، مغز تخم نیم، مغز بکائین، تخم گندنا، برگ سناء، تخم چاسکو، مغز بادام شیریں، انیسون ہر ایک تولہ۔ کھرل کرکے مولی کے پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور دن میں دو مرتبہ کھائیں۔ ان شاء اللہ بواسیر جڑ سے ختم ہوجائے گی۔ مرچ مصالحہ، تلی ہوئی اور گرم اشیاء سے پرہیز۔ (سجاد طارق اعوان، سیالکوٹ)

اسم اعظم کا روحانی دم سکون کے متلاشی متوجہ ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو نیکیاں پھیلانے اور کرنے کی ساری زندگی توفیق اور طاقت عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ میں ہر ماہ اسم اعظم کے روحانی دم اور شفائیہ دعا میں لازماً شامل ہوتی ہوں۔ مجھے روحانی دم سے بہت ہی زیادہ فیض حاصل ہوا ہے۔ پہلے زندگی میں سکون نام کی چیز نہیں تھی مگر جب سے اسم اعظم کا روحانی دم کروانا شروع کیا ہے۔ زندگی میں سکون آگیا ہے۔ پریشانیاں اور الجھنیں ختم ہورہی ہیں۔ اس کے ساتھ سکون کے لیے میرا ایک آزمودہ روحانی عمل بھی جو میں قارئین عبقری کے ساتھ شیئر کررہی ہوں۔ اول و آخر تین مرتبہ درود ابراہیمی درمیان میں 33 بار سبحان اللہ، 33 بار الحمدللہ، 34 مرتبہ اللہ اکبر پڑھنا ہے۔ سارا دن بہت سکون سے گزرتا ہے۔ رات کو پڑھیں تو ساری رات بہت پرسکون گزرتی ہے۔ جمعرات والے دن دو نفل پڑھ کر سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کی روح اقدس کو ہدیہ پہنچاتی ہوں۔ اس قابل تو نہیں مگر ایسا کرنے سے روح کو اتنا روحانی سکون ملتا ہے کہ بیان نہیں کرسکتی۔ سکون کے متلاشی افراد اسم اعظم کا روحانی دم اور درج بالا روحانی نسخہ ضرور آزمایئے اور پھر دیکھئے زندگی کیسے سکون آتا ہے۔ (شکریہ نصیر، لاہور)

30 جون 2019 بروز اتوار صبح 6 بجے تسبیح خانہ میں شفائیہ دعا اور اس کے بعد اسم اعظم کا روحانی دم نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب، درس، مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں، اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی، بیماری، گھریلو الجھن، کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

30 جون! اسم اعظم کے روحانی دم میں خاص گھڑی کا خاص عمل! ضرور شامل ہوں! یہ خاص روحانی گھڑی شاید زندگی میں دوبارہ نہ آئے!

دردی ہربل بام

خصوصی رعایتی پیکیج بڑی و بی کم قیمت کئی ہفتے چلے

پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو، بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو، فالج، لقوہ، رعشہ، کمر کا درد، پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے، کسی عضو کا پھڑکنا، پنڈلیوں کا درد، نقرس، لاغری، ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا، موچ آجانا، بجلی کا شاک لگنا، کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا، جوڑ جوڑ درد کرتا ہو، بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں

قیمت: =/80 روپے

ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

کاش! بہنوئی بہن کے طبیب خود نہ بنتے!

جب میری بہن کو چھاتی میں ہلکی سی گلٹی محسوس ہوئی تو بہنوئی نے کسی کو بھی بتانے سے سختی سے منع کیا اور پھر خود ہی علاج شروع کر دیا۔ گھر پر ہی مختلف کتب سے ہومیو پیتھک نسخہ جات نکالتے اور بنا بنا کر میری بہن کو کھلاتے رہے

دو آنکھوں دیکھے واقعات

محترم قارئین! میں دو آنکھوں دیکھے واقعات لیکر حاضر ہوئی ہوں۔ یہ دونوں واقعات میری سب سے بڑی بہن جو کہ آج سے بارہ سال پہلے وفات پا چکی ان کے شوہر کے ہیں۔ 2002ء میں میرے بہنوئی سخت بیمار ہوئے۔

انہوں نے سب سے بڑی غلطی یہ کی کہ کسی طبیب یا عامل کو چیک کروانے سے گریز کیا اور اپنا علاج خود ہی شروع کر دیا' وہ مختلف ہومیو پیتھک کی کتب گھر لائے اور علاج شروع کر دیا۔ جب کسی دوا سے آرام نہ آتا تو مزید ادویات میں ردوبدل کر کے کھاتے رہے مگر کوئی فرق نہ پڑتا' دن بدن ان کا وزن کم ہونا شروع ہو گیا' جو بھی کھاتے اس کا کوئی فائدہ نہ ہوتا' اس کے بعد انہوں نے طب کی کتب کی طرف رجوع کیا' نسخے نکال نکال کر بناتے کھاتے مگر مزید طبیعت خراب ہوتی گئی' ایک سال بعد یہ حالت ہو گئی کہ بستر سے اٹھ نہیں سکتے تھے' نہ خود کھا پی سکتے تھے۔

میری بہن نے والد صاحب سے کہا کہ ان کا کچھ کریں تو والد صاحب نے ان کو اپنے پاس لاہور بلا لیا۔ ڈاکٹروں نے مختلف ٹیسٹ کیے مگر بیماری سمجھ میں نہ آئی' والد صاحب کے دوست ایک عامل ہیں' ان سے رجوع کیا' انہوں نے تشخیص کی تو معلوم ہوا سخت جادو ہوا ہے' انہوں نے چند ہفتے علاج کیا تو بہنوئی بالکل ٹھیک چل کر اپنے گھر گئے اور الحمدللہ اب تک حیات ہیں۔ مگر انہوں نے اس سب سے بھی کچھ نہ سیکھا۔

شوہر کی محبت میں مرض ہر کسی سے چھپاتی رہی

اس کے برعکس جب میری بہن کو چھاتی میں ہلکی سی گلٹی محسوس ہوئی تو بہنوئی نے کسی کو بھی بتانے سے سختی سے منع کیا اور پھر خود ہی علاج شروع کر دیا۔ گھر پر ہی مختلف کتب سے ہومیو پیتھک نسخہ جات نکالتے اور بنا بنا کر میری بہن کو کھلاتے رہے' مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی والا معاملہ ہوا۔ میری بہن اپنے شوہر کی محبت میں یہ بات ہر کسی سے چھپاتی رہی اور ان کی بنائی ادویات کھاتی رہی۔ جب 2007ء میں میری بہن سخت بیمار ہوئی تو آخری وقت ہمیں پتہ چلا کہ میری بہن کو چھاتی کا کینسر ہو گیا ہے۔ فوت ہونے سے چند دن پہلے میری بہن نے کہا کہ مجھے میرے والد کے پاس لے جائیں' جب والد کو ملیں تو والد صاحب نے انہیں اپنے پاس ہی رکھ لیا اور پھر ڈاکٹر کو چیک کروایا تو ڈاکٹر نے کہا کہ ان کی آخری سٹیج ہے ان کا اب کوئی علاج نہیں ہو سکتا۔

بہنوئی کی لاپرواہی سے بہن ہمیشہ کیلئے چلی گئی

اس کے بعد چند دن بعد ہی میری پیاری بہن دنیا فانی سے رخصت ہو گئی۔ میں قارئین کو بتانا صرف یہ چاہتی ہوں کہ کبھی بھی خود ہی طبیب بن کر اپنی اور اپنے پیاروں کی جان سے نہ کھیلیں۔ اگر آپ کے کسی نسخہ' ٹوٹکہ یا دوائی کے ایک یا دو بار کے استعمال سے کسی کی صحت سنبھل نہیں رہی تو اسے کسی قابل طبیب کے پاس چیک اپ کیلئے ضرور لے جائیں یا اپنا نسخہ کسی قابل حکیم سے مشورہ کرنے بعد استعمال کروائیں۔ محترم حکیم صاحب میرا نام اور شہر پوشیدہ رکھیے گا۔ جزاک اللہ۔

20 روپے کی یہ چیز کھائیے! بڑھا پیٹ ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ایک دوست کا پیٹ کچھ ماہ سے بہت زیادہ بڑھ چکا تھا' خاص طور پر معدہ والی جگہ کے اوپر سے بہت زیادہ ہی بڑھ چکا تھا' شدید پریشانی کا سامنا تھا' کافی جگہ علاج کروایا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا' اس کو کسی نے جوار کا بتایا' اس نے صرف 20 روپے کی جوار لے کر پاؤڈر بنا لیا اور صبح، دوپہر شام پانی کے ساتھ ایک چمچ چائے والا کھانا شروع کر دیا' تین ماہ کے اندر اس کا پیٹ کمر کیساتھ چپک گیا' میں جب اپنی دوست سے ملنے اس کے گھر گئی تو اس کا پیٹ دیکھ کر حیران رہ گئی' پھر میں نے اس سے پوچھا تو اس نے مجھے بتایا کہ یہ صرف 20 روپے کی جوار کا کرشمہ ہے' پھر اس کی امی نے سختی سے اس کو جوار کی پھکی کھانے سے منع کیا' کہنے لگیں: کیا اب کمر کو بھی ختم کرے گی۔ (صائمہ' بہاولپور)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَا غَفُوْرُ یَا وَدُوْدُ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آ جائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہو گی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دیگا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

چہرے پر برف ملیں مگر فائدہ نہ پڑھیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس چند ٹوٹکے ہیں کے جن کے استعمال سے خواتین حسن میں اضافہ کر سکتی ہیں۔ 1۔ ایک پیالے میں ایک انڈے کی سفیدی لیں اور اس میں ایک چمچہ سوجی اچھی طرح ملا کر چہرے پر ملیں' جب خشک ہو جائے تب انگلیوں کو دودھ میں بھگو کر چہرے پر نیچے سے اوپر کی طرف مالش کریں' کچھ دیر بعد چہرے کو صاف پانی سے دھو لیں' ہفتے میں دو مرتبہ یہ عمل دہرائیں اس عمل سے جلد سے تیل کم ہوتا جائے گا کیونکہ چہرے پر پھنسیوں اور مہاسوں کی وجہ جلد پر زیادہ تیل کا پیدا ہونا ہے۔ 2۔ کبھی کبھی چہرے پر برف مل لیں اس سے چہرے کی جلد پر تیل کم ہو جائے گا چہرہ خشک ہونے کے بعد اس پر پانی یا دودھ میں بھگوئی ہوئی انگلیوں سے مالش کر دینا ضروری ہے' انگلیوں سے چہرے پر بہت دباؤ ڈالیں اور انگلیاں نیچے کی طرف چلائیں۔ (رشیدہ خانم' لاہور)

جوہر شفاء مدینہ
موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا
سالہا سال کے تجربات نے اسے خود گارنٹی اور کسوٹی بنا دیا ہے
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہو جاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔
معدہ کا مسئلہ' بلڈ پریشر' جگر' گردے یا دل کے امراض
صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں
قیمت 150 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 114

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اسرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

کیا آپ کی بیٹی ان شیطانی چیزوں کے ورغلانے کی وجہ سے بے راہ روی کا شکار نہیں ہوگئی' کیا وہ گھر سے کتنی بار اپنے آشنا کے ساتھ کئی کئی دن غائب نہیں رہی؟ جس کا آپ کو پتہ ہے آپ ہمیشہ پردے دیتے رہے ہیں۔

سفر ٹرین' مسلسل خاموشی اور جھٹکا

یہ تھوڑا عرصہ پہلے کی بات ہے میں ایک سفر میں تھا' اکیلا اور تنہا تھا' میرے ساتھ کوئی ہم سفر نہیں تھا۔ ایک صاحب کو دیکھا بیٹھے بیٹھے اپنے ہاتھ کو تھوڑا سا جھٹکا دیتے تھے اور ایسے غیر محسوس انداز سے جسے عام آدمی محسوس نہیں کرسکتا اور شاید ان کی بھی عادت ہوگئی تھی' انہیں بھی اس کا احساس نہیں تھا کہ میں ایسا کیوں کر رہا ہوں پھر تھوڑی دیر ہوتی پھر اسی ہاتھ کو جھٹکا دیتے' ٹرین کا سفر تھا اور طے ہو رہا تھا پوری بوگی میں خاموشی تھی' کبھی کبھار کوئی شخص آتا اور گزر جاتا یا کھانے اور چائے کی آواز سے خاموشی کا سحر ٹوٹ جاتا۔ میں مسلسل ان کی اس کیفیت کو نوٹ کر رہا تھا وہ ایسا کیوں کر رہے تھے؟ اور ایسا ہو کیوں رہا؟ آخر میں اٹھا میں نے ان سے جا کر پوچھا ایک سوال کروں آپ ناراض تو نہیں ہوں گے؟ مجھے اجنبی نظروں سے دیکھ کر کہنے لگا سمجھا نہیں میں نے عرض کیا آپ تھوڑی ہی دیر کے بعد ہاتھ کو جھٹکا دیتے ہیں' ایسا کیوں ہے۔ کہنے لگے: بس ایسے ہی کچھ خاص نہیں لیکن ان کا لہجہ بتا رہا تھا کہ وہ اپنے جواب سے خود مطمئن نہیں ہیں۔

بچھو تو مار دیئے! مگر اب 7 سال مکان نہ چھوڑنا

میں ان کے قریب تھوڑی سی جگہ لے کر بیٹھ گیا اور پھر میں نے انہیں خود ہی کچھ کیفیات بتائیں۔ اس سے پہلا سوال یہ تھا کیا آپ جب سولہ سال کے تھے تو آپ نے بھڑوں کے ایک چھتے کو پتھر مارا جس میں سے کچھ بھڑیں اڑیں تھی اور انہوں نے آپ کو کاٹ لیا' آپ کئی دن تکلیف اور بخار میں مبتلا رہے۔ وہ مجھے پھٹی نظروں سے دیکھ کر کہنے لگے: ہاں یاد تو آتا ہے لیکن آپ کو کیسے پتہ چلا؟ میں نے دوسرا سوال کیا: آپ کسی جگہ رہتے تھے وہ گھر اس سے پہلے بہت عرصہ ویران رہا آپ کرائے پر رہے' آپ کے والد نے اس کی مرمت کروائی اور وہاں جگہ جگہ جانور' گائے' بھینس اور بکریاں باندھنے کیلئے کھونٹے گاڑھے ہوئے تھے۔ آپ نے جب ان کو اکھاڑا تو ان کے نیچے سے بہت زیادہ چیونٹیاں' مکوڑے اور کچھ بچھو بھی نکلے۔ (میری بات سن کر) وہ اپنی جگہ سے ایک دم ہلے اور ہنے' کہنے لگے: ہاں یہ بھی ہوا تھا اور مجھے ایک کشادہ جگہ دے دی جبکہ ان کے پاس اس سے پہلے بھی کشادہ جگہ دراصل موجود تھی لیکن وہ مجھے ساتھ بٹھانے پر راضی نہیں تھے۔ میں آگے بولا: پھر آپ کے والد نے وہ سارے بچھو مار دیئے' انہیں رات کو ایک خواب آیا خواب میں کہنے والے نے کہا: بچھو تو مار دیئے' مارنا حکم میں شامل تھا آپ نے گھر کے بہت سے افراد مار دیئے' اب آپ ایک صورت میں بچ سکتے ہیں' آپ اس مکان کو سات سال نہ چھوڑیں اور روزانہ تین مرتبہ سورہ یٰسین اور سات بار سورہ والضحیٰ پڑھ کر ہدیہ کریں اور اگر سات سال سے پہلے مکان چھوڑ دیا اور چلے گئے اور جتنے آپ نے مارے ہم آپ کے اتنے ماریں گے کیونکہ قتل کا بدلہ قتل ہوتا ہے' آپ کے والد نے خواب میں ہی کہا: ہمیں شریعت میں بچھو کو مارنے کا حکم ہے۔ لہٰذا آپ کے والد سات سال اسی مکان میں رہے اور روزانہ وہی قرآنی عمل کر کے اس کا تحفہ انہیں دیتے رہے۔

ایک ایسے شخص کی آمد! جو بہت نقصان دہ ہے

وہ حیران ہوگئے انہوں نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور ہاتھ کو چومنا شروع کر دیا اور کہنے لگے یہ باتیں آپ کو کہاں سے پتہ چلیں میں نے کہا آپ ذرا سنتے جائیں پھر اگلی بات ان سے عرض کی کہ کیا آپ کی والدہ اس وقت فوت ہوگئیں تھی جب آپ پیدا ہوئے تھے اور ایک آواز آئی تھی اب ایک ایسے شخص کی آمد ہوگئی ہے جو کہ ہمارے لیے خود بہت زیادہ نقصان دہ ہے لہٰذا ایسے شخص کو یا تو ہم خود دیکھ لیں گے یا ایسے شخص کو ہم مار دیں گے' کیا یہ بات ٹھیک ہے' کیا یہ واقعہ ٹھیک ہے۔ کہنے لگے بالکل درست ہے۔ اگلی بات میں نے یہ بتائی کہ آپ ہر رات سوتے وقت جب تک دائیں کندھے پر ہاتھ نہ رکھیں' آپ کو نیند نہیں آتی۔ سو فیصد سچ ہے' سو فیصد سچ ہے' اس کی رٹ لگانے لگے۔ کہنے لگے: یہ حقیقت ہے۔ کیا آپ کے گھر میں' خاندان میں ہمیشہ تین بیٹیاں رہیں اور پھر تین بیٹیوں کے بعد ہمیشہ بیٹے رہے؟ کیا آپ کو کوئی طاقت مجبور نہیں کرتی کہ آپ ہاتھ کو جھٹکیں اور جب آپ تھوڑی دیر کے لیے ہاتھ جھٹک دیتے ہیں آپ کو سکون اور چین آجاتا ہے' آپ کو راحت ملتی ہے پھر تھوڑی ہی دیر کے بعد ایک بے چینی ہوتی ہے اور آپ ہاتھ جھٹکنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

بستر پر بیوی کے علاوہ کوئی اور بھی ہوتا ہے

کیا آپ کو خواب میں ہمیشہ ایک شخص ایسا نہیں ملتا جسے آپ تلاش کر رہے ہوتے ہیں اور وہ چھپتا پھر رہا ہوتا ہے اور کبھی آپ گلیاں گھوم رہے ہوتے ہیں اور اپنا گھر تک بھول جاتے ہیں اور آپ کو کہیں سے منزل اور راستہ نہیں ملتا۔ میں بول رہا تھا وہ پھٹی اور حیرت زدہ آنکھوں سے مجھے دیکھے جا رہا تھا اور واقعی باتیں یہیں تھیں۔ کیا آپ کی شادی کو اکتیس سال نہیں ہوئے؟ کیا ان اکتیس سالوں میں آپ محسوس نہیں کرتے رہے کہ آپ کی بیوی کے بستر پر آپ کے علاوہ کوئی اور بھی ہوتا ہے جو کہ آپ کو بیوی کی طرف جانے سے روکتا ہے' نامعلوم اولاد کیسے ہوگئی اور بعض اوقات آپ کو اپنی اولاد پر بھی شک ہوتا ہے کہ میری ہے یا کسی اور کی؟

چہرہ شیر' درمیان حصہ چیتا اور دھڑ بھیڑیے کا

کیا کوئی طاقتور شیر جس کا چہرہ ایک شیر کا درمیان کا حصہ چیتے کا پچھلا دھڑ بھیڑیے کا ہوتا ہے کیا وہ آپ کو آپ کی بیوی کی طرف جانے سے نہیں روکتا؟ کیا وہ بار بار نہیں کہتا کہ یہ میری منکوحہ ہے میں نے اس سے نکاح کیا ہے اور یہ میری بیوی ہے جس کی وجہ سے آپ کی بیوی طرح طرح کی تکالیف مصائب بیماریوں اور پرائی ٹینشن میں مبتلا ہے۔

وہی جن آپ کی بیوی پر عاشق ہے!

یہ بات سنتے ہی وہ رونے لگا اور ہچکیاں لے کر رونے لگا اور کہنے لگا: آپ نے میری دکھتی غیرت کو دبا دیا' میں اسے دکھتی رگ نہیں کہتا بلکہ غیرت کہتا ہوں اور آپ نے مجھے حیران کر دیا۔ میں مزید بولا: کیا آپ کی بیٹی ان شیطانی چیزوں

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کر کے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کر کے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

کے ورغلانے کی وجہ سے بے راہ روی کا شکار نہیں ہوگئی' کیا وہ گھر سے کتنی بار اپنے آشنا کے ساتھ کئی کئی دن غائب نہیں رہی؟ جس کا آپ کو پتہ ہے آپ ہمیشہ پردے دیتے رہے ہیں۔ وہی جن آپ کی بیوی پر عاشق ہے وہ پہلے دن سے کہہ رہا ہے اور آج اکتیس سال ہوگئے ہیں کہ میرے راستے سے ہٹ جاؤ' نہ زندگی کا سکون دوں گا' نہ نسلوں کا سکون دوں گا' نہ زندگی کی راحت اور نہ نسلوں کی راحت دوں گا' تمہاری نسلیں ہمیشہ برباد و ویران' مسائل اور مشکلات کی شکار ہوں گی۔ کیا آپ کی بیٹی کے رشتے قریب آکر دور نہیں ہوجاتے' بات بنتے بنتے بگڑ نہیں جاتی۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ رشتہ طے ہوگیا اور معاملہ طے بلکہ سو فیصد طے ہوگیا اور آپ کو آپس میں مبارک باد کی خوشخبریاں مل گئیں' مٹھائی تقسیم ہوگئی سب کچھ بٹ گیا لیکن سب کچھ بٹنے کے بعد آپ کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے۔

ہچکیاں بندھ گئیں اور رونا تیز ہوگیا!

کیا آپ وہ والد نہیں جس کی اولاد اعلیٰ تعلیم کے خواب دیکھ کر اعلیٰ ڈگریوں کے خواب ادھورے اور تعلیمی شیرازہ بکھرنے کا غم لیے زندگی کے دن رات گزار رہے ہیں؟ کیا یہ حقیقت نہیں کہ آپ کی اولاد بیٹے اور بیٹیوں کے ساتھ پڑھنے والوں کو اچھا رزق' روزگار' اچھی زندگی کا انداز مل گیا لیکن آپ کی اولاد محروم رہ گئی اور ادھوری رہ گئی جہاں بھی قدم رکھتے ہیں دروازے بند' جہاں بھی ہاتھ بڑھاتے ہیں راستے ختم ہوجاتے ہیں' وہ دیکھنا چاہتے ہیں تو بظاہر اندھے' وہ چلنا چاہتے ہیں تو ایسے جیسے اپاہج اور لولے لنگڑے' ہاتھ بڑھانا چاہتے ہیں تو ایسے جیسے انگلیاں اور ہاتھ کٹے ہوئے' سانس تک بند' روحیں تک قید' سوچوں میں پردے اور زنجیروں نے جکڑا ہوا ہے' اب اس کی ہچکیاں بڑھ گئیں اب اس کا رونا تیز ہوگیا حتیٰ کہ کچھ لوگ بھی اس طرف متوجہ ہوئے۔ میں نے ان کا ہاتھ دبایا اور کہا میں آپ کے بھلے کے لیے باتیں کررہا ہوں آپ اگر اونچا اونچا رونا شروع ہوئے تو گفتگو ادھوری چھوڑ کر' اٹھ کر اپنی سیٹ پر چلا جاؤں گا یہ بہت نامناسب ہے۔

میری راہوں سے ہٹ جاؤ' بیوی کو طلاق دیدو

میری اس تھوڑی سی بات پر وہ سنبھلے اٹھے اور بولے اچھا ٹھیک ہے آپ اپنی بات جاری رکھیے۔ میں نے پوچھا کیا آپ وہ بدقسمت باپ نہیں ہیں جو اولاد کی محبت اور شفقت سے محروم ہیں اور اولاد کی نفرت کا سامنا ہے اور جب آپ کی اولاد آپ کو زیادہ تنگ کرتی ہے تو آپ روتے ہیں۔ اس روتی کیفیت میں وہی سامنے آجاتے ہیں یعنی وہی جن آکر کہتا ہے کہ میں نے تمہیں کئی دفعہ کہا ہے میری راہوں سے ہٹ جاؤ' بیوی کو طلاق دے دو اور بیوی کو چھوڑ دو کیونکہ وہ آج بھی میری ہے کل بھی میری میں نے اسے اپنی پسند میں لیا ہوا ہے۔ اس نے اپنے آنسو صاف کیے اپنے احوال صاف کیے اس کی طبیعت میں کچھ ٹھہراؤ پیدا ہوا' اس کے اعصاب میں کچھ سکون پیدا ہوا' میں مزید کچھ بولنا ہی چاہتا تھا کہ وہ بولے: میں آپ سے التجا کرتا ہوں مجھے بتایئے: ایسا کیوں ہوا؟ دوسرا سوال کرتا ہوں اس کا حل کیا ہے؟

آپ کے دادا اور جن میں لڑائی ہوئی تھی

میں نے انہیں بتایا دراصل آپ کی پانچ نسلیں پہلے جو آپ کے بڑے تھے یعنی انہیں والد کہوں یا دادا کہوں وہ بہت باکمال اور نیک اور مخلص انسان تھے اور بہت سادہ سے درویش تھے' ان کے ساتھ ایک نیک جن پڑھتا تھا' وہ پھر کچھ عرصہ کے بعد ان کا دوست بن گیا اور حتیٰ کہ دوستی اتنی گہری کہ اٹھنا بیٹھنا' کھانا پینا سب کچھ اکٹھا تھا جب ان کی شادی ہوئی جن اپنے تمام خاندان کے ساتھ ان کی شادی میں آیا جب جن کی شادی ہوئی تو یہ بھی اپنی والدہ اور خاندان کے ساتھ ان کی شادی میں شامل ہوئے۔ وہ سب سن کر کہنے لگے: مجھے کچھ زیادہ تو یاد نہیں لیکن بڑوں سے کچھ اس طرح کی باتیں سنی تھیں' میں پھر بولا: پھر ایک دن ایسا ہوا کہ آپ کے اس دادا اور جن کی لڑائی ہوگئی' آپ کے دادا جذباتی بہت زیادہ تھے اور یہ جذباتی کیفیت اب تک بھی چل رہی ہے۔ وہ بولے: بالکل سچ کہا بالکل سچ کہا اور پھر یہ کیفیت چلتے چلتے ایک جھگڑا کی شکل اختیار کرگئی' جب جھگڑا بہت بڑھا تو انہوں نے اس جن سے اپنا تعلق ختم کرلیا۔

زبان کی یہ تلخی' گالی گلوچ ان کو برداشت نہ ہوئی کیونکہ وہ خود ایک اچھے مخلص اور سچے کردار کے جنات ہیں اور یہ توہین انتقام کی شکل اختیار کرگئی اور وہ انتقام ایسا بڑھا کہ اب وہ شاید نسلوں تک چل رہا ہے

جن کی ماں اور بہن نے بدلہ لینے کی ٹھان لی

جن نے تو چھوڑ دیا پر جن کی والدہ نے اسے اپنے بیٹے کی توہین سمجھا اس نے انتقام لینے کی ٹھانی' آج اس کی والدہ اور اس کی بیٹی انتقام لے رہی ہیں اور مسلسل انتقام پر انتقام لیا جارہا ہے وہ دراصل آپ کے ہاتھ پر آکر کاٹتی ہے' آپ کو تکلیف اور بے چینی ہوتی ہے اور ہاتھ پر کٹنے کا اثر ہوتا ہے اور وہی جن عورت آپ کی زندگی کے ہر معاملے میں رکاوٹ ہے' مشکلات' الجھنیں' پریشانیوں' دکھوں' تکالیف غموں کا ذریعہ ہے اور اس نے زندگی کو اجیرن کیا ہوا ہے اور زندگی کو بہت زیادہ گھٹن زدہ کیا ہوا ہے۔

جن سے دوستی اور اس کی ماں سے معافی

وہ میری باتوں کو بس سکتے کے عالم میں سن رہا تھا' وضع قطع سے ایک شریف نیک انسان جس نے ساری عمر گزار کر بڑھاپے کی زندگی میں قدم رکھا ہوا تھا لیکن حالات بتا رہے تھے کہ تنگیوں تلخیوں اور مشکلات سے وہ تھک چکا ہے اور زندگی اس کی بے ترتیب ہوچکی ہے۔ مجھ سے کہنے لگا: اس کا کوئی حل؟ میں نے کہا اس جن سے واپس دوستی اس کی والدہ سے معذرت کیونکہ اس (جن) نے بول تھوڑے بولے تھے کوئی سخت بول نہیں بولے تھے لیکن آپ کے دادا نے ان کے ساتھ بہت سختی کی تلخی کی۔

یہ بہت بڑا انتقام ہے! مزید نسلیں نہ شکار ہوں!

زبان کی یہ تلخی' سخت زبانی' گالم گلوچ ان کو برداشت نہ ہوئی کیونکہ وہ خود ایک اچھے مخلص اور سچے کردار کے جنات ہیں اور یہ توہین انتقام کی شکل اختیار کرگئی اور وہ انتقام ایسا بڑھا کہ اب وہ شاید نسلوں تک چل رہا ہے اور اس سے پہلے بھی آپ کی نسلیں اس انتقام کا شکار ہوچکی ہیں اس کے بعد بھی آپ کی نسلیں شاید انتقام کی شکار ہوں یہ بہت بڑا انتقام ہے۔ بس اب اس کا حل صرف معافی تلافی معذرت ہے اور اس کا طریقہ؟

تکلیف سے نجات مگر کیسے؟

میں نے انہیں بتایا کہ وہ صدقہ خیرات غریب پروری اور لوگوں کی پریشانی اور مسائل میں ان کا ساتھ اور تکالیف میں ان کے ساتھ مدد اور نیکی' اعمال' ذکر' تسبیحات درود پاک یہ تمام چیزیں ہی آپ کو اس تکلیف سے نجات دلاسکتی ہیں۔ اور مزید انہیں کچھ طریقے بتائے۔ (جاری ہے)

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل
اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 53 پر دیا گیا کوپن پُر کرکے بھجوادیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔

انوکھی شفاء
مغلیہ دور کے شاہی پہلوانوں کا خفیہ راز
1۔ ہڈی کا ٹوٹ جانا اور اس کا نہ جڑنا۔ 2۔ ایسے لوگ جن کی ہڈیاں اور جوڑ بغیر کسی تکلیف اور چوٹ کے نکل جاتی ہیں اور جوڑ پھسل جاتے ہیں۔ 3۔ کسی ایکسیڈنٹ اور چوٹ کے بعد درد اور ورم کا نہ جانا۔ 4۔ دوران کھیل کود چوٹ' موچ' ورم یا جسم کے کسی حصے کا مڑ جانا' اس کا چند دن استعمال ہمیشہ کیلئے اس جوڑ کو محفوظ کردیتا ہے۔
بڑی بات کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں کوئی کیمیکل نہیں خالص جڑی بوٹیوں کا حیرت انگیز جوڑ اور امتزاج ہے (قیمت 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

کیسے بتاؤں! یہ پڑھا! فاقے ختم اور خوشحال ہوں!

ط۔س فیصل آباد

ایک قلم اور شوہر بھی راہ راست پر نہ تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے بیس سال پہلے میری زندگی بہت مشکلات کا شکار تھی' سسرال والوں نے جینا محال کر رکھا تھا' شوہر کا رویہ انتہائی بُرا تھا اور غربت انتہا کی تھی' ایک وقت کی میسر ہوتی تو دو دو وقت دیکھتے کہاں سے آئے گی تو پیٹ بھرے گا۔ کرائے کا مکان تھا۔ ان سب مصائب کے ساتھ ایک اور مصیبت یہ تھی کہ شوہر راہ راست پر نہ تھا' جوکما تا غیر کی جھولی میں ڈال آتا۔ زندگی انتہائی الجھی ہوئی تھی' گھر میں کھانے کو ایک لقمہ نہ ہوتا اور شوہر کی توجہ غیر عورتوں پر ہوتی تھی' اپنی زندگی سے بہت زیادہ تنگ تھی' یونہی گزر رہی تھی کہ پھر 2014ء میں میرے چچازاد بھائی میرے گھر آئے اور انہوں مجھے ماہنامہ عبقری میگزین دیا' میری مایوس کن زندگی دیکھتے ہوئے انہوں نے مجھے ایک درود پاک سارا دن کھلا پڑھنے کیلئے دیا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

پھر اس درود پاک کے فضائل سنائے اور پھر میں نے اس درود پاک کی تسبیح شروع کردی اور آپ کے درس سننے شروع کردیئے' دن رات لاتعداد تسبیحات کیں اور تہجد بھی ادا کرنا شروع کردی اور ہر جمعرات کو درس سننا شروع کردیا۔

حالات نے پلٹا کھایا اور رحمتیں برسنا شروع ہوئیں

پھر حالات نے پلٹا کھایا اور اللہ پاک کی رحمتیں برسنا شروع ہوگئیں۔ میرے حالات ٹھیک ہونا شروع ہوگئے میری زندگی بدل گئی' میرا اپنا گھر نہیں تھا مجھے اللہ پاک نے اپنے گھر سے نواز دیا' پھر اے سی لگوایا' پھر نیا موٹر سائیکل خرید لیا' ایک وقت تھا جب میرے پاس برف لینے کیلئے پیسے نہ ہوتے اور چھ چھ گھروں کے چکر لگاتی پھر کہیں جا کر ایک گھر سے برف ملتی۔

میری ساس کو مجھ سے شدید نفرت تھی مگر اب

اس درود پاک کے مسلسل ورد سے آج اللہ پاک کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے' میرے وہ عزیز و اقارب جو مجھ سے نفرت کرتے تھے' آج میری بہت عزت کرتے ہیں' جہاں بھی جاؤں لوگ پیار اور عزت کرتے ہیں میری ساس کو مجھ سے شدید نفرت تھی' آج مجھ سے معافیاں مانگتی ہیں کہ میں نے تمہارے ساتھ بہت بُرا کیا مجھے معاف کردو۔

شوہر کے عورتوں سے ناجائز تعلقات تھے مگر اب

میرا شوہر جو کہ راہ راست پر نہیں تھا' اس کے دوسری عورتوں کے ساتھ ناجائز تعلقات تھے۔ میں نے شوہر کی نیت کرکے محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ کی تسبیحات پڑھنا شروع کردیں' اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اب وہ بالکل بدل چکا ہے' میرا بہت خیال رکھتے ہیں' بہت پیار کرتے ہیں' میرے منہ سے جو نکل جائے وہ لاکر دیتے ہیں' حتیٰ کہ اب میری شاپنگ بھی خود کرتے ہیں اور بہترین چیزیں لاکر میری جھولی میں رکھ دیتے ہیں۔

کیسے بتاؤں میں کتنی خوشحال ہوگئی ہوں!

درود شریف کے ورد' آپ کے درس' رسالہ کے وظائف نے میری زندگی ہی بدل دی ہے۔ میں اب آج اپنی زندگی میں بہت زیادہ خوش اور خوشحال ہوں جو بھی سوچتی ہوں مل جاتا ہے۔ ہر نماز' ہر دعا میں پہلے آپ کیلئے دعا کرتی ہوں' اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہمیشہ ہمارے سر پر قائم رکھے آمین۔ میں آپ کا ہر جمعرات کا درس سنتی ہوں اور تمام وظائف بھی کرتی ہوں' آپ کا درس چھوڑنے کو دل ہی نہیں چاہتا' عبقری روحانی اجتماع میں بھی شامل ہوتی ہوں میں کیسے بتاؤں مجھے سمجھ نہیں آرہی کہ میری زندگی میں کتنا سکون ہے اور میں کتنی خوشحال ہوں۔ کبھی کبھی سوچتی ہوں میں وہی ہوں جس نے صرف فاقے دیکھے تھے' جس کا شوہر مہینوں میرے کمرے میں نہ آتا تھا' مانگ تانگ کر گزارا کرتی مگر اب میں خود لوگوں میں بانٹتی ہوں' ہر سال قربانی کرتی ہوں' گھر میں ہر سہولت میسر ہے۔

فاقے ختم' دولت' عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ''ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا'' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

یقین کی طاقت

ایسا شخص مشکل سے ملتا ہے جو یقین سے کہے کہ میں کروں گا جو کام مجھے کرنا چاہیے اسے میں کرسکتا ہوں۔ مجھے کرنا چاہیے اور میں کرسکتا ہوں خدا کی مہربانی سے میں اسے ضرور کروں گا چونکہ میں نے اپنے خدا کے سامنے عہد کیا ہے کہ میں اسے ضرور کروں گا بہت ہی کم یہ جانتے ہیں کہ حوصلہ مندانہ فیصلہ میں فوری ہی ایک فیصلہ کرنے اور فیصلہ پر عمل کرنے کے عہد میں کتنی قوت ہوتی ہے۔ عظیم کام ہمیشہ ہی تب مکمل ہوتے ہیں جب فرد کو یہ پورا یقین اور ارادہ ہوجاتا ہے کہ جس کام کا اس نے بیڑا اٹھایا ہے اسے پورے عزم سے مکمل کرنے کی کوشش کرے گا اس عملی تخلیق، فعال فیصلہ کو جو شخص اپنے دل میں باقاعدہ دہراتا ہے اس کی عظیم قوت بیدار ہوا ٹھتی ہے تب اس کا فیصلہ اٹوٹ اور پرعزم ہوجاتا ہے، خوداعتمادی اپنی اہلیت میں اٹوٹ یقین پیدا ہونے سے انسان میں کام کو پورا کرنے کی اعلیٰ صلاحیت پیدا ہوجاتی ہے۔ یہ خود اعتمادی جتنی مضبوط اور ٹھوس ہوتی ہے۔ اتنی ہی کامیابی بھی حاصل ہوتی ہے۔ توپ کے ذریعے چھوڑے گئے گولے میں جتنی قوت ہوتی ہے وہ اس کی اپنی نہیں ہوتی گولہ پھینکنے والے کی مضبوط قوت گولے کے اندر داخل ہوکر اسے دور تک جانے اور مضبوط وار کرنے کے قابل بنادیتی ہے۔

کچھ لوگ ہمیشہ کہتے ہیں ''اگر خدا کو منظور ہوا'' اگر قسمت میں ایسا لکھا ہوا' وہ لوگ سمجھتے نہیں کہ ''اگر'' ''مگر'' اور ''لیکن'' آپ کی قوت ارادی کو کمزور کردیتے ہیں۔ ''اگر'' کے ذریعے آپ اپنی صلاحیت پر شک ظاہر کرتے ہیں اپنے آپ کو دھوکہ دیتے ہیں' فریب خوردہ ہوتے ہیں' خدا کی ہمیشہ ہی یہ خواہش ہے کہ انسان عظیم کام کرے۔ پھر ہم باقاعدہ ''اگر'' کا لفظ کا استعمال کیوں کریں؟ اس ''اگر'' سے آپ کی قوت کارکردگی کا دھار کند ہوجاتی ہے۔ رکاوٹوں کو کاٹنے والی تلوار ''اگر'' سے کند ہوجاتی ہے۔ اس کے برعکس اگر آپ ''ضروری'' اور ''لازمی'' وغیرہ ہی کہیں تو آپ کی یہ عملی تخلیقی وفنی قوت مضبوط ہوجائے گی۔ مضبوط ارادہ اور خود اعتماد پرعزم اور مضبوط شخص کہتا ہے میں حوصلہ مند ہوں' میں محنتی ہوں' میں صحت مند ہوں میں جواں عزم رکھتا ہوں میں وسیع ہوں میں تکمیل کے لامحدود خزانے کا ایک عنصر ہوں' مجھے دنیا کی تمام چیزیں وراثت میں ملی ہیں' میں خدا کی سب سے اچھی تخلیق ہوں۔ جبکہ جو لوگ اپنی قوت کا اندازہ کم لگاتے ہیں وہی شاید اور اگر کا استعمال ہر بات میں کرتے ہیں۔

پوشیدہ کورس
ایام کی کمی وزیادتی' بوجھ پڑنا' کمر میں درد' کولہے میں درد اور کھچاؤ
اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ
یہ ف دن دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کے آپ خود چشم دید گواہ بن جائیں گے
خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہا سال تحقیق کے بعد کامیاب علاج
مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں
قیمت 600 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

چلتے پھرتے وزن کم کرنے کا راز

شعیب خان، لاہور

آپ کا علاج دواؤں سے مناسب نہیں، آپ چلیے اور اپنا وزن گھٹائیے" اس پر انہوں نے ذرا تنک کر جواب دیا کہ وہ تو خوب چلتی ہیں۔ گھر سے لان تک ایک دو پھیرے لگانے کے علاوہ باورچی خانے کے کئی چکر لگاتی ہیں۔ دن بھر کمروں کی صفائی ستھرائی کرتی ہیں۔

حکیم صاحب! میں دبلی ہونا چاہتی ہوں

ایک فربہ اندام خاتون کہہ رہی تھیں "حکیم صاحب! میں دبلی ہونا چاہتی ہوں، کوئی علاج تجویز کیجئے"۔ میں نے ان کی نبض دیکھتے ہوئے کہا آپ کا علاج دواؤں سے مناسب نہیں، آپ چلیے اور اپنا وزن گھٹائیے" اس پر انہوں نے ذرا تنک کر جواب دیا کہ وہ تو خوب چلتی ہیں۔ گھر سے لان تک ایک دو پھیرے لگانے کے علاوہ باورچی خانے کے کئی چکر لگاتی ہیں۔ دن بھر کمروں کی صفائی ستھرائی کرتی ہیں۔ شاپنگ کے لیے بھی ہفتے میں دو تین مرتبہ خاصا چل لیتی ہیں لیکن اس کے باوجود وزن ہے کہ بڑھتا جارہا ہے۔ اتنا چلنے کے باوجود صرف دوا ہی سے علاج ممکن ہے، اس لیے وہ مجھ سے رجوع ہوئی ہیں۔

کام کاج ورزش کے زمرے میں نہیں آتا

میرے تجربے کے مطابق ۸۰ فی صد فربہ مرد اور خواتین اسی غلط فہمی کا شکار رہتے ہیں کہ روزمرہ کے کام کاج کے لیے وہ جتنا چلتے یا نقل وحرکت کرلیتے ہیں محض اسی سے ان کے وزن میں اضافہ نہیں ہونا چاہیے۔ وہ اس چلنے پھرنے کو وزن کم رکھنے کے لیے بہت کافی سمجھتے ہیں انہیں اتنا تو سوچنا چاہیے کہ اگر ان کی اتنی چلت پھرت کافی ہوتو تو بھلا وزن کیوں بڑھتا؟ گھر سے صحن تک دو چار پھیرے لگانا، دکان تک ہوآنا یا غسل خانے اور باورچی خانے کے پھیرے، چلنے کی تعریف میں نہیں آتے۔ چلنے سے مراد روزانہ کم از کم ۳۰ منٹ تک باقاعدہ چلنا ہے اگر آپ پورے عزم اور ارادے اور پابندی کے ساتھ ہفتے میں چھ بار ۳۰ منٹ تک چلتے ہیں تو پھر آپ کی یہ سرگرمی ورزش کہلائے گی اور فائدہ صرف اسی سے ہوگا۔

پیدل چلنے کے 6 نمایاں فوائد

تیز قدمی سے چھ نمایاں فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

(۱) خود اعتمادی بڑھتی ہے

آپ جب وقت کی پابندی کے ساتھ مستقل مزاجی سے کام لے کر کھلی فضا میں سینہ تان کر دونوں ہاتھوں کو حرکت دیتے ہوئے تیز تیز چلتے ہیں تو آپ کا ذہن اس احساس سے آسودہ رہتا ہے کہ آپ بھی صحت منداور توانا افراد کی طرح چل سکتے ہیں۔ اس پروگرام کی پابندی آپ کو سڈول بنا کر بھدے پن، سستی اور پستی اور درماندگی کے احساس سے نجات دلادے گی۔ اس احساس سے اپنے اور زندگی کے بارے میں آپ کا نقطہ نظر ہی تبدیل ہوجائے گا۔ جوں جوں اس پروگرام پر تسلسل کے ساتھ عمل ہوگا صحت وتوانائی کے احساس میں اضافے کے ساتھ ساتھ خود اعتمادی بھی بڑھتی چلی جائے گی۔

(۲) حرارے ٹھکانے لگتے ہیں

: تیز قدمی فاضل حرارے جلا کر جسم کو ہلکا بناتی چلی جاتی ہے۔ فرض کیجئے اگر آپ کا وزن ۱۵۰ پاؤنڈ ہے اور آپ باقاعدگی کے ساتھ ہفتے میں چھے دن روزان ۲ میل چلتے ہیں تو ہر روز آپ کا جسم ۲۰۰ حرارے ٹھکانے لگاتا چلا جائے گا۔ گویا اس طرح چوبیس دنوں میں آپ ۴۸۰۰ کیلوریز سے نجات حاصل کرلیں گے۔ یعنی ایک مہینے کے اندر اندر آپ کے جسم میں جمع چربی کے ذخیرے میں تقریباً ایک پونڈ کم ہوجائے گا۔ اس طرح آپ ایک سال میں 18 پونڈ کے لگ بھگ وزن کھودیں گے۔ ذرا سوچیے آپ کے قلب پر سے کتنا بوجھ ہٹ جائے گا۔

(۳) وزن میں تیز رفتار کمی

محض نصف گھنٹے تک تیز قدمی کے بعد بھی جسم میں چربی کی صورت میں جمع فاضل حرارے تیزی سے جلتے رہتے ہیں، کیوں کہ تیز قدمی کی وجہ سے جسم کے نظام استحالہ (میٹابولزم) کی رفتار بڑھ جاتی ہے۔ ظاہر ہے کہ اس میں اضافے کا مطلب بھی وزن میں تیز رفتار کمی ہی ہے۔

(۴) توانائی میں اضافہ

تیز قدم سے جہاں چربی پگھلتی ہے جسم کے تمام پٹھے بھی مضبوط ہوجاتے ہیں ان کی کارکردگی میں اضافے کے نتیجے میں جسم کے ریشے یا بافتیں چربی کو زیادہ تیز رفتاری سے ٹھکانے لگاتے ہیں۔ گویا غذائی بے احتیاطی کے باوجود جسم فاضل حراروں کو جلد جلا کر ختم کرنے کی صلاحیت حاصل کرنے لگتا ہے۔

(۵) بھوک نہیں بڑھتی

تیز قدمی کے بارے میں ثابت ہوچکا ہے کہ کھانے سے پہلے چلنے سے بھوک میں اضافہ نہیں ہوتا بلکہ یہ گھٹ جاتی ہے۔

(۶) ذہنی دباؤ میں کمی

تیز قدمی تفکرات اور ذہنی دباؤ میں نمایاں کمی کردیتی ہے۔ ذہنی اور نفسیاتی امراض کے ماہرین کے مطابق جب بھی دباؤ محسوس ہو لمبی سیر کے لیے نکل جانا چاہیے۔ اس سے ان لوگوں کو بھی فائدہ پہنچتا ہے جو مسکنات یا سکون بخش دواؤں کے عادی ہیں۔ پیدل چلنے سے بے وقت کھانے اور بالخصوص چٹورپن کی عادت بھی چھوٹ جاتی ہے۔

مرد حضرات بھی خواتین سے کچھ کم نہیں

خواتین میں یہ عادت کچھ زیادہ ہی ہوتی ہے اور وہ اُسے کھانے کا حصہ سمجھنے پر آمادہ نہیں ہوتیں۔ بازاروں میں شاپنگ کے دوران مختلف اشیاء کا کھانا اس کا معمول ہوتا ہے۔ مرد حضرات بھی ان سے کچھ پیچھے نہیں ہوتے۔ دفتر میں کئی کئی پیالی چائے پینا اور اس کے ساتھ بسکٹ، کیک وغیرہ کھانا معمول میں شامل ہوتا ہے۔ اسی طرح میٹھی ٹھنڈی بوتلوں کے استعمال کو بھی غذا میں شامل نہیں سمجھا جاتا ہے۔ گرم اور ٹھنڈے مشروبات میں شامل چینی جسم میں فاضل حراروں کی صورت میں جمع ہوکر چربی میں اضافہ کرتی ہے۔

جو کھارہے ہے کھائیے مگر چہل قدمی ضرور کیجئے

تیز قدمی کے پروگرام پر عمل کرنے کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ کھانے پینے کی رفتار یا معمول میں تبدیلی کی جائے۔ آپ جو کچھ کھارہے ہیں اسی حساب سے کھائیے اور روزانہ باقاعدگی سے چلیے۔ ایک مہینے کی یہ خوش گوار ورزش خود آپ کو حیرت میں ڈال دے گی۔ روزانہ صبح پیدل چلنے کا شیڈول بنائیے اس میں بتدریج ہر ہفتے اضافہ کرتے رہیے۔ شاہ راہ صحت پر کام جاری رکھیے۔ آپ کی اچھی صحت، سڈول ہوتے جسم کی گواہی آپ کا دل دے گا اور ایک مہینے بعد لوگ بھی چونک کر پوچھیں گے اتنے اسمارٹ کیسے ہوگئے؟

چھوٹا سا عمل! دانت تاعمر خراب نہ ہونگے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دانتوں کی حفاظت کا بہترین اور تیر بہدف عمل ہے۔ قارئین اسے آزمائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ عمل صرف یہ ہے کہ روزانہ نماز فجر ادا کرنے کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے صرف اکیس مرتبہ دونوں گالوں پر ہاتھ رکھ کر سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾ پڑھنا ہے۔ اس طرح پڑھنے سے تمام عمر دانت خراب نہ ہوں گے۔ یہ میرا آزمودہ ہے۔ (ڈاکٹر ظفر حمید ملک، اٹک)

عبقری اسٹیکر اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی موٹر سائیکل اور گاڑیوں پر لگا کر دکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ نوٹ: گاڑی کیلئے ایسے سٹیکر جو رات کے اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکے گا' لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکل پر ضرور لگائیں۔ (قیمت: سٹیکر گاڑی: 200 روپے' موٹر سائیکل: 10 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت): حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

کتاب میں کھا محبت نامہ اور اکلوتے یتیم کی خودکشی

مجھ پر احسان کریں اور مجھے ٹیوشن پڑھا دیں

وہ ایک اچھے سکول میں سائنس کی استاد تھیں اور ان کی اولین ترجیح اپنے طلباء کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانا تھا اس کے لیے دن رات کسی وقت بھی ان سے استفادہ کیلئے کوئی طالب علم بلاجھجک ان کے پاس آجاتا تھا' پورے علاقہ میں وہ اپنے اس شوق اور طلباء سے ہمدردی کے لیے مشہور ہوگئی تھیں۔ ایک روز شام کو ان کے پاس ایک طالب علم آیا جو بارہویں کلاس میں تھا' اس نے ان سے کہا بورڈ کا امتحان ہے' میری والدہ کی خواہش ہے کہ میں امتیازی نمبروں سے پاس کروں اگر آپ مجھ پر احسان کریں اور مجھے ٹیوشن پڑھادیں تو امتحان کے بعد میں آپ کے ٹیوشن فیس ادا کروں گا۔ طالب علم کے شوق کی وجہ سے آسیہ نے شام پانچ بجے کا وقت اس کو دے دیا' وہ شوق اور پابندی کے ساتھ ٹیوشن پڑھنے آتا اور تقریباً روز اپنی سعادت مندی سے ان کا شکریہ ادا کرتا' امتحان قریب آگئے اور نصاب پورا ہوگیا تو ایک دن وہ آیا اور بولا میڈم مجھے اپنا نصاب دہرانا ہے کیا آپ مجھے نصاب میں سے امپورٹنٹ اسباق بتاسکتی ہیں۔

کتاب میں موجود بے ہودہ خط نے ہوش اڑا دیئے

آسیہ نے کہا: کیوں نہیں ضرور تم کل کتاب دے جانا میں رات میں نشان لگا کر اگلے روز واپس کردوں گی۔ وہ دیکھتی تھی کہ روزانہ جس سبق کو اسے پڑھنا ہوتا وہ اسے ایک کاپی پر نقل کرکے لاتا تھا' آسیہ اس سے پوچھتی تم کتاب لے کر کیوں نہیں آتے وہ کہتا میڈم لکھنے سے مجھے کچھ سبق یاد ہوجاتا ہے اور مجھے لکھنے کی مشق بھی ہوتی ہے اگلے روز وہ کتاب لایا اور دے کر چلا گیا۔ آسیہ نے خاص خاص اسباق پر نشان لگانے کے لیے کتاب کھولی تو آگ بگولہ ہوکر رہ گئی' اس کتاب کے درمیان ایک خط تھا' جس میں انتہائی فحش انداز کا لو لیٹر موجود تھا۔

اس کمینہ کی جرأت کیسے ہوئی؟

وہ جھلا کر رہ گئی کہ اہم اسباق پر نشان کے بہانے وہ مجھے یہ لو لیٹر دینا چاہتا تھا' رات بھر اسے نیند نہیں آئی' اس کمینہ کی ایسی جرأت کیسے ہوئی؟ وہ اگلے روز اسی سعادت مندی کیساتھ پڑھنے آیا تو آسیہ نے بے دردی سے اس کی پٹائی کی اور دروازہ سے بھگا دیا کہ تم جیسے کمینہ لڑکے کو میں نہیں پڑھا سکتی' کم ظرف کیساتھ احسان کرنا بھی کم ظرفی ہے' وہ آسیہ کو سوالیہ نگاہوں سے تکتا ہوا' معافی مانگتا ہوا ڈبڈبائی نگاہوں سے رخصت ہوا۔

نہر میں ڈوب کر خودکشی کرلی

اگلے روز ایک لڑکا آسیہ کے گھر آیا اور معذرت کے ساتھ اس نے کہا میڈم کل ندیم جو میرا دوست تھا' اس کے والد کا بچپن میں انتقال ہوگیا تھا' وہ پڑھنے اور کاپی بیچ کر والدہ کی کفالت کرتا تھا' والدہ کی بیماری کا خرچ کی وجہ سے وہ کتابیں نہیں خرید سکا تھا روزانہ میری کتابوں سے ایک سبق نقل کرکے لاتا تھا کل خاص اسباق پر نشان لگوانے کیلئے وہ میری کتاب مانگ کر لایا تھا میڈیم مجھے وہ کتاب چاہیے معافی چاہتا ہوں کہ اس میں میرا ایک خط بھی تھا جو غلطی سے رہ گیا تھا' آسیہ دھک سے رہ گئی اور پوچھا کہ ندیم ہے کہاں؟ اس نے کہا آپ نے اخبار میں تو پڑھا ہی ہوگا کہ اس نے رات میں نہر میں ڈوب کر خودکشی کرلی۔

لاچار بیوہ کے جگر گوشہ کے قتل کا گناہ

اس معصوم کی ڈبڈبائی اور پاکیزہ آنکھیں جو آسیہ کے دل میں چبھی ہوئی تھیں اس کو کھائے جارہی تھیں اب اسے راز معلوم ہوا کہ وہ کتاب کے بجائے روزانہ کسی ردی کے کاغذ پر نقل کرکے کیوں لاتا تھا؟ وہ اپنے کو جذبات اور انفعال پر ندامت کے حال میں بھی نہیں پاتی تھی' جلد بازی میں بغیر تحقیق کے انفعالی فیصلہ کی وجہ سے ایسے پاکیزہ جذبہ والے کسی لاچار بیوہ کے جگر گوشہ کے قتل کے گناہ سے وہ کیسے عہدہ برآ ہوسکتی ہے۔ وہ زندگی بھر اس غم میں گھلتی رہی مگر اس کی تلافی کے لیے کوئی حل زندگی بھر سمجھ میں نہیں آیا۔

کاش! ہم صبر وتحمل کرنا سیکھ جائیں

جذبات وانفعال میں ہم لوگ کتنے ایسے فیصلے کرلیتے ہیں جن کی تلافی بھی ہمارے لیے ناممکن ہوتی ہے۔ اس لیے دین رحمت نے صبر وتحمل کی اس قدر تلقین کی کہ قرآن مجید میں جتنی بار ایمان کا لفظ آیا ہے اتنی بار صبر کا ذکر کیا ہے اور صبر کے معنی قرآنی زبان میں امید کے خلاف مزاج کے خلاف' مفاد کے خلاف' بغیر منفعل ہوئے اپنی بھلائی پر جمے رہنا ہے' رب کائنات نے یہاں تک ہدایت دی ہے کہ ترجمہ: (کسی جماعت کی دشمنی تم کو اس پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو انصاف کرتے رہو وہ تقویٰ سے بہت قریب ہے) کاش! ہم اس طرح کے ناقابل تلافی نقصان سے بچنے کیلئے جلد بازی میں انفعالی اور جذباتی فیصلوں پر انتقام کے بجائے صبر وتحمل سے کام لینے کے عادی بنیں۔

حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ آپ ﷺ مسجد منیٰ میں تشریف فرما تھے قبیلہ ثقیف اور انصار میں سے دو شخص آپ ﷺ کی خدمت میں آئے اور کہا اے اللہ کے رسول ﷺ ہمیں ان امور کے بارے میں بتایئے (چنانچہ آپ ﷺ نے خود ان کے سوالوں کو جان لیا اور فرمایا تم ان سوالوں کے جواب کیلئے آئے) آپ ﷺ نے فرمایا جب تم اپنے گھر سے بیت اللہ (حج) کے ارادے سے نکلو گے تو تمہاری اونٹنی کا قدم جتنا اٹھے گا اور بیٹھے گا اس کے بدلے نیکی لکھی جائے گی اور گناہ معاف ہوں گے اور طواف کے بعد دو رکعت کا ثواب خاندان اسماعیل کے غلام کی آزادی کے برابر ثواب پاؤ گے اور صفا ومروہ کی سعی کا ثواب ستر غلام کی آزادی کے مثل پاؤ گے اور تمہارے وقوف عرفہ کے وقت اللہ پاک آسمان دنیا پر اتر آتے ہیں اور تمہاری وجہ سے فرشتوں پر فخر فرماتے ہیں اور کہتے ہیں دور دراز کی مسافت طے کرکے پراگندہ حال میرے بندے میرے پاس آئے ہیں مجھ سے جنت کی امید کرتے ہوئے پس اگر تمہارے گناہ ریت کی مقدار کے برابر' یا بارش کے قطروں کی مقدار یا سمندر کی جھاگ کی مانند (یعنی اس قدر کہ شمار سے باہر) تو اسے معاف کردوں گا۔ چلو کوچ کرو' میرے بندے عرفات سے تم بخشے بخشائے ہوگئے اور اس کی بھی جس کی تم شفاعت کروگے اور تمہارا کنکری مارنا سوہر کنکری جو تم مارو گے ہلاک کرنے والے بڑے بڑے گناہوں کا کفارہ ہے اور تمہارا قربانی کرنا پس وہ تمہارے رب کے نزدیک ثواب کا ذخیرہ ہے اور تمہارا سر کا حلق کرانا سو ہر بال کے بدلے ایک نیکی اور گناہوں کی معافی ہے اور تمہارا اس کے بعد طواف (زیارت) کرنا اس حال میں طواف کرنا ہوگا کہ کوئی گناہ نہ ہوگا۔ فرشتے آئینگے تمہارے دونوں کندھوں کے درمیان ہاتھ رکھیں گے جو چاہے آئندہ عمل کرو۔ گزشتہ گناہوں کی معافی ہوگئی۔ (طبرانی کبیر' ابن حبان)

بحوالہ: کتاب "حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ": مقبول عبادات' فضائل' روحانی نسخے اور بہت کچھ پڑھیں!
حج پر جانیوالے اپنے لمحات کو قیمتی سے قیمتی تر بنائیں اور دوسروں کو بھی یہ انمول تحفہ دیں۔

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کھرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
درد شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی اسے استعمال کریں
گلے کی خراش نسیان منہ میں چھالے پڑنا آنتوں کے امراض
بالوں کا قبل از وقت سفید ہوجانا
قیمت 120 روپے

ZAHOOR KHAN DESHAWAR

مراقبہ کیسے کیا جائے؟ 6 طریقے جان لیں!

(فرحت جبیں، کراچی)

صرف 15 منٹ! صحت پر خوشگوار اثرات

مراقبہ کیا ہے؟: مراقبہ ایک سادہ اور آسان سا طریقہ ہے۔ اسے ذہنی تنظیم کا نام بھی دیا جاسکتا ہے۔ اس میں آپ نے اپنی تمام توجہ اپنے ذہن پر مرکوز رکھنا ہوتی ہے تاکہ آپ کا ذہن اپنے مقصد سے ادھر ادھر نہ ہٹ سکے۔ مطالعہ سے یہ چیز ثابت ہوئی ہے کہ روزانہ صرف 15 منٹ کا مراقبہ آپ کی طبی اور ذہنی صحت پر خوشگوار اثرات مرتبہ کرتا ہے۔ آپ کا بلڈ پریشر معمول پر لاتا ہے۔ اعصاب کو سکون بخشنے کے ساتھ ساتھ آپ کے مدافعتی نظام کو مضبوط بناتا ہے تاکہ آپ روزمرہ کے دباؤ سے آزاد رہ کر پیشہ ورانہ کارکردگی کو بہتر سے بہتر بنا سکیں۔

ڈیپریشن، دباؤ اور مختلف امراض ختم

جاپان میں منسٹری آف لیبر کمیشنڈ نے مراقبہ کے فوائد کا جائزہ لینے کے لیے 447 ملازمین کو اس کی تربیت دی۔ مطالعہ سے یہ بات ظاہر ہوئی کہ ان ملازمین کی نہ صرف کارکردگی بہتر ہوگئی بلکہ یہ دیگر ملازمین کے مقابلے میں کم بیمار رہے۔ ڈیپریشن، دباؤ اور مختلف امراض کی شکایت بھی عام ملازمین کی نسبت ان میں بہت کم رہی۔

مراقبہ کا سب سے اہم کام!

مراقبہ آپ کے جسم اور ذہن کے لیے ایک طاقتور ہتھیار ہے۔ ماہرین کے مطابق ہم زیادہ تر دماغ کا بایاں حصہ استعمال کرتے ہیں جو ہمارے روزمرہ کے منطقی معاملات حل کرتا ہے اور عموماً حقیقت پسندانہ طرز فکر کا ترجمان ہوتا ہے جبکہ ہمارے دماغ کا دایاں حصہ "جذبات" سے منسلک ہوتا ہے جو عموماً کم استعمال ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارا ذہن زیادہ تر غیر متوازن رہتا ہے۔ چنانچہ ذہن کا یہ عدم توازن دباؤ، پریشانیاں اور دیگر امراض کا باعث بنتا ہے۔ مطالعہ سے یہ بات ثابت ہوئی کہ مراقبے کا سب سے اہم کام ہمارے ذہن کو متوازن رکھنا ہوتا ہے۔ یہ صرف ہمارے دباؤ کو کم ہی نہیں کرتا بلکہ ہمارے جسم کو دیگر بیماریوں کیخلاف مؤثر مقابلہ کرنے کے لیے بھی تیار کرتا ہے۔

مراقبہ کرنا ہے تو وقت اور جگہ کا تعین ضروری نہیں

مراقبے کی ایک اور اچھی بات یہ ہے کہ اسے آپ کبھی بھی، کسی بھی جگہ اور جب چاہیں کرسکتے ہیں۔ اس کے لیے آپ کو دن میں کسی بھی وقت 15 سے 20 منٹ درکار ہوں گے۔ آپ اسے گھر پر، دفتر میں، یہاں تک کہ آپ ٹرین میں بھی کیوں نہ بیٹھے ہوں آرام سے کرسکتے ہیں لیکن ضروری بات یہ ہے کہ اسے روزانہ کی بنیاد پر کیا جانا چاہئے ورنہ اس کے بھرپور نتائج نہیں مل سکیں گے۔

مراقبہ کرنے سے پہلے یہ بات ضرور یاد رکھیں!

ماہرین نے اگرچہ وقت اور جگہ کا تعین نہیں کیا لیکن پھر بھی ان کے خیال میں مراقبے کا بہترین وقت صبح کا ہے، خاص طور پر جب آپ سو کر اٹھتے ہیں۔ کیونکہ اس وقت آپ کا ذہن ہلکا پھلکا اور کسی قسم کے دباؤ سے آزاد ہوتا ہے لیکن اگر آپ شام کو آسانی محسوس کرتے ہیں تو یہ بات یاد رکھیں کہ مراقبہ کرنے سے پہلے کم از کم 10 منٹ اپنے ذہن کو مکمل طور پر دن میں ہونے والی سرگرمیوں سے آزاد کرنا ہوگا۔ خاص طور پر ایسی باتوں کو ذہن سے نکالنا ہوگا جو آپ کے لیے دباؤ یا پریشانی کا سبب بنی ہیں۔ اگر آپ تھوڑی سی دیر کے لیے تیز قدمی (Brisk walk) کرلیتے ہیں یا کوئی بھی ایسی چھوٹی موٹی ورزش جس سے آپ کی اعصابی توانائی بحال ہوجائے تو مراقبے کے زیادہ بہتر نتائج برآمد ہوں گے۔

ہوسکتا ہے کہ جب آپ پہلی مرتبہ مراقبہ شروع کریں کہ تو اپنے ذہن کی اندرونی آواز سے پریشان ہوجائیں لیکن فکر کی کوئی بات نہیں۔ آپ کا ذہن آہستہ آہستہ خالی ہوجائے گا۔ پھر آپ اپنے مقصد پر سوچ مرکوز کردیں اور اگر کسی چیز سے نجات چاہتے ہیں تو یہ الفاظ منہ سے کہیں، جیسے "میں جلد ہی قرض سے نجات حاصل کرلوں گا" وغیرہ وغیرہ۔ آواز اتنی رکھیں کہ آپ کے کان بھی سن سکیں لیکن اگر آپ ہلکی آواز میں بولنا چاہتے ہیں تو بھی بول سکتے ہیں۔ دونوں کے نتائج ایک جیسے ہیں اور سب سے ضروری چیز یہ ہے کہ آپ کی خصوصی توجہ اپنے سانس پر ہونی چاہئے۔ مثبت چیز سوچیں تو سانس اندر کی جانب لیں اور جب سانس باہر نکالیں تو منفی بات سوچیں۔

مراقبہ کیسے کیا جائے؟ 6 طریقے جان لیں!

(1) اپنے جوتے اتار لیں اور کسی آرام دہ جگہ پر ٹانگیں سیدھی کرکے بیٹھ جائیں۔ اپنی آنکھیں بند کرلیں اور اپنی تمام تر توجہ سانس لینے اور خارج کرنے پر مرکوز کرلیں۔ جسم کو بالکل ڈھیلا چھوڑ دیں۔ (2) آہستہ آہستہ اپنے جسم کی طرف توجہ موڑ لیں۔ اپنے پاؤں سے اس کا آغاز کریں۔ مراقبے کے دوران یوں سوچیں کہ اب پاؤں ہر قسم کی تھکن سے آزاد ہو رہے ہیں (یہ سوچ جسم کے آخری عضو تک رہے گی) پھر اپنی ٹانگوں کو اکٹھا کرکے آلتی پالتی کے انداز میں بیٹھ جائیں۔ اگر آپ کسی بھی قسم کے تناؤ یا دباؤ کا شکار ہیں تو تصور کریں کہ سانس کے اخراج کے ساتھ یہ دباؤ بھی خارج ہو رہا ہے۔ (3) اب اپنی توجہ کمر پر مرکوز کرلیں۔ کولہوں سے ریڑھ کی ہڈی اور پھر آہستہ آہستہ اوپر سر تک چلے جائیں۔ گہرے سانس لینے کا عمل جاری رہنا چاہیے۔ اسی طرح اپنے پیڑو، پیٹ وغیرہ پر اپنی توجہ مرکوز کردیں۔ سانس لینے کے دوران باقاعدہ آپ کا پیٹ پھیلنا اور سکڑنا چاہیے۔ (4) آپ کی توجہ اب سینے پر مرکوز ہوگی۔ ہر سانس کے ساتھ سینے کا پھیلنا اور سکڑنا بھی ضروری ہے۔ (5) اب اپنی سوچ اپنے ہاتھوں کی طرف موڑ دیں جو رانوں پر رکھے ہوئے ہیں۔ یاد رکھیں کہ اس دوران آپ کے ہاتھوں میں کسی قسم کی حرکت نہیں ہونی چاہیے۔ آپ کی انگلیاں اور ہتھیلی ایک جگہ جمی ہوئی ہو۔ (6) ہاتھوں کے بعد بازوؤں کی طرف سوچ کو آہستہ آہستہ منتقل کرنا شروع کریں۔ اسی طرح بازوؤں سے کندھوں پر آجائیں پھر گردن اور چہرے پر توجہ مرکوز کریں۔ پیشانی، ناک، گال، ہونٹ، کان یعنی چہرے پر توجہ مرکوز کریں۔ پیشانی، ناک، گال، ہونٹ، کان یعنی چہرے کے تمام خطوط پر الگ الگ توجہ مرکوز کرتے رہیں اور آہستہ آہستہ سانس لینے کے عمل کی طرف واپس آجائیں اور تصور کریں کہ توانائی آپ کے جسم کے تمام حصوں میں آرہی ہے۔ یہ عمل تقریباً 15 سے 20 منٹ تک جاری رکھیں۔ پھر جب تک چاہیں اسی حالت میں آرام سے بیٹھے گہرے گہرے سانس لیتے رہیں۔

لیکوریا! ڈھیٹ مرض کا آزمودہ علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس لیکوریا کا آسان سا علاج ہے جو میں قارئین سے شیئر کررہا ہوں:۔ **ھوالشافی:** پھٹکڑی توے پر ڈال کر اس میں سیندور ڈال دیں، ہلکی آنچ توے کے نیچے جلنے دیں، پھر جلدی سے دونوں چیزوں کو بڑے پیالے کے ساتھ بند کردیں، جو اس کو یعنی پیالے کو دوا لگے، اس کو شربت انجبار سے سوگرام کھانا ہے، شدید ترین بیماری بھی جلد رفع ہوجائے گی۔ (چوہدری نصیرالحق، چشتیاں)

عرق شوگر شفاء
شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری، پٹھوں کا کھچاؤ، سستی، رہنا، دماغی کمزوری، یادداشت کی کمی، نگاہ کی کمزوری، خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی، ڈیپریشن، ٹینشن، بیزاری، بے قراری ہو تو "عرق شوگر شفاء" جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاند کی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا، "عرق شوگر شفاء" چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہوجاتی ہے۔ (قیمت -/350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

خون کی بندرگوں کو کھولنے کا آسان نسخہ

امی یہ پڑھ کر مانگتی ہیں سب ملتا ہے

دو اجزاء کا کیپسول بنالیں! شوگر کنٹرول رہے گی

چہرے پر بال، میرا آزمودہ عمل

ڈور نے اپنا کام پورا کیا

دعا کی برکت، گردن بچ گئی

بال لمبے گھنے، فرق کھلی آنکھوں سے دیکھیں

صرف وہ متوجہ ہوں جن کی شادی نہیں ہو رہی!

جلد نرم و ملائم بنانے کیلئے فریج میں محفوظ کریں

دو اجزاء کا کیپسول بنالیں! شوگر کنٹرول رہے گی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اور میرے گھر والے عبقری میگزین بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور اس میں موجود ٹوٹکے استعمال بھی کرتے ہیں اور میگزین کو قیمتی چیز کی طرح سنبھال کر رکھتے ہیں۔ اپنی زندگی کے تجربات صدقہ جاریہ کے طور پر اپنے پیارے میگزین کیلئے لکھ رہی ہوں۔ شوگر کنٹرول: ایک چھٹانک کڑوے جَو، ایک پاؤ کالے چنے بھنے ہوئے اور ایک پاؤ بادام کی گریاں باریک پیس لیں، آدھ چمچ صبح اور آدھ چمچ شام کو پانی کے ساتھ لیں۔

دوسرا طریقہ: کڑوے جَو اور بادام کی گریاں ہم وزن باریک پیس لیں اور ان کو کیپسول میں بھر لیں ایک کیپسول روزانہ لیں، اس سے آپ کی شوگر کنٹرول رہے گی۔

ڈور نے اپنا کام پورا کیا! دعا کی برکت سے گردن بچ گئی

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

اس دعا کو روزانہ صبح و شام سات بار پڑھیں آپ سارا دن کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچیں رہیں گے یہ دعا میری کافی سالوں سے آزمودہ ہے۔ ایک بار میں اپنے خاوند اور بچوں کے ساتھ موٹر سائیکل پر کہیں ۵ جا رہی تھی، یہ اس دور کی بات ہے جب بسنت پورے اہتمام کے ساتھ منائی جاتی تھی کسی قسم کی پابندی نہ تھی، میں نے درج بالا کلمات حسب معمول سات مرتبہ پڑھے اور روانہ ہوگئی۔ میرا چار سال کا بیٹا آگے موٹر سائیکل پر بیٹھا ہوا تھا۔ اس کی گردن پر ڈور پھر گئی، بچہ لمحوں میں خون میں لت پت ہوگیا، فوراً قریبی ہسپتال میں گئے، بچے کو ایمرجنسی میں لے گئے، کچھ دیر بعد ڈاکٹرز نے بتایا کہ بچے کی شہ رگ کٹنے سے بچ گئی، یعنی بچہ صرف زخمی ہوا کسی قسم کے جانی نقصان کا خطرہ نہیں ہے۔ میرے خاوند بھی زخمی ہوئے مگر اللہ کا لاکھ شکر ہے کہ سب کی جان بچ گئی۔ نہیں تو جتنی تیز موٹر سائیکل تھی میرے بچے کا بچنا کسی معجزہ سے کم نہیں، یہ اسی دعا کا حفاظتی حصار تھا جس نے میرے بچے کو بچا لیا۔

اس وقت تک موت نہ آئے گی جب تک!!! رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ ﴿آل عمران ۸﴾ یہ دعا روزانہ تین بار پڑھنے والے کو اس وقت تک موت نہ آئے گی جب تک اللہ تعالیٰ اس بندے سے راضی نہ ہو جائے۔

خون کی بندرگوں کو کھولنے کا آسان نسخہ

دوستو! اس نسخہ کے استعمال سے پیروں سے لے کر سر تک جسم میں کوئی بھی رگ بند ہو تو کھل جائے گی۔ اس نسخے کو بنانے کے لیے ہمیں جو چیزیں چاہئیں وہ یہ ہیں: دار چینی ایک گرام، کالی مرچ دس گرام، مغز تخم خربوزہ دس گرام، السی کے بیج دس گرام، تیز پتہ دس گرام، مغز اخروٹ دس گرام، مصری دس گرام، سب اشیاء کو بلینڈر میں ڈال کر پاؤڈر بنالیں اور اس کی دس پڑیاں بنالیں۔ ایک پڑیا روزانہ صبح خالی پیٹ نیم گرم پانی سے لینی ہے اور ایک گھنٹے تک کچھ بھی نہیں کھانا ہے۔ آپ چائے پی سکتے ہیں۔ دل کے مریض یہ نسخہ استعمال کرتے رہیں گے تو گارنٹیڈ پوری زندگی ہارٹ اٹیک یا لقوہ نہیں ہوگا۔ (راشد شمسی، رائل لیبارٹریز، لاہور)

صرف وہ متوجہ ہوں جن کی شادی نہیں ہو رہی!

ایسے بہن بھائی جن کی شادی کسی بھی وجہ سے نہ ہو رہی ہو، جادو جنات کا چکر ہو یا کسی بھی طرح کی بندش ہو، مال و اسباب کی وجہ ہو یا بدصورتی، بدنصیبی کی شکل اختیار کر گئی ہو۔ ایسے تمام بہن بھائی اس عمل کو ضرور کریں، یہ عمل پسند کی شادی کیلئے بھی کیا جا سکتا ہے لیکن پسند کی شادی کیلئے عمل شروع کرنے سے پہلے استخارہ ضرور کریں اگر جواب ہاں کی صورت میں ملے تو شوق سے کریں، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ضرور کامیابی ملتی ہے۔ عمل یہ ہے:۔ نماز کی پابندی کریں، بعد نماز فجر اور عشاء مع اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور تین تین تسبیحات یعنی 300 مرتبہ نماز فجر اور تین سو مرتبہ نماز عشاء کی نماز کے بعد اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھیں اور اپنے مقصد کیلئے دعا کریں۔ 21 دن کا عمل ہے لیکن اس عمل میں اگر کام پہلے ہو بھی جائے تب بھی 21 دن پورے کریں۔ نوٹ: پسند کی شادی کے خواہش مند حضرات استخارہ کیلئے عبقری کی گزشتہ کسی فائل میں نماز استخارہ کے نام سے عمل چھپا تھا، وہ کر لیں، بہت دفعہ کا آزمودہ ہے بروقت اور بہترین جواب مل جاتا ہے۔ اس وظیفہ کی اجازت عام ہے، مگر نماز کی پابندی اور درود شریف کا کثرت کے ساتھ ورد کریں۔

نماز استخارہ کا طریقہ

آپ جب کوئی کام کرنے کا ارادہ کریں تو پہلے اللہ تعالیٰ سے مشورہ لے لیں اللہ تعالیٰ سے مشورہ اور صلاح لینے کو استخارہ کہتے ہیں ہم سب کے آقا ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے صلاح مشورہ نہ لینا استخارہ نہ کرنا بدبختی اور کم نصیبی کی بات ہے۔ طریقہ: پانچ وقت کی نماز پابندی سے پڑھیں رات کو سونے سے پہلے دو رکعت نماز استخارہ کی نیت سے پڑھیں اس کے بعد 313 مرتبہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھیں۔ اور ان کلمات کا ثواب اگر اصحاب بدر رضوان اللہ علیہم اجمعین کو بخش دیں تو زیادہ بہتر ہے اس کے بعد پوری توجہ سے سوز و گداز کے ساتھ خوب دل لگا کر اپنے مقصد کیلئے دعا کریں۔ دعا کے بعد درود ابراہیمی پڑھیں اور آخر میں یہ چار اسماء الٰہی پڑھتے ہوئے سو جائیں یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَابَشِیْرُ بَشِّرْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَامُبِیْنُ بَیِّنْ لِیْ انشاء اللہ یا تو خواب کے ذریعہ آپ کو مشورہ مل جائے گا یا دل میں جو بات آئے وہی بہتر ہے اسی پر عمل کریں۔ اگر ایک رات میں کچھ معلوم نہ ہو اور دل کی پریشانی دور نہ ہو تو دوسرے دن پھر ایسا ہی کریں سات راتیں ایسا کر سکتے ہیں۔ (نماز استخارہ کا یہ طریقہ ستمبر 2011ء کے عبقری شمارہ میں چھپ چکا ہے) (جمشید حیات، اٹک)

جلد نرم و ملائم بنانے کیلئے فریج میں محفوظ کریں

ایلوویرا اور نیم کے پتے (ہم وزن) لے لیں اور بلینڈر کر لیں اور فریج میں محفوظ کر لیں بہت لاجواب ہے جلد ایسی نرم ملائم ہو جاتی ہے اور چمکدار بھی ہوتی ہے۔

جوانی گولیاں
سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
جب جوانی بے لگام ہو جائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہو جائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہو جاتی ہیں۔ چہرے پر دانے، داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ، چڑچڑا پن۔ ڈیپریشن، ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہو جانا۔ ایسی تمام حالتوں میں "جوانی گولیاں" استعمال کریں۔ قیمت صرف 150 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

بال لمبے گھنے، فرق کھلی آنکھوں سے دیکھیں

بالوں کو لمبا، گھنا کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ سورۂ واللیل پڑھیں۔ بال اترنا بند ہو جائیں گے فرق آپ اپنی کھلی آنکھوں سے دیکھیں گے۔

چہرے پر بال، میرا آزمودہ عمل

میری سکن پر بال ہیں میں ہر نماز کے بعد تین مرتبہ درود شریف، ایک مرتبہ الحمد اللہ تین مرتبہ سورۂ اخلاص اور پھر سے تین مرتبہ درود شریف پڑھتی ہوں اور وضو کے بعد بھنوؤں پر چند قطرے لگاتی ہوں۔ ماشاء اللہ بہت فرق ہے اب بال بالکل باریک ہو گئے ہیں۔ (اقراء طارق، راولپنڈی)

ہماری امی یہ پڑھ کر مانگتی ہیں سب ملتا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم 2011ء سے عبقری کے قاری ہیں، ہم تین بہنیں اور ایک بھائی ہے، ہمیں عبقری سے بہت کچھ ملا بلکہ میں تو یہ کہوں گی ہم آج جس مقام پر ہیں اس کی وجہ عبقری ہی ہے۔ میری بہن نوکری کرتی ہیں، ابو ٹھیک نہیں رہتے، بس اللہ تعالیٰ غیب سے مدد فرما دیتے ہیں ہر چیز پوری ہو جاتی ہے۔ میری امی ہمارے لیے ہر چیز سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 گیارہ مرتبہ پڑھ کر مانگتی ہیں اور اللہ پاک غیب سے ایسے اسباب پیدا فرماتے ہیں کہ ہمیں وہ چیز مل جاتی ہے۔ اس کے علاوہ سورۂ قریش اور سورۂ کوثر کو تو بارہا آزمایا بہت ہی مجرب پایا۔

شوہر کی نظروں میں گرنے سے بچا لیا

میری ایک انتہائی قریبی رشتہ دار مجھے میرے شوہر کی نظروں سے گرانے کی کوشش میں لگی رہتی ہیں، گزشتہ سردیوں میں میرے شوہر کے دس ہزار نقد اور اے ٹی ایم کارڈ گھر میں گم ہو گئے، اس رشتہ دار نے اس کا الزام بھی مجھ پر لگا دیا، میں نے رو رو کر اللہ کریم سے مدد مانگی، چار دن مسلسل یارب موسیٰ یارب کلیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتی رہی اور اللہ کریم سے کہتی رہی کہ یا اللہ تو جانتا ہے میں چور نہیں ہوں، پانچویں دن گھر سے ہی پرس مل گیا، جس میں پورے پیسے اور اے ٹی ایم کارڈ موجود تھا۔ اللہ کریم نے وظیفے کی ذلت سے بچا لیا۔ گزشتہ عبقری روحانی اجتماع میں بھی ہم نے شرکت کی تھی، دل کو سکون مل گیا، روح معطر ہو گئی، بیعت والی تسبیحات صبح و شام پڑھتے ہیں۔ میرا اور شہر کا نام پوشیدہ رکھیں۔ (پوشیدہ)

اونٹ والے کی انوکھی حفاظت

میرے والد صاحب ایف سی (فرنٹیئر کور) میں ملازم تھے۔ 1990ء کے مئی کی بات ہے کہ میرا انشاء سے آگے (سیدگئی) علاقے کا نام ہے جو کہ ایک درہ ہے افغانستان سے نکلتی ہے اور پاکستان اور افغانستان کا باڈر بھی ہے میرے ابو پلاٹون کمانڈر تھے فرماتے ہیں کہ صبح 9 یا 10 بجے کا ٹائم تھا کہ ایک اُونٹ والا آرہا ہے چونکہ درہ ہموار تھا بہت دور سے آدمی نظر آتا تھا دوسرا یہ کہ ہم نے دیکھنے کے لئے دوربین بھی لگا رکھی تھی۔ تھوڑی دیر ہی گزری تھی کہ دو روسی جہاز جو چھوٹے تھے اور ان کی یہ حیثیت تھی کہ بہت نیچے تک اور آہستہ پرواز کر سکتے تھے اونٹ والے کے پیچھے پہنچ گئے ایک آگے ایک پیچھے دو دو فائر دونوں نے کئے مگر اونٹ والا بچ گیا۔ جہاز والا آگے جا کر دوبارہ حملے کے لئے موڑ گئے ہم نے اونٹ والے کو اشارہ کیا کہ سائیڈ پر ہو جائے اونٹ کو چھوڑ کر بھاگ جائے۔ آواز اس کو سنائی دے نہیں رہی تھی اور اشاروں پر عمل نہیں کر رہا تھا۔ میں خود طیارہ شکن گن پر بیٹھ گیا تاکہ اگر جہاز باڈر سے اس پار آئے تو کم از کم فائر تو کروں۔ اونٹ والے نے نہ اپنی رفتار بڑھائی اور نہ ہی کچھ خطرہ محسوس کیا۔ دونوں جہازوں نے مکمل تسلی کر لی مگر اونٹ والے کا ایک بال کو خراش تک نہ پہنچا سکے۔ دونوں نے چھ چھ مرتبہ حملہ کیا۔ آخر اونٹ والے پاکستان کے باؤنڈری پر پہنچ گیا۔ جہاز واپس چلے گئے میری خوشی کی انتہا نہ رہی کہ ایک مسلمان بچ گیا۔ جب ہم نے اس کو اپنے ہاں مدعو کیا پانی وغیرہ کے بعد جب پوچھا کہ آپ نے کیوں اس طرح نہیں کیا تو بولا ''میرا رب مجھے ہر جگہ مار سکتا ہے ہر جگہ بچا سکتا ہے'' پہلے بات اگر نہ دیکھی ہو دوسری بات تو آپ نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لی۔ میں جب بھی یہ واقعہ ذہن میں لاتا ہوں تو میرا بال بال کھڑا ہو جاتا ہے۔ (ج۔ش)

لیکوریا! تین خواتین کو یہ پتھر کھلایا، تینوں صحت مند

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ اور آپ کی کتب بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور درس سنتے ہیں۔ میرے پاس خواتین کے مرض لیکوریا کا انتہائی آزمودہ نسخہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں ھوالشافی: پتھر دل اصلی 4 رتی، کشتہ بیضہ مرغ 4 رتی، صبح و شام آب آملہ کے ساتھ ایک ماہ تک استعمال کریں۔ یہ نسخہ میں نے تین خواتین کو فی سبیل اللہ دیا، الحمد للہ! تینوں کو اللہ کریم نے شفاء عطا فرمائی۔ یہ نسخہ میں نے آپ کی کتاب ''حکماء کی زندگیوں کے طبی نچوڑ'' جو کہ میں نے ماہنامہ عبقری دفتر میں فون کر کے منگوائی تھی کے صفحہ نمبر 197 پر درج ''شفاء کا پیغام'' سے لیا ہے۔ آزمانے کے بعد عبقری قارئین تک پہنچانے کیلئے قلم اٹھایا۔ یقیناً اس بیماری سے عاجز بہنیں فائدہ اٹھائیں گی۔ (ج، گجرات)

میرے شوہر کو ایک جادوگر لڑکی نے قابو کیا ہوا ہے! یہ نفل پڑھے جادو ٹوٹ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپکو لمبی عمر عطا کرے اور علم میں شفا میں مزید اضافہ کرے میں باقاعدگی سے تسبیح خانہ میں درس میں شرکت کرتی ہوں۔ ایک درس میں چاشت کے نفل کی برکت بتائی اور فرمایا کہ اس کے پڑھنے سے جادوگروں کے جادو رُک جاتے ہیں۔ میں اپنا تجربہ لکھ رہی ہوں میرے شوہر کو ایک جادوگر لڑکی نے قابو کیا ہوا ہے اور اس کی وجہ سے میری ازدواجی زندگی ڈسٹرب ہوئی آپ کے اعمال گزشتہ پانچ ماہ سے کر رہی ہوں الحمد للہ! ان اعمال کی بدولت اب اپنے شوہر کے پاس ہوں وہ مجھے خود درس پر جانے کی اجازت دیتے ہیں دعا کریں۔ مشاہدہ یہ ہے کہ اللہ کے فضل و کرم سے میں نے نفل صبح 9 سے 10 کے درمیان پڑھے۔ اس نیت سے کہ جادو ختم ہوں۔ میں نے اللہ سے دعا کی اور چاشت کے نفل پڑھ کر سو گئی۔ صاف خواب میں سوکن کو دیکھا جو خود کہہ رہی ہے کہ جادو کیا ہے کہ تمہاری اولاد نہ ہو مجھے صاف نقشہ نظر آ گیا اس کی کالی کرتوتوں کا اور چاشت کے نفل کی برکت سے میرے شوہر نے مجھے 22 ہزار کا فینسی سوٹ لے کر دیا۔ جو مسئلہ تھا اس کی جڑ وہ دشمن مجھے چاشت نماز و نفل کی برکت سے اللہ نے ظاہر کر دیا۔ آپ دعا کر دیں کہ اللہ مجھے جادوگرنی کے شر سے محفوظ رکھے اور اولاد نرینہ ہو۔ میں پانچ سال سے تسبیح خانہ سے جڑی ہوں۔ اسم اعظم کا دم، روحانی اجتماع، حلقہ کشف اور درس میں بلاناغہ شرکت کی برکتیں مل رہی ہیں۔ یہ ایسا تیر بہدف مشاہدہ ہے جو آپ نے درس میں چاشت کے نفل کی برکت بیان کی اور جادوگروں کے جادو بے شک ٹوٹ جاتے ہیں۔ میرے اللہ پاک نے مجھے دو نفل کی برکت سے دشمن کو صاف خواب میں دکھا دیا سفلی موکلات دکھائے۔ میری التجا ہے کہ پوری دنیا میں زیادہ سے زیادہ یہ عمل پھیلایا جائے یہ بھی صدقہ جاریہ ہے۔ یہ میرے پیارے نبی پاک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مسنون اعمال کی برکت و رحمت ہے۔ شکریہ والسلام۔ (ح۔ا۔ل)

پتھری ڈائیلاسز کورس
پراسٹیٹ یعنی غدود بڑھ جائیں اور آپریشن کے بغیر چارہ نہ ہو تو پھر ''پتھری ڈائیلاسز کورس'' کا کمال دیکھیں۔
قیمت: 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ (دوا برائے پندرہ یوم)
یورک ایسڈ اور کریٹینن بڑھ گئی ہو تو یہ کورس اعتماد سے استعمال کریں۔
مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو اعتماد سے استعمال کریں۔
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOORKHANDESHAWAR

موتی مسجد کے احاطے میں تڑپتی چیختی چڑیل

توصیف احمد لاہور

موتی مسجد میں ایک ایسے نوجوان لڑکے کو لایا گیا جس پر کافی شیطان جنات مسلط تھے' کالے علم کی وجہ سے جیسے ہی اس لڑکے کو موتی مسجد کے بیرونی احاطے میں لایا گیا تو اس پر مسلط چڑیل چیخ وپکار کرنے لگی ہائے میں ماری گئی' میں مرجاؤں گی لیکن موتی مسجد میں ہرگز نہ جاؤں گی

موتی مسجد میں حاضری کی سعادت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ ناچیز آپ کی خصوصی دعاؤں، عطاؤں اور نظرکرم کی بدولت الحمدللہ ٹھیک ٹھاک ہے۔ گزشتہ جمعہ مبارک کو میں اٹھا تو اچانک میری زبان سے یہ بات جاری ہوگئی کہ آج شاہی قلعے میں موتی مسجد جانا ہے اور وہاں جاکر دعا کرنی ہے اور یوں بندہ ناچیز کو موتی مسجد میں حاضری کی سعادت مل گئی اور بندہ ناچیز اس سے پہلے بھی موتی مسجد میں چار حاضریاں دے چکا ہے اور ان شاء اللہ مزید حاضریاں دوں گا۔ موتی مسجد میں عبادت' وظائف اور نوافل میں خوب دل لگتا ہے۔ موتی مسجد کی سحر انگیز خوشبو اور خوشبوؤں کے بھگولے' واہ کیا بات ہے موتی مسجد کی۔ الحمدللہ موتی مسجد کے ساتھ ایک بہت بڑے ولی اللہ کی تربت جو کہ تہہ خانہ کے اندر موجود ہے وہاں بھی یہ بندہ ناچیز حاضری دے چکا ہے عرصہ دراز سے یہ دل میں چھپی ہوئی ایک خواہش تھی جو پوری ہوئی۔

موتی مسجد کا معجزہ جو میں نے دیکھا

یہ بندہ ناچیز موتی مسجد کے اندر بذات خود اپنی آنکھوں سے موتی مسجد کا معجزہ دیکھ چکا ہے۔ ہوا یوں کہ موتی مسجد میں ایک ایسے نوجوان لڑکے کو لایا گیا جس پر کافی شیطان جنات مسلط تھے' کالے علم کی وجہ سے جیسے ہی اس لڑکے کو موتی مسجد کے بیرونی احاطے میں لایا گیا تو اس پر مسلط چڑیل چیخ وپکار کرنے لگی ہائے میں ماری گئی' میں مرجاؤں گی لیکن موتی مسجد میں ہرگز نہ جاؤں گی وغیرہ لیکن ایک قاری صاحب اور لڑکے کے رشتہ داروں نے اسے زبردستی گھسیٹ کر موتی مسجد کے اندر لاکر لٹا دیا۔

تقریباً دس منٹ تک وہ لڑکا بے ہوش رہا پھر چڑیل خود بخود حاضر ہوئی اور بولنے لگی کہ یہاں موتی مسجد میں مسلمان جنات بہت زیادہ طاقتور ہے ان کا مقابلہ میں نہیں کرسکتی اس کے بعد وہ تقریباً پانچ منٹ تک روتی رہی اور سسکتی رہی کہ موتی مسجد کے جنات مجھے بہت تکلیف دے رہے ہیں۔ آخر کار چڑیل کی ہمت جواب دے گئی اور اس نے کلمہ طیبہ پڑھا اور مسلمان ہوگئی اور نکل گئی اور یوں لڑکا اپنے ہوش وحواس میں آیا۔ جیسے ہی چڑیل بھاگ گئی اور یہ لڑکا ہوش میں آیا۔

یہ جناتی مسئلہ نہیں بلکہ ڈیپریشن ہے

اسی دوران ایک ڈاکٹر صاحب جو کہ اپنے آپ کو دماغ کا ڈاکٹر یعنی ماہر نفسیات کہتے تھے انہوں نے لڑکے اور اس کے گھر والوں کو گھیر لیا اور یہ کہا یہ جنات کا مسئلہ نہیں بلکہ ڈیپریشن کا مسئلہ ہے اور ساتھ کہا میری دو ہزار روپے فیس ہے لیکن میں اس لڑکے کا علاج خود کروں گا اور فری کروں گا۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا یہ ڈاکٹر صاحب اس وقت لڑکے کا علاج کرتے جب چڑیل اس پر مسلط تھی لیکن جب وہ موتی مسجد کے جنات بھائیوں کے ہاتھوں زچ ہوکر اور کلمہ پڑھ کر بھاگ گئی تو لڑکے کو جب ہوش آیا تو پھر ڈاکٹر صاحب نے اپنی دکان داری چمکانا شروع کردی۔

موتی مسجد میں لوگوں کو گمراہ کرنے والے

اس ڈاکٹر نے اس معصوم لڑکے کو کئی ادویات لکھ کر دیں۔ اسی دوران اس ڈاکٹر نے باقاعدہ موتی مسجد کے اندر دیگر مریضوں کو چیک کرنا شروع کردیا اس دوران قاری صاحب جو لڑکے کو موتی مسجد لائے تھے انہوں نے ڈاکٹر صاحب کو کہا آپ ایک سائیڈ پر ہوکر یہ کام کرلیں تاکہ عبادت میں مشغول لوگوں کو تکلیف نہ ہو۔ بندہ کو یہ دیکھ کر بہت دکھ ہوا کہ کیسے کیسے لوگ اس پاک اور عظیم مسجد میں آکر اپنی دکان داری چمکانے آتے ہیں اور لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں اور ان سے مال بٹورتے ہیں۔ حالانکہ موتی مسجد میں سچے دل سے آنے والے اور عبادت اور نوافل میں توجہ لگانے والے یہاں سے خالی ہاتھ نہیں جاتے۔ اس حوالے سے آپ کی مزید خصوصی دعاؤں اور نظرکرم کی ضرورت ہے تاکہ آپ کی امانت آپ تک پہنچ جائے اور میرا بھی مقصد پورا ہو اور مجھے مزید قلبی سکون ملے۔

اسلام اور رواداری

ابن زیب بھکاری

قسط نمبر 135

پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

بحیثیت مسلمان ہم جس بااخلاق نبی کریم ﷺ کے پیروکار ہیں انکا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا آپ نے سابقہ اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں۔ سوچیں! فیصلہ آپکے ہاتھ میں ہے

سکھ یاتری کے ساتھ حسن سلوک

غالباً 1966ء کی بات ہے مشرقی پنجاب سے سکھ یاتری لاہور آئے ہوئے تھے اور شاہی قلعہ کے پاس مہاراجہ رنجیت سنگھ کی مڑھی کے پاس ان کا پڑاؤ تھا۔ چند دوستوں نے مشورہ کیا کہ وہاں جاکر سکھ یاتریوں سے مشرقی پنجاب کے حالات معلوم کرتے ہیں۔ جب وہاں پہنچے تو کئی لوگوں سے بات ہوئی۔ ایک سکھ یاتری جو سیالکوٹ سے 1947ء میں بھارت چلا گیا تھا اسے صاحبزادہ فیض الحسن آف آلو مہار شریف سے ملنے کی شدید خواہش تھی۔ جب وجہ پوچھی تو کہنے لگا کہ تقسیم کے وقت صاحبزادہ صاحب ہمارے ہمسائے تھے جب حالات زیادہ خراب ہوئے تھے انہوں نے نہ صرف ہمیں مکمل تحفظ دیا بلکہ بارڈر تک چھوڑنے آئے۔

"پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک" اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور "غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں" کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

5 سیکنڈ میں 8 سال پرانے ٹائیفائیڈ کے جراثیم ختم! آزمودہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی صحت اور عمر میں برکت دے' مجھے 2008ء میں ٹائیفائیڈ بخار ہوا' پھر دو سال بعد 2011ء میں بخار ہوا جس کا علاج میں نے ڈاکٹروں سے ہی کروایا' 2011ء سے لیکر 2015ء تک مسلسل مجھے ٹائیفائیڈ بخار ہوا' اس سال اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے عبقری میگزین میں قسط شیریں کے بارے میں پڑھا کہ قسط شیریں سے ٹائیفائیڈ کے جراثیم پانچ سیکنڈ میں ختم ہوجاتے ہیں' اللہ کریم کا کرم ہے کہ انہی دنوں یعنی فروری کے آخر میں اور مارچ کے شروع میں ہر سال مجھے ٹائیفائیڈ ہوتا تھا۔ عبقری کے میگزین میں قسط شیریں کے بارے میں لکھا ہوا تھا' میں نے اسی دن قسط شیریں منگوا کر استعمال کرنا شروع کردی' الحمدللہ اس سال مجھے اس بخار سے نجات ملی اور دوبارہ نہ ہوا۔

خوراک: چائے والے چمچ کا چوتھائی حصہ صبح وشام پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ (نازیہ سلطانہ' سیالکوٹ)

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کردیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں!
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOORKHAN.DESIHAWK.PK

روحانی منزل میں جنات کی عبادات کے انوکھے انکشاف

پریشانیاں جان نہیں چھوڑتیں تو روحانی منزل کیوں نہیں جاتے؟

روحانی منزل مری میں وہ پراسرار عجائبات اور حقائق جو اچانک افشاں ہوئے اور مخلوقات کی امانت ان تک پہنچائی جارہی ہے۔

ایڈریس روحانی منزل: مری پی سی بھوربن کے ساتھ مین روڈ پر روحانی منزل ہے۔

دکانداری، دھوکہ اور فریب

جب سے روحانی منزل کا کالم شروع ہوا ہے ملاقاتیں اور واقعات بڑھتے چلے جارہے ہیں اور لوگ اپنے دکھ، تکالیف جتنی ان کے وہاں (روحانی منزل) جانے سے ختم ہوئیں اور مسائل حل ہوئے، ناکامیاں ختم ہوئیں اور پریشانیاں دور ہوئیں، یہ سب لوگ بیان کررہے ہیں۔ ابھی تو پورے لوگوں نے بیان نہیں کیا لیکن جتنے افراد نے اب تک بیان کیا وہ خود ایک حیرت، ایک داستان ہے۔ ایک صاحب کہنے لگے: میں نے جب سے روحانی منزل کا کالم پڑھا، میں کالم کو سامنے رکھ کر پہلے حیرت سے دیکھتا رہا، کبھی یقین، کبھی بے یقینی کیونکہ آج کل ان چیزوں کے نام پر بہت زیادہ دکانداری، دھوکہ اور فریب ہے لیکن پھر خیال آیا کہ اس میں پیر صاحب نے اپنے ساتھ ملاقات، ملنا ملانا اور اس طرح کی کوئی ترتیب رکھی تو ہے نہیں، بس ان کا مقصد صرف اور صرف لوگوں کو صلوٰۃ التسبیح اور یَافَتَّاحُ کا عمل دینا ہے اگر میں وہاں چلا بھی گیا تو ان سے ملاقات ہو بھی گئی یا محفل لگی ہوئی تو میں نہیں بیٹھوں گا، یہ عمل کرکے چلا آؤں گا۔ کبھی سوچ آرہی تھی جاؤں، کبھی نہ جاؤں، کبھی دل مطمئن، کبھی غیر مطمئن، کبھی اندر، کبھی باہر، کبھی اوپر، کبھی نیچے، بس یہی کیفیت تھی جس سے میں گزر رہا تھا، آخرکار ان ساری کیفیات کے بعد بھی ایک فیصلہ کرچکا تھا کہ جانا ضرور ہے۔ میں نے سفر شروع کیا، حسب موسم بستر باندھا، کچھ کھانے کے لیے سامان ساتھ رکھا اور سفر شروع کیا، جب میں روحانی منزل پہنچا تو وہاں ایک کونے کو میں نے دیکھا، اور اسی کونے میں بستر لگالیا اور سامان رکھ لیا۔

لگتا ہے روحانی منزل میں نئے آئے ہو؟

ایک صاحب مجھے ملے، مجھے نیا آیا دیکھ کر میرے ساتھ آکر بیٹھ گئے، نہ بوڑھے تھے، نہ جوان تھے بس ایسے ادھیڑ عمر تھے۔ کہنے لگے کہ لگتا ہے آپ روحانی منزل میں ابھی نئے آئے ہیں، مجھے محسوس ہورہا ہے کہ آپ کی کسی تکلیف، دکھ اور پریشانی میں آپ کا ساتھ دوں۔ میں نے کہا نہیں مجھے کوئی ساتھ نہیں چاہیے، بس اتنا بتایئے کہ آپ نے کچھ یہاں سے پایا ہے اور آپ کہاں سے آئے ہیں اور میں نے انہیں عبقری کا وہ کالم دکھایا جس میں روحانی منزل کی برکات و کمالات تحریر تھے تو وہ کہنے لگے کہ میں بھی گزشتہ کئی دن سے روحانی منزل میں رہ رہا ہوں اور میں بھی یہی کالم پڑھ کر پہلے پہل آیا تھا۔

تین جوان بیٹیاں! دو تندرست ایک اپاہج

میرا واقعہ یہ تھا کہ میری تین بیٹیاں تھیں ان میں سے ایک اپاہج اور لولی لنگڑی تھی، باقی دو بالکل صحت مند اور تندرست تھیں۔ میں ان بیٹیوں کی شادی کے لیے بہت پریشان تھا اپاہج لولی لنگڑی کے بارے میں تو یقین تھا ساری عمر اس کی خدمت کرنی ہے کبھی کبھی دکھی دل سے یہ دعا بھی مانگ بیٹھتا تھا کہ میری زندگی میں ہی اس کو موت دے دے، میری زندگی کے بعد اس کو کون سنبھالے گا جوان ہے، پاؤں ٹیڑھے ہیں، ہاتھ مڑے ہوئے ہیں اسے کون لے کر چلے گا۔ اس کی خدمت کون کرے گا؟ اس کو کھانا کون کھلائے گا؟ پھر میں اپنی اس دعا پر توبہ استغفار بھی کرتا کہ یا اللہ میں نے کیسی دعا کی۔ آخرکار میری بیوی نے مجھے ایک دفعہ اسرار کیا اور کہا جائیں صلوٰۃ التسبیح اور یہ نفل وہاں پڑھ کر آئیں، مجھے یقین ہے کہ ضرور ہمیں اس کا فائدہ ہوگا اور ضرور اس کا نفع ہوگا۔

ضرور مراد پوری اور مشکل حل ہوگی

میں ایک دن یہاں آیا اور سارا دن خوب گڑگڑا کر میں نے یَافَتَّاحُ پڑھا، تین بار صلوٰۃ تسبیح پڑھی، وقفے وقفے سے اندر یقین، احساس اور درد تھا کہ ضرور میری مراد پوری اور مشکل حل ہوگی۔ میری بیٹیوں کے رشتے طے ہوجائیں گے، ان کے جہیز، شادی اخراجات اور ضروریات کا غیبی انتظام ہوگا۔ میں چلا گیا بظاہر تو کوئی انتظام نہ بنا پھر دل میں آیا کچھ ہفتوں کے بعد کچھ ایک دن ایسے لگایا اور اس ایک دن میں پہلے سے کہیں زیادہ یقین سے صلوٰۃ التسبیح پڑھی اور یَافَتَّاحُ کا عمل کیا اور خوب گڑگڑا کر پڑھتے ہوئے چھوڑ کر چلا گیا لیکن مجھے بظاہر کچھ اسباب ایسے نظر نہ آئے کہ میرے کام بن رہے، میری مشکلات ٹل رہیں، میری پریشانیاں دور ہوگئیں اور میری ناکامیاں ختم ہورہیں، میں خاموش رہا۔

بس! اب آئندہ نہیں آؤں گا!

ایک دفعہ پھر آیا اب کی بار جب آیا تو میں نے سوچ لیا تھا کہ آئندہ نہیں آؤں گا، بس اتنا لمبا سفر نہیں ہوتا اور سارے دن کی لمبی پڑھائی نہیں ہوتی لیکن اندر خیال آیا چلو آئندہ آنا تو ہے نہیں کچھ ایسے انداز سے پڑھائی تسبیح کرلیں جو واقعی فیصلہ کن ہوجائے اور مسائل کا حل تو ہو۔ میں نے اس دن آکر خوب گڑگڑا کر رو رو کر اللہ کا ذکر یَافَتَّاحُ کیا اور صلوٰۃ التسبیح پڑھی اور خوب گڑگڑا کر اور دل کے درد کے ساتھ اللہ کے نام کو لیا۔ بس شاید کوئی میری تسبیح بار بار کا سفر ٹھوکریں کھانا اللہ کو پسند آگیا جب میں واپسی پر گھر گیا تو اسی دن شام کو ہماری دور پڑے کی ایک بڑی خاتون تھی جسے ہم خالہ کہتے تھے وہ آئیں اور آکر کہنے لگیں کہ ایک بات کرنی ہے آپ سے اور بچیوں کو کمرے سے باہر بھیج دیں۔

مجھے آپ کی اپاہج لڑکی اپنے لڑکے کیلئے چاہیے

مجھے اور میری بیوی کو بٹھا کر کہنے لگیں: آپ کو علم ہے کہ میرا بیٹا ایک بہت بڑی فرم میں نوکری کرتا ہے، اس کا ذریعہ آمدن بہترین ہے، تین بچے ہیں اس کی بیوی فوت ہوگئی ہے اور اب اس کی اولاد اور اس کی زندگی کی ضروریات کیلئے مجھے آپ کی بیٹی چاہیے اور میں آپ کی جو صحت مند بیٹی وہ نہیں مانگتی جو آپ کی اپاہج بیٹی ہے وہ مانگ رہی ہوں، چلو گھر کے بچوں کا سہارا تو بنے گی، سارا دن آئے گئے پر نظر رکھے گی میں اس کو ایک خادمہ دے دوں گی (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

روحانی منزل میں کرنے والے اعمال

روحانی منزل میں اپنے مقصد، پریشانی، جادو جنات، گھریلو الجھنوں، کاروباری بندشوں، نوکری، بے اولادی، اولاد کی بے راہ روی یا اس کے علاوہ جو بھی پریشانی، مشکل ہو اس کا سخت تصور کرتے ہوئے سارا دن وضو بے وضو (خواتین ہر حالت میں) سوا لاکھ کی تعداد میں یَافَتَّاحُ پڑھیں۔ ایک سوا لاکھ، تین سوا لاکھ، پانچ، سات گیارہ جتنے بھی سوا لاکھ پڑھیں۔ اس کے علاوہ صلوٰۃ التسبیح پڑھیں۔ روحانی منزل میں آپ ایک دن، 3 دن، 5 دن، 7 دن، 11 دن، 21 دن، 41 دن یا 70 دن تک قیام کرکے درج بالا اعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کا ہر مقصد، ہر مراد پوری ہوگی۔

آپ نے روحانی منزل میں اعمال کیے اور فیض پایا تو اس کے مشاہدات و تجربات ضرور لکھیں۔

عبقری صفحات حاضر ہیں!

بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف (شوگر والے حضرات استعمال نہ کریں)
ٹھنڈی مراد شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے
ہاتھ پاؤں میں جلن، سر چکرانا، منہ کی خشکی، آنکھوں کے سامنے اندھیرا، جگر و شانے کی گرمی، یورک ایسڈ، قبض، ہائی بلڈ پریشر زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے آخری حل
عورتوں مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین
جسم ٹوٹے، دل گھبرائے یا پتھری ستائے
صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں
قیمت -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

اُف یہ گرمی دانے! نجات چاہتے ہیں تو ضرور پڑھیے گا!

عالیہ آفتاب، ملتان

گرمیوں میں کوشش کریں کہ بار بار نہائیں۔ بار بار نہانے سے جلد ٹھنڈی رہتی ہے۔ ۲۔ پسینے سے بھرے ہوئے گندے کپڑے زیادہ دیر پہننے سے گرمی دانے بنتے ہیں۔ ان کپڑوں کو فوراً بدل لینا چاہئے۔ یہ گیلے کپڑے زیادہ دیر نہیں پہننے چاہئیں۔

خواتین اس کا زیادہ شکار کیوں ہوتی ہیں؟

موسم گرما میں جلد کے مسائل نہایت شدت سے ابھر کر سامنے آتے ہیں ان مسائل کا شکار وہ خواتین ہوتی ہیں جو کچن میں زیادہ کام کرتی ہیں اور زیادہ دیر تک چولہے کے سامنے کھڑی رہتی ہیں۔ آگ کے پاس زیادہ دیر کام کرنے سے ان کی جلد پر گرمی دانے بن جاتے ہیں۔ ہمارے وہ محنت کش بھائی جو سارا دن دھوپ گرمی میں کام کرتے ہیں ان کے جسم پر بھی گرمی دانے بن جاتے ہیں۔ اس مضمون میں ہم گرمی دانوں پر بات کریں گے۔

گرمی دانے ہوتے کیا ہیں اور بنتے کیوں ہیں؟

گرمی دانے کیا ہوتے ہیں، کیوں بنتے ہیں، اور ان سے جسم کے کون سے حصے متاثر ہوتے ہیں؟ سوال نمبر ۱: گرمی دانے کیا ہوتے ہیں؟ جواب: گرمی دانے گرمیوں میں نہایت عام مسئلہ ہے گرمی دانوں سے جسم کے متاثر حصے پر خارش اور چبھن ہوتی ہے جب آپ کو زیادہ پسینہ آئے اور آپ کے (sweat glands) بند ہو جائیں تو اس کی وجہ سے آپ کے جسم پر گرمی دانے بن جاتے ہیں کیونکہ گرمیوں کے موسم میں ہمارے جسم سے پسینہ کا اخراج بڑھ جاتا ہے۔ یہ نہایت چھوٹے اور باریک دانے ہوتے ہیں اور ان کے گرد موجود جلد سرخ ہو جاتی ہے۔

زیادہ پریشانی کی بات نہیں!

یہ دانے کچھ دنوں بعد خود ہی ختم ہو جاتے ہیں اس لیے ان کی موجودگی سے زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ گرمی دانے عام طور پر زیادہ گرم اور نمی والے علاقوں میں رہنے والے لوگوں میں ہوتے ہیں۔

